Title – AL BURHAAN-O-FALSAFATUL QURAAN (Part-3,4).

Author – Rauf.

Publisher – Matba Isrаr Karimi (Allahabad).

Date – 1338 H.

Pages – 212 + 110 + 20 + 24 + 12 + 12

Subjects –

ہو المستعان

قل ھاتو برھانکم ھذا ذکر من معی و ذکر من قبلی ان کنتم صادقین

# البرہان فی فلسفۃ القرآن



سنہ ۱۳۲۶ ہجری

حصہ سوم

مصنفہ مولانا بالفضل اولنا و بالعمل اتقانا المعروف بعبد الرؤف

ولد شیخ محمد یحیی بن شیخ نصیر الدین الصدیقی الموی الہ آبادی

مصنف دلائل فضائل الاسلام و صراط المستقیم و کتاب الحکم

در مطبع اسرار کریمی الہ آباد زیور طبع پوشید

تاریخ طبع براہین والبلاغ سنہ ۱۳۲۸ ہجری

برہان الاقوم آیات قرآن المحکم

# نفس کی تعریف اور اُسکے اقسام اور اُسکے حدود و طبقات جذبات و خیالات

جب انسانی جذبات وصفات کے معاملے مین تعین حدود یا تعین قیود کا اطلاق ہوتا ہے تو اُن سے مراد ایسے قیود ہوتے ہین جن سے کوئی صفت کوئی قوت اور کوئی جذبہ ایسے طور پر کام مین لایا جا سکے جو اکثر پہلو سے مفید ثابت ہو اور فواید عامہ کے خلاف نہ جائے۔ رحم کرم حلم اور عفو وغیرہ نیک صفات اور غصہ ظلم و ستم انتقام وغیرہ تکلیف دہ و بد سمجھے جاتے ہین لیکن اگر ان دونون قسم کی صفات حدود و قیود جایز سے محدود و مشروط نہ ہون تو نیکیون سے برائیون کی تعداد بہت بڑھ جاوے۔ فیصلہ کرنے والے جرایم کے ثابت ہونے پر اگر رحم کرین اور اُن کے دلون مین رحم کی لہرین جو اُٹھا کرتی ہین اگر اُن کو کام مین لا دین تو وہ امن و امان و آسایش عامہ باقی نہ رہین جس کی کفیل عدالتین اور قوانین شرعی شرعی و ضوابط سیاسیہ ہین۔ دوسرا رُخ بھی دیکھو۔ غصہ جوش اور انتقام کی کیا کبھی ضرورت نہین پڑتی کیا کبھی اُنہین مناسب حدود کے اندر اور مناسب شرایط کے ساتھ کام مین نہین لانا پڑتا کیا کبھی مجرمون کو سزا دینے کو ہماری ضروریات ہمارا تمدن ضروری نہین سمجھتا۔ ان مثالون سے ثابت ہوتا ہے کہ انسانی صفات اور قوتین اور جذبات اُسی وقت بہتر ہین جب اُن کا استعمال و برتاو شرایط اور حدود مجوزہ کے ماتحت یا مطابق کیا جاوے جب تک کوئی قوت کوئی جذبہ کوئی صفت بتعین حدود استعمال مین نہ لائی جاوے تب تک وہ فایدہ مند و نیک نہین۔ ان حدود اور ان شرایط کے تعین اور تنقید کے واسطے

ہمین نیک ارادہ کی بھی ضرورت ہے۔ چونکہ انسان مین اُس کا نفس ہی حاکم ہوتا ہے اور بغیر ضبط کے تعامل و تصاحب ہموار و آسان نہین ہو سکتا لہذا جب تک نفسیات کے بعض اہم مسایل نہ سمجھ لیئے جاوین کوئی شخص مقصد مذکور کو کما حقہ سمجھ کر پورا نہین کر سکتا۔ پس مختصراً ضروری مسایل نفسیات بیان کیئے جاتے ہین۔ منطقی حیثیت سے کسی شئے کی تعریف کے یہ معنے ہوتے ہین کہ مجہول ہستی کو معروف ہستی مین اور عام کو عام تر کلیہ کے واسطے روشناس کیا جاوے لیکن جو شئے خود ہی معروف ہو اور اعم الاعمات کا درجہ رکھتی ہو اُس کے ذہن نشین کرنیکا یہ طریقہ ہے کہ اُس کے افعال و خواص کا استقصا کیا جاوے۔ ذہن یا نفس منجملہ اُن ہی معروف و اعم الاعمات کے ہے۔ انسان کو اپنی ذات کا یقین ہے وہ جانتا ہے کہ مین ہون تمام تجربات کا وہی سبب ہے تاہم اگر ایک کلیہ کی صورت مین نفس کی تقریبی تعریف کرنا چاہین تو یہ کہہ سکتے ہین کہ نفس اُس غیر مادی ہستی یا کیفیت کا نام ہے جس کے مظاہر معلومہ ہماری زندگی یا کم سے کم بیداری مین ہمارے تجربہ مین آیا کرتے ہین۔ حیات یا زندگی اُس تناسب خاص کا نام ہے جو ایک جسم عضوی اور اُس کے ماحول کے درمیان پایا جاتا ہے۔ (۱) نفس اور ماحول مین ہمیشہ باہمی تاثیر و تاثر فعل و انفعال کا سلسلہ جاری رہتا ہے اور جب تک انسان اُس پر مطلع ہوتا رہے اُس کا نام شعور ہے اس تعامل کی دو صورتین ہین۔ ایک یہ کہ نفس بطور موثر کے اپنا اثر ماحول پر ڈالے دوسرے یہ کہ بطور موثر کے ماحول سے خود اثر قبول کرے۔ نفس کی اُس انفعالیت کو جسمین وہ متاثر ہوتا ہے احساس اور اُس کی فاعلیت کو جبکہ وہ دوسرون پر اثر کرتا ہے ارادہ کہتے ہین۔ نفس انسانی مین ایک ایسی خاصیت بھی

موجود ہے جو خود اپنے اوپر اور اپنے خیال پر اور دوسروں پر اور دوسروں کے
خیال پر اثر کرتی ہے اُس کے اثر متعدد طرح پر ہوتے ہین آسمین سے
یہ بھی ہے کہ شے غیر موجودہ موجود معلوم ہوتی ہے جیسا کہ خواب مین قوت نفس کا اثر دوسرے شخص پر
جو نیچے دم ڈالنے گھورنے سے توجہ ڈالنے سے منتقل ہوتا ہے

نفس کی ایک جداگانہ نوعی کیفیت یہی ہوتی ہے جس کو وقوف کہتے ہین یعنے
وہ کیفیت شعوری جو نفس کے فاعلیت و انفعالیت کے درمیان رالطہ کا کام
دیتی ہے۔ ایک قلیل جماعت یہ دعوے کرتی ہے کہ مفردات شعور صرف دو ہین
وقوف اور احساس۔ ارادہ کوئی ذہن کا مستقل عنصر نہین بلکہ انہی دونون کیفیات
سے مرکب ہوتا ہے جس کی تحلیل کیفیات وقوفی و احساسی مین کر سکتے ہین۔

(۲) کیفیات نفس کو ہم ان عنوانات ذیل کے تحت مین رکھہ سکتے ہین۔ (الف)
نفس انسانی کی وہ حالت جس مین غم و نشاط سے قطع نظر کرکے ہمین کسی
شے کا مطلق علم حاصل ہوتا ہے مثلاً ہمارے سامنے دو رنگین چیزین رکھی ہین
ہم نے انہین دیکھکر یہ حکم لگایا کہ اُن مین ایک سرخ ہے اور دوسری سیاہ
تو اس موقع پر کوئی انقباض یا انبساط نہین ہوا بلکہ ہم نے محض امتیاز سے کام لیا۔
اس قسم کی کیفیات کو جس مین محض قواے عقلی متاثر ہون کیفیات وقوفی یا محض
وقوف کہتے ہین۔ (ب) وہ کیفیات نفسی جن مین علم و ادراک کے ساتھہ وجدان
پر بھی اثر پڑتا ہے یعنے ایک خوشگوار یا ناگوار اثر سے بھی متکیف ہوتے ہین۔ اس
نوعیت کے تمام تغیرات ذہنی کو جس مین وجدان متاثر ہوتا ہے کیفیات احساسی
یا خالی احساس کہتے ہین۔ (ج) وہ کیفیات نفسی جن مین فسانی تاثیرات

خارجی سے متاثر ہونے کے بجاے خود اثر ڈالتا ہے مثلاً ہمارا اُٹھنا بیٹھنا وغیرہ
ان تمام کیفیات بالقصد انسانی کو کیفیات ارادی یا صرف ارادہ کہتے ہین - اور
مجموعی کیفیات کا نام شعور ہے - (۳) انتخاب اصلح و تزاحم فی الحیات کے جذب
و دفع ایجاب و سلب کون و فساد خیر و شر مد و جذر نور و ظلمت خرق و التیام
اجتماع و انتشار متضاد قوتین ہین جو اپنا عمل کیا کرتی ہین - کاینات نام ہے انھی
تزاحم و کشاکش کا - (۴) ایک حیثیت سے انسان مستقلاً وجود شخصی رکھتا ہے
دوسری حیثیت سے وہ مجموعہ انسانی کا ایک فرد اور بحر اجتماعیہ کا ایک قطرہ ہے
تیسری حیثیت سے توالد و تناسل کے ذریعہ سے اپنے ہم جنس کو میدان شہود
مین لے آنے کی قابلیت اُس مین موجود ہے - ثبات عقل و صحت نفس کی
حالت مین علی العموم انفرادی منافع و مضار اجتماعی و نسلی منافع و مضار کے تابع
اور اُن سے مغلوب رہتے ہین - (۵) انبساط نام ہے معتدل ورزش اعصاب کا
اور انبساط کا اطلاق اُس پر اُسی وقت تک ہو سکتا ہے جب تک اُس مین اعتدال
قایم ہے - اور جہان انبساطی کیفیت اپنے حدود سے متجاوز ہوئی وہ بجاے خود
کرب و الم بجاتی ہے - اطمینان سکون چین کل راحتون کے حدود مقرر ہین لیکن
اضطراب بیکلی و کرب کے معین نہین ہین - کوئی حیات انسانی آلام و تکالیف سے
قطعاً پاک نہین رہ سکتی کیونکہ حیات عبارت ہے مجموعہ حرکات سے اور حرکت نام ہے
انتشار سالمات کا جو مرادف ہے انقباض و کرب کے اس لئے ہر ذی حیات
کے لئے کرب و اذیت ناگزیر ہے اور چونکہ حیات انسانی لازمی طور پر حیات اجتماعی
و معاشرتی ہوتی ہے اور حیات اجتماعی و معاشرتی ممکن نہین تاوقتیکہ افراد کی زادگی

افعال محدود نہ کیے جاوین۔ اور اسی تحدید حریت کا نام احساس کرب ہے۔ اس لیے بھی درد و الم حیات انسانی مین ناگزیر ہے۔ (۶) احساس کے دو رخ ہین۔ ایک حظ و انبساط۔ دوسرا الم و انقباض۔ جس وقت تک وہ سادہ مفرد بسیط حالت مین رہتا ہے احساس کہلاتا ہے اور جب پیچیدہ مرکب یا مخلوط شکل اختیار کر لیتا ہے تو جذبہ کے نام سے موسوم ہوتا ہے۔ (۷) ہر جذبہ کے تکوین کے لیے لازمی ہے کہ انسان کو پہلے واقعہ کا علم ہولے جسکو وقوف ہی نہین ہوتا اُس پر جذبہ بھی طاری نہین ہوتا۔ یہ ضروری نہین کہ خارج ہی سے علم حاصل ہو بلکہ خود مراکز عصبی کے براہ راست تحریکات کی کیفیت محصلہ کو بھی علم کہہ سکتے ہین۔ (۸) ہر جذبہ کی تکوین کے لیے لازم ہے کہ اُس وقت نفس کسی قوی تر جذبہ سے متاثر نہ ہو یعنے قوی تر جذبہ اگر مزاحم ہوگا تو کمزور جذبہ کی تکوین نہ ہو سکے گی۔ (۹) جذبہ اور وقوف مین نسبت معکوس ہوتی ہے یعنے جیسا جذبہ قوی ہوتا ہے اُسی نسبت سے قواے متفکرہ ماند ہوتے ہین (۱۰) جذبہ سے جب تک انسان متاثر رہتا ہے اُس کے بنا پر عمل کرتا ہے اور دوسرے کامون کو چھوڑ دیتا ہے یہان تک کہ غصہ کی افراط کی حالت مین اُس پر بھی غصہ ہوتا ہے جو غصہ کا سبب نہین ہوا۔ (۱۱) انحطاط جذبات کی رفتار بالعکس ہوتی ہے جو جذبات سب سے آخر مین پیدا ہوتے ہین وہی سب سے اول فنا ہوتے ہین اور جو سب سے اول مین پیدا ہوتے ہین وہ سب سے آخر مین فنا ہوتے ہین۔ (۱۲) طبقات جذبات کو عنوانات ذیل مین رکھ سکتے ہین۔ (۱) وہ جذبات جن سے بقاے حیات براہ راست وابستہ ہے انہین

استشہاآت کہتے ہین۔ مثلاً بھوک و پیاس اور نیند وغیرہ۔ (۲) وہ جذبات جو صیانت مین بالواسطہ معین ہوتے ہین۔ مثلاً غم و مسرت و خوف اور غضب اگر وہ نہ ہون تو حیات انسانی تادیر قایم نہ رہ سکے۔ (۳) وہ جذبات جن پر افزایش نسلی اور تربیت اولاد منحصر ہے۔ مثلاً شہوت جنسی و محبت زوجی اور محبت والدین۔ (۴) وہ جذبات جن کا مقصد اجتماعی و عمرانی تعلقات اصلیہ کو قایم رکھنا ہے۔ مثلاً جذبہ اُلفت و ہمدردی و ایثار و فیاضی وغیرہ (۵) وہ جذبات جو شعور کے لئے گویا صرف تکلفات کا کام دیتے ہین یعنے جن کے اوپر صیانت حیات نہ براہ راست مشروط ہے نہ بالواسطہ مثلاً شوق تحقیقات۔ (۱۳) حظ و الم جب جذبات کی صورت اختیار کر لیتے ہین تو غم و مسرت یا فرح و حزن کہلاتے ہین۔ افراط غم سے انسان مایوس و ناامید و بیمار و ہلاک ہو جاتا ہے اور اُس کی قوتین بیکار ہو جاتی ہین اور افراط مسرت سے آدمی بے پروا اور از خود رفتہ فخر بیجا کرنے والا ہو جاتا ہے اور حرکات ناشایستہ اُس سے ہونے لگتی ہین اور صحت و قوت کو بھی اُس سے مضرت پہنچتی ہے۔ (۱۴) جسمانیات صورتین ہین اور ہمارے خیالات انھی صورتون کے صور ہین اور تقریر و تحریر یا اشارات جن سے کچھ انسان ظاہر کرتا ہے موخر الذکر صورتون کی صورتین ہین۔ اگر معلومات انسانی کی جانچ کیجاوے تو صاف نظر آوے گا کہ وہ یا تو ایسے تصورات ہین جو فی الواقع آلات حس پر مرتسم اور منقش ہوئے ہین یا تو خود اپنے نفس کے جذبات و افعال پر توجہ کرنے سے اُن کا ادراک ہوتا ہے یا پھر حافظہ و تخیل کی مدد سے انھین

دو صنفوں کی باہمی ترکیب وتحلیل یا بعینہٖ اعادہ سے بنتے ہیں۔ واقعات کا ظہور ناممکن ہوتا اگر جسمانیات صورۃً ہوتے اور جرم اور حس ظاہری سے محسوس نہ ہوتے اُن کا خالق ہمارا نفس نہیں ہے ہم اپنے قلبی ارادہ سے مثالی صورتوں کو مٹا یا بہلا سکتے ہیں لیکن دیگر ممکنات وجسمانیات کو مٹانے سے عاجز ہیں بلکہ یہ بھی نہیں کرسکتے کہ اُن کا عکس جو مرتسم ہوگیا ہے اور ہمارے آئینۂ قلب پر منقش ہے اُس کو محو کردیں۔ ایک بار جو کچھ ہم نے بالارادہ یا بلا ارادہ محسوس کیا قلب پر اُس کی تصویر ہوگئی اور وہ قلب میں ودیعت ہوچکا ہے اور ممکن ہے کہ کسی وقت خواب میں بھی اُس کا نظارہ ہوبہو پیش نظر ہو۔ قلب ایسی لوح ہے جس پر محسوسات کا نقش ہوجاتا ہے۔

ارادہ احساس پر مشروط ہے اگر احساس نہ ہو تو ارادہ نہ ہوسکے اور محض احساس ہی کافی نہیں بلکہ اُس کے ساتھ احساس کا علم بھی اور اُسکی مختلف صورتوں کا امتیاز اور کئی چیزیں پائی جاتی ہیں جس کو وقوف کہتے ہیں اور کیفیت وقوفی نفس کے فاعلیت وانفعالیت کے درمیان رابطہ کا کام دیتی ہے۔

## ارادہ وخواہش کے تعلقات وعقل کا اثر

عقلمند ارادہ کرنے سے پہلے گذشتہ تجربات پر غور کرکے ارادہ کرتا ہے اور دراصل صحیح ارادہ وہی ہے جو غور وفکر کرنے وعقل وتجربہ سے مدد لینے کے بعد اپنے قصد وارادہ سے کیا جاوے۔

اعلیٰ درجہ کی قوت ارادہ دو یا دو سے زائد مقاصد میں سے کسی ایک کے انتخاب

کرنے مین ظاہر ہوتی ہے۔
غور کے وقت انسان کے تاثرات و جذبات اور خواہشات مین جب جوش ہوتا ہے
تب خواہشات مین تناقض اور جھگڑا ہوتا ہے اور انسان کی قوت فیصلہ
اُن مین سے کسی ایک کے کرنے پر آمادہ کرتی ہے۔ وحشی کا ارادہ خواہش کا
اور عاقل کا عقل کا تابع ہوتا ہے۔ دارمدار انسان کی تعلیم اور طرز عمل کے
حسن انتظام پر ہے خصوصاً اپنی طبیعت اور میلان کے اصلاح پر۔ خواہش و
ارادہ کے تعلقات کی نسبت علماء و حکمار کی مختلف رائین ہین بعض کہتے ہین
کہ جو خواہش سب سے آخر اور سب سے قوی ہوتی ہے وہی ارادہ بنجاتی ہے۔
وہ ایک ایسے لوہے کے مانند ہے جس کے چارون طرف خواہشات کا مقناطیس
رکھا ہے جس مقناطیس مین زیادہ قوت ہوگی وہی اُس لوہے کو کھینچ لیگا۔
انسان کے اعمال دماغی و اخلاقی اُن خارجی موثرات اور ساخت کا لازمی نتیجہ
ہین جنکے ساتھہ وہ پیدا ہوا اور جن کے ساتھہ وہ ہے۔ جو علمار و حکمار ارادہ کے
حامی ہین وہ کہتے ہین کہ ارادہ خواہش کا محکوم نہین اگر ارادہ پر خواہش کا قوی اثر
پڑتا ہے تو ارادہ بھی خواہشات پر اپنا اثر ڈالے بغیر نہین رہتا اور انسان کا ارادہ
صرف لذت و آلام کا غلام نہین۔ انسان ایسے کام بھی کرسکتا ہے جن کو وہ پسند
نہین کرتا اور وہ خواہش کی حاکمانہ قوت معطل کرسکتا اور طبیعت کے ناواجب
اثرون کو روک سکتا ہے اور صرف فرض ادا کرنے کے خاطر ایسا راستہ اختیار
کرتا ہے جس سے بہت کم خوشی کی اُمید ہوتی ہے۔ جو پسند ہو اُس کو اختیار کرتا ہے
اور باقی کے نسبت رد کرنے کی قوت کو عمل مین لاتا ہے۔ پس انسان مین دوسری

تحریکون کو رد کرنے اُن کو پامال کرنے اور اُن کی قوت کو زائل کرنے کی طاقت ہے
مشق سے قوت ارادی اسی طرح بڑھتی ہے جس طرح تن آسانی سے خواہشات
قوی ہوجاتی ہین۔ انسان مین انتخاب کی قوت ہے اگر اُس کے دل مین یہہ
یقین ہو کہ اُس کو عمل پر اختیار ہے تو وہ بعض سے شرمندہ اور بعض سے خوش
نہ ہو۔ ارادہ خواہش شوق ہمت یہ پانچ کیفیات بظاہر مترادف معلوم ہوں لیکن
کوئی صحیح ترادف اِنمین نہین اُنمین کبھی کبھی عملی رنگ مین برائے نام مشابہت و مماثلت
پائی جاتی ہے۔ ہمت ارادہ کا پہلو بھی لیتی ہے۔

عقل یا حکم عقل۔ عقل وہ قوت ہے جس سے آدمی کسی چیز مین کسی صفت
کے ہونے کا حکم کرتا ہے۔ اگر زید کہے کہ خالد حسین ہے تو زید کی وہ قوت
جس نے خالد کے طرف اُس کے حُسن کا حکم کیا زید کی عقل ہے۔

جملہ خالد حسین ہے اگر اُس کا تشریح کرین تو عیان ہوگا کہ حکم مذکور کے لئے زید کو
خالد کا تصور ہوا اگر زید کو کبھی خالد کا تصور نہ ہوا ہو یا ہونے کے بعد بھول گیا ہو
تو زید خالد کے کسی صفت کا حکم نہین کرسکتا۔ خالد کے تصور کے علاوہ محمول کا
تعقل بھی زید کو ضروری ہے اگر زید کو معلوم نہ ہو کہ حُسن کیا ہے تو وہ کبھی خالد
کو حسین بطور قضیہ معنویہ کے نہین کہہ سکتا۔ حکم لگانے مین موضوع کا تصور اور
محمول کا تعقل جدا جدا کافی نہین۔ جب زید نے خالد مین حُسن کا ادراک کیا
ہو تب ہی وہ خالد کے حسین ہونے کا حکم لگاوے گا۔ واقع مین محمول موضوع
ہی مین ہوتا ہے۔ شخصی تجربہ سے آدمی اُسے ادراک کرتا ہے اور جاننے کر بالارادہ
حکم لگاتا ہے کہ موضوع مین محمول موجود ہے۔ متصور موضوعون کے طرف

مدرک یا توکوئی محمول منسوب کرتا ہے یا کسی محمول کو جو اُس کو موضوع مین ادراک
نہین ہوا اسلاب کرتا ہے۔ معقول موضوعون پر آدمی یہ حکم لگاتا ہے کہ وہ کسی اعم تر
معقول مین داخل ہین۔ سرخی رنگ ہے اس کے یہ معنے ہین کہ سرخی کا مفہوم
رنگ کے اعم تر مفہوم مین داخل ہے یا کہ کسی معقول مین داخل نہین جیسے سرخی
بو نہین۔ اس کے معنے یہ ہین کہ بو کا مفہوم جداگانہ ہے اُس مین سرخی کا مفہوم
داخل نہین ہے۔ جب کوئی چیز حواس کے ذریعہ سے آدمی مین خاص اثر
کرتی ہے اور آدمی کو اُس اثر کا شعور ہوتا ہے اُس شعور کو ادراک کہتے ہین حکم
لگانے کے لئے ادراک کا ہونا ضرور ہے ادراک نہ ہو تو حکم لگانا محال ہے۔
ادراک مین آدمی کو فقط اپنے نفس کا تغیر ہوتا ہے اور کسی چیز کا نہین ہوتا اور اپنے
نفس کے اُس تغیر سے وہ چیزون پر حکم لگاتا ہے اور عرف مین اُس مدرک کو چیزونکی
صفت کہتے ہین۔ اسی خاص تغیر کے ادراک یا شخصی تجربہ کے وجہ سے زید حکم
کرتا ہے کہ یہ تغیر خاص اُس مین کسی موثر نے کیا ہے۔ ایک بار ایک موثر کے تغیر
پیدا کرنے سے آدمی اُس تغیر کی تعین نہین کر سکتا جب ایک ہی موثر چند بار ایک ہی سا
تغیر پیدا کرتا ہے تب آدمی اُن متعدد تغیرات حالیہ اور ماضیہ کو ملا کر اُس موثر کا یقین کرتا ہے
جب آدمی کے نفس مین کوئی تغیر خاص مطابق واقع کے پیدا ہون اُس تغیر کے
بنا پر کسی موضوع کے طرف کوئی محمول منسوب کرے تب قضیہ معنویہ ہوتا ہے اگر
بلا تغیر خاص اور مطابق واقع کے حکم لگاوے تو قضیہ لفظی ہوتا ہے۔ مختلف
آدمیون کی مختلف ذہنی قوتین ہوتی ہین اور باہم نسبتاً کم و بیش ہوتی ہین کسیکو
انتقال ذہنی جلد ہوتا ہے کسی کا فہم و ذکا زیادہ رسا ہوتا ہے کوئی سنجیدہ ہوتا ہے

کوئی ذہین کوئی سب قوتوں میں زیادہ قوی ہوتا ہے کسی میں یہ حالت ہوتی ہے کہ معلوم ہوتا ہے کہ اُسمیں بالکل قوت ہی نہیں اس وجہ سے مختلف نام مختلف قوتوں کے رکھتے ہیں چونکہ وہ جدا جدا نہیں ہیں لہذا اُنکا بیان طوالت ہے۔ قوت فیصلہ و قوت تصور و حافظہ کا صحیح ہونا بہت مفید و بڑی نعمت ہے۔ تفقہ و تذکر و تدبر وغیرہ کا ذکر جلد اول میں ہو چکا ہے۔

شخصی و نوعی تجربہ۔ جو تغیر حالی کسی تغیر پیدا کرنے والے سے آدمی میں پیدا ہوتا ہے وہ کیفیت نفس و شخصی تجربہ ہے کسی دوسرے کے کہنے سے وہ تغیر پیدا نہیں ہو سکتا ہے کیونکہ جو حس اُس کا ذریعہ ہے اگر وہ حس نہ ہو تو وہ تغیر نہیں پیدا ہو سکتا مثلاً اندھے میں دیکھنے سے جو تغیر خاص ہوتا ہے وہ پیدا نہیں ہو سکتا اور صورت و رنگ جو بینا میں تغیر پیدا کرتے ہیں وہ تغیر اندھے میں نہیں پیدا کرتے اسی وجہ سے اصلی علم جس کو عین الیقین کہتے ہیں وہ بغیر پیدا ہونے تغیر خاص یعنی شخصی تجربہ کے پیدا نہیں ہو سکتا یہی تغیر خاص مدار ہے علم بشری کا اور تمام علوم و فنون و ادراک و شعور کا اُس تغیر خاص کی وجہ سے وجود ہے بغیر اسکے جب وجود یا عدم وجود کا حکم شخص مدرک لگاتا ہے تب اُس حکم میں ممکن ہے کہ غلطی ہو یعنی اپنے محسوس کردہ کے طرح عین الیقین نہیں ہوتا بلکہ قیاس ہوتا ہے پس نفس کی باقی سب وہ حالتیں جنکو علم کہتے ہیں قیاس ہیں جن کا وجود یا عدم وجود تغیر خاص سے استنباط کرتے ہیں۔

آدمی میں جو تغیر ہوتا ہے وہ اُس کو یاد بھی رہتا ہے مگر بھولنا ممکن ہے اگر تغیرات یاد نہ رہتے ہوتے تو کوئی آدمی کبھی کسی حالی تغیر سے کوئی حکم سوا اس کے

کہ کوئی متغیر تغیر پیدا کر رہا ہے لگا سکتا نہ کسی چیز کا اُس کو تصور ہوتا نہ کسی صفت کا
اگر ملمس مزے - بو - رنگ - صورت جن کا ادراک ہو چکا ہو یاد نہ رہیں تو آدمی
ہرگز کسی چیز کو جس نے اُسے ملمس یا مزے یا بو یا رنگ یا صورت کا ادراک پیدا
کیا ہو معین نہین کر سکتا - پس جب کسی آدمی مین حواس کے ذریعہ سے کسی موجود
خارجی سے تغیر خاص ہو تو اُس کو شخصی تجربہ کہتے ہین - علوم صحیحہ کے تمام اولیات
اُس نوعی تجربہ پر مبنی ہین جن کے خلاف کبھی شخصی تجربہ نہین ہوتا مگر وہ صرف یہ
بتاتا ہے کہ خلاف نہ ہوگا خلاف کا محال ہونا نوعی تجربہ بتاتا ہے اولیات کے
نسبت بعض محققین کی راے ہے کہ وہ نتیجہ اسباب طبیعی کا تو ضرور ہین
مگر تجربہ نوعی کا اثر نہین ہین معلوم نہین اُس کی واقعی علت کیا ہے اسی نوعی
تجربہ کے تمام بنی نوع انسان مین موجود ہونے کی وجہ سب کی معلومات صحیحہ
بھی یکسان ہین ممکن ہے کہ ذاتی تجربہ کا تواتر و تصادق ایسے یقین کا سبب ہو -

خواہش و اغراض علم الاخلاق - یہ متنازعہ فیہ نہین کہ آدمی کو اگر ایسے
کام کرنے کی خواہش ہو جو وہ کر سکتا ہے اور کوئی مانع نہ ہو تو وہ اُس کام کو
کر دے گا یعنے کسی ارادی فعل کی خواہش پیدا ہونے کے بعد اُس کا کرنا آدمی
کے اختیار مین ہے بشرطیکہ اُس فعل کا کوئی مانع موجود نہ ہو - اختلاف اسمین ہے
کہ خواہشون کا پیدا ہونا بھی آدمی کے اختیار مین ہے یا نہین - اس زمانہ
مین اہل تحقیق کی راے ہے کہ خواہش کا پیدا ہونا ایسے طبیعی اسباب کا نتیجہ ہے
جو آدمی کے اختیار مین نہین - کھانے پینے کی خواہش جن اسباب سے پیدا
ہوتی ہے وہ آدمی کے اختیار مین نہین باقی ضروریات حیات کی بھی یہی حالت ہے

جب چند قوتین کسی جسم کے نقطۂ خاص پر عامل ہوتی ہین تب وہ جسم اُس جہت مین حرکت کرتا ہے جسمین اُن قوتون کا حاصل اُس جسم کو لیجاوے اور اگر اُن قوتون مین تقابل ہو اور حاصل صفر ہو تو وہ جسم کسی جہت مین حرکت نہین کرتا بلکہ اپنی جگہ پر ٹھہرا رہتا ہے - ایسا ہی انسان مین اگر متعدد خواہشین ہون تو اُن سب مین سے جو زیادہ قوی ہوگی فعل ارادی اُس قوی خواہش سے صادر ہوگا اور اگر سب خواہشون مین تقابل ہو کر صفر حاصل ہو تو اُن متعدد خواہشون سے کوئی ارادی فعل صادر نہ ہوگا۔

یہ کہنا کہ آدمی مین خواہش پیدا کرنا اُس کے اختیار مین ہے کلیہ علت اور معلول سے اُس کو نکال دیتا ہے اور یہ محال ہے کیونکہ خواہش انسانی حادث ہے اور حادث بے علل سابقہ کے موجود نہین ہوسکتا - یہ بحث علم النفس یا علم ما بعد الطبیعت کی ہے - علم الاخلاق کے لئے یہ کافی ہے کہ آدمی ارادی فعل کے خواہش پیدا ہونے کے بعد کسی فعل کے کرنے یا نہ کرنے کا اختیار رکھتا ہے اور اُس کے مطابق عمل ہوتا ہے بشرطیکہ کوئی مانع موجود نہ ہو پس انسان اغراض علم الاخلاق کے لئے فاعل مختار ہے۔

دلایل و اقسام دلایل و طریق دلایل و یقین - ایک امر سے دوسرا نتیجہ نکالنا اور نتیجہ سے دوسرا مسئلہ قایم کرنا دلیل ہے - دلیل جدلی مرکب ہوتی ہے مشہورات و مسلمات سے یعنے دوسرا فریق جن باتون کو مسلم سمجھتا یا جن مشہور باتون کو صحیح سمجھتا ہو اُن سے یہ دلیل مرکب ہوتی ہے اور انہین کو مقدمات دلیل بناتے ہین جدلی دلیل سے بھی بعض اشخاص کو تسکین ہوجاتی اور یقین

آجاتا ہے اسیطرح دلیل خطابی یا خطبی مرکب ہوتی ہے مقبولات و مظنونات سے
مقبولات جیسے اقوال بزرگان وغیرہ اس دلیل سے بعض کو تسکین ہوجاتی اور یقین
ہوجاتا ہے اور جو برہانی نہین ہوتے اُن کے لئے یہ دلیل زیادہ کارآمد ہوتی
ہے اسی دلیل مین شعری بھی شامل ہے جو مرکب ہوتی ہے تخیلات سے جیسے شعر
وغیرہ اور سفسطی بھی شامل ہے جو وہمیات و مشتبہات سے مرکب ہوتی ہے اور
چونکہ اُس کے مقدمات وہمی و غیرواقعی ہوتے ہین اور انہی سے وہ مرکب
ہوتی ہے۔ لہذا نتیجہ غلط و باطل ہوتا ہے۔ تیسری قسم کی دلیل
برہانی ہے۔ جو مرکب ہوتی ہے یقینات یا ظنیات سے یہ بھی کہا گیا ہے
کہ قیاسی ظنیات سے مرکب ہوتی ہے اور استقرائی یقینات سے اگر کلیات سے
جزئیات نکالین تو اُس کو دلیل قیاسی کہتے ہین اور اگر جزئیات سے کلیات
نکالی جائین تو اُس کو دلیل استقرائی کہتے ہین۔ جب دو چیزین بعض حیثیات سے
ایک دوسرے کے مشابہ ہون اور اُن مین سے ایک کے ساتھ تیسری
چیز کا وجود لازمی طور پر پایا جاتا ہو تو اُسی اعتبار سے نتیجہ نکالنے کو دلیل تمثیلی
کہتے ہین یعنے اگر واقعہ مبحوث فیہ کی متعدد مثالون مین صرف ایک ہی چیز مشترک
ہو تو یہی چیز جو تمام مثالون مین قدر مشترک ہے اُس واقعہ کی علت سمجھی
جاوے۔ یقین جسطرح حق پر ہوسکتا ہے اُسی طرح باطل پر بھی ہوسکتا ہے
صرف فرق یہ ہے کہ جو دلیل سچے اور صحیح مقدمات سے مرکب ہوتی ہے اُسکا
نتیجہ بھی سچا اور صحیح ہوتا ہے اور جو دلیل صحیح کے ذریعہ سے کوئی عاقل یقین
کر لیتا ہے تو وہ صحیح ہے دلائل سے اس کے یقین کو ضرر پہنچنے کا اندیشہ

نہین ہوتا بخلاف اُس کے جو غلط مقدمات سے غلط نتیجہ پیدا ہوکر سبب یقین کا ہوتا ہے وہ دلایل و واقعات سے متزلزل ہوجاتا ہے۔ سچ کہا ہے کہ سانچ کو آنچ نہین۔ دلیل برہانی سمجھدار آدمیون کے لئے بالخصوص کام آتی ہے اور جدلی اور خطبی عوام و مجادلہ کرنے والون و عام طور پر تسکین و بند کردینے کے کام مین آتی ہین۔ جن دلایل کے مقدمات آثار کسی امر کے ہوتے ہین اور اُن سے جو یقین پیدا ہوتا ہے وہ یقین بالغیب یا ایمان بالغیب ہے پس حواس ظاہری کے ذریعہ سے براہ راست جو یقین یا ظن پیدا ہوتا ہے اُس کے علاوہ کل ایمان ایمان بالغیب ہین اور کل یقین یقین بالغیب۔

سچ سب کیلئے سچ ہے اور سچ کے دریافت کرنے کے ذریعے بھی سب مین ایک ہین۔ سچ کے معنی مطابق ہونے کے ہین۔ واقع کے مطابق ہونے سے یہ بھی مراد ہے کہ جو تغیر خاص ذاتی تجربہ سے شخص مدرک کے نفس مین ہوا ہے وہ مطابق ہے اُس مدرک کے جو خارج مین موجود ہے۔ اگر مدرک کی ذات مین کوئی تغیر پیدا ہوا ہو جیسے خواب یا جنون کی حالت مین پیدا ہوتا ہے اور وہ تغیر کسی خارجی مدرک کے مطابق نہ ہو تو وہ غلط اور واقعے کے خلاف ہے جب سچ مطابق واقع ہونے کا نام ہے تب ظاہر ہے کہ اُس سچ کے جان لینے کا ذریعہ سوائے تجربہ اور دلیل صحیح کے انسان کے پاس اور کوئی نہین ہے کسی دوسرے شخص کے کہنے اور خبر دینے سے سامع کو اُس بات کا عین الیقین نہین ہوتا یقین مذکور جب ہی ہوگا جب سامع خود تجربہ کرے اور تجربہ سے معلوم کرے کہ جو کچھ خبر ملی ہے وہ وقع کے مطابق ہے۔ تجربہ کرنے سے پہلے سامع باور کرتا ہے

کہ قایل کا بیان واقع کے مطابق ہوگا وہ خود اپنے تجربہ سے حکم نہین لگاتا
کہ واقع کے مطابق ہے۔ تسکین و یقین اعتبار سے بھی پیدا ہوتے ہین لیکن ذاتی
محسوسات کے غلط ہونے کا احتمال ضعیف ہوتا ہے اور خبر کے نسبت الحزم
سوء الظن کا پہلے استعمال مناسب ہوتا ہے تاہم ذاتی محسوسات کے نسبت
خبر کو انسان موخر سمجھتا ہے۔ بہرحال دلایل برہانی مرکب ہوتی ہین یا اولیات سے
جیسے کل بڑا ہوتا ہے اپنے جزو سے یا مشاہدات ظاہری سے جیسے آفتاب روشن ہے
اور آگ جلاتی ہے۔ یا مشاہدات باطنی سے جیسے ہماری بھوک پیاس۔ یا فطریات
سے جیسے چار کا عدد جفت ہے۔ یا مشاہدہ بالتکریر سے۔ مثلاً گھڑی رکھی ہے
اور ہم بار بار دیکھتے ہین کہ وہ رکھی ہے اور ہمارے سوا دوسرے دیکھنے والے انسان
بھی دیکھتے اور سمجھتے ہین تو یقین گھڑی کے رکھے ہونے کا ہوتا ہے مشاہدہ بالتکریر
کے اقسام مین مشاہدہ بآلات کو بھی شامل سمجھنا چاہیے۔ یا استمرار سے یعنے
کسی واقعہ کا ہمیشہ ایک حالت پر ہونا اور جب تک کوئی دوسرا جدید امر واقع نہو
اُس کے برخلاف نہ ہونا۔ جیسے آفتاب کا وقت معین پر نکلنا اور ہلال کا زمانہ
معین کے بعد بدر ہونا اور لکڑی کا آگ سے جل جانا اس صورت مین خواہ علت
معلوم ہو خواہ نہ ہو لیکن ہمیشہ ایک حالت مین ہونے اور بغیر کسی جدید امر کے
برخلاف نہ ہونے سے یقین پیدا ہوتا ہے اور وجہ اسکی یا تو یہ ہے کہ روزانہ
ایک ہی حالت مین دیکھنے سے تسکین ہوجاتی ہے اور پھر دلیل طلب کرنیکو
طبیعت نہین چاہتی ہے یا یہ ہے کہ متواتر تجربہ جات سے یہ یقین ہوجاتا ہے
کہ بغیر کسی علت جدید کے کوئی واقعہ جدید نہین ہوتا اور جب تک علت موجودہ

قایم رہے کوئی دوسرا تغیر نہین ہوسکتا۔ پس جبکہ علت کو غیر متغیر خیال کر لیتے ہین تو یقین اُس کے برخلاف نہین کرتے یا تجربات سے جیسے سقمونیا صفرا کے اسہال کا سبب ہوتی ہے یا حدسیات سے جیسے چاند کی روشنی آفتاب کی روشنی سے مستعار و مستفاد ہے یا متواترات سے جیسے اس خبر سے کہ مکہ ایک شہر ہے۔ یا استقراے محض سے یا استقراے نوعی سے یعنے جنس کے جزو مین وہی صفات و خواص ہون جو اُس کے کل مین ہون جیسے زیادہ بھاری چیز جو پانی سے ہو وہ پانی مین ڈوب جاتی ہے اس لیے ہم کہتے ہین کہ جو چیز پانی سے بھاری ہوگی وہ پانی مین ڈوب جاوے گی یا استقراے لمی سے جب کہ اُس کے لیے کوئی دلیل لمی ہو جیسے حیوانی بناوٹ کے دیکھنے سے ہم جانتے ہین کہ دوسرے طور پر وہ حرکت نہین کر سکتے۔ پس ہم کہتے ہین کہ کل انسان او فیل او مثل ذالک الحیوانات تحرک فکه الاسفل کہ کل انسان یا ہاتھی اور اُس کے مثل حیوانات اپنے نیچے کے دمڑے ذریعہ سے حرکت کرتے ہین لہٰذا جملہ امور و طریق جن سے یقین حاصل ہوتا ہے یہی ہین جو بیان ہوئے۔

کسی مسئلہ کی صداقت حاصل کرنے کے لئے ضروری امور یہ بھی ہین۔ (۱) احتیاط سے مشاہدہ کرنا یعنے تحلیل۔ (۲) اُن تمام اجزا کا جو تحلیل سے حاصل نہین ہوتے بلکہ فرضی ہین قبول نہ کرنا۔ (۳) مشاہدہ کی تائید مین تجربہ کا استعمال (۴) پرکھنے کے طریق کا استعمال اُس وقت کرنا جب کہ تحلیل کامل ہو چکی ہو۔ (۵) تحلیل و ترکیب دونون طریق سے جانچ کرنا۔ حکیم ڈیکارٹ نے چار عام قواعد مقرر کئے ہین۔ (۱) جس امر کا صاف اور صحیح علم نہ ہو اُس کو درست نہ ماننا۔

(۲) جس شے کی تحقیق منظور ہو اُس کو اس قدر اجزا میں تقسیم کرنا جسقدر ممکن ہو
(۳) خیالات بسیط سے خیالات مرکب کے طرف صعود کرنا۔ (۴) بہت ہی احتیاط
سے اور بار بار کی کوشش سے معلوم کرنا کہ تمام اجزا ترکیب مین شامل ہین تاکہ کوئی
جزو یا بہ امکان چھوٹ نہ جاوے۔ قبل اس کے کہ علت قایم کرین یہ ثابت
کرنا ضرور ہے کہ واقعہ زیر بحث حقیقت مین موجود ہے بعد اس کے ان امور کا
خیال لازم ہے۔ (۱) ایک جزو دوسرے جزو کی تردید نہ کرتا ہو۔ (۲) اُس واقعہ
زیر بحث کی توجیہ کامل طور سے ہو سکتی ہو۔ (۳) توجیہ کرنے کے علاوہ کسی اور
دعوے مفروض پر مبنی نہ ہو۔ پس اس طرح عمل کرنا چاہیئے۔ جبکہ اُن کے
قوانین اچھی طرح پر ملحوظ نہین کیونکہ عمل کی بے قاعدگی سے نتایج غلط پیدا ہوتے ہین
بدیہی یعنے اولیات اور نظری مین یہ فرق ہے کہ بدیہی عام تسلیم کے وجہ سے
بدیہی سمجھا جاتا ہے کیونکہ اُس کا اتفاقیہ ہونا ثابت نہین ہوتا دوسرے ہر وقت اور ہر
جگہ صادق آتا ہے اور اُس کے خلاف ثابت نہین ہوتا اور نظری لیکن بعد استدلال قابل تسلیم خاص کیلئے ہوتا ہے۔
کہا گیا ہے کہ نطق مابہ الامتیاز حیوانون اور انسانون مین ہے لیکن اگر نطق کے معنی
محض زبان سے بولنے کے لئے جاوین جس سے کچھ سمجھا سکین تو بعض حیوانات بھی
بولتے ہین اور اپنے نوع کو اپنی آواز سمجھا دیتے ہین۔ یہ نہین کہا گیا کہ فلسفہ ایک علم ہے
بلکہ یہ کہا جاتا ہے کہ فلسفہ دانشمندی و فراست ہے یہ اس واسطے کہا گیا ہے کہ ہر
غیر مجنون انسان عقل رکھتا ہے یعنے استعداد عقل و قوت متفکرہ۔ لیکن علم اُس
وقت تک نہین آتا جب تک کہ حواس ذریعہ نہ ہون۔ لہذا عقل مقدم ہے اور علم موخر
خواہش علم طبعی یعنے طبیعت کے ذریعہ سے ہوتی ہے مگر خود علم طبعی نہین ہے علم کسبی ہے

عقل چلا پاتی او ترقی کرتی ہے لیکن علم پر اس کا انحصار نہین۔ عقل بجاے خود ایک قوت ہے جو قدرت کے جانب سے انسان کو عطا ہوئی ہے۔ جب کسی کو یہہ کہتے ہین کہ فلان فلسفی ہے تو دوسرے الفاظ مین اُس کا مطلب یہہ ہوتا ہے کہ وہ صاحب فراست و عقل و تفقہ و دانشمندی ہے۔ استعمال مین عالم عاقل کو اور عاقل عالم کو اور علم عقل کو اور عقل علم کو کہتے ہین بوجہ اسکے کہ ایک دوسرے کے ذریعہ ہوتے ہین لیکن جو فرق بیان کیا گیا وہ اُن کے مفہوم مین ہے۔ عقلی خیالات رکھنا خیالی فلسفہ ہے اور عملی منزل و عملی رنگ مین جانا عملی فلسفہ۔ خیالی فلسفہ خیالات کا مشق کراتا اور برتر بناتا ہے۔ اور عملی فلسفہ خیالات کے جہت سے تمدنی اور معاشرتی و تہذیبی ضرورتون کو مہیا کرتا ہے۔ عملی فلاسفر خیالی فلاسفر کے بغیر گذارہ کر سکتا ہے لیکن خیالی فلاسفر عملی فلاسفر کی محنت کے بغیر نہین رہ سکتا۔ محض خیالی فلسفہ کے ذریعہ سے کوئی ملک اور کوئی قوم سرسبز و فارغ البال نہین ہوتی جبتک کہ عملی فلسفہ اُس مین شامل نہ ہو۔ تجارت بھی ایک عملی فلسفہ ہے۔ مذہب بھی ایک عملی فلسفہ ہے موچی۔ لوہار۔ بڑھئی کسی فن کا ماہر بننا سب عملی فلسفہ ہے۔ قدرت نے ہر شخص کو عقل دیا ہے کہ وہ بغیر غیر معمولی زیادہ علم کے بھی عقل سے کام لے سکتا ہے۔

بہت سی اشیا ایسی ہین جن کو ہم خود نہین دیکھہ سکتے لیکن اُن کے اثرون کو دیکھہ سکتے و محسوس کر سکتے ہین اسی دلیل سے اُن کے وجود کا یقین کرتے ہین کیونکہ دنیا مین ہر بات اپنے نتایج اور اثرات کے لحاظ سے مانی جاتی ہے۔ اور اُس کی صداقت اور صحت کے لئے بہتر یہ صورت ہے کہ یہہ جانچ لیا جاوے کہ ممکن الوقوع و مفید اور قابل عمل ہے یا نہین۔ حقیقت یہ ہے کہ اگر کوئی یہ کہے کہ وہ دریا مین

ایسا ہی چل سکتا ہے جیسے زمین پر تو اُس کو اپنے دعوے کے ثبوت مین بجاے حجتون کے یہ چاہیئے کہ وہ دریا مین اُتر کر چلے اور ثابت کرے کہ اُس کا دعوے کہان تک صحیح ہے۔ اگر کوئی کہے کہ کشش ثقل نہ نظر آتی ہے اور نہ کسی دوسرے حس سے معلوم ہوتی ہے اس لئے اُس کا وجود ہی نہین تو وہ مکان کے چھت پر سے گرتی ہوئی چیز کو دیکھے یا خود گر کر آزماوے کہ زمین کے طرف گرتا ہے یا نہین غرض ہر دعوے کا سب سے بہتر اور قطعی ثبوت اُس کا قابل عمل ہونا ہے بشرطیکہ اُس پر عمل ہونا ممکن ہو اور وہ اُن اقسام مین سے ہو جس پر عمل کیا جاوے۔ ہم خارجی دنیا کے وجود کو حواس کی شہادت کے مطابق جانتے ہین اور اُس کے گذشتہ واقعات کا اُسی کے ذریعہ سے پتہ لگاتے ہین اور اُس شہادت کی صحت کے معیار کا اُس کے قابل عمل ہونے کے سوا اور کوئی ثبوت کبھی بھی ممکن نہین۔ ہم اسی پر مجبور ہین خصوصاً جبکہ بار بار عملی تجربہ سے اُس کی تائید ہو۔

**احساسات و جذبات کا وقوع**۔ عملی زندگی مین احساس کبھی مفرد اور بسیط حالت مین نہین پایا جاتا بلکہ ہمیشہ کسی نہ کسی جذبہ کی صورت مین پایا جاتا ہے۔ جو مرادف ہے احساس مرکب کے۔ انسان پر مجرد لذت یا مجرد الم کی کیفیت کبھی طاری نہین ہوتی بلکہ ہمیشہ مخلوط و مرکب صورت مین ہوتی ہے اور اُسی کا نام جذبہ ہے۔ مگر عام جذبات خود بخود نہین پیدا ہوتے رہتے بلکہ اپنی تکوین کیلئے بعض خارجی اسباب یا مہیجات کے محتاج رہتے ہین۔ مثلاً غصہ اُس وقت آتا ہے جب کوئی اشتعال انگیز واقعہ پیش آتا ہے۔ یا ہنسی ہر گھڑی نہین آتی بلکہ اُسی وقت آتی ہے جب کوئی مضحک یا خوشگوار حالت پیش آوے۔ لیکن چند

احساسی کیفیات ایسی بھی ہین جو تحفظ و صیانت حیات مین بلحاظ اہمیت ان تمام جذبات پر بمراتب بالاتر ہین۔ اس قسم کے ہر جذبہ کو ہم اصطلاح مین اشتہا یا شہوت کہتے ہین انہی اشتہاؤن کی فہرست مین ایک ایسی شے بھی ہے جو حیات شخصی ہی کے لیے نہین بلکہ حیات نوعی کے لئے بمنزلہ بنیاد ہے اور وہ وہ ہے جس کو جذبہ لطیف سے تعبیر کرتے ہین۔

حوائج کے مطالبات صیانت حیات کو بعض براہ راست پورا کرتے ہین اور بعض بالواسطہ۔ اسی بنا پر احساس نے اپنی رفتار وارتقا مین دو مختلف راہین اختیار کی ہین۔ ایک راستہ اُن مطالبات کا ہے جن کے اوپر حیات انسانی براہ راست مشروط و منحصر ہے مثلاً گرسنگی و تشنگی و خواب وغیرہ۔ دوسرا راستہ اُن مطالبات و مقتضیات فطری کا ہے جو حیات انسانی کے قیام مین بالواسطہ معین ہین مثلاً خوف کہ اگر وہ نہ ہو تو انسان اپنی حفاظت کا سامان نہ کر سکے یا غصہ کہ اگر وہ نہ ہو تو انسان اپنے مخالفین سے مقاومت نہ کر سکے۔ صنف دوم کو احساسات یا جذبات اور اول کو شہوات کہتے ہین۔ ہر شہوت کا دورا ایک وقفہ معینہ کے ساتھ زندگی بھر طاری رہتا ہے لیکن اس کے خلاف موقت نہین ہوتا غم و مسرت الفت و دہشت کے متعلق کون کہہ سکتا ہے کہ وہ ایک میعاد معین کے بعد یکسان طور سے انسان مین طاری ہون گے۔

افراد کے حیات شعوری مین جذبات ذاتی کی قوت بے شبہ بہت زبردست ہوتی ہے لیکن اس لئے کہ بغیر اُن کے حیات نسلی کا وجود قایم ہی نہین رہ سکتا۔ اتحاد تناسلی کی خواہش انسان مین فطرت کے قانون کے لحاظ سے لازمی ہے۔

اور اُسی قدر لازمی ہے جیسا کہ بھوک۔ پیاس۔ نیند اور اگر کوئی مثال اس کے
خلاف ہے تو اُس کو اختلال شہوت کا مریض سمجھنا چاہیئے۔

## فطرت کا منشا بقاے نوع ہونا نہ کہ صیانت حیات افراد

نظام عالم پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ فطرت کا منشا ربقاے افراد عموماً نہین ہوتا بلکہ وجود نوع و بقاے نوع سے پورا ہوتا ہے۔ ہزار ہا افراد ضایع ہوتے رہتے ہین جنگ و طوفان و آتشزدگی و زلزلہ و قحط و طاعون اور وبا سے لاکھون انسان ضایع جاتے ہین لیکن تب بھی نسل انسانی منقطع نہین ہوتی بلکہ ترقی کرتی جاتی ہے اور حیات نوع غیر متاثر رہتی ہے۔ افراد کے بہ نسبت قوم کو زیادہ بقا اور قوم کے بہ نسبت نوع کو بقا و ترقی ہوتی رہتی ہے۔ افراد سے نوع کے سلسلے کے قایم کرنے کا کام فطرت لیتی ہے لیکن اکابر و اصاغر افراد سے وہ بے نیاز ہے اُن کے فنا ہونے کے بعد اُن کے کارنامے ایک حد تک باقی رہتے ہین علوم و فنون و فلسفہ و حکمت و شعر و سخن و بھلائی و برائی و فساد وغیرہ کو موت نہین اُن کے کرنے والون کو موت ہے۔ جو بغیر اثر رہ جاوین اُنہین کو کی موت کہی جا سکتی ہے۔ جنگ کی اصلی و آخری غایت یہ ہوتی ہے کہ ایک قسم کا عدل قایم ہو جاوے اور مضبوط و قوی و زور آور و صالح فایق ہو جاوین اور بدنظمی دور ہو کر امن کا دور ہو لیکن فساد و بہیمت و خونریزی اُس کے لازمی نتیجہ عموماً ہو جاتے ہین اور افراد کو ضایع کر کے قوم کو فتح ملتی ہے اور جن افراد کی بہبودی کے لئے کوئی قوم جنگ کرتی ہے اُنھی افراد مین بہت کٹ جاتے ہین۔ پس اس سے ثابت ہوتا ہے کہ صیانت حیات افراد فطرت کا منشا نہین بلکہ صیانت قوم کا اصلے

منشا ہے تاکہ بقاے نوع رہے۔ فطرت دراصل نہایت ہوشیار آقا ہے
وہ جب ہم سے کوئی کام لینا چاہتی ہے تو براہ راست اُس کا حکم نہین دیتی بلکہ
اُسے ہمارے لئے اس قدر دلکش مرغوب و پرلطف بنا دیتی ہے کہ ہم اسکو
کرنے لگتے ہین۔ تغذیہ سے اصل مقصد یہ ہے کہ بدل ما یتحلل ہوتا جاوے
یعنے جو اجزا جسم روزانہ تحلیل ہوتے رہتے ہین اُن کی جگہہ نئے اجزا
لیتے رہین۔ لیکن فطرت ہم سے یہ مقصد براہ راست حکم دیکر پورا نہین کراتی
بلکہ غذا مین اس قدر التذاذ رکہہ دیا ہے کہ ہم اُسے بکمال رغبت و اشتیاق
کہاتے ہین۔ خواب زندگی قایم رکہنے کے لئے لازمی ہے لیکن اس مقصود کو
پیش نظر رکہہ کر نہین سوتے بلکہ انسان کو نیند مین لذت محسوس ہوتی ہے پس
وہ سوتا ہے۔ اپنے اس عام طریق کار سے قطرت نے اس بارہ مین بھی کام لیا
یعنے لوگ عموماً اس لئے اتحاد تناسلی پر مایل نہین ہوتے کہ اُس سے کائنات کا
نظام نسلی قایم رہے گا بلکہ یہ عمل بجاے خود اپنے اندر اس قدر دلکشی و لطف
رکہتا ہے کہ انسان اُسے لذت کے غرض سے کرتا ہے۔

**مقاصد قریبہ و مقاصد انتہائی و قانون ایتلاف اور اُسکی فعلیت**

**و علاقہ**۔ اصل یہ ہے کہ ہر فعل اور ہر عمل کا ایک فوری و نمایان مقصد ہوتا ہے
یا ایک انتہائی و آخری غرض و غایت اُنہی کو محرک کہتے ہین تو گویا محرک دو طرح
کے ہوتے ہین ایک محرک قریبہ دوسرا محرک بعیدہ۔ پہلا محرک عموماً فاعل
کے شعور و علم مین ہوتا ہے اور وہ اُسے پیش نظر رکہہ کر کوئی فعل کرتا ہے۔ لیکن
دوسرا فاعل کی نظرون سے مستور اور مجہول اور اُس کے لئے غیر شعوری رہتا ہے

بلکہ کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ ان دونون محرکات مین باہم اختلاف بلکہ تضاد واقع ہو جاتا ہے یعنے کسی فعل کا جو انتہائی مقصد ہوتا ہے اُس مین اور اُس کے حصول کے وسایط و ذرایع مین (جو بجائے خود مقاصد قریبہ ہوتے ہین) تخالف ہو جاتا ہے۔ اب اگر مقصود انتہائی کا حصول منظور ہے تو انسان کو جیسا طریق عمل اختیار کرنا چاہیئے اور اگر مقاصد قریبہ کو پورا کرنا مدنظر ہے تو اُس سے بالکل مختلف طرز عمل رکھنا چاہیئے۔ عموماً فتح ہمیشہ مقاصد قریبہ کو حاصل ہو جاتی ہے کیونکہ وہی انسان کے پیش نظر ہوتے ہین اور مقصود انتہائی اُس کے علم و شعور سے خارج ہوتا ہے۔ اس حقیقت کی توضیح اگر نفسانی اصول پر ذہن نشین کرنا ہو تو ہمین قانون ایتلاف سے مدد لینا چاہیئے اس قانون کا منشا یہ ہے کہ بعض ذہنی کیفیات دوسری ذہنی کیفیات سے ایسا تخصیصی تعلق رکھتی ہین کہ جب اول الذکر پیدا ہوتی ہین تو آخرالذکر لازمی طور پر پیدا ہو جاتی ہین اور قانون مذکور بہ آسانی مقاصد کو وسایط اور وسایط کو مقاصد مین تبدیل کر دیتا ہے۔ ان اسباب کے بنا پر ہم جذبہ اتحاد تناسلی مین جس قدر قوت پاتے ہین وہ غیر متوقع نہین کہ مقاصد و وسایط مین تبدیل ہو جاتے ہین۔ یہان تک اُس جذبہ کی جو اہمیت دکھلائی گئی وہ عام حیثیت سے تھی خواہش اتحاد تناسلی ہر مرد و عورت کے ساتھ اور نر کو مادہ کے ساتھ ہو سکتی ہے لیکن زن و شو کے مابین کشش اُس سے بدرجہا زاید ہوتی ہے کشش ازدواجی محض خواہش اتحاد تناسلی کا نام نہین گو اُسکا جزو اہم ہے بلکہ اُس کے علاوہ اور بھی متعدد موثرات قوی انتخاب زوج کے سبب

نفس بشری پر غالب ہوتے ہیں۔ مثلاً اتحاد ذوق موافقت مزاج خوش میر تی خوش دماغی اور سب سے بڑھ کر ایک عرصہ کا ارتباط و رفاقت۔ جب جانور و بیجان چیزیں جو ہمارے پاس ایک عرصہ تک رہتی ہیں ہمیں اُن سے لطف و اُنس پیدا ہو جاتا ہے کیونکہ رفاقت بجائے خود ایک بڑا ذریعہ کشش و الفت و اُنس کا ہے تو اپنے صنف مقابل کے ساتھ جس کے ساتھ ہمنشینی بھی ہے اور جو معاشرت کے ہر پہلو میں ساتھ ہے کیوں نہ شدید اور قوی ہوگا خصوصاً در انحالیکہ اتحاد نسلی کی خواہش دوسری عورتوں سے ہٹکر صرف اُسی پر مجتمع ہو جاوے۔ پس ایسی صورت و کشش کا بدرجہ زیادہ پایا جانا اور ایسی زوجین میں پایا جانا جو نظام ازدواج کے عملی نصب العین میں زیادہ قرین انصاف و لایق عمل و قرین عقل ہے۔

قانون ایتلاف کے فعلیت کی متعدد صورتیں ہیں۔ مثلاً ایک علاقہ مقارنت ہے یعنے جب دو یا زیادہ چیزیں زمانی یا مکانی حیثیت سے قرب یا اتصال رکھتی ہوں تو جو جذبات انسان پر ان میں سے کسی ایک سے طاری ہوتے ہیں وہی جذبات اُس کے مقارن شئے یا اشیاء سے بھی پیدا ہونے لگیں مثلاً اگر زید سے عداوت ہے تو اُس کے متعلقین و وابستہ اشخاص کے ساتھ ایک حد تک عداوت ہونے لگیگی۔ دوسری صورت علاقہ مماثلت ہے یعنے جب دو یا زاید چیزیں باہمدگر بعض حیثیات سے مشابہ ہوں تو جو جذبات ممثل لہ سے پیدا ہوتے ہیں وہی جذبات اُس کے مماثل اشیاء سے بھی پیدا ہونے لگتے ہیں۔ اگر گلاب کا پھول خوشنما معلوم ہوتا ہے تو گلابی رخسار میں بھی دلفریبی معلوم ہونے لگتی ہے۔ تیسری صورت علاقہ تضاد ہے یعنے جب دو چیزوں میں باہم

تقابل یا تضاد ہوتا ہے تو جن جذبات کی تکوین ایک شے سے ہوتی ہے اُسکے
بالکل مخالف جذبات ہم مین شے یا اشیاے مقابل سے پیدا ہونے لگتے
ہین اگر زید سے دشمنی ہے تو اُس کے دشمن کو دوست خیال کرنے لگتے ہین
غرض ایتلاف کی ان صورتون مین یہ ہوتا ہے کہ بعض مخصوص اشیا بعض
دیگر مخصوص اشیا کو ذہن کے سامنے لے آتی ہین اور جو جذبات و خیالات
پہلے اول الذکر سے پیدا ہوئے تھے وہ آخر الذکر سے پیدا ہونے لگتے ہین۔
یہ نفس بشری کا ایک مستحکم قانون ہے اس مین انسان کی خواہش و ارادہ کا دخل
نہین ہوتا عموماً لزوم ذہنی کا یہ سلسلہ بغیر قصد و ارادہ کے خود بخود پیدا ہوجاتا ہے
لیکن بعض اوقات اس سلسلہ مین ایک نئی بات اور پیدا ہوجاتی ہے کہ جس جذبہ
کی تکوین براہ راست کسی شے سے ہوتی ہے وہ اُس سے تو نہین پیدا ہوتا بلکہ
جس شے سے بالواسطہ ہوئی تھی اب اُس سے پیدا ہونے لگتا ہے۔ یعنے
انتخاب جذبہ کے براہ راست محرکات جو ہوتے ہین وہ شعور خفی مین ماند پڑجاتے
ہین اور جو چیزین کہ محض بالواسطہ ضمناً محرک ہوسکتی تھین وہ شعور مین آجاتی ہین
اُس کا سبب یہ ہوتا ہے کہ جن ذرات دماغ مین اعمال اول الذکر کے وقت
حرکت ہونا چاہیے اُس مین بربناے عادت و تواتر التزاماً اعمال آخر الذکر سے حرکت
ہونے لگتی ہے مثلاً مربا کھاتے وقت کوئی گندی چیز اُس مین نکل آئی اُس کے
بعد مربا کھانے سے نفرت ہوگئی اب جو مربا کو دیکھتے ہین تو بغیر پچھلے واقعہ کے یاد
کے یعنے گندی چیز نکلنے کی یاد کے طبیعت خود بخود مالش کرنے لگتی ہے۔ ظاہر ہے
کہ طبیعت کی مالش کا اصلی باعث گندی چیز کا ہونا تھا لیکن علاقہ مقارنت کے بنا پر

ہمارے ذہن مین خود بخود مربا کے طرف سے نفرت سماگئی۔ یا مثلاً روپیہ سے محبت اس لیے ہوئی تھی کہ وہ آسایش کا ذریعہ و وسیلہ ہے لیکن کچھہ عرصہ بعد یہہ حیثیت نظر انداز ہوگئی اور روپیہ کی محبت مین ایسا لزوم ذہنی قایم ہوگیا کہ روپیہ کو محض روپیہ کے خاطر عزیز رکھنے لگے اور اپنی آسایش پر اُس کا صرف کرنا گوارا نہونے لگا۔ یا مثلاً صرف ونحو کی اصل غرض زبان و ادب سیکھنے مین سہولت ہونے کی ہوتی ہے لیکن قانون ایتلاف معلمون اور متعلمون کے دماغ پر اس طرح عمل کرتا ہے کہ وہ اُسی کو مقصود بالذات سمجھنے لگتے ہین اور زبان و ادب پر توجہ چھوڑ دیتے ہین۔ پس اس قانون کے اس صنف کا مقتضا یہہ ہے کہ بآسانی مقاصد کو وسایط اور وسایط کو مقاصد مین تبدیل کر دیتا ہے اور قانون ایتلاف کا اثر یہہ ہوتا ہے کہ بعض ذہنی کیفیات دوسری ذہنی کیفیات سے ایسا تخصیصی تعلق رکھتی ہین کہ جب اول الذکر پیدا ہوتی ہین تو آخر الذکر بھی لازمی طور پر پیدا ہوجاتی ہین۔

**نفس کا خود اپنے اوپر اور دوسرون پر اثر کرنا و یقین۔** خواب مین آدمی تمام چیزون کو جو اُس نے خواب مین دیکھی ہین حقیقتاً موجود سمجھتا ہے حالانکہ کوئی چیز بھی موجود نہین ہوتی یہان تک کہ وہ کبھی اپنے کو ہوا مین اڑتا ہوا جانتا ہے اور کبھی جہاز مین اور کبھی ریل مین اور کبھی گھوڑون پر اور کبھی پیادل کوسون سفر کرتا ہوا دیکھتا ہے اور حقیقت مین وہ پلنگ پر چادر اوڑھے پڑا رہتا ہے زیادہ تعجب ہے کہ خواب مین اُس کو دن ہوتا ہے رات ہوتی ہے۔ سو برس کا زمانہ خواب مین گذر جاتا ہے مگر اُس کو سوئے ہوئے گھڑی دو گھڑی سے زیادہ نہین ہوتا

جاگنے مین بھی کبھی اُس کا ایسا خیال ہو جاتا ہے کہ شے غیر موجودہ کو علانیہ موجود دیکھتا ہے۔ اور یہ بات اس امر کی دلیل ہے کہ خود اپنے آپ پر اپنے نفس کا اثر پڑتا ہے۔ بعض مجنون آدمی اُن لوگون کو جن کا اُن کے دل مین خیال پک گیا ہے اپنے سامنے کھڑا و بیٹھا ہوا باتین کرتے دیکھتے ہین اور مثل شخص موجود کے اُس سے جواب و سوال کرتے ہین اور اُس کی باتین اُن کو سنائی دیتی ہین حالانکہ کوئی شے اور کوئی شخص موجود نہین ہوتا۔ اور یہ اثر اُسی قوت نفس انسانی کا ہے جو بسبب وقوع امورات غیر طبیعی کے ایک طرف مایل ہو گئی ہے خود مریض پر نفس انسانی کا اثر پڑنا تو ایسا بدیہی ہے کہ جب چاہو اُس کا تجربہ ہو سکتا ہے یہ قوت مشق اور مجاہدہ سے قوی بلکہ اقوے ہو جاتی ہے اور بعض مین فطرتی قوی ہوتی ہے اور تمام اُن کے خیالات خود اُنہی کو مرئی ہوتے ہین۔ یہانتک کہ جس مرے ہوئے شخص کا وہ خیال کرتے ہین اُس کی صورت خیالی جس کو وہ مردہ کی روح سے تعبیر کرتے ہین اُسی زرق برق لباس سے جو وہ پہنتا تھا اُن کے سامنے معلوم ہونے لگتی ہے۔ اُس قوت نفس کا اثر دوسرے شخص پر چھونے سے دم ڈالنے سے پھوک دینے سے نگاہ سے گھورنے سے توجہ ڈالنے سے منتقل ہوتا ہے اور علمی اصلاح مین اثر ڈالنے والے کو عامل اور جس پر اثر ڈالا گیا ہو اُس کو معمول کہتے ہین اس قوت کا ایسا قوی اثر ہے کہ معمول کی تمام طاقت اور تمام ارادہ اور خیال بالکل عامل کے تابع ہو جاتے ہین۔ عامل جس غیر موجودہ چیز کو کہتا ہے کہ ہے معمول اپنے خیال مین اُس کو واقعی موجود سمجھتا ہے اور اُس پر وہی حالت طاری ہو جاتی ہے جو درصورت واقعی موجود ہونے کے

اُس شے کی ہوتی اور جس موجودہ شے کو عامل کہتا ہے کہ نہین ہے معمول اسکو یقیناً جانتا ہے کہ نہین ہے یہان تک کہ اگر عامل معمول کی کسی قوت کو کہتا ہے کہ نہین ہے تو معمول ایسا ہی ہو جاتا ہے کہ گویا درحقیقت وہ قوت اُس مین نہین ہے یا جس موجودہ شخص کا موجود ہونا عامل بیان کرتا ہے معمول اُس شخص کو اُسیطرح حاضر موجود دیکھتا ہے اور کہا جاتا ہے کہ وہ اُن کے ارواحون کے بیکر ہین - توجہ کیا ہے وہ تو نفس انسانی کا اثر ہے جو کسی مین بمقتضاے فطرت اور کسی مین کسب کے وجہ سے قوی اور اقوے ہوتا ہے اور دوسرے طرح طرح کی کیفیات کا سبب ہوتا ہے

اخبارات کے ذریعہ سے کلا بازیگر نے ہندوستان کے مسمریزم کی کیفیت ظاہر کی ہے - وہ لکھتا ہے کہ مین نے بیس برس سے یورپ مین مسمریزم کی بڑی بڑی کارروائیان دیکھین لیکن ہندوستان کو اس معاملہ مین سب پر فوقیت ہے - مین نے ۱۸۷۸ء مین بمقام سکندرآباد سالار جنگ نظام کے ایوان کے چوڑے دالان مین اُس کی ایک کارروائی دیکھی - اُس وقت ڈاکٹر کرافر سرجن برٹش فوج اور سرجان ماجکبسن افسر رسالہ الانسر بھی موجود تھے چند منٹ بعد فقیر آئے اور اُنھون نے فوراً کارروائی شروع کی اور رام رام آتا رام آتا رام آتا رام آتا رام آتا رام رام کہنے لگے - ایک بڈھے فقیر نے ایک نوجوان کو ایسا معمول کیا کہ گویا بالکل وہ مرگیا - ڈاکٹر نے دل کو دیکھا نبض پر ہاتھ رکھا معلوم ہوا کہ خون کا دورہ بند ہے - ڈاکٹر نے جانچ کے لئے معمول کے ناک کان آنکھہ اور منھہ وغیرہ کو گاڑھی مٹی سے بند کیا جس سے سانس لینا غیر ممکن تھا پہلے جب مین نے دیکھا تو یہ شخص جس پر عمل ہوا تھا سانس لیتا تھا مگر اب بالکل

مردہ ہوگیا تھے کہ بڑی ہوئی سے انگلیاں چھیدین اور اُس کو معلوم نہ ہوا اور عنبر کی لکڑی کا جلتا ٹکڑا اُس کے ہاتھ پر رکھا اور چراپند ہوئی لیکن اُس کو خبر نہ ہوئی لوگون نے اُس کو اُٹھایا مگر وہ بالکل بے حس و حرکت تھا۔ ڈاکٹر نے اُس کے زندہ کرنے کی بہت سی فکرین کین لیکن سب بے سود ثابت ہوئین جب اس حالت کو ایک گھنٹہ گذرا تو فقیر نے چند اشارے کئے اور معمول بیدار ہوگیا جس وقت معمول بیدار ہونے لگا اُس کا رنگ دھوان دھوان اور تکلیف زدہ معلوم ہوتا تھا جس سے ہم لوگون کو خوف معلوم ہوا۔ بعد اس کے بوڑھا فقیر خود بیہوش ہوا انگارے ہاتھ پر رکھے اُس کو خبر نہ ہوئی اُس وقت ایسی خاموشی تھی کہ گویا ہم مُردہ کے سامنے ہیں آہستہ آہستہ بات کرنے لگے۔

تمام چیزون اور جملہ انکشافات سب سے زیادہ لایق یقین انسان کو اپنی ذات اور اپنی انانیت کا یقین اور اپنے قوت ارادی کا علم ہے۔ یہ ایسی قوت ہے جو بلاواسطہ ہر انسان کی ذاتی ہے۔ یہ خود آگاہی و قوت ارادی انسان کے انسان ہونے کی سب سے پہلی بنیاد ہے۔ اصل مسئلہ جس سے دوسرے مسایل پیدا ہوتے ہین اور جس پر یقین ہونے کا دارمدار ہے یہ ہے کہ انسان جانتا ہے کہ مین ہون و عمل کرنے کا ارادہ کرتا ہون اور میری قوت ارادی انکشاف و ادراک کا سبب ہوتی ہے اور ہر ایک قوت یا قوتون کے متعلق جو کائنات مین عمل کر رہی ہے اُس کے معلوم ہونے کا ذریعہ میری ہی قوت ہے۔ نفس انسانی کو اپنی ذات کے تسلیم کے بعد مشاہدات ظاہری و مشاہدات باطنی سے سبق ملتا ہے یعنے جب کہ وہ دیکھتا یا محسوس

کرتا ہے کہ مثلاً آفتاب روشن ہے اور آگ جلاتی ہے تو اس مشاہدہ ظاہری کے یقین سے اُس وقت تک وہ انکار نہین کرسکتا ہے جب تک اُس کے خلاف اُس کو یقین نہ دلایا جاوے۔ اسی طرح مثلاً بھوک پیاس وغیرہ ایسی چیزین ہین کہ انسان کو مشاہدہ ظاہری سے بھی زیادہ محسوس ہوتی ہین اور وہ اُن کے وجود سے انکار کر ہی نہین سکتا۔ پس مشاہدہ باطنی سے انکار کوئی ہوشمند نہین کرسکتا ہے۔ مشاہدات ظاہری سے تقریباً سب کے پہلے نیچر کے اُن افعال کا انسان کو علم ہوتا ہے جو ہمیشہ یکسان ہوتے رہتے ہین۔ جیسے آفتاب کا وقت معین پر دکھلائی دینا اور وقت معین پر غایب ہوجانا اور آگ کا ہر انسان کو جلانا بشرطیکہ کوئی خاص امر اُس جلانے کے مانع نہ ہو۔ لہذا اُس سے یعنے استمرار سے نیچر کی یکسانیت کا یقین اُس کو ہوتا ہے اور جیون جیون علم کی ترقی ہوتی جاتی ہے تیون تیون اُس کا یقین اُس پر مضبوط ہوتا جاتا ہے۔ پس استمرار کے یقین اور نیچر کے افعال کے یکسانیت کے یقین سے اپنے تجربات پر یقین کرلیتا ہے۔ یعنے جب وہ بار بار ایک ہی چیز کو ایک ہی طرح پر واقع ہوتا معلوم کرتا ہے تو یقین کرلیتا ہے کہ اسی طرح ہمیشہ ہوگا کیونکہ نیچر کے کام مین یکسانیت ہے۔ لہذا اپنے مشاہدات ظاہری کے متواتر ہونے پر اور جس طرح نیچر کی یکسانیت پر یقین کرتا ہے اُسی طرح جو نتایج کسی فعل کے ایک ہی طرح ہوتے ہوئے وہ دیکھتا یا محسوس کرتا ہے اُس کو بھی یقین کرتا ہے پس یہ کہنا کہ تمیز فطری اُس کے یقین کا سبب ہے ورنہ دور و تسلسل ناجایز لازم آتا ہے صحیح

نہین ہے - اپنی ذات اور اپنے مشاہدات پر یقین یہہ ہر انسان مین ضرور ہوتا ہے - اور یہ کہنا بھی صحیح نہین ہے کہ نوعی و نسلی تجربہ اولیات کو یقین دلانے کا سبب ہوتے ہین بلکہ حقیقت یہ ہے کہ تغیر اپنے نفس کا اُس کا سبب ہوتا ہے - سورہ لقمان مین ہے -

| | |
|---|---|
| ومن الناس من یجادل | اور آدمیون سے وہ بھی ہے جو جھگڑتا ہے |
| فی اللہ بغیر علم ولا ھدی | اللہ کی بات مین بغیر علم اور بنے ہوئے ہدایت |
| ولا کتٰب منیر ہ | اور نہ ہوتے کتاب روشن کے - |

یعنے بغیر علم ذاتی اور بغیر ہدایت ایسے کے جس کو منصب ہدایت کا ہے اور بغیر ایسی کتاب کے جس کا حکم روشن ہے اور جس کا اللہ کے طرف سے ہونا ثابت ہے - کیونکہ کتاب کے ساتھہ منیر کی قید بلا وجہ نہین ہے - کتاب اگر اللہ کے طرف سے بھی ہو اور اُس کا ہونا اللہ کے طرف سے مسلم ہو لیکن متشابہات مین سے اُس مین کوئی حکم ہو تو اُس کے بنا پر جھگڑنا صحیح نہین ہے - پس ایسی ہدایت صحیح ہونی چاہیئے جس کی صحت کا معیار یہہ ہے کہ ایسا شخص ہدایت کرے جس کو منصب ہدایت ہو ورنہ وہ ہدایت قابل مجادلہ نہ ہوگی - اسیطرح بغیر علم ذاتی و برہانی کے تقلید پر جھگڑنا نازیبا ہے - اور چونکہ یہہ تین ہی صورتین ہو سکتی ہین اس لئے اس آیت مین علم و کتاب و ہدایت کے ساتھہ اُس کا انحصار کیا گیا - لہذا علم و ہدایت و کتاب کے جو ذرایع ہین جب اون سے مسلسل و باقاعدہ فایدہ اُٹھایا جاوے تو وہ مفید یقین کے ہوتے ہین -

وسایل علم۔ نفس اور اُس کے قوے مین کوئی حقیقی و اصلی
فرق نہین قواے ذہنی اس قسم کے موجودات نہین جن کو نفس سے جدا
قرار دیا جاوے حقیقت مین تمام قواے ذہنی ایک ہی موثر کے مختلف مظاہر
ہین لیکن سہولت کے لئے چند وسایل علم کے اقسام کا ذکر جیسا کیا گیا ہے
کیا جاتا ہے۔ قوت مدرکہ جس کو قوت محصلہ بھی کہتے ہین وہ قوت ہے جسکے
ذریعہ سے اشیاے خارجی و باطنی کا علم انسان کو حاصل ہوتا ہے اشیا
خارجی کے علم کو ادراک خارجی اور اشیاے باطنی کے علم کو ادراک باطنی
کہتے ہین۔ اور قوت حافظہ وہ قوت ہے جس کے ذریعہ سے علم حاصل شدہ
جمع رہتا ہے۔ اور قوت مستحضرہ یا ذاکرہ وہ قوت ہے جس کے ذریعہ سے
وہ علم جو حافظہ مین جمع ہے ذہن کے سامنے آتا ہے اور اُس کے
ذریعہ سے خیالات باقاعدہ و مرتبط سلسلہ مین مرتب ہو جاتے ہین۔ قوت متخیلہ یا
واہمہ وہ قوت ہے جس کے ذریعہ سے جو علم حافظہ کے ذریعہ سے جمع ہوتا ہے
اور مستحضرہ کے ذریعہ سے ذہن کے سامنے آتا ہے اُن سب کا بڑہانا گھٹانا اور نظیر اور
مثال قایم کرنا اور کسی کو کسی مین جوڑنا یا کل کا جزو مین یا جزو کا کل مین تصور کرنا
اور نئی صورت مین ترتیب دینا اُس کا کام ہے تصور کسی محسوس کا یا اُس کے مثل
یا اُس کے کم و بیش یا فرضی و اضافی کا ہو سکتا ہے اور جس کا ادراک و احساس
نہ ہوا ہو اُس کا تصور اُسی قدر ہو سکتا ہے جو واہمہ کے ذریعہ سے ہو اُس کے
سوا نہین ہو سکتا۔ قوت مجوزہ وہ قوت ہے جس کے ذریعہ سے باہم اشیا کا
تعلق ظاہر کیا جاتا اور مقابلہ و استقرا و تحلیل و ترکیب اُس کے وسیلہ سے

ہوتے ہین اور تعمیم و استدلال و تحلیل و ترکیب و حکم دینا اُس کے نتایج ہوتے
ہین۔ قوت جبلی وہ قوت ہے جو اُن علمیات اولیات کا ماخذ ہے جو قوانین تفکر
کے بنا ہین۔ قوت جبلی قوانین تفکر یا چند ضروری اصولون کا مجموعہ ہے جن کے
بغیر کوئی علم حاصل نہین ہوسکتا۔ حکما نے اس امر پر کہ آیا یہ قوت حقیقی ہے یا
فرضی بحث کی ہے۔ اکثر کہتے ہین کہ ایسی کوئی قوت نہین اور کسی نے حافظہ و
مستحضرہ کو اور کسی نے مستحضرہ و متخیلہ کو اور کسی نے کسی قوت کو ایک قرار دیا ہے
غرضکہ اُن کی تعین و تعریف مین بہت اختلاف ہے اور اصول یہ ہے کہ ورزش
قویٰ کے متعلق کی جاتی ہے اور جس قدر اطوار اثر ڈالنے اور اثر پذیری کے
ہین اسی قدر مختلف قوتین شمار کیجاتی ہین اور شاید ورزشین قوت واحد کے
دایرہ مین رکھی جاتی ہین۔ تمام قواے ذہنی ایک ہی موثر یعنی نفس کے مختلف
مظاہر ہین۔ بصارت کے اُن تجربون سے جو آلات کے ذریعہ سے کیے جاتے
ہین اور اس بات سے بھی کہ بینائی کو عینک سے کس طرح مدد ملتی ہے ظاہر
ہے کہ ہمارا اپنی آنکھون کے ذریعہ سے دیکھنا بمنزلہ عینک کے دیکھنے کے
ہے اور یہ کسی طرح نہین ثابت ہوتا کہ آنکھ بذات خود قوت بصارت رکھتی
ہے اور سماعت کی نسبت بھی یہی کہا جاسکتا ہے اور کسی چیز کے ذریعہ سے
جو ہمارے ہاتھ مین ہو کسی مجسم شے کا بُعد محسوس کرلینا اسی قسم کی ایک نظیر ہے
یہ سب اُس کی مثالین ہین کہ مادۂ خارجیہ یا وہ مادہ جو ہمارے جسم کا جزو نہین
مثل آلات جن کے اشیا کو درک کیے جانے کے واسطے تیار کرنے
اور قوت مدرکہ تک پہنچانے کا وسیلہ ہوتا ہے اور [illegible] آلات

جواس دونون ایک ہی طرح کے وسایل ہین مگر اِس بات سے اُن کے بذات خود مدرک ہونے کا ادنی شائبہ بھی نہین پایا جاتا آدمیون کے بعض آلات حسیہ کے جاتے رہنے اور اُن کے اپنی حالت اصلی پر بے کم وکاست وہی ذی حیات قایم رہنے سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے قوت محرکہ کی بھی یہی کیفیت ہے کہ کسی عضو کے جاتے رہنے پر بھی یہ قوت بے کم وکاست باقی رہتی ہے اس طرح کہ جس کا عضو جاتا رہا ویسے ہی حرکت کر سکتا ہے جس طرح کہ وہ پہلے کرتا تھا بشرطیکہ وہ مصنوعی بنا دیا جاوے وہ مصنوعی پاؤن کی ذریعے سے چل سکتا ہے جس طرح کہ ایک لکڑی کے وسیلہ سے اُن چیزونکو جو اُس کے قدرتی ہاتھ کی رسائی وطاقت سے باہر ہین تھامتا اور اپنے نزدیک لا سکتا ہے۔ پس حقیقت مین قواے ذہنی کے جو آثار ہین وہ سب نفس ناطقہ کے ہین اور وہی کاسب ومکتسب وفاعل ومنفعل ہے۔ کبھی کبھی یہ تجربہ ہوتا ہے کہ بعض آثار قوی ہوتے ہین اُس کا سبب نفس ناطقہ کے طریق عمل کیطرف منسوب ہو سکتا ہے یعنے جس طریق سے معلومات حاضر ہوتے ہین وہ دماغ مین محسوس ہوتا ہے۔ مختلف آدمیون کی قوتین باہم نسبتاً کم وبیش ہو جاتی ہین بعض کا ذہن بہت رسا ہوتا ہے بعض کا اس قدر کمزور کہ بالکل نہین یا کون ہے اتنی اعتبار سے نیز ایک نہ دوسرے کی ذہنی قوتون کو خیال کر کے مختلف تام قوتون سے رکھتے ہین۔

جبکہ نفس جسم وجسمانی نہین ہے تو وقت واحد مین متحد یا مختلف ومتناقض عمل اور چند کام کا انجام دینا اُس سے ممکن ہے۔ امارت نفس کو حاصل ہے

وہ امارہ ہے خواہ اُس مین کیفیت مطمئنہ پیدا ہو یا کیفیت لوامہ لہذا نفس مطمئنہ و
نفس لوامہ سے اُس کی کیفیات کو تعبیر کرتے ہین ۔ ہیلفن نے ثابت کیا ہے کہ مختلف
قوے کے لیے مختلف مقام ہونا یا جس قدر سر بڑا ہو اُسی قدر ذہنی قوت کا ہمیشہ
زیادہ ہونا غلط ہے البتہ دماغ اور اُس کی حالت ذہنی افعال پر کچھ کچھ تاثیر رکھتے
ہین اُس نے عورت اور مرد کے دماغون کا وزن کیا۔ اور بطور تمثیل کے برک کا
جو ظالم و خونریز تھا اور جارج بوکنن کا جو نیک نہاد تھا ذکر کیا ہے کہ پچھلے مین پہلے
کے بہ نسبت وہ حصہ جس کو ظلم و فسق و فجور کا مقام کہا جاتا ہے زیادہ تھا - یہہ
بات اہل علم مین مسلم ہوتی جاتی ہے کہ کوئی تصور یا خیال پیدا نہین ہو سکتا
جب تک کہ اُس کے پیدا کرنے مین ذوی الذات کی قوتون مین سے کوئی
قوت صرف نہ ہوئی ہو یہہ انقلاب کیون ہوتا ہے اور حرکت یا حرارت یا نور احساس
یا ادراک مین کیون منقلب ہو جاتے ہین یا یہہ کہ ہوا کا تموج کان تک پہنچکر آواز
کی صورت کیون پیدا کرتا ہے دماغ مین کیمیائی تغیر محبت ہمدردی حسد بغض غصہ
خواہش وغیرہ صورت نفسانی کیون پیدا کرتا ہے یہ ایسے بھید ہین جو انسان کے
سمجھ سے مافوق ہین ذاتی یا انفرعی قوتین مثلاً ادراک تصور تعقل جذبات نفسانی
بھی اُسی طرح مادہ و حرکت کے تعامل کا نتیجہ ہین اگر مادہ و حرکت کا نظریہ مان لیا جائے
جس طرح واجب الوجود غیر قابل ادراک باعث ہوتا ہے اُن مظاہر کا جن کو
ہم حرکت یا حرارت یا نور یا کیمیائی ارتباط کہتے ہین اور جیسے وہ باعث ہوتا ہے
اُن مظاہر کی ایک صورت سے دوسری صورت مین بدلجانے کا ویسا ہی وہ واجب الوجود
باعث ہے اُن مظاہر کا جن کو ادراک محبت بغض غصہ جذبات نفس تصور

تعقل حافظہ اور تمیز وغیرہ کہتے ہین۔
لغت مین فطنت کے معنے زیرکی اور دانائی کے ہین۔ اصطلاح مین فطنت
سے وہ قوت ذہنی مراد ہے جو بعض انسانون مین علی قدر مراتب باعتبار
زیرکی و زودرسی۔ احساس و ذکاء۔ فہمیدگی اور قوت مدرکہ کے پائی جاتی ہے
اور جو ہر ایک ایسے بعض انسانون مین مختلف مقدار اور حیثیت مین ہوتی ہے
جس کی وسعت اور مقدار احساس و ذکا کے اعتبار سے دیگر انسان
سے تمیز ہوتی ہے۔ اور کثرت دارے اسی پر ہے کہ ہر ایک شخص صاحب عقل
اور صاحب ادراک و دانش ہونے کے باوجود بھی صاحب فطنت نہین ہو سکتا
لیکن ایک صاحب فطنت عقل اور دانشمند اور مدرک بھی ہو سکتا ہے جس
طرح بعض شعور رکھتے ہین مگر صاحب عقل و تمیز نہین ہوتے اسی طرح عام انسان
عقل و دانشمند تو ہوتے ہین لیکن فطنت نہین رکھتے ہر شخص کچھ نہ کچھ عقل
رکھتا ہے لیکن ہر شخص فطنت نہین رکھتا۔ عقل و دانش جو انسانون کا ورثہ
ہے زاید شے نہین لیکن فطنت ایک ودیعۂ عظیم ہے جو ان لوگون کو ملتی ہے
جو اس کے قابل ہوتے ہین۔ یہ اس غرض سے ہوتی ہے کہ دیگر افراد سے
جس مین ہو اس کو فضیلت ہو۔ حافظہ کا مضبوط ہونا بہت بڑی نعمتون مین سے
ایک نعمت ہے اور انسان کے کمال کا وہ بڑا سبب ہے تعقل یا تخیل وغیرہ
وہ نعمت ہین کہ اگر انسان مین نہ ہو تو اس کو انسان صحیح طور سے نہین کہا جا سکتا
زود فہمی سبب فضیلت ہے۔ انتقال ذہنی کا جلد ہونا اور ذہن رسا کا ہونا اور
تفرید [illegible] انسان سے افضل ہو کامیاب ہونیکا سبب ہے

متانت مین اگرچہ بہت جلد انتقال ذہنی نہین ہوتا لیکن متین شخص سمجھ کر عمل کرتا ہے اور
جو زیادہ ذہین ہوتا ہے صبر اُس کو بہت دشوار ہوتا ہے لہذا ذہانت کے ساتھ
متانت ہونا بہت بڑی نعمت اور کمال ہے۔ تصور کا دوربین ہونا سبب حزم
و احتیاط و انجام اندیشی و دوربینی کا ہوتا ہے پس وہ بھی کم قابل قدر نہین ہے۔
قوت فیصلہ کا قوی ہونا اور جلد فیصلہ و صحیح فیصلہ کرنیکی عادت ذہنی قوتوں کا کمال ہے۔
قلب سلیم و مذاق کا سلیم ہونا قوت فیصلہ کے لئے بہت بڑا معاون ہے اور
وہ اپنی ذاتی کیفیت ہے۔ لہذا سب فضیلت اصلی ہے اس لئے کوشش
کرنی چاہیئے کہ مذاق سلیم پیدا ہوتا رہے تاکہ قلب سلیم رہے۔

جذبات و عقل کو باہم کسطرح ہونا چاہیئے۔ جذبات اور عقل دو کیفیات
ہین۔ پہلی زنانہ اور دوسری مردانہ۔ اگر صرف عقل ہی کی نشو و نما اور ترقی زیادہ
ہو اور عقلی عمل زیادہ کیا جاوے تو جذبات محدود اور کمزور ہوجاوینگے۔ اسی
طرح اگر عقل کے طرف سے غفلت کی گئی اور جذبات کی پرورش زیادہ ہوئی
تو عقل پژمردہ ہوجاوے گی اور جذبات کا عمل اعتدال سے زیادہ ہوگا تو
قوائے متفکرہ کو مُردہ کردے گا۔ اور انسان ذکی الحس مگر بے عقل ہوجاویگا۔
عقل انسان مین ذاتی تشخص اور اپنے آپ پر اعتماد پیدا کرتی ہے۔ اور جذبات
مدنیت اور اُنس پیدا ہوتا ہے جذبہ سے انسان ذکی الحس اور بعض وقت ہر دلعزیز فرد ہوجاتا
ہے لیکن اسی کے ساتھ کم عقل اور نا انجام اندیش بھی ہوجاتا ہے۔ پرزور عقل
و دماغ کا آدمی ابنائے جنس کی زیادہ صحبت سے متنفر ہوتا اور تنہائی مین خوش
رہتا ہے لیکن پرزور جذبات والے آدمی کے لئے تنہائی موت ہے۔ وہ دوزرو مکین

ایسا گھل مل جاتا ہے کہ اُس مین سے رفتہ رفتہ رنگ تشخص غائب ہوجاتا ہے
اور خیالات کو باقاعدہ ترتیب دینے کی قوت اُس سے زایل ہوجاتی ہے
عقل والا آدمی بحیثیت عقل کے اکیلا ہے اور بحیثیت جذبات کے وہ منجملہ
اوروں کے ایک ہے۔ پُر زور عقل ودماغ کا آدمی خود مختار اور آزاد سا
ہوجاتا ہے اور اگر حد اعتدال سے زیادہ اُس مین افراط کرتا ہے تو رفتہ
رفتہ سوسائٹی مین رہنے کے قابل نہین رہ جاتا جہان عقل ہی عقل ہوتی ہے
وہان جذبات غایب ہوجاتے ہین وہان صرف اپنی ہی حفاظت اور اپنا ہی
خیال غالب ہوجاتا ہے جو مذموم خودغرضی تک پہنچتا ہے۔

جذبات انسان کو اپنی ہی ذات تک نہین رکھتے بلکہ دوسرے انسانون اور
اشیا رقدرت کے طرف مایل کرتے ہین اور اہل جذبات اُن کیوجہ سے
اوروں کے درد کو اپنا درد سمجھنے لگتے ہین اور اس طرح دماغی قواے اور علوم
وفنون مین ترقی کا سبب ہوتے ہین۔ نتیجہ یہ ہے کہ جذبات کا کام عقل کی تحریک
اور عقل کا کام جذبات کو اعتدال پر لانا ہے وہ ایک دوسرے کی امداد کیلئے
عطا ہوئے ہین نہ کہ زایل وکمزور کرنے کے لیے۔ عقل وجذبات مین اتحاد
پیدا کرنا ظاہر وباطن مین موافقت قایم رکھنا اور باہم اعتدال پر رکھنا یا یون کہو
کہ ضبط نفس اور صحیح عمل کرانا اور جسم کے افعال کو جذبات وعقل کے زیر حکومت
رکھنا مذہب کے ذریعہ سے زیادہ انجام پاتا ہے۔ علوم نظری عقل کو بڑہاتے
تمدن وپالیٹکس اتحاد مقاصد انسانی وقومی جذبات کو فروغ دیتے ہین۔
لیکن مذہب کا کام یہ ہے کہ جیسی ضرورت ہو ویسا عقل وجذبات سے کام لے

اور قوت نفسانی حیوانی کو دماغی و احساسی و جسم کی پرورش و نشو و نما میں لگا دیکے

## علم جہاں کام آسکتا ہو وہاں ظن و اٹکل حجت نہیں ہوسکتے

سورہ انعام میں ہے۔ وان تطع اکثر — اور اگر تو اطاعت کرے اکثر لوگوں کی جو

من فی الارض یضلوک عن سبیل — میں ہیں گمراہ کردیں تجھکو اللہ کی راہ سے

اللہ ان یتبعون الا الظن وان — نہیں پیروی کرتے وہ لوگ مگر ظن کی اور

ھم الا یخرصون ۝ — نہیں ہیں مگر اٹکل کرنے والے۔

پس اس آیت سے ثابت ہوتا ہے کہ اکثر زمین کے رہنے والے اٹکل کرتے ہیں اور ظن کی پیروی کرتے ہیں۔ لہذا اگر ان کی اطاعت کی جاوے تو گمراہ ہوجاوینگے کیونکہ اٹکل کی تقلید کرنا سبب گمراہی کا ہے اور اٹکل والوں پر ظن کرکے ان کی پیروی کرنا گمراہی ہے۔ سورہ انعام میں ہے۔

قل ھل عندکم من علم فتخرجوہ — تو کہہ کیا ہے تمہارے پاس علم کہ ہمارے آگے نکالو

لنا ان تتبعون الا الظن وان انتم — نہیں پیروی کرتے ہو مگر ظن کی اور نہیں تم مگر اٹکل

الا تخرصون قل فللہ الحجۃ — کرتے ہو تو کہہ تو اللہ کیلئے دلیل پہنچی ہوئی ہے

البالغۃ فلو شاء لھدٰکم اجمعین — تو اگر وہ چاہتا تو البتہ ہدایت کرتا تم سب کی۔

یہ آیات اس بات کے جواب میں ہیں کہ اگر اللہ چاہتا تو ہم اور ہمارے باپ دادا نہ شرک کرتے اور نہ کسی شے کو حرام کرتے۔ پس اللہ تعالے نے اس کے جواب میں یہ بھی فرمایا ہے کہ کچھ علم ہے جسے لاؤ یعنی حرام ہونے کے بابت کوئی حکم ہو تو اس کو علم میں ہمارے لاؤ محض اٹکل اور ظن سے کہ اگر خدا چاہتا تو ایسا نہ ہوتا حجت صحیح تک نہیں پہنچ سکتا۔ لہذا علم کے مقابلہ میں اور حسب آئین

علم کام آسکتا ہو اٹکل کرنا اور ظن کی پیروی کرنا قابل الزام ہے قابل حجت نہین ہے

سورہ بنی اسرائیل مین ہے۔ ولا تقف مالیس لک بہ علم ان السمع والبصر والفؤاد کل اولٰئک کان عنہ مسئولا

اور پیچھے اُس کے نہ چل جس کا تجھکو علم نہین ہے سمع اور بصر اور دل ہر ایک سے انھین سے پوچھا جاوے گا۔

پس کان و آنکھ جو ذریعہ محرکات قلب ہین ان کا ذکر اور قلب کا ذکر ہے کہ جو کچھ ان کے وجہ سے ارادی افعال ہون گے اُن سے پوچھا جاوے گا یعنی مواخذہ کیا جاوے گا اس آیت مین ناک و قوت لامسہ وغیرہ کا ذکر نہین ہے اس لئے کہ وہ براہ راست دل کی محرکات نہین ہین۔

ملکہ کی تعریف اور قوت شہوی و قوت غضبی کی افراط و تفریط اور رداءت و حکمت و کتاب مین فرق۔ خلق نفس کے اُس ملکہ کو کہتے ہین جو کسی فعل کے صدور کا مقتضی ہوتا ہے بے احتیاج کسی تفکر و کسی رویت کی کیفیات نفسانی مین جو کیفیت سریع الزوال ہوتی ہے اُس کو حال اور جو بطی ہوتی ہے اسکو ملکہ کہتے ہین۔ قوت تحریک ارادی سے دو قسم کے آثار ظاہر ہوتے ہین ایک جس کا انبعاث جذب نفع کے طرف ہوتا ہے اُس کو قوت شہوی کہتے ہین اور دوسرا جس کا انبعاث دفع ضرر کے جانب ہوتا ہے اُس کا نام قوت غضبی کہتے ہین۔ ہر قوت کے اعتدال مین دو طرح پر انحراف ہو سکتا ہے یعنے یا تو کمیت مین خلل ہو گا یا کیفیت مین اور کمیت مین جو خلل ہوتا ہے تو یا افراط کیطرف تجاوز ہوتا ہے یا تفریط کے جانب۔ پس ہر قوت کے لئے مرض تین جنس سے ہو سکتے ہین یعنے بحسب افراط یا بحسب تفریط یا بحسب رداءت۔ مثلاً قوت فکری کا

استعمال زیادتی کے ساتھ ایسے امر یا ایسی مقدار مین کیا جاوے جو نچاہیے تو ایسا افراط سفہ حیلہ گری مکاری فتنہ انگیزی اٹکل وغیرہ کی صورت مین ہوگا۔ اور اگر ارادتاً قوت فکری کو معطل کیا جاوے تو ایسی تفریط بلہ وغیرہ کی صورت مین ہوگی۔ اور اگر ایسے علوم کے طرف شوق کیا جاوے جو مثمر یقین وکمال نفس کے طرف نہ ہون مانند جدل وخلاف ومغسطہ وکہانت وغیرہ کے تو ردارت ہوگی۔ اور قوت غضبی مین افراط تہور ہے اور وہ اقدام اُس امر کا ہے جس کا اقدام جمیل نہین اور اُس کی تفریط جبن ہے اور وہ حذر اُس چیز سے ہے کہ حذر اُس سے محمود نہین اور ردارت اُس کا شوق انتقامات فاسدہ کے ساتھ ہے جیسے جمادات وبہایم وغیرہ پر غصہ کرنا اور اُن کو برا کہنا اور مثل اس کے۔ پس قوت غضبی کا تہیج نے وقت وتجاوز از حد نہ چاہیے اور حکمت وشرع کا تابع اُس کو ہونا چاہیئے۔ قوت شہوی مین افراط ہو تو اُس کو شرہ وہوا وغیرہ کہتے ہین اور وہ حرص کرنا ہے لذت پر زیادہ اُس مقدار سے جو چاہیے اور تفریط کو جمود اور وہ سکون حرکت سے ہے از روے اختیار کے اُس لذت ضروری مین جس کی رخصت شرع وعقل نے دی ہو۔ اور اُس قسم کی خواہش کو جو نہ چاہیے مثل مٹی کہانے کے اشتہا سے ردارت قوت شہوی کہتے ہین۔ غضب مثل شکاری کتے کے اور شرہ مثل گہوڑے کے ہے کتا کبھی فرمانبردار ہوتا ہے اور کبھی نہین ہوتا اور گہوڑا کبھی سرکش ہوتا ہے اور کبھی فرمانبردار اس لیے جب تک گہوڑا شایستہ اور قابو مین اور کتا کہنے مین نہ ہو اور جب تک سوار ومالک ہوشیار ومضبوط نہ ہون تب تک اُمید نہین ہو سکتی کہ شکار ملجاوے گا بلکہ خود مالک وسوار کی ہلاکت کا خوف ہے۔

جب حکمت اور عفت وشجاعت تینون جنس کی فضیلت کسی کو حاصل ہو
اور یہ تینون باہم متمازج اور متسالم ہوجاوین توان کی ترکیب سے ایک
ایسی کیفیت متشابہ نفس مین حادث ہوجاتی ہے کہ تمام وکمال ان فضیلتونکا
اُس کے سبب سے ہوتا ہے اور اُس کو فضیلت عدالت بمعنی اصطلاحی
کہتے ہین۔ لہذا حکمت وعفت وشجاعت کے ذریعہ سے جو عمل صادر ہو وہ
عدالت کے تحت مین بربناے اصطلاح مذکور ہوتا ہے۔ بیان مذکورہ سے
معلوم ہوگا کہ جس فضیلت کو عدالت کہا جاتا ہے قران مجید مین وہ تزکیہ نفس سے
تعبیر کیگئی ہے یا حکمت سے۔ اخلاق ناصری مین ہے کہ حکمت در عرف
اہل معرفت عبارت است از دانستن چیزہا چنانکہ باشد وقیام نمودن بکارہا
چنانکہ باید بقدر استطاعت تا نفس انسانی بکمالیکہ متوجہ آن است برسد۔
و چون چنین بود حکمت منقسم شود بہ دو قسم۔ یکے علم و دیگر عمل۔ علم تصور حقایق
موجودات بود و تصدیق باحکام و لواحق آن چنانکہ فی نفس الامر باشد بقدر
قوت انسانی۔ و عمل ممارست حرکات و مزاولت صناعات از جہت اخراج انچہ
در حیز قوہ باشد بحد فعل بشرط آنکہ مودی بود از نقصان بکمال بر حسب طاقت
بشری۔ و ہر کہ این دو معنے در وحاصل شود حکیمے کامل و فاضل بود و مرتبہ او
بلندترین مراتب نوع انسانی باشد۔ اما حکمت عملی و آن دانستن مصالح
حرکات ارادی و افعال صناعی نوع انسانی بود بر وجہیکہ مودی بود بنظام احوال
معاش و معاد انسان و مقتضی رسیدن بکمالیکہ متوجہ اند بسوے آن۔ و
آن ہم منقسم می شود بہ دو قسم۔ یکے آن کہ راجع بود با ہر نفسے بانفراد و دیگرے

آنکہ راجع بود با جماعتے بمشارکت و قسم دوم نیز منقسم می شود بہ دو قسم یکے آنکہ راجع بود با جماعتے کہ میان ایشان مشارکت بود در منزل و دیگرے آنکہ راجع بود با جماعتے کہ میان ایشان مشارکت بود در شہر و ولایت بل اقلیم و مملکت پس حکمت عملی بر سہ قسم بود اول را تہذیب اخلاق و دوم را تدبیر منزل و سوم را سیاست مدن خوانند۔

سورہ جمعہ میں ہے۔ هو الذی بعث فی الامیین رسولا منهم یتلو علیهم ایته و یزکیهم و یعلمهم الکتب والحکمة و ان کانوا من قبل لفی ضلل مبین ۞

وہی وہ ہے جس نے اٹھایا ان پڑھوں میں ایک پیغمبر کو انہیں میں کا تلاوت کرتا ہے اُن پر اسکی آیاتکو اور اُن کو مزکی کرتا ہے اور سکھاتا ہے اُن کو کتاب اور حکمت اور پہلے تھے وہ گمراہی صریح میں۔

پس اس آیت سے ثابت ہوتا ہے کہ آنحضرت صلعم اللہ کی آیات کو اپنی قوم میں تلاوت کرتے تھے اور کتاب حکمت بھی سکھاتے تھے اور ان کے نفس کا تزکیہ کرا کر اُن کو مزکی کر دیتے تھے اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ کتاب و حکمت کے سکھانے اور اللہ کے آیات کی تلاوت سے انسان کا تزکیہ نفس ہو جاتا ہے۔ سورہ بقر میں ہے۔ یوتی الحکمة من یشاء و من یوت الحکمة فقد اوتی خیرا کثیرا و ما یذکر الا اولوا الالباب

دیتا ہے حکمت جس کو چاہتا ہے اور جسکو دیگئی حکمت تو بیشک اُسکو دیا گیا خیر کثیر اور نہیں نصیحت پکڑتے مگر صاحبان عقل۔

پس حکمت جس کو ملتی ہے اُس کو بہت خیر ملتا ہے اور حضرت داؤد علیہ السلام اور حضرت لقمان کو بھی قرآن میں حکمت کا عطا ہونا بیان ہوا ہے اور سورہ بنی اسرائیل میں

کی احکام ضروری کے جذبے بیان ہوا ہے کہ یہ حکمت میں سے ہے جو ہم نے آپ کی طرف وحی کیا۔ لہذا حکمت ایسی اہم چیز ہے کہ آنحضرتؐ پر اُس کی وحی کی گئی۔ اور سورہ بقر میں ہے کہ حضرت ابراہیمؑ نے یہ دعا مانگی تھی کہ میرے اولاد میں ایسے پیغمبر کو پیدا کر جو حکمت سکھاتا ہو یعنی آنحضرتؐ کے لئے یہ دعا تھی۔ پس حکمت کی فضیلت کے لئے یہ سب کافی ہیں۔ اب یہ غور طلب ہے کہ حکمت اور کتاب میں کیا فرق ہے۔ دو جگہہ بالخصوص قران مجید میں حکمت کے جو تفصیلی احکام ہیں وہ بیان ہیں۔ یعنے سورہ بنی اسرائیل و سورہ لقمان میں اور کتاب کے احکام تمام قران مجید میں متعدد جگہہ ہیں۔ ان سب پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ جہاں پر حکمت کے احکام بیان ہیں وہاں پر نتایج بھی بیان کر دیئے گئے ہیں تاکہ لوگ سمجھ کر اور اُس کے فایدہ و نقصان کو جانکر اُس سے بچیں اور کتاب کے بیان میں ضروری نہیں ہے کہ وہ بیان کیے جاویں بلکہ وعدہ یا وعید یا بغیر وعدہ و وعید کے بیان ہے یعنے صرف حکم بعض جگہہ دیدیا گیا ہے۔ حکمت کی باتیں حکیم بھی بیان کر سکتا ہے لیکن کتاب بغیر وحی کے نہیں سکھلائی جا سکتی۔ لہذا دونوں کے طرز بیان میں بھی فرق ہوتا ہے اور یہی منجملہ حکمت اور کتاب میں مابہ الامتیاز ہیں۔ حکمت کہتے ہیں کام کی باتوں کو جو عقل و شرع کے موافق ہوں سمجھنے اور کرنے کو۔ سورہ بقر میں ہے۔

| | |
|---|---|
| الشیطٰن یعدکم الفقر و یامرکم بالفحشاء | شیطان وعدہ دیتا ہے تم کو فقر کا اور حکم کرتا ہے |
| واللّٰہ یعدکم مغفرۃ منہ و فضلا | تم کو بیحیائی کا اور اللہ وعدہ کرتا ہے تم سے مغفرت |
| واللّٰہ واسع علیم ہ | و فضل کا اور اللہ کشایش والا جاننے والا ہے۔ |

پس ان آیات سے ثابت ہوتا ہے کہ حکمت خیر کثیر کا سبب ہوتی ہے۔ اور صاحبان عقل ہی نصیحت پکڑتے ہین یعنے قدر حکمت کی جانتے ہین اور شیطانی وعدہ یہ ہے کہ اُس کے نتایج فقر و فحشا ہون اور اللہ کے وعدے کے نتیجے اُسکی مغفرت اور اُس کا فضل ہے۔ لہذا حکمت کے فواید و نتایج بروے آیت یہ ہوے کہ فقر و فحشاء سے انسان بچے اور فضل جو اُس کا ضد و مقابل ہے وہ اُس کو ملے اور مغفرت اُس کی ہو کیونکہ وعدہ کے بعد ہی حکمت کی تعریف بالفاظ مذکورہ کیگئی ہے پس اسطرح نتایج و فواید حکمت کو بیان کیا گیا ہے۔ سورہ احزاب مین ہے۔

واذکرن ما یتلی فی بیوتکن من — اور یاد کرو اے نبی کی بیویو جو پڑھا جاتا ہے

اٰیٰت اللہ والحکمۃ ان اللہ کان — تمہارے مکان مین اللہ کی آیات اور حکمت مین سے

لطیفاً خبیراً ہ — اللہ لطف کرنیوالا خبردار ہے۔

پس اس آیت سے ثابت ہوتا ہے کہ اللہ تعالے لطیف خبیر آیات اللہ اور حکمت کی تلاوت کو نعمت و مقابل یاد قرار دیتا ہے اور جس طرح آیات اللہ کا ذکر اس آیت مین ہے اُسیطرح حکمت کا بھی ذکر ہے۔ لہذا حکمت کی فضیلت ثابت ہوتی ہے۔ اور جبکہ آنحضرت کے گھر کے اندر اُس کی تلاوت کا ہونا ثابت ہوتا ہے تو اور بھی اُس کی اہمیت بڑھ جاتی ہے۔ اخلاق مین دو قسم کے اصول ہوتے ہین ایک دل اور سمجھ سے اور دوسرا مقررہ قواعد سے و نفس کے روکنے سے متعلق ہے محنت ادب و عزت کرنا اول الذکر سے اور اعتدال آخرالذکر سے رکھتا زیادتی سے پرہیز کرنے کی نصیحت و مقررہ قواعد بالغیب کی پابندی جلد باز و گرم مزاج نئی عمر کے لوگون اور نوجوانون کو بدمزہ و بے لذت معلوم ہوتی ہین مگر وہ بعد مین سمجھتے

اور سکتے ہین زیادتی اور کمی دونون حدون سے انسان کو یکسان پرہیز کرنا اور خوب
سمجھہ لینا چاہیئے کہ عمر اور تجربہ کے زیادہ ہونے کے بعد اعتدال و صالحیت کی
قدر وہ پہچانین گے وہ طاقتور نہین جو بے پروائی سے اپنی قوت کو استعمال
کرین بلکہ وہ قوی ہین جو ہوشیاری کے ساتھہ ضبط رکھین اور عمل صحیح کرین۔

سورہ بنی اسرائیل مین ہے۔ ربکم — تمہارا رب خوب جانتا ہے جو تمہارے
اعلم بما فی نفوسکم ان تکونوا — نفوس مین ہے اور اگر تم صالح ہوگے
صٰلحین فانہ کان للاوابین غفورا — تو رجوع کرنیوالون کیلیئے وہ غفور ہے۔

یہ آیت ماں باپ کے بابت جو آیت وقل رب ارحمہما کما ربٰنی صغیرا
کے ابعد خرچ بیجا نہ کرنے کے حکم کے قبل ہے لہذا ثابت ہوتا ہے کہ صالح
ہونا اور نفوس کو صالحیت پر قایم رکھنا اللہ غفور کے طرف رجوع ہونا اور حاشر
مین محمود ہے۔ سورہ لقمان مین ہے۔

ومن الناس من یشتری لھو الحدیث — آدمیون مین سے وہ ہے جو مول لیتا ہے کھیل کی
لیضل عن سبیل اللہ بغیر علم — باتون کو تاکہ گمراہ کرے اللہ کی راہ سے بغیر علم
ویتخذھا ھزوا اولئک لھم عذاب — اور ٹھہراتا ہے اُس کو ٹھٹھا اُنہین کیلیئے عذاب
مہین ۵ — رسوا کرنے والا ہے۔

پس اس آیت سے ثابت ہوتا ہے کہ کھیل کی باتون کو اس لیئے اختیار کرنا کہ اللہ
کی راہ سے گمراہ کرین اور اُس کو ٹھٹھا ٹھہراوین رسوا ہونے والے عذاب کا
سبب ہے۔ کھیل کی بات کیا ہے وہ ہے جو حکمت کی بات کے خلاف ہو
اسی لیئے اسی سورہ مین چند آیات کے بعد لقد اٰتینا لقمٰن الحکمۃ ان اشکر للہ

جس سے معنے مذکور کی تائید ہوتی ہے

امتیاز مابین نباتات و ہر قسم کے حیوانات و کیڑوں و انسانون کے اور نفس انسانی و چوپایوں کے۔ نباتات مین حس اور حرکت ارادی نہین مگر نمو ہوتا ہے اور اپنے مادہ کو متغیر کرتے ہین پھر گھٹ جاتے ہین اُنکی حرکت قسری ہوتی ہے نہ ارادی جس وقت خارج کی قوت اُن پر اثر کرتی ہے اُس وقت حرکت کرتے ہین حیوانون مین حس و حرکت دونون پائی جاتی ہین نباتات کے طرح اُن مین نمو ہوتا ہے اور وہ اپنے جسمون کا مادہ تبدیل کرتے اور گھٹ جاتے ہین اور جو امر اُن کے سامنے واقع ہو اُن سے اُن کو آگہی ہوتی ہے اور جس طرف جانا چاہین جا سکتے اور جس حالت کو چھوڑنا چاہین چھوڑ سکتے ہین غرضکہ قواے حیوانی مین حس و حرکت ارادی کی قابلیت ہوتی ہے۔ حس و خواہش اُن کے مابین اور نباتات کے مابین امتیاز ہوتے ہین۔ پس حرکت اور حس اور تغذیہ بدل تینون گویا کیڑون کی زندگی کے عناصر ہین۔ سب کیڑون مین شہد کی مکھیون کے افعال سے معلوم ہوتا ہے کہ گویا وہ ایک خاص قسم کی فہم و ادراک کے مثل ایک قسم کی قوت رکھتی ہین وہ یکجا رہتی اور ایک دوسرے کی مدد ایک حد تک کرتی ایک دوسرے کو غذا پہنچاتی ایک دوسرے کا چھتہ طیار کر دیتی اپنے آرام کے لئے گھر بناتی موسم سرما کے واسطے خوراک کا ذخیرہ دوسرے موسمون مین جمع کر رکھتی ہین اور جب کہ بعض کیڑے جو اُڑ ہی سکتے ہین غذا کے نہ ملنے سے مر جاتے ہین اُس وقت بھی مکھیان اپنے محنت کے ثمرہ اور ذخیرہ کرنے کے سبب سے اپنی جان بچا لیتی ہین شہد کی مکھی

بغیر تربیت کے اپنے عجیب افعال خود بخود کرنے لگتی ہے اور اپنے ہمجنسونکی
پیروی اور دیکھا دیکھی نہین کرتی بلکہ الہام و اقتضائے طبیعی کے ہدایت سے
کام مین مشغول ہوتی اور اُس کو انجام دینے لگتی ہے اور جو اُن کی پرورش و
زندگی کے لیئے ضروری ہے اُس مین وہ کامل ہوتی ہے اور اُس کے سوا
کوئی کام نہین سیکھ سکتی۔ اُس کی عقل طبیعی شروع ہی سے کامل ہوتی ہے وہ
اپنے گھر اور غیر مکھی کے گھر مین تمیز کرتی ہین پھولون کے مختلف اقسام مین جو فرق
ہے اُس سے واقف ہوتی ہین جو آدمی اُن پر دست اندازی نہین کرتے اگر پاس
بھی آجائین اُن سے مزاحمت نہین کرتین اور اپنے بدخواہون کو جان لیتی ہین
کیونکہ اس طرح سے اُن کی زندگی کی حفاظت ہے اور تربیت سے نہ وہ تبدیل
ہوتا اور نہ بڑھ سکتا اور نہ زیادہ تیز ہوسکتا ہے اور نہ اُس سے کچھ اثر ہوتا ہے۔
ان علامتون سے معلوم ہوتا ہے کہ عقل طبیعی اور قوت ممیزہ دو جدا قوتین
ہین کیڑون مین قوت ممیزہ نہین ہوتی اُن مین عصب کے قسم کے آلات
نہین ہوتے جن پر قوت ممیزہ اثر کرتی ہے۔ شہد کی مکھیان تنکے کے چھتے
مین جو انسان بناتا ہے چلی جاتی ہین اور یہ نہین سمجھتین کہ انسان اُن کے شہد
کے لینے کے لیئے یہ کید کرتا ہے۔ اُن حیوانات مین جن کے افعال میل
طبیعی کے اقتضا سے سرزد ہوتے ہین چھوٹے سے چھوٹا بچہ اُن کے پیدا ہونے
کے برابر ہوشیار ہوتا ہے اس لیئے کہ زندگی کی حفاظت کرنے کے لیئے
جس قدر بوڑھے جانور کے لیئے ضرورت ہے اُسی قدر بچون کے لیئے بھی اور
عقل حیوانی اُن کو اُن کی حفاظت ہی کے لیئے عطا ہوتی ہے۔ حیوانون مین

پیدا ہوتے ہی وہ آثار ظاہر ہوتے ہین جو میل طبیعی پر منحصر ہین اُن کی عقل حیوانی
اُسی وقت کامل ہوجاتی ہے جب حیوان پیدا ہوکر اپنی جماعت مین شامل
ہوجاتا ہے۔ بخلاف عقل انسانی کے کہ تدریجاً اُس کی تکمیل ہوتی ہے۔ اِس سے
یہ غرض ہے کہ نفس مین ارتقا ہو اور آدمی کے اوصاف مین ترقی ہو اسی لئے
جس قدر عمر بڑھتی ہے عقل زور آور ہوتی جاتی ہے یہ قوت ہر آدمی مین مختلف
ہوتی ہے اور حیوانیت کے مشابہ درجہ سے ترقی کرتے کرتے انسانیت کے
درجہ و فضیلت پر پہنچا دیتی ہے۔ انسان مین حیوانون سے ممتاز کرنے والی ایسی
قابلیتین و صلاحیتین و استعداد ہین جو حیوانون مین نہین منجملہ اُس کے عقل و
فکر ہے جو حیوان مطلق مین نہین انسان ہی مین یہ استعداد و طاقت ہے کہ اُسکے
افعال عقل یا قوت متفکرہ و ممیزہ کے تابع ہون۔ انسان مین وہ طاقت ہے
جس کے سبب سے وہ نتیجہ نکالتا اور اُس پر پہنچ سکتا ہے اور جو علم سلف نے
حاصل کیا اُس کو حاصل کرکے اپنے فایدہ کے لئے وہ کام مین لاسکتا ہے
حیوان مطلق دوسرون کے علم سے فایدہ نہین اُٹھا سکتا اُس کا اس قدر یاد رکھنا
بھی ممکن ہے کہ بعض خاص امور سے خاص نتایج پیدا ہوتے ہین اُنکی کیفیت کو
نہ وہ جان سکتا ہے نہ اُن کے جاننے کی کوشش کرتا ہے اُس کی یاد اپنے
ہی تجربہ کا نتیجہ ہوتی ہے۔ اس مین تحریک طبیعی ہوتی ہے جو کسی طبیعی حرکت یا حافظہ
کے بنا پر عمل کرتی ہے۔ حیوان مین بعض وقت نا تربیت یافتہ انسان سے
زیادہ عقل بظاہر معلوم ہوتی ہے بلکہ تحریک طبیعی کا ظاہری فعل بعض وقت خود
عقل کے استعمال کے نتیجہ سے بڑھ کر معلوم ہوتا ہے لیکن غور کرنے سے معلوم

ہوتا ہے کہ یہ اُن کے تمام افعال قوت متفکرہ سے نہین بلکہ قوت حافظہ کا نتیجہ ہین یا اُس عقل کا نتیجہ ہین جو حیوان کے سکہانے والے انسان مین ہین نہ انکا جو خود حیوان مین ہین حیوان کسی جگہہ کو جو پہلے دیکہہ چکے ہین ممکن ہے کہ پھر دوسرے بار پالین جو اُن کے حافظہ کے طرف منسوب ہوسکتا ہے لیکن انسان اگر اُسکو پتہ دیا جاوے اور ہدایت کی جاوے تو ایسی جگہہ بھی جاسکتا ہے جس کو اُس نے پہلے کبھی نہین دیکہا۔ انسان ایک امر سے دوسرا اور دوسرے سے تیسرا نتیجہ نکالتا ہے اور مفید اور مضار مین اپنے انجام اندیشی و تجربہ اور دوسرو نکے تجربہ سے تمیز کر کے تدبیر کرتا ہے علت و معلول کے سلسلے کو تلاش کر کے اُس سے فایدہ اُٹہاتا اور فیصلہ کرتا و حکم لگاتا و یقین و تسکین حاصل کرتا ہے۔ تفکر و تعقل و تصور اور تفقہ و تدبر وغیرہ قواے ذہنی کو کام مین لاتا اور دوسرون کو تعلیم بھی دیتا ہے۔ مجہول کو معروف مین لاتا اور عام کو عام ترکلیہ مین کرلیتا ہے۔ جزئی سے کلی اور کلی سے جزئی بناتا اور حواس کو ذریعہ و وسیلہ علم کرتا ہے اور اپنے نفس کا اثر دوسرے پر ڈالکر اُس کو معمول کرتا ہے احساسات و جذبات کو معتدل بناتا ہے۔ اُن سب حیوانون مین جن کے اعضا کی بناوٹ کیڑون کے بناوٹ سے عمدہ ہے۔ سیانپت کے آثار بھی دیکھے جاتے ہین اور بذریعہ تربیت ایسے افعال اُن سے سرزد ہوتے ہین کہ محض اقتضاے طبعی سے اُنکا ظہور نہین ہوتا بلکہ وہ نقالی یا سکہاے جانے کا نتیجہ ہوتے ہین یہانتک کہ اکثر اُن عادتون کو چھوڑ دیتے ہین جو بعض اوقات راسخ اُنمین ہوجاتی ہین یا محدود قسم کی سیانپت ان مین طبعاً ہوتی ہے۔ چوپایون مین ہاتھی سب سے زیادہ تربیت پذیر

اور سیانا معلوم ہوا ہے لیکن انسان سے مغلوب ہو جاتا ہے اور اُس کی
سیانپت بھی ایک محدود درجے تک ہے۔ لومڑی سیانپت و مکاری مین یانُدر
ہے اور شکاری کتّے کو بھی وہ دھوکا دیدیتی اور اُس سے اپنی جان بچالیتی ہے
لیکن انسان اُس کو بھی گڈھے مین لاکر کانٹے مین پھنسا کر گرفتار کرلیتا ہے
وہ نہین سمجھ سکتی کہ کہان سے کہان آگئی۔ کتّا بہت سمجھدار و سیانا کہا جاتا ہے
وہ سکھلانے و سدہائے جانے سے ہوشیاری سے کام کرتا ہے۔ پیسا لیکر
دوکان سے روٹی اپنے لیے یا اپنے مالک کے لئے خرید لاتا اور اپنی غذا کو
آیندہ کے لئے چھپا رکھتا ہے اور پیسا جس کے ذریعہ سے اُس کو روٹی دوکان
سے ملسکتی ہے اُس کو بھی جمع کرکے پوشیدہ رکھتا ہے اور جب اُس کا آقا
اس چھپائی ہوئی رقم سے واقف ہو جاتا ہے تو اُسے دوسری جگہ چھپا دیتا ہے
اور جو اُس کے چھپانے کو ظاہر کردے اُس سے عداوت رکھتا ہے۔ اپنے
مالک و دوسرون کو پہچانتا اور خاص خاص حالت کے تحت مین اُنکو تلاش کرلیتا ہے
وہ بھی انسان کا مسخر ہوتا ہے۔ اُن جانورون مین جو اقسام حیوانات مین
آدمی سے ادنیٰ اور جانورون سے اعلیٰ ہین بندر بہت ہوشیار کہا جاتا ہے
یہ سیانپت و فریب کرتا ہے اپنی پشیمانی اپنے افعال سے انسان پر ظاہر کردیتا ہے
اپنے ساتھی بندرون کو ترکیب سے چڑھنے اُترنے مین مدد دیتا اور دریا کے
پار بھی مدد سے اُتار دیتا ہے اور آپس کے کمزور و مضبوط کا خیال رکھتا ہے
نقالی کی استعداد اُس مین زیادہ ہے پس سکھائے ہوئے افعال کو وہ زیادہ
اچھا کرتا ہے اپنے دُم و چارون ہاتھون سے درختون پر چڑھ جاتا ہے جب

ایک جگہہ سے دوسرے جگہہ کود کر جاتا ہے تو اُس کی دُم کشتی کے پتوار کا کام دیتی ہے۔ ایک قسم کا بندر دوسرے قسم کے بندرون سے جدا رہتا اور باہم علاقون کو تقسیم کرلیتا ہے یعنے ایک قسم کے بندر دوسرے قسم کے بندر کے علاقے مین نہین آتے پھر انسان کی سمجھہ بندر کو بھی اپنے تابع کرلیتی ہے۔ چمپانزی بندر کی ایک قسم ہے جب تنکر وہ کھڑا ہوتا ہے تو قریب پانچ فٹ کے لمبا ہوتا ہے وہ ایک چھوٹے قسم کا بھی ہوتا ہے چمپانزی کے افعال و حرکات آدمی سے اسقدر مشابہ ہین کہ دوسرے حیوانات کے نہین وہ اپنے رہنے کی جگہہ پتون اور ڈالیون سے بطور جھونپڑی بناتا ہے اور اکثر زمین پر رہتا اور چند ملکر علیحدہ علیحدہ رہتے ہین لیکن بچپن مین جیسا وہ تربیت پذیر اور مسکین ہوتا ہے ویسا بوڑھا ہوکر نہین رہ جاتا۔ بچپن مین اُس کی کیسی ہی تربیت ہو بڑا ہوکر وحشی ہوجاتا ہے۔ لہذا نباتات و حیوانات و انسان مین یہ اور اس قسم کے فرق ہین جو ایک کو دوسرے سے جدا کرتے اور مابہ الامتیاز بناتے ہین غرضکہ انسان کے نفس کے اطوار و آثار سب سے زیادہ اُس کو ممتاز اور غالب کرتے ہین و جملہ حیوانات پر بوجہہ اپنی خاص قسم کے سیانت رکھنے کے غلبہ کرلیتا ہے۔

## انجام اندیشی و تعرف نفس و اعتبار کی ضرورت اور کیا و کسطرح اعتبار کرنا چاہیے۔

بحزم کوش کہ این رہ پُر خطر است — با حتیاط قدم نہ کہ جا شور و شر است
ہمیکہ ابر ببارد چنان تصور کن — کہ سیل می رسد و خانہ تو رگذر است
کسیکہ عاقبت اندیش و دور بین باشد — مقر است کہ از خود و مصیبتہ با خبر است
مباش غافل از حزم و بیگرانہ مشو — کہ حزم تیر بلائے زمانہ را سپر است

جو کرے گا بغیر سوچے کام | ہوگا آخر کو وہ بہت بدنام
جس کو انجام کا نہیں ہے خیال | اُس کو رہتا ہے ساری عمر ملال

تیر از کمان چو رفت نیاید بشست باز | پس واجب است در ہمہ کارے تاملی
سر چشمہ شاید گرفتن بہ میل | چو پر شد نہ شاید گذشتن بہ پیل
اگر خویشتن را ملامت کنی | ملامت نباید شنیدن ز کس
بہ تندی سبکدست بردن بہ تیغ | بدندان گزد پشت دست دریغ
غمے کز پیش شادمانی بری | بہ از شادیٔ کز پسش غم خوری
بر گیر ز خود حساب اگر با خبری | کاے دل تو چہ آوردی و آخر چہ بری
مکن کس را باندک ظن باطل | عقوبت تا پشیمانی نیارد
بد نفس مباش بدگمان باش | از فتنہ و مکر در امان باش
اے گشتہ شفیق روز بد نیا نگران | اندیشہ نمی کنی تو از روز گران
آخر نفسے ببین و باز آ بخود | کا نام چگونہ می کنند باد گران
بنگر چہ کسی و از کجا آمدہ | سیدان چہ میکنی و کجا خواہی رفت

انجام اندیشی بھی انسان کی صفت خاص میں سے ہے حیوان جزا کے خوف سے کسی خاص قسم کا فعل نہیں کرتا اور سزا کو یاد کرکے اُس سے باز رہتا ہے لیکن انسان سمجھتا ہے کہ ایسے فعل کے کرنے سے جس سے سزا یا تکلیف ہوتی ہے اُس کو فایدہ زیادہ ہے یا نقصان اور جیسا مناسب سمجھتا ہے ویسا کرتا ہے یعنے یا تو سزا کا اثر اُس پر نہ ہو یا برداشت کرے یا آیندہ ویسا فعل ہی نہ کرے یا اپنے نفع کے لئے اُس کی جگہہ پر دوسرا فعل کرے غرضکہ اس

امر مین انسان کا فعل بر بنائے عقل و تفقہ ہوتا ہے اور حیوان کا بر بنائے حافظہ و محض جذبات کے۔ اناکا یقین تو سب آدمیون کو بچپن ہی سے ہے لیکن افراط و تفریط سے بچا کمال و تعرف نفس حاصل کرنا ہے یعنے اپنی بلیت قابلیت و حیثیت کا سمجھنا کہ صرف اس قدر مین مختار ہون اور اس قدر میرے فرایض ہین اور اس قدر میری اصلی و واقعی قوت ہے۔ بے سمجھے بوجھے ہر شخص و ہر شئے اور ہر خبر پر اعتبار کر لینا اس امر کی دلیل ہے کہ انسان اپنے اور دوسرون کے تجربہ کا فایدہ نہ اُٹھا کر اپنی ابتدائی سادگی پر قایم ہے جس کا نام دوسرے الفاظ مین حماقت ہے پس وہ اُس کے وجہ سے بازیچہ مکر و فریب بنا رہتا ہے۔ خبر مین احتمال ہوتا ہے کہ وہ صادق ہے یا کاذب لہذا حزم و احتیاط و انجام اندیشی کا مقتضا یہی ہے کہ اصول صحیحہ کے ساتھ انسان اُس کو پرکھتا رہے اور بغیر جانچے اعتبار نہ کر لیوے۔ اعتبار کی کمی انسان کو متلون مزاج بنا کر بزدل بنا دیتی ہے اور جب لوگ سمجھ لیتے ہین کہ شک کسی کے مزاج پر غالب ہے اور سچون پر اعتماد نہین کرتا تو اُسکو بھی لوگ علاوہ شکی اور برے گمان کرنے والے کے یہ بھی سمجھنے لگتے ہین کہ خود بھی وہ قابل اعتبار نہین اسی لیے تو وہ اپنے نفس پر قیاس کر کے دوسرونکو بھی اپنے مثل سمجھتا ہے۔ دنیا گذشتنی اور گذاشتنی ہے۔ ہمارا تعلق باہمی ایسا ہے کہ بغیر اعتبار کے ایک لحظہ آسایش سے بسر نہین کر سکتے۔ راحت و اطمینان قلب کے لئے دوسرے پر اعتبار ہی کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ کہانے پینے اُٹھنے بیٹھنے چلنے پھرنے کام کاج ہر چیز مین انسان دوسرون کا محتاج ہے

اور وہ اُس کو بغیر اعتبار کے حاصل نہیں ہو سکتے۔ برخلاف اس کے وحشی کو بے اعتباری کے وجہ سے کھانا جب ہی نصیب ہوتا ہے جب خود اپنے ہاتھ سے پکائے۔ رات کو بھی آرام نہیں ملتا آنکھیں دروازہ کے طرف لگی رہتی ہیں کہ کہیں کوئی آکر گلا نہ دبا دے۔ غرضکہ اسی قسم کی کشمکش سے اعتبار کا سبق انسان کو ملتا ہے۔ سب سے پہلے خود اپنے قویٰ پر اعتبار کرنا پڑتا ہے کیونکہ انسانی ترقی کا اصلی راز خود اپنے اوپر اعتبار کا پیدا ہونا ہے۔ قدیم مقولہ ہے کہ اعتبار اعتبار ہی سے پیدا ہوتا ہے گویا اعتبار ایسا درخت ہے کہ جس کا بیج بھی اعتبار ہے اور جس کی آبیاری بھی اعتبار ہی سے ہوتی ہے اور جس کا پھل پھول بھی اعتبار ہوتا ہے۔ تمام کارخانہ فطرت کے علت و معلول کے سلسلے مستقل و مضبوط ہونے کا یقین اعتبار ہی سے ہوتا ہے اور اسی اعتبار پر انسان کُل کام کرتا ہے۔ پس اعتبار زیادہ کرنا اور بے اعتباری کم کرنا ہی مفید ہے اور اعتبار باعتدال کا اختیار اسی اصول پر ہونا چاہیے۔ اصل یہ ہے کہ خبروں کو بغیر جانچ کے قبول نہ کرنا اور جن میں شہادت ضروری ہے اُن میں شہادت کا لینا اور بغیر شہادت کے اعتبار نہ کرنا لازم ہے لیکن عمل کرنے میں زیادہ اعتبار ہی کرنا چاہیے اگر اعتبار نہ بھی ہو تب بھی بغیر سخت ضرورت کے بے اعتباری کو ظاہر نہ کرنا چاہیے لیکن بغیر اصول صحیح کے جانچ کے اعتبار نہ کرنا چاہیے۔ جب لوگ سمجھ لینگے کہ اصول صحیح و جانچکر اعتبار کوئی کرتا ہے تو اُس کو شکی نہ سمجھیں گے اور نہ وہ نامرد و نامراد ہوگا۔

تاریخ و تجربہ و مشورت فرزانگان و حصول نصیحت و تفہیم نہ سننے

نصیحت و دعوے کے لئے دلائل و مثال ۔ تاریخ کی تعریف ایک بڑے مصنف نے یہ کی ہے کہ فطرت کے واقعات نے انسان کے حالات مین جو تغیرات پیدا کئے ہین اور انسان نے عالم فطرت پر جو اثر ڈالا ہے اُن دونون کے مجموعہ کا نام تاریخ ہے ۔ اور ایک بڑے حکیم نے یہ تعریف کی ہے کہ اُن واقعات و حالات کا پتہ لگانا جس سے یہ دریافت ہو کہ موجودہ زمانہ گذشتہ زمانہ سے کیونکر بطور نتیجہ کے پیدا ہو گیا ہے اور علت و معلول کے سلسلہ سے جو نتایج پیدا ہوئے ہین اُسکا کھوج لگانا ایک مورخ کی مدح کی گئی ہے ۔ اس نے تاریخ مین شاعری سے کام نہین لیا وہ نہ ملک کا ہمدرد بنا نہ مذہب اور قوم کا طرفدار ہوا کسی واقعے کے بیان کرنے مین مطلق پتہ نہین لگتا کہ جو اُس نے بیان کیا ہے اُن سے کن سے خوش ہوتا ہے اور کن سے ناخوش اور اُس کا ذاتی اعتقاد کیا ہے ۔ واقعہ کو سچا بیان کرتا اور اُن کی پوری تصویر پیش کرتا ہے ۔

حکایات و احوال پیشینیان ۔ روایات و اخبار کار آگہان

دل و دیدہ را روشنائی دہد ۔ بعلم و خرد آشنائی دہد

پدوران بسے تجربہ کردہ اند ۔ بہر کار بس رنجہا بردہ اند

درختے کہ کشتند در روزگار ۔ بسے آورد میوہ ہا نغز بار

من جرب المجرب حلت بہ الندامہ ۔ انظر الی ما قال لا تنظر الی من قال

مکن تکیہ بر ملک و گنج و سپاہ ۔ ز فرزانگان راے و تدبیر خواہ

رو ہیچ از مشورت زیرا کہ ارباب خرد ۔ مشورت را پیشکار اہل دولت گفتہ اند

مدد خواہ از خردمندان آگاہ ۔ کہ تا یابی سوے مقصود خود راہ

مرد باید که گیرد اندر گوش
ور نوشتست پند بر دیوار

گفت عالم بگوش جان بشنو
ور نماند بگفتنش کردار

دلالت دو نوع است بر فعل خیر
کزان هر دو حاصل شود سود غیر

یکے آن که مردم نصیحت کنی
براہ خدا خلق دعوت کنی

دگر آن که خلق از نکوکار سیت
کند اقتداے بہ ہشیار سیت

در بحث علم تند خوئی چہ کنی
جنگ و جدل و درشت خوئی چہ کنی

این مجلس درس است نہ میدان قتال
این حق جوئی است جنگجوئی چہ کنی

ہر کہ گردن بدعوے افرازد
خویشتن را بہ گردن اندازد

نہ گفتہ نہ دارد کسے با تو کار
ولیکن چو گفتی دلیلش بیار

نہ دانستی کہ بینی بند بر پاے
چو در گوشت نیاید پند مردم

گرچہ دانی کہ نشنوند مگوے
ہر چہ دانی زنیک خواہی و پند

زود باشد کہ خیرہ سر بینی
بہ دو پاے فتادہ اندر بند

دست بر دست می زند کہ دریغ
نشنیدم حدیث دانشمند

امور مذکورہ پر عمل بھی انسان کے صفات مخصوصہ مین سے ہے اور حیوان و انسان مین ما بہ الامتیاز ہین اور انجام اندیشی کے لئے اُن کی ضرورت ہے لہذا مختصر اُونپر اشارات کئے گئے

اعلی نصیحتون کا یاد رکھنا و سوانحمری سے مستفید ہونا او مطمح نظر اعلی مثال پر قایم کرنا و سب سے بہتر و عمدہ صحبت کا اختیار و بُری صحبت سے پرہیز تم اپنے دل و دماغ مین پاک و بہتر نصیحتون کا ذخیرہ رکھو دہ تمھین

بد اثرون سے بچنے کی تحریک کرے گی جیسے ساتھ کا سپاہی اپنے آقا کو مدد دیتا ہے
اُس سے بھی زیادہ کارآمد و مفید یہ ہے کہ اعلیٰ بزرگون اور بہادرون کو نمونہ و
مثال قرار دے لو۔ دوسرے الفاظ مین یون کہنا چاہیئے کہ بزرگ و اعلیٰ ہونے
کے لئے درست طریقہ یہ ہے کہ نیک و مشہور بزرگون کی سوانحعمری سے کمسن ہی
مین واقفیت حاصل کیجاوے اور اُن کو مثال بنایا جاوے اعلیٰ بزرگونکی
نیک مثال زیادہ پراثر ہوتی ہے جب ہم اسکو پیش نظر رکھکر اپنی نظرون کے سامنے ایسے
کام دیکھتے ہین جو دشوار معلوم ہوتا تھا تو نہایت زور سے یہ آواز معلوم ہوتی ہے
کہ جا تو بھی ایسا ہی کر اور ایسا ہی ہو۔ بلاشک ہر آدمی ویسا نہین ہو سکتا لیکن
تاہم ممکن ہے کہ تم ویسے ہو جاؤ یا کم سے کم اُن سے ایسا فایدہ اُٹھاؤ جو ترک سے
نہین اُٹھا سکتے تھے۔ نصب العین تک پہنچنے کے لئے ثابت قدمی سبب کامیابی
ایک سچا پیچ انسان کی عزت اُس کے موافق کرنا جو دنیا کرتی ہے محض دھوکا ہے
لہذا لازم ہے کہ لغو اور بیہودہ انسانیت کی تصویرون سے جو کہ جھوٹے قصون مین
پاے جاتے ہین اجتناب کرو۔ دلچسپ قصہ وان ہونی بات جس سے نصیحت نہ ہو
و اُس کی مثال نہ قایم ہو سکے مثل دھنک کے ہے جو خوبصورت تو معلوم
ہوتی ہے مگر ہوا لگتے ہی جلد غایب ہو جاتی ہے۔ سوانحعمری سے بھی زیادہ
بہتر زندہ نیک بزرگون کی صحبت اور اُن کی صحبت کی تاثیر ہے اگر خوش قسمتی سے
ملجاوے تو اُس سے اور کیا بہتر ہے۔ عمدہ خوبیون اور اچھی باتون کو اُن سے
سیکھنا چاہیئے وہ باتین سیکھنا اُن سے مقصود ہے جن کے وجہ سے وہ
نیک سمجھے جاتے ہین نہ اُن باتون کو جو بوجہ ضعف بشریت کے اُن مین پائی جاتی

اُن کو ناقص ثابت کرتی ہیں۔ پس تقلید زندہ یا مُردہ کی انہیں باتوں کی کرنی چاہیے
جو نیک ہوں اور بد سے بچنا چاہیے۔ عمدہ کتابیں نیکی کے طرف مائل کرنے اور
ترغیب دینے کے لئے مناسب ذریعہ ہیں۔ لیکن زندہ نیک شخص کی کوشش
کے مقابلے میں اُن کی کوشش کمزور ہوتی ہے۔ کمسن کے لئے اس سے
زیادہ اور کوئی برکت نہیں کہ نیک صحبت اُس کو ملجاوے۔ ہوشیار و عقلمند بدچلن
کے بہ نسبت نیک چلن کی صحبت زیادہ مفید ہے۔ بُری صحبت سے پرہیز کرو
وہ مثل وبا کے اثر کرتی ہے خصوصاً نوجوانی کے ایام میں قسم قسم کی ہوسیں و
لالچیں بُری صحبت سے پیدا ہوتی ہیں ایسی صورت میں سب سے بہتر یہ ہے
کہ عہد کر لو کہ بُری صحبت میں نہ جاؤ گے۔ تمہاری نفس پروری کی خوشی جو محض
دھوکا ہوتی ہے اُن نقصانات کا معاوضہ نہیں ہوسکتی جو بد اخلاق و رذیل
صحبتوں سے عاید ہوتا ہے۔ ہمیں گناہگاروں کے واسطے رونا چاہیے مگر گناہ
کو کھیل و تماشہ نہ بنانا چاہیے۔ علم و عمل اور دین میں جو تم سے بہتر ہوں اُنکی صحبت
اختیار کرو اور جب تمہیں اپنے کمتروں کے ساتھ رہنے کا اتفاق ہو تو اس بات کو
بسنجیدگی ذہن میں رکھو کہ اگر تم اپنے اُن ساتھیوں کو مناسب موقع پر اپنے
مثل بنانا نہ چاہو گے جس کے لئے خالص محبت و دانائی درکار ہوتی ہے
تو وہ تمھیں ضرور اپنے مثل بنا لینگے۔ لہٰذا اچھی باتوں کو اختیار اور بُری کو ترک
کرو اور نہایت ہوشمندی برتو۔ احمقوں کی صحبت سے احتراز تا بہ امکان ضروری ہے
کیونکہ اول تو اُن کی صحبت کا اثر نامعلوم و خفیہ طور پر بموجب فطرت انسانی ہونا
لازمی ہے۔ دوسرے اُن کے افعال و حمق سے کم سے کم کچھ نہ کچھ نقصان

پہنچتا ہے۔ تیسرے جو خود نقصان اُن کو بوجہ احمقی پہنچتا ہے اُس کے رفع کرنے یا کم سے کم اُس پر افسوس ہونے سے صحبت رکھنے والے کو تکلیف ہوتی ہے۔ برخلاف اس کے نیکوں کی صحبت اور عقلمندوں کی صحبت مین رہنا چاہیئے۔ صلحا و نیکون کی صحبت سے اگر خود کچھ بھی نہ سیکھے تب بھی خفیہ و نا معلوم اثر خود بخود پہنچتا اور نیک بنا دیتا ہے اور نیکون سے جو فواید پہنچتے ہین وہ دوسرون کو سبب ترغیب قوی کا ہوتے ہین۔ علما سبب علم و عمل کے شایع و حاصل کرنے اور نیک بنانے کا ہوتے ہین لہذا اُن کی عزت کم سے کم ضرور کرنا چاہیئے۔ روح را صحبت نا جنس عذاب است الیم۔

بیاموزمت کیمیائے سعادت ۔۔۔ زہم صحبت بد جدائی جدائی
طلب کردم از دانایان یکے پند ۔۔۔ مرا گفتند با نادان مپیوند
از سفلہ تند خوے و بیعقل و وقار ۔۔۔ زنہار مخور بادہ کہ رنج آرد بار
جانم فدائے آنکہ او اہل بود ۔۔۔ سر در قدمش اگر نہم سہل بود
خواہی کہ بدانی بہ یقین دوزخ را ۔۔۔ دوزخ بہ جہان صحبت نا اہل بود
رقسم بر خود بنادانی کشیدی ۔۔۔ کہ نادان را بصحبت بر گزیدی
پارسا را ہمین قدر زندان ۔۔۔ کہ بود ہم طویلہ رندان
عالم اندر میان جاہل را ۔۔۔ مثلے گفتہ اند صدیقان
شاہدے در میان رندان است ۔۔۔ مصحفے درمیان زندیقان
بتر زین نباشد عذابے الیم ۔۔۔ کہ با احمقے ہمسر افتد حکیم
کرستے کہ جنت لئیمان شود ۔۔۔ برو سختیِ مُردن آسان شود

ہمنشینِ تو از تو بہ باید تا ترا عقل و دین بیفزاید
با اہلِ خرد نشین کہ اصلِ من و تو گردے و شرارے و نسیمے و نمے ست
ہر کہ با بدان نشیند اگر طبیعت ایشان در و اثر نہ کند بفعل ایشان متہم شود

حزن و فرح - اب ہم اُن بقیہ جذبات کا بیان کرتے ہین جو حیات حیات مین بالواسطہ معین ہوتے ہین - انبساط و انقباض اگرچہ عام کیفیت احساسی ہین جن کا وجود تمام جذبات مین ہوتا ہے لیکن زیادہ صحیح طور پر یہہ کہنا چاہیئے کہ وہ عناصر مفرزہ ہین جو ہر جذبہ مین پائے جاتے ہین بلکہ بعض صورتون مین یہ کیفیت احساسی اس قدر قوی ہوتی ہے کہ جذبہ کے دیگر خواص اُس کے مقابل مغلوب ہوجاتے ہین اور دیگر جذبات اُس کے وجہ سے طاری نہین ہوتے - یہ جذبہ غیر مرکب و غیر مخلوط ہے - مسرت کے مختلف مدارج و فروع مین اگر احساس ہلکا و مستمر ہو تو اُس کیفیت کو زندہ دل کہتے ہین اور اگر آیندہ مسرت کی توقع ہو تو اُمید مسرت کہتے ہین - غم کے مختلف مدارج کے بھی مختلف نام ہوتے ہین - اضمحلال اور الم نفسی کو افسردگی اور اندوہ و حرمان و حزن و ملال و پریشانی و حسرت و کرب و اذیت و کلفت و انقباض وغیرہ الم کے بیسیون فروع و اقسام ہین - سورہ آل عمران مین ہے - و لا تھنوا و لا تحزنوا اور نہ سست ہو اور نہ غم کرو اور تم غالب ہو و انتم الاعلون ان کنتم مؤمنین ہ اگر تم مومن ہو -

پس اس آیت مین غم پر قایم نہ رہنے کی ممانعت ہوئی جس سے غم پر قایم رہنا اُسی طرح بُرا ہوا جس طرح سستی کرنا -

سورہ توبہ مین ہے۔ اذ یقول لصاحبہ لاتحزن ان اللہ معنا فانزل اللہ سکینتہ علیہ ۰
جبکہ نبی کہتا تہا اپنے رفیق کو تو غم کہا اللہ ہمارے ساتہہ ہے تو اُتارا اللہ نے اپنی تسکین اُس پر۔

پس اس آیت سے بھی یہ ثابت ہوتا ہے کہ غم پر قایم نہ رہنے کی آنحضرتؐ نے اپنے رفیق کو ممانعت کی اور اللہ نے تسکین دیا یعنے غم مین۔ دوسرے ان اللہ معنا سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ جس کے ساتہہ اللہ ہو اُس کو غمگین نہ ہونا چاہیئے۔ سورہ روم مین ہے۔

و یومئذ یفرح المومنون بنصر اللہ ۰
اور اُس دن خوش ہونگے مومن اللہ کی مدد سے جب روم عنقریب غالب ہونگے۔

پس اس آیت مین مومنین کو فرح کی بشارت دی گئی ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ خوش ہونا مستحسن ہے اور چونکہ غلبہ اللہ کے مدد کی وجہ سے ہونیوالا تہا لہذا غالب ہونے پر خوشی کرنا اللہ کیطرف سے ہوا۔ سورہ روم مین ہے۔

و اذا اذقنا الناس رحمۃ فرحوا بہا و ان تصبہم سیئۃ بما قدمت ایدیہم اذا ہم یقنطون او لم یروا ان اللہ یبسط الرزق لمن یشاء و یقدر ۰
اور جب چکہاتے ہین ہم آدمی کو رحمت خوش ہوجاتے ہین اُسکے ساتہہ اور اگر پہنچے اُنکو برائی بسبب اُسکے کہ آگے بہیجا اُنکے ہاتہون نے اُسوقت وہ نا اُمید ہوجاتے ہین کیا نہین دیکہا اُنہون نے کہ اللہ پہیلاتا ہے رزق جسکے لئے چاہتا اور تنگ کرتا ہے

پس ان آیات مین فطرت انسانی کا بیان ہے کہ رحمت سے کیفیت خوشی کی انسان مین پیدا ہونا لازم ہے اور جب برائی پہنچے تو وہ نااُمید ہوجاتے ہین اور

نہین دیکھتے کہ اللہ رزق کو پھیلاتا اور تنگ کرتا ہے جس کے لئے چاہتا ہے
یعنے جو اس کو خیال کرلیتا ہے وہ ناامیدی سے بچ جاتا ہے پس جو ناامید ہو
اُس کے لئے اس خیال سے امید پھر پیدا ہوسکتی ہے۔ سورہ حدید مین ہے
لکیلا تاسوا علی ما فاتکم ولا تفرحوا — تاکہ مایوس نہ ہو اُسکے سبب سے جو جاتا رہا تم سے
بما اتٰکم واللہ لا یحب کل مختال — اور نہ خوش ہو اُسکے سبب سے جو دیا تم کو اُس نے اور اللہ
فخور ہ — نہین دوست رکھتا ہر بڑائی کرنیوالے فخر کرنے والے کو۔
پس اس آیت سے ثابت ہوتا ہے کہ اللہ نے یہ چاہا ہے کہ فوت سے مایوس
نہ ہوجاوین کہ بڑائی وفخر کرنے لگین اور اطمینانی حالت سے افراط ہوجاوے اور قلبی
کیفیت کے علاوہ دوسری کیفیت افراط کی پیدا ہوجاوے کیونکہ واللہ لا یحب
کل مختال فخور بھی ولا تفرحوا کے ساتھ ہے۔ لہذا فرح فخور ہونا بُرا ہے نہ کہ خوش
ہونا۔ غرضکہ فرح معتدل رہنے اور حزن قایم رہنے کی تنقیض بہت جگہہ قران مین ہے۔
انبساط و مسرت و فرح مین تمام جسم مین عموماً اور سر اور چہرہ مین خصوصاً
دوران خون کی رفتار تیز ہوجاتی اور چہرہ پر رونق اور آنکھون مین چمک آجاتی ہے
جسم تمتماتا اور آنکھین بلند ہوجاتی اور شرائین کی دہانین پھیل جاتی ہین انسان
سانس جلد جلد لینے لگتا اور اُس کی حرارت غریزی بڑھ جاتی ہے اعضا مین
تقویت آجاتی اور کاہلی جاتی رہتی اور بھوک کھل جاتی ہے۔ انسان محنت کیلئے
اپنے کو مستعد پاتا ہے عضلات مین قوت کا ذخیرہ جو جمع رہتا ہے وہ خارج ہونا
چاہتا ہے اس لئے انسان اضطراری حرکات مثل نعرہ ہائے مسرت و گانے
وغیرہ کے کرنے لگتا ہے۔ انقباض و حزن و غم مین نظام دموی مین اختلال ہوتا

حرکات قلب دھیمی پڑجاتین دوران خون کی رفتار سست ہوجاتی آنکھون کی چمک
جاتی رہتی چہرہ پر زردی وسلے رونقی چھاجاتی جلد خشک ہوجاتی آنکھین نیچی
ہوجاتین اور رخسار وچہرہ کی جھلک جاتی رہتی اور چہرہ نیچے لٹک جاتا اور
غشی طاری ہوجاتی ہے تنفس مین اختلال ہوجاتا اور تنفس بڑھ جاتا دم گھٹنے لگتا
اور اُس کے رفع کرنے کے لیے انسان اضطراراً گہری سانس لے اٹھتا ہے
کاربونک ایسڈ جو ہر سانس کے بعد باہر آتا ہے کم ہوجاتا ہے ۔ اعمال ہضم مین
اختلال ہوجاتا رطوبات معدی وکبدی کی تولید کم ہوجاتی ہے جسکے باعث
غذا ہضم نہین ہوتی اور رفتہ رفتہ لاغری ونقاہت بڑھ جاتی ہے ۔ نظام غدودی
مین بھی اختلال ہوجاتا ہے رطوبات کے تمام غدود اپنے افعال ترک کر دیتے
ہین جس سے جسم مین خشکی بڑھ جاتی ہے آنسو نکلتے رہتے ہین لعاب دہن کی
تقلیل سے منھ خشک وتلخ ہوجاتا ہے بعض دفع تولید بول بھی مختلف طور پر
ہوتی ہے ۔ اعضاے محرکہ مین بھی اختلال ہوتا ہے ۔ قواے محرکہ کبھی شل
ہوجاتے ہین اور انسان بحیس وحرکت رہ جاتا ہے اور کبھی قواے محرکہ
غیر معمولی تیز ہوجاتے ہین جس سے انسان چیخنے چلانے بال نوچنے منہ پیٹنے
وغیرہ کی حرکات کرنے لگتا ہے اور اُس سے تکان ہونے لگتا ہے ۔ لہذا
فرح وحزن دونون مین خیال واعتدال کا لحاظ رکھنا چاہیے ۔ بذلہ سنج طبیعت
ہونا اور بذلہ سنجی کرنا زبان کے کمال مین سے ہے خصوصاً تشبیہ اور استعارہ
اور سادہ ترکیب مین عالمانہ بذلہ سنجی جس مین ظرافت کی معتدل چاشنی ہو اور
خوش مذاقی کے ساتھ ہو تو وہ بہت ہی کمالات مین سے ہے خدا تعالے

جس کو دیوے۔ جب کوئی دلچسپی سے اس پر خوش ہو تو داد دیجیے
سے اور بھی فایدہ ہوتا ہے۔

زندگی زندہ دلی کا ہے نام    مردہ دل خاک جیا کرتے ہین

زندہ روئی و شگفتہ روئی کی عادت خوش خوئی کے لئے بہت کار آمد ہے
مردہ دلی و پژمردہ رہنے سے تکلیف کو اور ترقی ہوتی ہے بخلاف اس کے
اگر کوشش کرتے جاوین کہ شگفتہ رو و زندہ دلی کی عادت پڑے تو کیسی ہی
مصیبت ہو وہ کم محسوس ہوتی اور کم ترقی کرتی ہے۔ شگفتہ روئی اور زندہ دلی
سے دوسرون کو بھی خوشی ہوتی ہے بخلاف اس کے ترش رو پژمردہ صورت کو
لوگ مکروہ سمجھتے ہین اور ان کی صورت دیکھنا اور انسے بات کا سننا گوارہ نہین کرتے
اور ان کی صورت ہی حاجتمند کے تلخی کو بڑھا دیتی ہے اگر حاجت روائی بھی ہون
نے کی تو حاجتمند تلخی کے بعد فایدہ پاتا ہے۔ لہذا خوش نہین ہوتا۔ بعض لوگ تو
اپنی حاجت ایسے لوگون کے پاس لیجانا ہی شدید عیب سمجھتے ہین۔ پس انسان
جس کو حاجت روائی اور دوسرون کے کام آنا فرض ہے وہ پژمردگی مین یا تو فرض
ہی نہین ادا کرسکتا یا اس فرض کو ناقص طور پر ادا کرتا ہے۔ بخلاف اس کے جو زندہ دل
اور زندہ رو ہوتے ہین وہ اگر حاجت براری بھی نہ کرین لیکن ان کی خوش آیندبا
اور خوش کن افعال سے حاجتمند خوش ہو جاتا ہے اور حاجت نہ پوری ہونیکی
تکلیف اس کی کچھ کم ہو جاتی ہے اور اس کے دل کو یہ ڈھارس ہو جاتی ہے
کہ مجبوری کے وجہ سے مدد نہین ہوسکی۔

خوف و مایوسی۔ بقاے حیات کے لئے لازمی ہے کہ عوامل مہلکہ سے

اپنے کو محفوظ رکھنے کے لئے قوت موجود ہو جس کا مظہر خوف ہے۔ خوف کے انتہائی شدت کو دہشت کہتے ہیں اور آئندہ واقع ہونے والے خطرات کے ادراک یا تصور سے جو جذبہ مدافعت پیدا ہوتا ہے اُس کا نام خوف ہے اُسکے اقسام و فروع میں اندیشہ۔ ہراس۔ وحشت مرعوبیت وغیرہ ہیں۔ جب افراد کسی شے کی عظمت و سطوت سے بدرجہ غایت متاثر ہو جاتے ہیں تو اُنکے قوے ماند و معطل پڑ جاتے ہیں۔ اُن کے آلات حواس صحیح و سالم سلوم ہوتے ہوں لیکن جسکا رعب پڑا اُسکے بالکل ہاتھ میں مثل ایک بے جان آلہ کے رہتے ہیں اور وہ اُنسے وہ جو کام چاہے لے سکتا ہے۔

فلا خوف علیهم ولا هم یحزنون ‌‌ نہ اُنپر خوف ہے اُن پر اور نہ وہ غمگین ہونگے

قرآن مجید میں کئی جگہ مثلاً سورہ بقر وغیرہ میں ہے خوف و حزن دونوں کو ساتھ بیان کرکے دونوں سے نجات دینے کا دنیا ہو یا آخرت میں بعوض اعمال مخصوص مندرجہ آیات میں وعدہ ہے۔ لہذا خوف و غم سے بچنے کی فضیلت اُن سے ثابت ہوتی ہے۔ خوف سے دفع کے بڑے بڑے عنوانات ذیل ہیں۔ (۱) قوت ارادی کے ذریعہ سے ضبط نفس حاصل کرنا۔ (۲) قوت جسمانی۔ ضعف جسمانی کے وجہ سے جو خوف پیدا ہو ہو اُس کا علاج ہے (۳) خود اعتمادی کے ذریعہ سے۔ اُس کے ذریعہ سے مخالف حالات سے انسان اپنے تئیں ہراساں نہیں ہونے دیتا اور مقابلہ کے لئے طیار رہتا ہے۔ (۴) وسعت نظر۔ ضعیف الاعتقادی و کم نظری سے جو خوف پیدا ہوتا ہے وہ اُس سے جاتا رہتا ہے۔ (۵) وسعت اختیارات۔ محکومیت و مغلوبیت سے

وجہ سے جو خوف پیدا ہوتا ہے اُس کا علاج ہے۔ (۶) زندہ دلی کی عادت۔ (۷) خدا اور ہدایات مذہب و عقل پر اعتماد رکھنے سے۔ (۸) توجہ ہٹانے سے اپنے ذہن کو خطرات کے تصور سے ہٹا کر دوسرے طرف متوجہ کرنا۔ خوف دور کرنے کی جتنی صورتیں ہیں اُن کا دار مدار عموماً کسی نہ کسی اُمید پہ ہے جب ہر طرح کی توقع باقی نہیں رہتی تو انسان پر یاس چھا جاتی ہے جس کا نتیجہ جذبہ مایوسی ہے۔ خوف میں نظام دقوے میں اختلال دوران خون میں فتور ہو جاتا ہے شرائین کے دہانے سکڑ کر تنگ ہو جاتے ہیں۔ بدن میں رعشہ ہو جاتا لب مرتعش ہو جاتے ہیں۔ دل دھڑکنے لگتا ہے رفتار خون سُست رہتی ہے۔ بعض اعضا میں تشنج ہونے لگتا ہے۔ اعصاب ارادی میں اختلال ہوتا اعصاب محرکہ شل ہو جاتے ہیں اور انسان کو اپنے عضلات پر قابو نہیں رہتا آواز بھاری ہو جاتی اور بعض دفعہ بالکل بند ہو جاتی ہے۔ آنکھ مخوف شے کی طرف گڑ جاتی ہیں پتلیاں کشادہ ہو جاتی ہیں ہاتھ منفعل ہو کے اسکی طرف پھیلتے ہیں۔ نظام آلی میں اختلال ہو جاتا مختلف غدود اپنے افعال چھوڑ دیتے ہیں۔ مُنھ خشک ہو جاتا ہے زبان تالو میں لگ جاتی ہے عورتوں کی چھاتی میں دودھ خشک ہو جاتا اور اُن کا ایام رک جاتا اور پسینہ آنے لگتا ہے۔ جلد پر بال کھڑے ہو جاتے ہیں تنفس میں دقت ہونے لگتی ہے کبھی کبھی بول و براز بے اختیار خارج ہو جاتے ہیں۔ اشتہا بالکل جاتی رہتی ہے۔ بعض دفعہ دست بھی آنے لگتے ہیں۔ سورہ فتح میں ہے۔

ھو الذی انزل السکینۃ فی قلوب — وہی اللہ وہ ہے جسنے آثار اطمینان مومنین کے

| | |
|---|---|
| المؤمنین لیزدادوا ایمانًا مع ایمانهم | دلمین تاکہ بڑہ جاوین ایمان مین اپنے ایمان کے |
| ولِلّٰہِ جنود السمٰوٰت والارض | ساتھ اور اللہ کے لئے ہے لشکر آسمانون اور |
| وکان اللہ علیمًا حکیمًا لیدخل | زمین کا اور اللہ علیم حکیم ہے تاکہ داخل کرے |
| المؤمنین الآیہ | مومنین کو الآیہ |

پس سکینہ یعنے اطمینان کی فضیلت اور زمین اور آسمان کی سب چیزون کا اللہ کا لشکر ہونا اس آیت سے ثابت ہوتا ہے اور انہی لشکرون سے یعنی عوامل واقعات ارضی وسماوی وکیفیات قلبی سے اللہ مدد دیتا ہے۔

**غیظ وغضب۔** جس طرح نفس انسان مین قوت مدافعت کا مظہر جذبہ خوف ہے اسیطرح قوت اقدام کا مظہر جذبہ غضب ہے۔ بقاے حیات کیلئے صرف یہی ضروری نہین ہے کہ مخالف مہلک اشیاء سے مدافعت کیجاوے بلکہ یہ بھی ہے کہ انسان خود سبقت کرکے اُن کو شکست دینے کی کوشش کرے جس جذبہ کی صورت مین اس قوت کا اظہار ہوتا ہے اُس کا نام غضب ہے اُس کا افراط عارضی جنون کے حد تک پہنچا دیتا ہے۔ جذبہ غضب صیانت حیات مین خوف کے مساوی الرتبہ بلکہ دراصل اُس کا متمم ہے اگر یہ جذبہ نہ ہوتو ہم عوامل مہلکہ کے مقابلہ مین ہرگز اپنی ہستی نہ قایم رکھہ سکین اگر یہ قوت نہ ہوتو جو چاہے ہم کو نقصان پہنچاوے اور ہم اُس کی مقاومت ومدافعت نہ کرسکین غضب مین نظام دموی مین اختلال ہوجاتا ہے تمام شرائین کے منہ پھیل جاتے ہین جلد کے شرائین مین رفتار خون بہت تیز ہوجاتی ہے بڑی بڑی وریدین خصوصًا سر وچہرہ کی وریدین پہیل جاتی اور سرخ ہوجاتی ہین۔ شدت غضب مین ناک یا سینہ

بعض خون کی نالیاں پھٹ جاتی ہین اور انسان کبھی مر جاتا ہے جسم مین گرمی محسوس ہونے لگتی ہے۔ آلات غدودی مین اختلال ہو جاتا اور غدود فعلیت مین تیز ہو جاتے ہین۔ منھ مین کف بھر آتا ہے جسم کے تقریباً تمام رطوبات مین سمیت آجاتی ہے۔ نظام آلی مین اختلال ہو جاتا اعصاب ارادی کی قوت تیز ہو جاتی ہے لیکن ربط تکلم کی قابلیت نہین رہتی ہے آواز بھاری اور غیر مسلسل ہو جاتی ہے منھ سے الفاظ پورے نہین نکلتے سانس اوپر ہی اوپر آتی جاتی معلوم ہوتی ہے نتھنے پھول جانے کے ساتھ پھڑکنے لگتے ہین ہونٹھ کانپنے لگتے ہین جسم تنجاتا ہے پیشانی مین بل پڑجاتے ہین بالائی لب کنچکر اوپر کے طرف سکڑ جاتا ہے آنکھوں مین چمک آجاتی ہے جس سے شعلہ نکلتا معلوم ہوتا ہے آدمی مٹھیاں کس لیتا دانت پیستا ہونٹھ چباتا سر اور منھ پیٹتا بال نوچتا خون دانت سے کاٹنے لگتا سارے جسم مین رعشہ پڑجاتا اور بہکنے لگتا ہے۔

آسانی کا محمود ہونا اور نرمی کا ہر وقت و ہر آدمی کیساتھ محمود نہونا و حدود اللہ کے اجرا مین تغافل نہ کرنا۔ آسانی پسند ہونا اور ایسے امور کو چھوڑدینا و رفت و گذشت کرنا اور ایسے عمل کو نہ کرنا جس سے لوگونپر زیادہ سختی اور تکلیف مالایطاق ہو پسندیدہ و محمود ہے لیکن ایسے امور مین چشم پوشی و تغافل و درگذر کرنا جس سے معمولی برائی بھی پیدا ہو غیر محمود و ترک فرض ہے۔ اور اثم یا عدوان پہنچانے بر و تقوے کے معاونت کے مدد کرنا ہے اور امر بالمعروف و نہی عن المنکر سے روگردانی کرنا ہے اگر اس برائی کا اثر اپنی ذات تک محدود رہے اور خود برائی کرنیوالے

اور دوسروں کو براہ راست یا بواسطہ ضرر نہ پہنچے تو ایسی صورت مین مقاومت کی قوت کا استعمال اور رافت کرنا اور عفو کرکے انتقام نہ لینا انسان کی عمدہ صفات مین سے ہے اور وہ نرمی نہین ہے بلکہ عفو کی عمدہ خصلت پر مجموع سختی و ثبات پر قایم رہنا ہے درشتی و نرمی اپنے اپنے موقع پر بہتر ہین محض نرمی یا محض سختی بہتر صفت نہین ہوسکتی ہر شخص اس قابل نہین ہوتا کہ اُس پر رحم کیا جاوے اور نہ ہر شخص اس لایق ہوتا ہے کہ اُس پر شدت کیجاوے۔ اللہ کے حدود شرعی و سزاؤن مین رافت کرنا اور جو نا قابل معافی ہین اُن کو معاف کرنا سخت نقصان دہ اور انتظام کے برہم ہونے اور فتنہ و فساد پہیلنے کا سبب ہوتا ہے پس خفیف سے خفیف واقعہ مین اگر ضرر کا اندیشہ ہو تو جس طرح ہوسکے اُس کو رفع کرنا اور درگذر کرنا نہ چاہیئے اور اگر نہ ہوسکے تو کم سے کم زبان سے یا دل سے نفرت کا اظہار ہونا چاہیئے اور قلب مین نفرت کی کیفیت پیدا ہوجانا چاہیئے تاکہ فرض ادا ہوجاوے اور اپنا نفس سلامت و محفوظ رہے مثلاً کسی شخص نے ہماری کسی چیز کو ہماری بغیر اجازت لے لی اگرچہ اُس کا مقصد چوری اور اُس کا ضایع کرنا نہین ہے لیکن عارضی ضرورت کے رفع کرنے کی اس کے ذریعہ سے نیت ہے اب چونکہ اُس سے ناجایز و برے عمل کرنے کی ابتدا ہوئی۔ لہذا ہم کو یہ خیال کرکے کہ ہماری چیز بھی دوسرے کو لینے والے نے نقصان نہین پہنچایا صرف ہم کو خفیف مضرت پہنچی باز نہ رہنا چاہیئے بلکہ اس لیئے کہ وہ آیندہ بے احتیاطی نہ کرے اُس سے چیز کو واپس لینا چاہیئے اور اسکو سمجھا دینا چاہیئے کہ اجازت لیکر استعمال کرے بغیر اجازت اُس کو حق نہین ہے اور خود اُس کے

نفس کی سلامتی یا جازت لینے مین ہے اور اگر وہ تعمیل نہ کرے تو جس سزا کا
وہ مستحق ہو اُس کے دینے یا دلانے مین دریغ نہ کرنا چاہیئے خواہ وہ کتنا ہی
عزیز و قریب ہو یہ طریق قسط کرنے اور کرانے اور امر بالمعروف و نہی عن المنکر و
معاونت بر و تقوےٰ کی کرنے کا اور اثم و عدوان سے بچنے کا اور حلم اور عفو
کرنے کا ہے۔ پس آسانی و نرمی مین جو فرق ہے اُس کو ہمیشہ خیال رکھنا
چاہیئے اور سمجھ لینا چاہیئے کہ نرمی ہر وقت ہر آدمی کے ساتھ اچھی خصلت
نہین ہے بغیر سختی کے اگر سزا بھی دینا چاہین یا بدلا بھی لینا چاہین آسانی چاہیئے
اسی طرح اور برائیون پر بھی قیاس کرنا چاہیئے اور نفرت اُن پر ضروری ہے
بلکہ خفیف باتون مین زیادہ توجہ چاہیئے۔ آقا مروت و نرمی نہ کرے و باقاعدہ تنبیہ
کرتا رہے تو خلل نہ ہو انسانون کی مروت بیجا ہی باقاعدہ کام نہین ہونے دیتی۔ سورہ نور مین ہے

لا تاخذکم بھما رافۃ فی دین اللہ ان کنتم تؤمنون باللہ والیوم الاخر ۵

اور نہ آوے تم کو نرمی زانی اور زانیہ کے نسبت سو درّہ مارنے مین اللہ کے حکم چلانے مین اگر تم ایمان رکھتے ہو اللہ اور یوم آخر پر

پس اس سے ثابت ہوتا ہے کہ حدود اللہ مین نرمی نہ چاہیئے۔ یہ ممانعت نہین ہے
کہ رحم کی کیفیت دل مین نہ پیدا ہو بلکہ رحم کا مقتضا یہ ہونا چاہیئے کہ جس
طرح انسداد ہو وہ کیا جاوے اور اس کا نتیجہ ظلم نہ ہونا چاہیئے۔ آنحضرتؐ نے
جو اپنے تکلیف دہی کا بدلا نہین لیا وہ اسی اصول پر تھا کیونکہ یہ بھی ثابت ہے کہ اللہ کے
حکمون کی تعمیل اور سزا دینے مین کبھی آپ نے ذرہ برابر بھی تاخیر و درگذر نہین کیا
فرمائی۔ پس جو تکلیف ذاتی آپ کو پہنچی یا تو وہ ایسی تھی کہ بدلا نہ لینا محمود تھا یا تکلیف دینے

آپ سے کے ساتھ دوسرے کو بھی تکلیف دی ہے پس آپس دوسرے کی تکلیف میں
جو بدلا لیا گیا وہ کافی تھا ضرورت آنحضرت کے تکلیف دہی کے بدلا لینے کی نہ تھی

درشتی و نرمی بہم در بہ است    چو رگ زن کہ فصاد و مرہم نہ است
درشتی نگیرد خردمند پیش    نہ نرمی کہ زایل کند قدر خویش
ملامت چو بہ نہ آید بکار    سر بہ بیحرمتی کشد ناچار
ہر کہ بر خویشتن نبخشاید    گر نبخشند بر وے کسے شاید
خطاے نہان اندرو صد عتاب    بہر نقش او نقشہا جانگداز
عتابے نہان اندرو صد خطاب    بہر نیش او نوشہا دلنواز
بیکدست دریاے گوہر نثار    بیکدست شمشیر زہر آبدار
پیراست خطامہ مستران وانگہ نہند    چون پند دہند نشنوند بند نہند
وقتے بقہر گوے کہ صد کوزہ نبات    گہ گہ چنان بکار نیاید کہ حنظلے
وقتے بہ لطف گو و مدارات مردمی    باشد کہ در کمند قبول آوری دلے
جوانے با پدر گفت اے خردمند    مرا تعلیم کن پیرانہ یک پند
بگفتا نیک مردی کن نہ چندان    کہ گردد خیرہ گرگ تیز دندان
سخن بہ لطف و کرم با درشت خوے مگو    کہ زنگ خوردہ نگردد بہ نرم سوہان پاک
کسے کہ لطف کند با تو خاک پایش باش    وگر ستیزہ کند در دو چشمش افگن خاک
دو عاقل را نباشد کین و پیکار    نہ دانائی ستیزد با سبکسار
اگر نادان بوحشت سخت گوید    خردمندش بہ نرمی دل بجوید
دو صاحبدل نگہدارند موئے    ہمین دون سرکشے وآزرم جوئے

وگر ہر دو جانب جہالانند | اگر زنجیر باشد بگسلانند
یکے را زشت خوے داد دشنام | تحمل کرد و گفت اے نیک فرجام
بتر زانم کہ خواہی گفت آنی | کہ دانم عیب من چون من نہ دانی
ہر کہ با فولاد بازو پنجہ کرد | ساعد سیمین خود را رنجہ کرد
ز ہشیار عاقل نہ زیبد کہ دست | زند در گریبان نادان مست
چو کردی با کلوخ انداز پیکار | سر خود را بہ نادانی شکستی
چو تیر انداختی بر روے دشمن | چنان دان کاندر آماجش نشستی

جو دشتی کی ضرورت سے یا جہتری کرتے ہین اور جن مین کیفیت غیظ کی نہین طاری ہوتی اگر ان کو حلیم کہا جاوے تو واقعات اُس کی تکذیب خود ہی کر دیتے ہین۔ لہذا قران مجید مین غیظ کے دبا جانے و غضب کے معاف کرنے کا حکم ہے نہ یہ کہ اُس کے سر سے نہ آنے کی ممانعت ہو۔ غصہ یا تو کمزور پر آتا ہے یا مضبوط پر۔ پس مضبوط سے مقابلے مین اگر بہتر ہو تو اُس کا پی جانا اچھا ہے اور اگر کمزور کے مقابلے مین اسکا معاف کرنا بہتر ہو تو اُس کا معاف کرنا سبب ثواب کا ہے۔ پی جانا اور معاف کرنا اس طرح ہونا چاہیئے کہ جو کیفیت نفس یا صورت مین پیدا و نمایان ہو وہ جاتی رہے تب تو فضل و فایدہ ہے۔ اسی سے لئے یہ بہتر سمجھا گیا ہے کہ جب کیفیت غصہ کی یا خوف کی جو دفع کے لئے ہو جاتی رہے تب مناسب عمل کرنا چاہیئے اور سزا کر دی جاوے یا بدلا لیا جاوے اور یہ اُسی وقت ہونا چاہیئے جب عقل پر عمل ہو سکتا ہو

ایک حکیم سے جس کو وہ سزا دے رہا تھا اُس نے کہا کہ تو کیسا حکیم ہے کہ غصہ مین سزا دے رہا ہے تو اُس نے کہا کہ میرے چہرہ و افعال مین کہان غصہ کا اثر

ظاہر ہوتا ہے۔ لہذا یہ خیال غلط ہے۔ سورہ قلم مین ہے۔

| | |
|---|---|
| فاصبر لحکم ربک ولا تکن کصاحب | سو صبر کر انتظار اپنے رب کے حکم کے اور نہ ہو مثل |
| الحوت اذ نادی وھو مکظوم لولا | صاحب الحوت کے جبکہ پکارا اُس نے اور غیظ سے وہ بھرا تھا |
| ان تدارکہ نعمۃ من ربہ لنبذ | اگر نہ سنبھالتی اُسکو تیرے رب کی نعمت تو ڈالا جاتا |
| بالعراء وھو مذموم فاجتباہ ربہ | بد بختی کی زمین مین اور وہ الزام دیا گیا ہوتا تو چنا |
| فجعلہ من الصلحین ہ | اُس کو اُس کے رب نے اور ٹہرایا اُس کو صالحین مین سے۔ |

پس غصہ کے وجہ سے تعجیل کی ممانعت اور صبر کرنے کی ہدایت اور غیظ مین بہر جانے کے وجہ سے الزام کا ہونا اور پہر صالحین مین سے ہو جانا سب ان آیات سے ثابت ہوتا ہے اور چونکہ ایک رسول مرسل جلیل القدر کا غصہ مین بھر جانا اور پہر ان کا صالحین مین سے ہونا مذکور ہے لہذا غصہ مین بہر جانا انسانیت سے مافوق نہین ہے اور یہ کہنا کہ غصہ نہ آوے صحیح نہین ہے۔ سورہ ہود مین ہے۔

| | |
|---|---|
| ان ابراھیم حلیماً اواہ منیب | ابراہیم حلیم رجوع رہنے والا ہے۔ |

غصہ کا پی جانا اور عقل کے موافق بروقت غصہ عمل کرنا حلیم ہوتا ہے۔ اواہ اُس رجوع ہونے والی نرم دلی کو نہین کہتے جو بہتر نہ ہو بلکہ اُس نرم دلی کو کہتے ہین کہ بروقت ضرورت حسن کا ہونا بہتر ہے۔ لہذا حلم کے ساتھ اُس کا ہونا زیادہ مفید ہے۔ سورہ آل عمران مین ہے۔

| | |
|---|---|
| والکاظمین الغیظ والعافین عن | اور پی جانیوالے غصہ کے اور معاف کرنیوالے |
| الناس واللہ یحب المحسنین ہ | آدمیون کو اور اللہ دوست رکہتا ہے احسان کرنیوالونکو |

پس اس آیت سے غصہ کا پی جانا اور معاف کرنا احسان مین شامل کیا گیا ہے۔ اور

احسان کے نسبت اللہ تعالےٰ نے فرمایا ہے کہ اللہ اُس کو دوست رکھتا ہے۔
اور بعدہ جو متقین افعال مذکورہ کرتے ہیں اُن کا ثواب جنت وغیرہ قرار دیا ہے۔ لہذا
غصہ پی جانے اور معاف کرنے کی فضیلت اس سے ظاہر ہوتی ہے کہ دوسروں
پر جو غصہ آتا ہے اُس میں عموماً اُس پر سختی کیجاتی ہے۔ پس مخصوصاً اس قسم کے
غصہ سے یہ آیت متعلق ہے۔ یہ بات بھی قابل یاد رکھنے کے ہے کہ غیظ کا دبانا
اور معاف کرنا فضیلت و احسان قرار دیا گیا ہے۔ غیظ کا مطلق مٹانا یا بالکل معاف
کر دینا محمود نہیں قرار دیا گیا کیونکہ کیفیت نفس میں جو دفع مضرت و مقاومت کے لیے
پیدا ہوتی ہے اور جس کو غیظ کہتے ہیں اگر وہ نہ پیدا ہو تو انسان سے غیرت و
حیا ہے اور اپنی حفاظت کے نا قابل ہے یا اسی طرح ضرورت کے وقت دفعی
و مقاومتی قوت کا استعمال نہ کیا جاوے بلکہ معاف کیا جاوے تو نقصان عظیم ہو
لہذا احسان میں اسی لئے شامل کیا گیا تاکہ اگر ضرورت ہو تو معاف نہ کیا جاوے
غضب اور غیظ میں بروے استعمال قرآنی یہ فرق ہے کہ اللہ تعالےٰ نے غضب
اپنے طرف بھی منسوب کیا ہے لیکن غیظ کی نسبت اپنے طرف نہیں کی۔ اور
ایک آیت میں ہے واذا غضبوا ہم یغفرون کہ جب غصہ ہوتے ہیں تو معاف کرتے
ہیں۔ پس غضب اُس غصہ کو کہتے ہیں جس میں اختیار معافی کا ہو اور اگر معاف کیا
جاوے تو نقصان نہ ہو اور معاف کرنا عدل کے خلاف نہ ہو۔ دوسرے چونکہ خدا تعالےٰ
میں کیفیت غصے کی پیدا ہونا ناممکن و غیر ضروری ہے لہذا غیظ و غضب میں یہہ
فرق بھی سمجھا جا سکتا ہے۔ عداوت و بغض بھی غصہ کے نتایج میں سے ہیں
اور وہ ہمیشہ نامحمود نہیں ہیں۔ چنانچہ سورہ ممتحنہ میں حضرت ابراہیم کی زبانی مذکور ہے

ہدا بینٹا و بینکم العداوۃ والبغضاء ابدا حتی تؤمنوا باللہ وحدہٗ — اور ظاہر ہوگئی ہمارے درمیان اور تمہارے درمیان عداوت اور بغض ہمیشہ جب تک تم ایمان نہ لاؤ اللہ اکیلے پر۔

پس بری باتوں کے لئے بغض وعداوت رکھنا غیر محمود نہیں لیکن اس کے علاوہ بغض وعداوت رکھنا جایز نہیں اور خود اپنے اور انواع و اقسام کے نقصان کا سبب ہے۔ سورہ اعراف میں ہے۔

و لما سکت عن موسی الغضب اخذ الالواح وفی نسختھا ھدی و رحمۃ للذین ھم لربھم یرھبون — اور جب دبا موسیٰ میں غضب اٹھالین اس نے تختیاں جس میں لکھی ہوئی تھیں ہدایت اور رحمت ان کیلئے جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں۔

پس معلوم ہوتا ہے کہ حضرت موسیٰ کو بھی غضب آتا تھا اور اس قدر بڑھ جاتا تھا کہ الواح کو جس کا ذکر اس آیت میں ہے چھوڑ کر اپنے بھائی کی ڈاڑھی پکڑ کر کھینچنے لگے جیسا کہ اس آیت کے قبل کی آیت میں ذکر ہے لہذا غضب کا آنا اور پھر اس کا فرو ہو جانا اور اس قدر سخت نہ آنا کہ ایسے امور ہوں جو زیادہ بُرے ہوں چنداں عیوب نہیں اور انسانی فطرت میں داخل ہے حضور صاحب کہ حق اور اللہ تعالیٰ کے حکم کے بجا آوری میں ہو۔ حلم وعفو ایک دوسرے کے بہت قریب ہیں چشم پوشی وہی کر سکتا ہے جسے اپنے نفس پر اختیار اور اپنی طبیعت پر اقتدار حاصل ہو جس میں حلم نہیں اس میں رحم نہیں۔ سورہ نحل میں ہے۔

ادع الی سبیل ربک بالحکمۃ و الموعظۃ الحسنۃ وجادلھم بالتی ھی احسن ان ربک ھو اعلم — بلا اپنے رب کی راہ کیطرف پکے کلام کی باتوں کے ساتھ اور اچھی نصیحت کیساتھ اور بحث کر ان سے جسطرح بہتر ہو تیرا رب وہی زیادہ جاننے والا ہے

| | |
|---|---|
| بمن ضل عن سبیلہٖ وھو اعلم | جو گمراہ ہوا اُسکی راہ سے اور وہی زیادہ جاننے والا ہے |
| بالمھتدین وان عاقبتم فعاقبوا | راہ پانے والوں کو اور اگر بدلا لو تم لوگ تو بدلا لو مثل اُس چیز کے |
| بمثل ما عوقبتم بہٖ ولئن صبرتم لھو | کہ ایذا دیئے گئے ہو اُس کیساتھ اور اگر صبر کرو تو وہ |
| خیر للصٰبرین واصبر وما صبرک | بہتر ہے صبر کرنیوالوں کو اور صبر کر اور تیرا صبر نہیں مگر اللہ کی |
| الا باللہ ولا تحزن علیھم ولا تک | توفیق پر اور مت غم کھا اُنپر اور نہ تنگی میں رہ اُن کے |
| فی ضیق مما یمکرون ان اللہ مع | مکر سے اللہ متقیوں کے ساتھ ہے اور اُن کے |
| الذین اتقوا والذین ھم محسنون ۵ | ساتھ جو نیکی کرتے ہیں۔ |

پس اس آیت میں حکمت اور موعظت حسنہ کے ساتھ بلانے اور احسن طور پر مجادلہ کرنے کے بابت حکم ہے اور یہ سمجھایا گیا ہے کہ اللہ ضال اور مہتدین دونوں کو خوب جانتا ہے۔ سورہ نساء میں ہے۔

| | |
|---|---|
| ان تبدوا خیرا او تخفوہ او | اگر ظاہر کرو گے خیر کو یا چھپاؤ گے اُس کو |
| تعفوا عن سوء فان اللہ کان | یا معاف کرو گے برائی کو تو اللہ ہے معاف |
| عفوا قدیرا ۵ | کرنے والا قدرت رکھنے والا۔ |

پس اس آیت سے ثابت ہوتا ہے کہ تینوں مذکورہ آیت اعمال میں کسی ایک کے کرنے سے اللہ بھی معاف کرے گا کیونکہ فان اللہ کان عفوا قدیرا کے کہنے سے صاف یہی مقصود معلوم ہوتا ہے نہ یہ کہ اللہ کا اخلاق ہی معاف کرنا ہے لہذا تینوں اعمال کو یا انہیں جو ہو سکیں ضرور کرنا چاہیے اس واسطے کہ ثابت ہوتا ہے کہ کے بدلے میں اللہ عفو کرے گا۔

**ذلّت و مسکنت و رسوائی۔** اپنے نفس کی عزت نہ کرنا اور خود داری سے اپنا وقار قایم نہ رکھنا اور ہراسے سفلہ و ملکات کے روکنے کی فکر نہ کرنا بے غیرتی دیکھی

اور بیحیائی سے ہے احساس سے قوت دفع و مقاومت کا پیدا ہونا اسی لیے انسان پر ہے کہ اپنے عزت و وقار کی حفاظت کرے ایسا نہ ہو کہ ذلیل و رسوا ہو کر عمل کا فایدہ نہ حاصل کر سکے اور نہ دوسرون کو بچا سکے اور احساس اپنی حفاظت کا بھی جاتا رہے لہذا سلف رسپکٹ ایک حد تک ضروری ہے - خودبینی و بدبینی نہ چاہیے اور بیخود نہ ہو جانا چاہیے اور اپنے خودی کے وجہ سے دوسرون کی خودی کا لحاظ نہ چھوڑنا چاہیے - تواضع و ایثار بہ نسبت تکبر کے زیادہ مفید و عزیز ہین لیکن ذلیل ہونا بھی بدتر ہے اپنے اوپر بھروسا کرنے اور اپنی عزت خود کرنے سے دوسرے بھی بھروسا و عزت کرتے ہین برخلاف اس کے دوسرون پر بھروسا کرنے سے اور اپنے کو کم وقار ثابت کرنے سے انسان کمزور اور ناخوددار سمجھا جاتا ہے اور لوگ اس کو قابل بھروسا نہین سمجھتے اور ذلیل و خوار سمجھتے ہین - اس واسطے خودسازی یعنی اپنے نفس کو ضبط و قابو مین رکھنا اور ایسی قوت اور ایسا ملکہ اور عادت و استعداد پیدا کر رکھنا تاکہ نفس پر قابو ہو کر قایم رہے بہترین صفات مین سے ہے جس کو انسان حاصل کر سکتا ہے - سورہ بقر مین ہے -

| | |
|---|---|
| و ضربت علیهم الذلة و المسکنة | اور ڈالی گئی اُن پر ذلت اور محتاجی اور |
| و باؤ بغضب من الله ٥ | کمالائے غضب اللہ کا - |

پس اس آیت سے ثابت ہوتا ہے کہ ذلت و مسکنت اللہ کے غضب کی نشانی ہے اور ذلیل و مسکین ہونا اللہ کے غضب مین مبتلا ہونا ہے - سورہ بقر مین ہے -

| | |
|---|---|
| فما جزاء من یفعل ذالك منکم الا | سو کیا سزا ہے جو ایسا کرے تم مین سے مگر رسوائی |
| خزی فی الحیوة الدنیا و یوم القیمة | دنیا کی زندگی مین اور قیامت کے دن پھیرے |

یردون الی اشد العذاب ۵ — جائینگے سخت عذاب کے طرف۔

پس دنیا کی رسوائی کو غیر محمود اس آیت مین بیان کیگئی ہے لہٰذا ذلت و رسوائی و مسکنت تینون غیر محمود و سزا سے عبارتی ہے اور فلاح و آرام کے خلاف ہین سورہ طٰہٰ مین ہے۔ ولو انا اھلکنھم — اور اگر ہم ہلاک کرتے انکو عذاب کیساتھ اس سے بعذاب من قبلہ لقالوا ربنا لولا — پہلے تو کہتے اے پروردگار ہمارے کیون نہ بھیجا ارسلت الینا رسولا فنتبع اٰیاتک — تو نے ہماری طرف رسول کو تو پیروی کرتے ہم تیرے من قبل ان نذل ونخزی ۵ — آیات کی اس سے پہلے کہ ہم ذلیل اور رسوا ہوتے۔

پس ذلیل اور رسوا ہونا بری صفت بروے اس آیت کے قرار دی گئی اور اتمام حجت کے لئے رسول قبل عذاب بھیجے گئے۔

جذبہ لطیفت و زن و شوئی۔ وہ جذبات جن پر افزائش نسل و پرورش اولاد منحصر ہے اُن کا بیان کیا جاتا ہے۔ شہوت جنسی جسے جذبہ لطیف بھی کہتے ہین اُس کے ذریعہ سے جو لطافت و لذت قدرت نے انسان مین رکہا ہے وہ جسقدر زیادہ قوی ہے وہ ہویدا ہے۔ اس جذبہ کے ابتدائی مقدمات اگرچہ طفولیت ہی سے ظاہر ہونے لگتے ہین لیکن اس کا پورا ظہور جب ہوتا ہے جب انسان بالغ ہوتا ہے عشق کے نسبت تحلیل و تجزیہ کے بعد معلوم ہوتا ہے کہ اُس کی ابتدائی منزل شہوت جنسی ہوتی ہے۔ صوفیہ جس شئے کو عشق حقیقی سے موسوم کرتے ہین اُس کا اصل ماخذ یہی جذبہ شہوت جنسی ہوتا ہے۔ شہوت کی حالت مین تنفس گہرا و تیز ہو جاتا ہے۔ طبیعت مین ایک خاص طرح کا جوش اور دلولہ معلوم ہوتا اور آنکھوں مین چمک آجاتی ہے بدن مین ایک طرح کی سنسنی محسوس ہونے لگتی ہے

دوران خون کی رفتار تیز ہوجاتی ہے۔ بیوی کے فرایض ہین اپنے شوہر ہی پر قانع رہنا عفت کفایت وشوہر کی فرمانبرداری ودشواری کے وقت سازگاری وخدمت والفت وصداقت وتسکین دینا ونیکی پرثابت رہنے ومعصیت سے بچنے کی ترغیب دینا ہے بسبب اس کے کہ بیوی پر مرد خرچ کرتے ہین اور اُن کے کھانا کپڑا وغیرہ کی ذمہ داری اُن پر ہے اور خاص قسم کے فرایض وقوا کے وجہ سے شوہر فضل رکھتے ہین۔ اور شوہر پر بھی مثل اس کے فرایض ہین خصوصاً اُن کے صنف ضعیف ہونے کا لحاظ کرکے اُن سے شفقت ومحبت کرنا واُن کو راحت پہنچانا ہے زن وشوئی کے تعلقات اسی وجہ سے بہت مستحکم ہوتے ہین کہ وہ باہم ایک دوسرے کے تمام عمر کے یار غمگسار مونس تاریا کار دوست دومغز وایک پوستکم سے کم مدت مدید تک ہوتے ہین یا تا بہ عمر ہونے کی اُمید ہوتی ہے۔ وہ ذریعہ اولاد ہین جو یادگار رہتے ہین ان کی محبت سے بے تکلفی باہمی کی ہوتی ہے اور بغیر خاص قسم کی بے تکلفی سے جذبہ مذکور سے جو لطف حاصل ہوتا ہے وہ کماحقہ نہین حاصل ہوتا اُس قسم کی بے تکلفی اور اُس بے تکلفی کی محبت دوسرے سے ہو نہین سکتی۔ غرضکہ وہ ایک دوسرے کو تسکین دینے اور نیک باتون پر ثابت رہنے اور فایدہ کی رہنمائی کے ایسے مخلص سبب ہوتے ہین کہ دوسرا نہین ہوسکتا۔ جو اسباب زن وشوئی کے تعلقات پیدا کرنے کے ہین اور جو نتایج اُن سے مقصود ہوتے ہین وہ خود اس کو ثابت کرتے ہین کہ تا بہ عمر بہتر طور پر عموماً اُن ہین قایم رہین مجبوری سے معذوری ہے۔ چونکہ خاص قسم کی بے تکلفی زن وشوئی کے تعلقات مین بغرض خاص قسم کے لطف کے لازمی ہے لہذا ایسے تعلقات اُن لوگون کے مابین نہین قایم ہوسکتے جن کے درمیان

ارحام کا واسطہ ہے کیونکہ ارحام کا تعلق جن سے ہے اُن کی محبت واُلفت کا
تعلق اس خیال کے وجہ سے ہے کہ رحم درمیان مین واسطہ ہے اور جو محبت
ومعاوضہ محبت واحسان وپرورش یعنے صلہ رحم کے وجہ سے وجود پذیر
ہوتی ہے وہ اُس قسم کی بے تکلفی باہمی کے مانع ہے جن سے زن وشو کو
لطف مطلوبہ حاصل ہوتا ہے وہ چھوٹون سے ادب وتعظیم اور بڑون سے شفقت
ورحم چاہتی ہے - یہی وجہ ہے کہ کہا گیا ہے کہ قریبی رشتہ دارون سے جو اولاد
پیدا ہوتی ہے وہ کمزور ہوتی ہے - لہذا رشتہ زن وشوئی اُن مین نہ چاہیئے
لیکن عام طور پر یہ نہین سمجھتے کہ قریبی رشتہ دار غرض معلومہ کے لئے کسکو سمجھنا
چاہیئے - اصلی سبب یہ ہے کہ بوجہ خیال رغبت وبے تکلفی خاص قسم کی
جن سے نہین ہوسکتی اُن سے تلذذ کما حقہ نہین حاصل ہوتا اس واسطے اولاد
کمزور ہوتی ہے - قریبی رشتہ دارون مین مادہ کی حیثیت سے ایسا مادہ ہونا
صحیح طور پر ثابت نہین ہے جن سے لازماً مادی طور پر رشتہ زن وشوئی ہونے سے
اولاد کمزور پیدا ہو بلکہ صرف رغبت خیالی ہی مانع رشتہ تلذذ وبے تکلفی ہوسکتی ہے
مذہب اسلام مین حسب بہتر طور پر جن رشتہ دارون سے نکاح کی ممانعت
کیگئی ہے وہ سب طریقون سے بہتر ہے لہذا اُن سے رشتہ زن شوئی کا
قایم ہونا چاہیئے جن سے اسلام مین ممانعت ہے اور نہ اُن سے ترک ہونا چاہیئے
جن سے اسلام مین ممانعت نہین - سورہ نسا مین ہے اور مت نکاح کرو
اُن سے جن سے نکاح کیا تمہارے آبا نے عورتون مین سے مگر جو گذر چکا وہ
فاحشہ وبیزاری کی چیز اور بُری راہ ہے - ظاہر ہے کہ جن عورتون سے آبا نے

نکاح کرکے لطف اُٹھایا ہو اُن سے اُن کی اولاد اگر نکاح کرے تو جب تک
بیحیائی نہ ہو اور محبت آبائی جاتی نہ رہے مقصد نکاح کا حقہٗ حاصل نہیں
ہوسکتا۔ پھر فرمایا اللہ تعالے نے حرام کی گئیں تم پر تمہاری مائیں اور بیٹیاں
اور بہنیں اور باپ کی بہنیں اور ماں کی بہنیں اور بھائی کی لڑکی اور بہن کی لڑکی
اور جن ماؤں نے تم کو دودھ پلایا ہوا اور دودھ پلائی بہنیں۔ پس یہ جملہ عورتیں
ہوئیں جن میں باپ و ماں یا بھائی کا واسطہ بطور رحم براہ راست ہے یا رضاعت
کا واسطہ براہ راست ہے اور کچھ شک نہیں کہ ایسوں سے نکاح سبب اُس
محبت کا نہیں ہوسکتا جس کی ضرورت تعلقات زن وشوئی میں ہے بلکہ اُنکی
محبت دودھ کے رشتہ یا رحم کے قربت ومحبت کے وجہ سے عموماً خود
ایسی قوی ہوتی ہے کہ زن وشوئی کی محبت کو مانع ہو اور کمزور ومغلوب رکھے
پھر فرمایا اللہ تعالے نے اور تمہاری عورتوں کی مائیں اور اُنکی بیٹیاں جو تمہاری
پرورش میں ہیں اُن عورتوں سے جن سے تم نے دخول کیا سو اگر تم نے دخول
نہیں کیا تو گناہ نہیں تم پر اور عورتیں تمہارے بیٹوں کی جو تمہارے صلب سے
ہیں۔ ساس کو اس وجہ سے حرام کیا گیا کہ جب اُس کی بیٹی نکاح میں آچکی تو
وہ قابل ادب ہوگئی۔ داماد اور ساس ایسا باہم بے تکلف نہیں ہوسکتے ہیں
جیسا کہ زن وشوئی کے لیئے درکار ہے۔ اسی طرح جن عورتوں سے دخول
ہوچکا ہو اُن کی بیٹیوں کا حال ہے کہ وہ بے تکلف نہیں ہوسکتیں اور اُن کی
ماں کے نکاح کا خیال اُن کو فی الاصل ہمیشہ مانع رہے گا اسی لئے جن سے
دخول نہ ہوا ہو اُن کی لڑکی سے اجازت نکاح ہے اسی طرح صلبی لڑکونکی

عورتون سے نکاح کی ممانعت ہوئی کیونکہ وہ بھی ادب کرینگی بوجہ صلبی لڑکے کے بیوی ہونے کے۔ پھر فرمایا اللہ تعالی نے اور یہ کہ اکٹھی کرو دو بہنون کو مگر جو گذر چکا۔ اس ممانعت کی وجہ رحم یا رضاعت و ادب کا مانع ہوتا نہین بلکہ باہم دو بہنون مین قطع محبت و قطع تکلف ہے لہذا جب تک ایک نکاح مین ہے دوسرے کے ساتھہ نکاح نہ کرنا چاہیئے اور اس حکم کے بہتر و معتدل ہونے مین شک نہین ہوسکتا۔ پھر فرمایا اور محصنات عورتون مین سے مگر جن کے مالک ہو چکے ہین تمہارے ہاتھہ اس سے یہہ مراد ہے کہ پاکدامن عورتین یعنے غیر کی نکاحی حرام ہین پھر فرمایا حلال کی گئین ما ورا ان کے اس طرح کہ تلاش کرو بذریعہ اپنے مالون کے پاکدامنی چاہتے ہوئے نہ شہوت رانی کرتے ہوئے سو جس نے فایدہ اٹھایا اس سے عورتون سے تو دو ان کو ان کا مہر مقرر کیا ہوا۔ لہذا اس آیت سے ما ورا ان سب کے جو مذکور ہوا اور عورتین حلال ہوئین ان شرطان کے ساتھہ کہ احصان کے لئے نہ شہوت رانی کے لئے مقررہ مہر دیکر جب کہ عورتون سے فایدہ اٹھایا ہو ان کو حلال سمجھا جاوے۔ پس متعہ بھی اس طرح ناجایز ہوا کیونکہ اسکی غرض احصان نہین ہوتی بلکہ شہوت رانی ہوتی ہے اور مدت معین اور مال معین کو دیکر وہ ہوتا ہے دوسرے مقرر کے شرط کر دینے سے یہ فایدہ ہوا کہ اعلان نکاح بھی ہوگیا اور گواہ و شاہد بھی ہو گئے اس لئے کہ جب مال کا معاہدہ ہوگا تو اس کے لئے گواہ بدلیل دوسری آیات کے ضروری ہے

سورہ نور مین ہے کہ مرد زنا کرنے والا نہین نکاح کرتا ہے مگر زانیہ یا مشرکہ کے
ساتھہ اور عورت زنا کرنے والی کو نہین نکاح مین لاتا مگر مرد زناکار یا مشرک اور وہ
حرام کیا گیا ہے مومنین پر۔ پس زنا کرنے والی عورت سے شوہر والی ہو یا بے شوہر والی اور
مشرکہ سے نکاح زنا ہوتا ہے کیونکہ فحش اور دخول فی النار کا وہ سبب ہوتی ہین۔
اور سورہ مایدہ مین ہے آج حلال کی گئین تمھارے لئے پاکیزہ عورتین اور کھانا
ان لوگون کا جن کو کتاب دی گئی ہے حلال ہے تمھارے لئے اور تمھارا کھانا
حلال ہے اُن کے لئے اور پاکدامنین مومنات مین سے اور پاکدامنین اُن
لوگون مین سے جن کو دی گئی ہے کتاب تمھارے پہلے جب دید تم اُن کو اُنکے
مہر پارسائی چاہتے ہوئے نہ بدکاری کرتے ہوئے اور نہ چھپکر دوستی کرتے ہوئے
پس اس آیت سے محصنات مومنات اور محصنات اہل کتاب ماقبل اس شرط
کے ساتھہ حلال کیگئین کہ ایک تو مہر دیا جاوے دوسرے عفت چاہنے کیلئے
تیسرے بدکاری نہ کرنے کے لئے چوتھے چھپکر آشنائی نہ ہو۔ اہل کتاب کی
پاکدامن عورتین حلال ہوئین اس شرط کے ساتھہ کہ آشنائی نہ ہو لهذا اس
حکم کی حکمت قابل خیال ہے لیکن اہل کتاب مرد کے ساتھہ نکاح
زن مومنہ کا جایز نہ ہوا۔ لهذا اس آیت سے متعہ کی بھی ممانعت
ہوئی کیونکہ پاکدامنی چاہتے اور بدکاری نہ کرنے کے غرض سے مہر دینے کا
حکم ہوا و متعہ مدت معین کے لئے خلاف اس کے ہوتا ہے۔ اور اگر محصنات سے
مراد کسی کی منکوحہ عورت سے لیا جاوے تو اس سے کہ مگر جن کے مالک ہو چکے
ہین تمھارے ہاتھہ یہ مراد ہوگی کہ جن لوگون کی منکوحہ سے تم نکاح کر چکے ہو اُنکے

علاوہ ازین سے غیر کی منکوحہ حرام ہوئی بہرحال دونون صورتون مین وجہ حرمت
رحم وقرابت نہین نہ رضاعت ہے۔ پہلے معنے زیادہ صحیح معلوم ہوتے ہین
اور سورہ بقر مین ہے اور مت نکاح کرو مشرک عورتون سے یہانتک
کہ ایمان لاوین البتہ لونڈی مومنہ بہتر ہے مشرکہ سے اور اگرچہ خوش آوے تم کو
اور نہ نکاح کرو مشرک مردون سے یہان تک کہ وہ ایمان لاوین۔ البتہ غلام مومن
بہتر ہے مشرک سے اور اگرچہ خوش آوے تم کو۔ وہ لوگ بلاتے ہین نار کیطرف
پس اس آیت سے نکاح مشرک ومشرکہ سے بوجہ اس کے کہ وہ نار کیطرف
بلاتے ہین یعنے ان کی صحبت سے مشرک ہوجاتے یا ایسا ہوجانیکا اندیشہ ہے
جس کی سزا نار ہے ممانعت ہے اگرچہ وہ کتنا ہی خوش لگین۔ ان کی صحبت
ومحبت ہی دعوت الی الشرک کرتی و ممکن ہے کہ ترغیب شرک کا سبب ہو علاوہ
اس کے دوسری آیات سے مطلقہ جب تک دوسرے شوہر کرکے طلاق نہ
پالین و عدت نہ گذرے حرام ہین۔ حسب ذیل قسم کی عورتون سے زن و
شوئی کا تعلق قایم نہین رہ سکتا اور وہ قابل نکاح وقابل معاشرت عام طور سے
نہین ہوتین۔ (۱) انانہ جو عورت اکثر کراہتی و بیمار بنی رہے اور دائم المرض ہو
(۲) حنانہ۔ جو عورت پہلے شوہر کی اولاد کو بغیر اجازت شوہر حال کے شوہر
حال کا مال دیدیتی ہو۔ (۳) منانہ۔ جو عورت اپنی مالداری کی وجہ سے یا اور
کسی وجہ سے شوہر پر منت رکھتی ہو (۴) حنانہ جو عورت پہلے شوہر کو حال کے
شوہر پر ترجیح دیتی ہو۔ (۵) غیر عفیفہ۔ متخذات اخدان۔ جو عورت بدکار ہو جو
فحش مین مبتلا اور فحش کو دوست رکھتی ہو چھپکر دوسرے سے بات چیت کرتی ہو

(۶) حلافہ۔ وہ عورت جو طماع ہو اور فرمایش کرتی رہے۔ (۷) سدافہ۔ جو نکمی و جلد روٹھنے والی عورت ہو۔ (۸) نجارہ۔ وہ عورت جو ڈھٹائی کیساتھ گناہ کرتی ہو۔ (۹) جو عورت اپنے حسن پر کبر کرتی ہو۔ (۱۰) جو عورت ایسی بدخو ہو جس سے نبھ نہ سکے اور لڑنے والی تند خو ہو۔ (۱۱) بلاسبب خلع چاہنے والی جو عورت ہو۔ (۱۲) افراط سے بناؤ سنگار کرنے والی جو عورت ہو۔

## جذبہ ہمدردی و اُلفت۔

اے کردہ شکم سیر ز انواع طعام | یاد آر ازان گرسنۂ بے آرام
تو شب ہمہ شب بخواب داو نالہ کنان | خود گو کہ چنین روا بود در اسلام

وہ جذبات جن کا مقصد اجتماعی و عمرانی تعلقات اصلیہ کو قایم کرتا ہے اُن کا بیان ہوتا ہے۔ کوئی قوم دنیا مین صحیح و سالم و قابل عمل اُسیوقت تک رہ سکتی ہے جب تک کہ اُس کے فرقے و افراد صحیح و سالم و زندہ و قابل عمل ہون اور اپنا اپنا مختلف کام پورے اور اچھے طور سے ٹھیک وقت پر بغرض مشترک و غرض مختص کرتے ہون۔ دنیا کے تجربون نے ثابت کر دیا ہے کہ جو لوگ معاملون مین پڑتے ہین اُن کو راستبازی۔ دیانتداری۔ وفاءعہد۔ ہمدردی۔ ایثار۔ معالی اخلاق ضروری و لازمی و مقدم ہین۔ فرد کی زندگی قوم کی زندگی کے ساتھ وابستہ ہے وقوم کو نفع پہنچتا ہے تو فرد خود بخود اُس سے متمتع ہو جاتا ہے۔ جیسے بچے آگ سے اور آدمی درندون سے اپنے ذاتی تجربون سے بچنے لگتے ہین ایسا ہی تجربہ کار و راستکار اہل معاملہ بدمعاملگی سے بچنے لگتے ہین۔ معاملہ حقیقت مین سچی انسانیت و اخلاق محمدی کے سیکھنے کی

بہترین درسگاہ ہے حُسن تعامل سے انسان وہ عادات وکردار واطوار سیکھہ
سکتا ہے جو اُس کو اللہ تعالے کے احکام کا فرمانبردار بنا کر نار سے بچا وے
اور اہل جنت مین کر دے اور اُس کے پروردگار کو راضی رکہے - ہر زمانہ مین
ایسے لوگ بھی ہوتے ہین جن کو لوگون کے نفع پہنچانے کے اسباب کو بڑہانے
اور اذیت کے اسباب کو گہٹانے کا شوق ہوتا ہے - سب سے پہلے
اُن کو انسان اور اُس کے اردگرد کی چیزون سے جن کا اثر انسان کے جسم عقل
اور اخلاق پر پڑتا ہو آگاہی حاصل کرنا اور اُن سے متناسب ہونا اور اپنے آپکو
کسب معاش سے فارغ کر لینا اور پاک وسادہ وسودمند زندگی بسر کرنا چاہئیے
پہر اُن اسباب کو جن سے نوع انسان کی بہبودی ہوسکتی ہے ایک دو تین جو
سب سے زیادہ پسند ہون اور جنکے کرنے کا سب سے زیادہ اُنکو موقع ہو انتخاب
کر کے اپنی قوت اور وقت اور ہمت اور مال کو لوجہ اللہ ہر قسم کی بیجا خودغرضی سے بقدر
امکان جدا ہو کر لگانا چاہیئے - اُلفت وہمدردی سے ملتا جلتا وہ جذبہ بھی ہے
جسے اصطلاح مین جذبہ لطیف کہتے ہین جب کسی شخص کو دیکھکر ہمارا دل
پسیجتا ہے اور ہم اُس پر لطف ومحبت کرنا چاہتے ہین تو اس حالت کو ہمدردی کہتے
ہین - یہ جذبہ حسب ذیل طریق سے پیدا ہوتا ہے - (۱) عورت کو دیکھکر مرد مین
یا برعکس اُس کے - (۲) احسان کے معاوضہ مین احسان - (۳) ابوت یا امومت
مین - (۴) مصاحبت متواترہ مین - (۵) استماع منت پذیری مین جیسے محسن
ملک وغیرہ کے ساتھہ - (۶) رشتہ داری مین - (۷) عام نازک سڈول اور
خوشنما مصنوعات مین - (۸) تمام مخلوقات مین جیسے جسم ملایم گداز اور نازک ہون

جب بچہ اپنی دایہ کو غمگین دیکھکر بسورنے لگتا ہے تو ثابت ہوتا ہے کہ جذبہ ہمدردی ہمین ہویدا ہوا ہمدردی والفت سے بہت بڑے بڑے فضایل کے عمل ہوتے ہین۔ صرف یہان پر ہم چند اشعار متعلقہ کہ کس کے ساتھ احسان نہ کرنا چاہیئے اور کس کا احسان نہ قبول کرنا چاہیئے نقل کر دیتے ہین جو تقریباً جامع ومانع ہین۔

**کسکے ساتھہ احسان نہ کرنا چاہیئے اور کسکا احسان نہ قبول کرنا چاہیئے**

بگفتیم در باب احسان بسے ۔۔۔ ولیکن نہ شرط است با ہر کسے

بخور مردم آزار را خون و مال ۔۔۔ کہ از مرغ بد کندہ بہ پر و بال

کسے را کہ با خواجہ تست جنگ ۔۔۔ بدستش چرا میدہی چوب و سنگ

بر انداز بیخے کہ خار آورد ۔۔۔ درختے نہ پرور کہ بار آورد

کسے را بدہ پایہ مہتران ۔۔۔ کہ بر کہتران سر ندارد گران

نبخشاے بر ہر کہ او ظالم است ۔۔۔ کہ رحمت برو جور بر عالم است

جہان سوز را کشتہ بہتر چراغ ۔۔۔ یکے بہ در آتش کہ خلقے بداغ

ہر آنکہ کہ بر دزد رحمت کنی ۔۔۔ ببازوے خود کاروان می زنی

جفا پیشگان را بدہ سر بباد ۔۔۔ ستم بر ستم پیشہ عدل است وداد

نہ ہر کس سزاوار باشد بمال ۔۔۔ یکے مال خواہد یکے گوشمال

بر اخلاق نرمی مکن با درشت ۔۔۔ کہ سگ را نہ مالند چون گربہ پشت

سگے را لقمہ ہرگز فراموش ۔۔۔ نگردد گر زنی صد نوبتش سنگ

وگر عمرے نوازی سفلہ را ۔۔۔ بہ کمتر چیزے آید با تو در جنگ

ترک احسان خواجہ اولے تر ۔۔۔ کاحتمال جفاے بوابان

تقاضاے روزی ز شغل خسیس ۔ بسے بہتر از امتنانِ رئیس
زنہار ز دستِ ناکسان آبِ زلال ۔ بر لب نہ چکان اگر در آتش باشی
ہر چہ از دونان بمنت خواستی ۔ در تن افزودی و از جان کاستی
مبر حاجت بنزدیکِ ترش روے ۔ کہ از خوے بدش فرسودہ گردی
اگر حاجت بری نزد کسے بر ۔ کہ از بدویش بہ نقد آسودہ گردی
نکوئی با بدان کردن چنان است ۔ کہ بد کردن بجاے نیک مردان
سنگ در دست و مار بر سر سنگ ۔ خیرہ رائی بود قیاس و درنگ
ترحم بر پلنگ تیز دندان ۔ ستمگاری بود بر گوسفندان
پسندیدہ است بخشایش ولیکن ۔ منہ بر ریش خلق آزار مرہم
ندانست آنکہ رحمت کرد بر مار ۔ کہ آن ظلم است بر فرزند آدم

**جذبہ دوستی و دشمنی** - جذبۂ الفت میں جذبہ دوستی و دشمنی اور اُس کے مفقود کو خاص قسم کا امتیاز حاصل ہے لہٰذا اُس کا ذکر ہوتا ہے۔ انسان کے تعلقات باہمی میں جب تصادم ہو تو حب فی اللہ جس کی تائید کرے اُس کی جانب ہو جانا اور اُس کو سب پر ترجیح دینا مقتضاے عقل و شرع ہے۔ ایک مومن دوسرے مومن سے دینی بھائی ہونے کے وجہ سے حب فی اللہ رکھتا ہے لیکن ایک درجہ محبت کا اور ہے جس کو خلّت یا دوستی کہتے ہیں جب خیالات میں باہم ایسا اتحاد اور ایسی نسبت ہوتی ہے کہ ایک خاص قسم کی کشش باہمی معاونت و الفت اور مودت کی پیدا ہو جاتی ہے تو رفتہ رفتہ وہ اس قدر بڑھ جاتی ہے کہ تمام ارادوں و الفتوں پر تقریباً غالب ہونے لگتی ہے۔ پس حب فی اللہ تو سبب ارادی سے پیدا

ہوتی ہے لیکن خلت کشش و خیالات دوستی سے نامعلوم طور پر اور بلا ارادہ زیادہ ہو جاتی و خاص قسم کی کشش مثل جذب مقناطیسی رکھتی ہے - بیوی و شوہر کے نسبت تو یہ کہا جاتا ہے کہ دو مغز اور ایک پوست ہوتے ہین لیکن باہم دو صادق و فادار دوست کے نسبت یہ کہنا بیجا نہین کہ ایک مغز اور دو پوست ہوتے ہین۔ یہ قول ہے کہ ایک انسان دوسرے انسان کو تمام برائیون کا مجموعہ سمجھے جب تک کہ اُس کے بخلاف نہ ثابت ہو۔ دوسرا قول یہ ہے کہ تمام انسانون کو نیک سمجھے جب تک کہ اُس کے برخلاف ثابت نہ ہو۔ پہلے قول پر عمل کرنا مقننون کا موضوع ہوسکتا ہے جو امن انصاف کے قایم رکھنے اور جرایم کے انسداد کے لئے اصول قانون بناتے ہین لیکن دوسرے قول پر عمل کرنا تعامل و تصاحب کو خوشگوار و ہموار بناتا ہے - تیسرا قول بھی ہے کہ ہر انسان کو نہ نیک سمجھنا چاہیئے نہ بد بلکہ جیسا ثابت ہو ویسا سمجھنا چاہیئے یہ قول تقریباً دوسرے قول کی تشریح ہے لیکن ان تینون اقوال کے علاوہ دوستی کے بابت بھی یہ اقوال ہین ایک یہ کہ کسی کو اپنا ہمدم و ہمراز نہ بناوے تاکہ اگر دشمن ہو جاوے تو مضرت نہ پہنچا سکے۔ اور برخلاف اس کے یہ ہے کہ دوست کو دوست سمجھے اور جب اس امر کے وہ لایق ہو اُس وقت اُس کو اپنا ہمدم و ہمراز بناوے اور اپنے رازون کو کہنا اُس سے دریغ نہ کرے و نہ چھپاوے تاکہ غایبانہ وہ اپنے دوست کی معاونت کرسکے اور جو امر خود اُس کا دوست نہین کہہ سکتا اُس کو کہہ سکے اور پورے اعتماد و ذمہ داری کے ساتھ حق دوستی ادا کرسکے اگر دشمن ہو کر وہ افشاے راز کرے یا مضرت پہنچاوے تو اُس کا سوے اخلاق و سوے عمل ہوگا لیکن اس اندیشہ سے

اُن فوائد و نعمتون سے محروم ہونا جو دوسرے طور پر نہین حاصل ہو سکتے اور جو
بیش بہا ہین قرین عقل نہین۔ ہم تو دوسرے قول کو پسند اور اُس پر عمل کرتے
ہین اور سمجھتے ہین کہ دنیا مین کسی کے اگر ایسا دوست نہ ہو تو اُس کی زندگی تنہائی
کے قید کے مانند ہے۔ ایک سچے آدمی کا راز صرف یہی ہو سکتا ہے کہ ایک مدت
معین تک کسی امر کا ظاہر کرنا مناسب نہ ہو کیونکہ بعض باتین اگر ناسمجھون سے قبل اُن
باتون کے اسباب مہیا ہو جانے کے ظاہر کر دی جاوین تو نقصان ہو لیکن
بعد اسباب مہیا ہونے کے جب وہی باتین انہی لوگون سے ظاہر کر دیجاتی ہین تو
وہی اُس کے معاون ہوتے ہین اور خود اعتراف کرتے ہین کہ پہلے اگر وہ بات ظاہر
ہوتی تو اُس پر وہ عمل کرنا خلاف مصلحت سمجھتے۔ مکر و فریب ہی کی باتین ایسی ہو سکتی
ہین جو اگر صیغہ راز مین نہ رہین تو نقصان پہنچاتی ہین لہذا جب کوئی شخص راستکار
ہو تو اُس کا راز اُسی قسم کا ہو سکتا ہے جو بیان ہوا اُس سے زیادہ نہین ہو سکتا۔
اور کیا عجب ہے کہ دوست اگر دشمن ہو کر اس کو ظاہر کرے تو اُس کا ظاہر ہونا بجاے
مضرت کے فایدہ بھی پہنچاوے پس ہم کو ایسا عمل ہی نہ کرنا چاہیے کہ ہمارے لئے
ایسے راز ہون جو دوامًا ناقابل افشا ہون اور افشا ہو جانے کے بعد اُن سے
ندامت اُٹھانی پڑے۔ جب دوست کا انتخاب سمجھ کر ہو تو بہت زیادہ یہ مشکلات
اور بھی کم ہو جاتی و ناقابل لحاظ ہو جاتی ہین۔ انسان ہزارون خواہشون اور
لاکھون جذبات کا مجموعہ ہے اُس کو بہت سی ایسی ضرورتین ہوتی ہین جو بغیر مشورہ
اور بے مدد صادق دوست کے انجام نہین پا سکتین اس لئے ہر انسان کو ضرور
ہے کہ اپنی محبت اپنی ذات و سوسائٹی مین تقسیم کرے۔ انسان کے نیچر مین یہ ہے

کہ جب تک وہ اپنے دل کی بات کسی سے مخلی بالطبع ہوکر نہین کہہ لیتا تب تک
اُس کی طمانیت نہین ہوتی اور انقباض کم نہین ہوتا۔ بیکن کہتا ہے کہ سب سے
بڑا فایدہ دوستی کا وہ فرحت قلبی و اظہار خوشدلی ہے جو کہ ہر قسم کی خواہشون
اور ولولون کو پیدا کرتی ہے۔ اس مین شک نہین ہے کہ جو کام ایک شخص سے
نہین ہو سکتا وہ دوسرے کے قدرت مین ہوتا ہے۔ اور انسان کو اپنے خیالات
گھونٹے رکھنے کے بہ نسبت ایک تصویر کے سامنے بیان کرنا بہتر ہے جو
دوست نہین رکھتا وہ مردم خوار اور وحشیانہ طبیعت رکھتا ہے۔ دوست سے
بیان کرنے مین رنج کم اور خوشی زیادہ ہوتی و تقریر صاف ہو جاتی اور ترتیب
خیالات مین ہو جاتی ہے۔ شیخ سعدیؒ فرماتے ہین کہ متکلم را تا کسے عیب نگیرد سخنش
اصلاح نپذیرد۔ پس اس کام کے لئے بھی دوستی ضروری ہے اگرچہ دوست
عیبون کو چھپاتا اور ہنرون کو پھیلاتا ہے اور ہنر دیکھتا اور عیب پر کم خیال کرتا ہے
لیکن جب اُس کو عیب اپنے دوست کا معلوم ہو جاتا ہے تو اُس کے ترک کرانے
کی سب سے بہتر تدبیر وہ کر سکتا ہے اور اُس کا زیادہ موقع نسبتاً اُس کو ہوتا ہے
اور چونکہ وہ اپنے دوست کے خیالات و اُس کے طبعی کیفیات و رازون سے
واقف ہوتا ہے لہذا وہ پوری تدبیر و صحیح طریق اختیار کر سکتا ہے۔ آدمی خود اپنا
خوشامدی ہے لیکن دوست اگرچہ ایک حد تک دوست کا ہوتا ہے لیکن وہ بجائے
خوشامد کے اصلاح کرتا ہے غرضکہ جو دانشمندی و اصلاح قلیل مدت مین بذریعہ
دوست حاصل ہو سکتی ہے دوسرے طرح وہ کثیر مدت مین نہین حاصل ہوتی
جس مقام پر اپنی تعریف باوجود ضرورت نہین ہو سکتی وہان دوست تعریف کرتا ہے

جو بات خود نہین کہہ سکتے وہ دوست سے کہلا سکتے ہین۔ دوست جہان جاتا ہے اپنے
دوست کی تعریف ہی کرتا و غایبانہ سراہتا ہے اور اُس کی بُرائی کو سُننا گوارا نہین کرتا
بلکہ اُس کے مٹانے کی بہترین کوشش کرتا ہے اور اپنے دوست کی جان و
مال و عزت کی اُسی طرح بلکہ اُس سے زیادہ غایبانہ حفاظت کرتا ہے جیسا کہ اپنے
دوست کی حاضری مین کرتا اگر کسی معاہدہ کی ضرورت اس کے دوست کے بابت
ہوئی اور اُس کا دوست موجود نہ ہوا تو دوست اپنی ذمہ داری پر اُس کو کر لیتا ہے
اور جو راز سے واقف نہین ہوتے وہ سمجھ تک نہین سکتے کہ کون واقعہ اُن کے دوست کو
نقصان پہنچا دے گا۔ برخلاف اس کے ہمراز غایبانہ بھی جب سمجھ لیتا ہے کہ اسکے
دوست کو اُس واقعہ سے نقصان پہنچے گا تو خود سینہ سپر ہو کر اپنے دوست کے
بچانے کی فکر کرتا ہے۔ مکار بے ایمان کی بڑی سزا یہ ہے کہ اُس کے دوست
نہین ہوتے اور اُس پر اعتبار نہین کیا جاتا۔ پریشان حالی و درماندگی مین بھی دوست
ساتھ نہین چھوڑتے بلکہ اُس وقت اور زیادہ محبت و نصیحت مناسب کرتے ہین۔
دوستی نہ صرف دوستون مین قایم رہتی بلکہ اُن کے ورثا مین بھی سلسلہ محبت برقرار
رہتا ہے اور محبت موروثی دوستی ورثا و محبت کی سلسلہ جنبانی و آیندہ قایم رہنے کی سبب ہوتی ہے

میل کسے کن کہ وفایت کند     جان ہدف تیر بلایت کند
بہترین دوست کہ جانی بود     دوستیِ جان نہ گرانی بود
صحبت آن کن کہ بصدق و صفاست     دامن آن گیر کہ اہلِ وفاست
کسے کہ حق نہ شناسد ازو امید مبر     کسے کہ نیست وفایش بدو مکن پیوند

جب ایک دوست دوسرے دوست کو کہتا ہے تو ایک عجیب قسم کی کیفیت

حظ وانبساط کی اُس کے چہرے سے نمایان ہوتی ہے اور جب دونون دوستون کی نگاہین چار ہوتی ہین تو ایک ایسی لطیف مسکراہٹ دونون کے چہرے سے دیکھنے مین آتی ہین کہ اُس کا لطف اُسی کو معلوم ہو سکتا ہے جس سے اُس کے صادق دوست کی نگاہ چار ہوئی ہو اور لطف مذکور حاصل ہوا ہو۔ دو سچے دوست اپنے با چھون کے کہل جانے سے پہچانے جا سکتے ہین۔ پس وہ فرحت قلبی اور اظہار خوشدلی ہزارون نعمتون سے بھی زیادہ خوشگوار ہین۔ دوستون کا باہمی فرض یہ ہے کہ برے کامون سے ایک دوسرے کو بچاتے رہین اور اُس کے ترک کرنے مین بہترین کوشش ثبات و عالی ہمتی کے ساتھہ کرتے رہین اور جب کہ اُن کا دوست بدی مین مبتلا ہو تو دوستی تا بہ امکان ترک نہ کرین کیونکہ وہ اُس وقت زیادہ محتاج اعانت کا ہوتا ہے۔ دوست صادق دوست کے کام کو بلا اطلاع ایک دوسرے کے انجام دیدیتے ہین۔ ارسطو کا قول ہے کہ دوست ایک جان دو قالب ہوتے ہین۔ دوستی ایسی ہونی چاہیئے کہ گدگدیان پیدا ہونے لگین دوستون کی باتین باہم بڑے مزے مزے کی ہوتی ہین جو دل مین ہوتا ہے وہی زبان پر بے تکلف و آزادانہ صاف دلی سے بخشین ہوتی ہین دوست کے عیب کو بلا خوف و بے تکلف دوست اُس کے منھہ پر کہدیتا ہے اور وہ سنکر برا نہین مانتا۔ پس وہ باہم ایک دوسرے کے آئینہ ہو جاتے ہین۔ دوستون کو باہم افسردہ بیٹھا رہنا اور اپنے خیالات کا اظہار نہ کرنا محبت و دوستی کو روز بروز کم کرتا جاتا ہے۔ اور برخلاف اسکے زندہ دلی و شگفتہ روئی و اظہار عیب دوستی کو بڑہاتے ہین۔

زاہدے درمیان رندان بود ۔ زان میان گفت شاہد بلخی

گر ملولی ز ما ترش منشین     کہ تو ہم در میانِ ما تلخی

ارسطو کہتا ہے کہ جو تجھ سے گریز کرے اُس سے ملاقات سے اور جو تجھ سے
ملنا چاہے اُس سے پرہیز قصور ہے۔ دیوجانس کا قول ہے کہ جس شخص نے
تیرا ساتھ چھوڑ کر دوسرے کا ساتھ لیا اُس کو اپنے ساتھ سے نکال ورنہ ایکدن
تجھ کو بُرے موقع پر چھوڑ دیگا۔ اس سے اُس کی مراد یہ ہے کہ جو دوست دوسرے
دوست کو ترجیح دے وہ پورا دوست نہیں ہے۔ دوست پر دوست تلوار کا وار
تک کرے تو وہ سہہ سکتا ہے لیکن اُس سے کبر و دروغ اور افشاے راز اور
دشمنوں کی دلجوئی اور بے ایمانی و خود غرضی کو نہیں سہہ سکتا اور ان میں سے کسی
ایک خفیف سے خفیف امر سے قطع دوستی ہو جاتی ہے۔ لہذا کوئی عقلمند نہیں کہ ہرگز دوستوں کے درمیان نہ بنائے

زخم دندان دشمنے تیز است     کہ نماید بچشم مردم دوست
بشوئے اے خردمند ازان دوست دست     کہ با دشمنانت بود ہم نشست

جو دوست دوست کی خوشی کو اپنی خوشی اور اُس کے رنج کو اپنا رنج نہ سمجھے
وہ صادق دوست نہیں۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ جس وقت تم میں سے کوئی
اپنے بھائی سے دوستی و محبت کرے تو اُس کو اعتصام کرنا چاہیے اسواسطے
کہ یہ بات کمتر ہوتی ہے۔ اور حضرت فضیلؒ فرماتے ہیں کہ آدمی کو اپنے بھائی کے
چہرے کو مودت و رحمت سے دیکھنا عبادت ہے۔ فتح موصلی نے اپنے ایک
دوست کے گھر جا کر جو مکان پر موجود نہ تھا اُس کی لونڈی کے ذریعہ سے اسکا
صندوقچہ منگایا اور جو ضرورت تھی اُس میں سے لے لیا۔ جب اُن کا دوست
اپنے گھر آیا تو اُس نے لے لینے کی خوشی میں لونڈی کو آزاد کر دیا۔ ایک شخص نے

حضرت ابوہریرہؓ سے کہا کہ میں آپ سے دوستی کرنا چاہتا ہوں آپ نے فرمایا کہ جانتے ہو کہ دوستی کا حق کیا ہے۔ یہ ہے کہ روپیہ پیسہ دوست سے عزیز نہ ہو۔ بزرگوں کا ایک دوست اپنے دوست کے پاس گیا اور کہا کہ میں چارسو درہم کا قرضدار ہوں تو اس نے چارسو درہم دیئے اور رونے لگا۔ اس کی بیوی نے کہا کہ اگر دینا منظور نہ تھا تو دینا ضرور نہ تھا۔ اس بزرگ نے یہ جواب دیا کہ میں اس سبب سے روتا ہوں کہ مجھ سے میرے دوست کو مانگنا پڑا اور میں ایسا غافل ہوا کہ قبل مانگنے کے اسکو نہ دیا۔ اور حضرت امام جعفر صادقؒ فرماتے ہیں کہ ایک روز کی دوستی صلہ ہے اور ایک مہینہ کی دوستی قرابت ہے اور ایک سال کی دوستی قرابت قریبہ ہے۔ جو کوئی ان میں سے کسی کو قطع کرے گا اللہ اس کو قطع کرے گا۔ ایک بزرگ نے اس شرط پر دوستی کرنا منظور کیا کہ اول یہ کہ میری شکایت نہ سننا۔ دوسرے یہ کہ میرے کہنے کی مخالفت مت کرنا۔ تیسرے یہ کہ ناز سے مجھے پامال نہ کرنا۔

حضرت مسروقؒ اور خثیمہؒ میں دوستی تھی ایک نے دوسرے کا اس طرح قرض ادا کر دیا کہ قرضدار کو ادا کا حال پیچھے معلوم ہوا۔ حضرت علیؓ فرماتے ہیں کہ بیس درم کو دوست کے حق میں صرف کر دوں اس سے دوست تر رکھتا ہوں کہ سو درم فقیروں کو دوں۔ حضرت عباسؓ نے اپنے بیٹے حضرت عبداللہؓ سے کہا کہ حضرت عمرؓ تمکو دوست رکھتے ہیں پانچ چیزوں کا ضرور خیال رکھنا۔ کوئی بھید نہ ظاہر کرنا۔ کسی کا عیب ان سے نہ کرنا۔ جھوٹ نہ کہنا۔ حکم کی تعمیل کرنا اور ہرگز خیانت نہ ہونے پاوے۔ آنحضرتؐ حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ کو دیکھکر مسکراتے اور وہ دونوں حضرات جب آنحضرتؐ کو دیکھتے تو مسکراتے۔ (ترمذی) پہلے سلام کرنے اور اچھی طرح

بٹھلانے اور اچھے نام کے پکارنے سے محبت زیادہ ہوتی ہے اور باہم لباسی و ہم طعامی سے بھی اخلاص زیادہ ہوتا ہے۔ بزرگون نے کہا ہے کہ جب اپنے دوست سے تو کہے کہ چل اور وہ کہے کہ کہان تو ایسے شخص کی دوستی کامل نہین۔ حضرت ابو دردا نے بیلون کو دیکھا کہ جب ایک اٹھا تو دوسرا بھی اٹھا۔ رو دیے اور فرمایا کہ دینی بھائی ایسے ہی ہوتے ہین کھڑے ہونے یا چلنے مین موافقت کرتے ہین۔ جو کدورت دوستون مین ہو اُس کو صاف کر دینا اور جلد صفائی کر لینا بہتر ہے ورنہ رفتہ رفتہ طول ہو جاتا ہے۔ حضرت علیؓ نے فرمایا کہ بدترین دوست وہ ہے کہ اُس سے عذر خواہی کی حاجت ہو۔ شیخ سعدیؒ کے ایک دوست نے تھوڑے نفع کے سبب اُن کو آزردہ رکھنا جائز رکھا اور باہم دلبستگی ہو گئی۔ جب شیخ سعدیؒ نے سنا کہ اُن کے دوست نے اُن کے ایک شعر کی تعریف کی اور ترک صحبت قدیم پر افسوس کر کے اپنے خطا کا اقرار کیا اور جب اُنھون نے دیکھا کہ اُس کو بھی رغبت ہے تو یہ اشعار لکھکر صلح کر لی۔

| | |
|---|---|
| نہ مارا در جہان عہد وفا بود | خطا کردی و بدمہری نمودی |
| بیک بار از جہان دل در تو بستیم | ندانستم کہ برگردی بزودی |
| ہنوزت گر سر صلح است باز آ | کزان محبوب تر باشی کہ بودی |

مدت کے بعد جب دوست باہم ملتے ہین تو پہلے کے بہ نسبت اُن مین کچھ تبدیلی ہو جاتی ہے۔ خوش نصیب وہ ہین جن کا دوست زندہ دل نہ چھوٹے بے تکلفانہ الفاظ دوستون مین دوستی کو اور بڑھاتے ہین۔ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ جب تم مین سے کوئی اپنے بھائی کو دوست رکھے تو چاہیے کہ اُسکو آگاہ کرے (اذا احب احدکم اخاہ فلیعلمہ)

اس سے فایدہ یہ ہے کہ دوسرا بھی دوست رکھیگا - اسلام نے عملی طور پر برادر خواندگی یعنے اخوت کا سلسلہ جاری کیا چنانچہ صحابہؓ مین عقد اخوت باہم جو جاری تھا دوستی پیدا کرنے کا عملی طریقہ تہا - پس یہ فضل اسلام کو حاصل ہے - دوست کی شکایت اگر دوست سے سنے تو اپنے دوست کو آگاہ کر دینا چاہیئے - جب دوست سے چشم پوشی و آگاہ نہ کرنے کی وجہ معقول نہین پاتا تو اُس کو رنج ہوتا ہے جو دوست شکایت کرنیوالے کا نام نہین بتاتا تو وہ گویا دشمن ہے جو اُس کو آگاہ نہین کرتا -

همه یاران سه قسم اند ار بدانی — زبانی اند و نانی اند و جانی
بنانی نان بده و ز در برانش — مدارا کن به یاران زبانی
ولیکن یار جانی را بدست آر — بر آنش جان بده گر می توانی

حضرت امام زین العابدینؓ نے پوچھا کہ تم مین سے کوئی اپنے بھائی کی آستین یا تھیلی مین ہاتھ ڈالکر جو چاہتا ہے بدون اُس کی اجازت کے لے لیتا ہے یا نہین جواب پایا کہ نہین - آپ نے فرمایا کہ پس تم دوست نہین ہو - جب تک کسی کی عادت سے واقفیت نہ ہو جاوے تب تک اُس کو یار نہ بنانا چاہیئے - رفتہ رفتہ مدارج دوستی مین ترقی ہوتی ہے لیکن جب عادت و خلوص طبیعت قابل دوستی معلوم ہو جاوے تو دوستی کرنے اور نسبت رشتے مین جلدی کرنا چاہیئے - افلاطون نے کہا ہے کہ جب کسی کو پہچاننا چاہو تو اُس سے مشورہ کرو اور اسطرح اُس کی راے کے حسن و قبح کو سمجھ سکوگے - ایک بزرگ نے کہا ہے کہ اُسکے اعتقادات و عادات اور مشوروں کو دیکھو کہ وہ اچھے اور مفید ہین کہ نہین -

پدرے با پسر وصیت کرد — کاے جوانمرد یاد گیر این پند

ہر کہ با اہلِ خود وفا نہ کند　　　　نشود دوست روے دانشمند

یہ دیکھنا چاہیئے کہ وہ اپنے والدین و عزیز و اقارب اور دوستون اور متعلقین و کمزور و مضبوط وغیرہ سے کیسا معاملہ و برتاؤ کرتا ہے۔ انسان خطا و نسیان سے مرکب ہے غلبہ کو دیکھنا چاہیئے اگر عیبون کے طرف غلبہ ہو تو دوستی نہ کرنا چاہیئے اور اگر صلاحیت کے طرف ہو تو اختیار کرنا چاہیئے۔

صایب غریب و بیکس و نا آشنا شوی　　　　در تلاش و تجربہ دوستان مباش

اخیار کو دوست اور اُن کے حقوق کو نگاہ رکھنا خیر کو زندہ اور جاری کرتا ہے۔ بزرگون نے کہا ہے کہ دوستی عاقل صلاح کار نیک خو سے کرنا چاہیئے۔ نادان دوست سے دشمن دانا اچھا ہوتا ہے۔ اس لئے جس پر حمق غالب ہو اُس سے دوستی نہ کرنا چاہیئے۔ رنج و تکلیف و ضرر اُس کی صحبت کا لازمی نتیجہ ہین۔ جب عقلمند و ذی وجاہت ثابت ہوتا ہے تو زیادہ محبت و قدر اُسکی دوست سے دشمن زیادہ کرتے ہین

اے برادر میگریز از یار بد　　　　یار بد بدتر بود از مار بد

مار بد تنہا ہمی بر جان زند　　　　یار بد بر جان و بر ایمان زند

بد چلنون سے دوستی کرنا نیک چلنون پر ظلم اور اُن کی توہین کرنا و نقصان اُٹھانا ہے۔ احسان فراموش کی دوستی کام نہین آتی اور نہ کوئی اُس کا دوست ہوتا ہے۔ اس لئے ہمیشہ اُس کا ساتھی نقصان اُٹھاتا ہے۔ کاہل ہمیشہ محتاج اور حقوق کو ضایع اور موجودہ سرمایہ کو غارت کرتا ہے اور طماع تھوڑی سے طمع مین دوست کو پچھاڑے گا اور مراعات نہ کرے گا۔ مغرور و زود رنج سے دوستی نہین نبھ سکتی۔ وہ بیجا فخر کرے گا اور تھوڑی باتون پر رنج کرنے پر آمادہ ہو جاویگا۔ جو شخص

صاف گو نہین ہوتا وہ منافق ہوتا ہے اور ہمیشہ ذلیل رہتا ہے اُس سے دوستی
نہین ہوسکتی اور ہمیشہ ذلت اُٹھانی پڑتی ہے۔ بیحیا اور ناصبر اپنی طبیعت پر خود
اختیار نہین رکھتے۔ ہمیشہ آفت مین مبتلا رہتے ہین۔ دنی طبیعت کا ہونا ہمیشہ مذلت
ہی کے طرف لے جاتا اور ذلیل بناتا ہے۔ خاین قابل دوستی اور اعتبار کے نہین ہوتا
ناخدا ترس اور ظالم کی طبیعت قایم نہین رہتی بخیل حقوق کو ضایع کرتا ہے اور
مسرف خود اپنے ہی کو بیچڑ الٹا ہے۔ عالی ہمت سے دوستی کرنی اعلی مراتب کو پہنچاتی
ہے۔ انصاف پسند اور امین ہونا بڑی نعمت ہے۔ حضرت عمرؓ فرماتے ہین کہ فاجر کی
محبت نہ کر۔ اپنا راز اُن سے نہ کہہ۔ نیک سے مشورہ لے۔ اور فرماتے ہین کہ احمق
کی دوستی سے بچنا چاہیے کہ وہ نفع کے ارادہ سے نقصان کر بیٹھتا ہے۔ اور
فرمایا کہ کسی کے خلق پر اعتبار نہ کرنا چاہیے جب تک کہ غصہ کی حالت مین اُس کو
دیکھ نہ لو۔ اور کسی کی دینداری پر اعتبار نہ کرنا چاہیے جب تک کہ طمع کے وقت
اُس کو نہ پرکھ لو۔ احیا مین امام غزالیؒ فرماتے ہین کہ اور اس لئے کہا کرتے ہین کہ جب
حالت اقامت مین آدمی کے ہمسایہ اُس کی ثنا کرین اور سفر مین اُس کے رفیق
مدح خوان ہون اور بازارون مین اہل معاملہ اُس سے راضی رہین اور اچھا
کہین تو اُس کی نیک بختی مین کچھ شک نہ کرنا چاہیے۔ اور حضرت عمرؓ کے سامنے
ایک گواہ آیا۔ آپ نے اُس سے فرمایا کہ ایسے شخص کو میرے سامنے لا جو تجھ کو
پہچانتا ہو۔ وہ ایک شخص کو بلا لایا جس نے اُس کی تعریف کی۔ آپ نے اُس سے
سوال کیا کہ کیا تو اس کے قریب رہتا ہے کہ اُس کو آتے جاتے دیکھا ہو۔ اُس نے
عرض کیا نہین۔ پھر پوچھا کہ کیا تو کسی سفر مین اُس کے ساتھ رہا ہے کہ سفر مین مکارم اخلاق

معلوم ہوجایا کرتے ہیں۔ اُس نے عرض کیا کہ نہیں۔ پھر آپ نے سوال کیا کہ تونے نقرہ وطلا کا اس سے معاملہ کبھی کیا ہے جس سے آدمی کی پرہیزگاری معلوم ہوا کرتی ہے۔ اُس نے کہا کہ نہیں۔ پھر آپ نے فرمایا مجھے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ تونے اس کو مسجد میں کھڑا دیکھا ہے کہ قرآن مجید آواز بنا کر پڑھتا اور اپنا سر کبھی نیچے اور کبھی اوپر کرتا ہوگا۔ عرض کیا کہ یوں ہی ہے۔ آپ نے فرمایا کہ تو جا اس کو تو نہیں پہچانتا اور اُس سے کہا کہ دوسرے شخص کو لا جو تجھہ کو پہچانتا ہو۔ اور اکابر سلف کے آثار میں ہے کہ جب واعظ لوگوں میں وعظ کہتا ہے تو علمار فرماتے ہیں کہ اُس میں تین باتیں دیکھو اگر بدعتی ہو تو اُس کے پاس نہ بیٹھو کہ وہ شیطان کی زبان سے بولتا ہے اور اگر اُس کا اکل حلال نہ ہو تو خواہش نفس سے کلام کرتا ہے۔ اور اگر عقل کا پکا نہ ہو تو اُس کے وعظ سے خرابی زیادہ اور اصلاح کم ہوگی اُس کے پاس بھی مت بیٹھو۔ اور حضرت امام جعفر صادقؓ فرماتے ہیں کہ پانچ آدمی کا ساتھہ مت اختیار کرو۔ اول دروغ گو کہ تم کو اُس سے دھوکا ہوگا اُس کا حال مثل سراب کے ہے بعید کو تجھہ سے قریب کرے گا اور قریب کو بعید۔ دوم احمق کہ اُس سے تجھہ کو کچھہ نہ ملے گا۔ جب نفع پہنچانا چاہے گا تو اُس کی بیوقوفی سے تجھہ کو ضرر پہنچے گا۔ سیوم بخیل کہ جب تجھہ کو اُس سے حد سے زیادہ حاجت ہوگی دوستی توڑ دیگا۔ چہارم نامرد کہ وقت پر تجھہ کو چھوڑ کر فرار ہوگا۔ پنجم فاسق کہ ایک لقمہ سے کمتر کے عوض میں تجھہ کو بیچ کریگا۔ ابو سعیدؒ نوری نے فرمایا کہ جب تم کو کسی سے بھائی چارہ منظور ہو تو اول اُس کو خفا کرو پھر خفیہ ایک شخص کو بھیجو کہ تمہارا حال اور تمہارا راز اُس سے دریافت کرے اگر

تمہارے حق مین وہ بہتر کہے اور راز افشا نہ کرے تو اُس کی محبت اختیار کرو۔ اور ابو زید سے کبھی کسی نے پوچھا کہ تم کس صفت کے آدمی سے صحبت رکھتے ہو فرمایا جو میرے اُن مخفی حالات کو جانتا ہے جن کو خدا جانتا ہے اور اُنکو ایسا ہی چھپاتا ہے جیسے خدا پردہ پوشی کرتا ہے۔ تیرا دوست وہ ہے کہ تیرا نفس اُس پر بھروسا کرے اور تیرا دل اُس سے مطمئن و بآرام رہے اور تجھہ کو معصیت سے وہ باز رکھے۔ دشمن سے ہمیشہ ہوشیار رہنا چاہیئے غفلت و بے احتیاطی دانشمندی نہین۔ دشمن نتوان حقیر و بیچارہ شمرد۔ لیکن جہان تک ہوسکے دشمنی کو بڑھانا نہین چاہیئے لیکن اُسکے فریب مین نہ آنا چاہیئے و حزم کرنا چاہیئے۔

آسایش دو گیتی تفسیر این دو حرفست ۔ با دوستان تلطف با دشمنان مدارا

جب دشمنون مین باہم جنگ ہو تو آسودہ و خاموش بیٹھ سکتے ہو لیکن اگر باہم موافق ہون تو حفاظت لازمی اور اگر ضرورت ہو تو حملہ ضروری ہے۔

برو با دوستان آسودہ بنشین ۔ چو بینی در میان دشمنان جنگ
وگر بینی کہ باہم یک زبانند ۔ کمان را زہ کن و بر بارہ سنگ

جذبہ قدر شناسی و تنافس و حسد۔ کسی کی خوبی دیکھکر اُسکی قدر و تعریف نہ کرنا اور اُس پر حیرت نہ کرنا بہتر نہین ہے۔ افلاطون کا قول ہے کہ تعجب و حیرت دراصل ایک حکیمانہ کوشش ہے جس قدر زیادہ ہم مین یہ صفت ہوگی اور دل مین خوبیون کا ادب رہے گا اور نگاہ و تمیز جانچ کرنیوالی ہوگی اُسی قدر بہتر ہوگا۔ اپنے قدر شناسی سے دوسرے کی بھی قدر ہوتی ہے جب کسی بچے مین یہ وصف پاؤ تو سمجھہ لو کہ ہونہار ہے اور جب اُس کو نہ پاؤ تو

جان لو کہ وہ بے پروا و خود غرض و شیخی باز و نادان ہوگا۔ بعض اوقات بچون مین
چھوٹی چستی و ہوشیاری دکھائی دیتی ہے۔ جس کو سادہ دل لیاقت
مان لیتے ہین برعکس اس خلاف قدرت اور ناپسندیدہ عادت کے ہم ہر کسن کو
نصیحت کرتے ہین کہ ادب و عزت کرنا سیکھو اگرچہ تم اس خوبی کو صاحب اقتدار
لوگون مین زیادہ نہ پاؤ گے مگر خیال رکھو کہ وہ خوبیون کے اصل اصول مین سے
ہے۔ جب ہم خوبی کو حیرت اور خوشی کے ساتھ دیکھینگے تو ہم مین اُس کے ہونے
کی ریس ہوگی۔ انسان جس کی ستایش کرتا ہے اُس کی ریس و تقلید
کرتا ہے۔ اسٹوئک حکما کا قول ہے کہ انسان کی زندگی سے اصل مراد یہ ہے
کہ جہان جو عمدگی دیکھے اُس کے سیکھنے مین کوشش کرے۔ سچی قدرشناسی
کامل تمیز و جانچ و نیک و شریفانہ جوش کا نتیجہ ہوتی ہے لیکن تبرا کہنے و
و نظر حقارت سے دیکھنے کی عادت اس نیک اثر کے نتیجہ کو کم کر دیتی ہے اُسمین
افراط طمع ہے جو مذموم ہے۔ انسان پر واجب ہے کہ اچھی باتون کی قدر کرے
اور غیر واجب نفرت و تعصب سے پرہیز کرے۔ مومن کو واجب ہے
کہ اپنے دینی بھائی مومن کے ساتھ اخوت کو مضبوط کرے۔ ایک ایماندار
سچائی سے مدد کرنے والا بے پروا دوست سے بہتر ہے۔ جا یا بیجا ہونے
پر غور کر لو اور انصاف و مہربانی سے پیش آو۔ کل بنی نوع انسان کی عزت کرنا
دانائی ہے و پاکیزہ ہے مگر تم اُس کو نہین کر سکتے جب تک کہ مردم شناس
نہ ہو اور برادرانہ نظر سے نہ دیکھو۔ کسی چھوٹے یا گروہ کے فلاح مین انہماک ظاہر
کرنا یا سوسایٹی کے کسی جماعت ... جس سے ہمارا تعلق ہے محبت کرنا و اچھی بات کا

اختیار کرنا جمہور کی محبت کا بیج بونا ہے۔ یہ اُس سلسلہ کی پہلی کڑی ہے جسکے سہارے ہم ملک اور بنی نوع انسان کے طرف بڑھتے ہین۔ سوسائٹی کی اُس جماعت کی فلاح ایک امانت ہے جس مین سوائے بُرے لوگون کے کوئی خیانت نہین کرسکتا اور سوائے غدار کے کوئی اُسے اپنے ذاتی اغراض کے لئے قربان نہ کرے گا۔

بدخواہ کسان ہیچ بمقصد نہ رسد　　یک بد نکند تا بخود سہ چند نہ رسد
حاسد کو ایکدم نہین راحت جہان مین　　رنج حسد ہے جبتک ہی جان جان مین
بمیر تا برہی اے حسود کین رنجیست　　کہ از مصیبت او جز بمرگ نتوان رست
راست خواہی ہزار چشم چنان　　کور بہتر کہ آفتاب سیاہ

الحسد یذہب الحسنات۔ حسد قضائے الٰہی پر خشمناکی ہے۔ سورہ فلق مین ہے
ومن شر حاسد اذا حسد ٥　　اور پناہ مانگتا ہون مین شر سے حسد کرنیوالے کے جب حسد کرے

پس حسد کرنا شر قرار دیا گیا ہے اور اُس سے پناہ چاہی گئی ہے لہذا اُسکے مذموم ہونے کے لئے یہ وعید کافی ہے۔ حسد اُس خصلت کو کہتے ہین کہ آدمی کے نفس مین پیدا ہو جاتی ہے کہ کسی شخص مین جو خوبی ہے یا جو نعمت و جاہ اُس کے پاس ہے وہ جاتی رہے خواہ حاسد کو ملے یا نہ ملے اس طرح حاسد ہمیشہ جلتا رہتا ہے اور حسد سے اپنے جسد کو جلایا کرتا ہے۔ پس وہ ہر وقت اور ہر آدمی پر نامحمود ہے برخلاف اس کے تنافس یعنے کسی خوبی کے نسبت یہ چاہنا کہ جو کسی مین ہے اُس کے مثل اُس کو بھی حاصل ہو جاوے عمدہ خصلت ہے۔ اللہ تعالے نے فرمایا ہے

وفی ذٰلک فلیتنافس المتنافسون - اور اسی مین چاہئے کہ تنافس کرین تنافس کرنیوالے -

ناوانون کی کثرت راے وکثرت مشاورت وعوام کی راے کی پابندی
نادانی ہے وحق وحیا وزبان خلق - نادانون کی کثرت
راے وعوام کی راے کو صحیح سمجھنا قدرشناسی نہین بلکہ احمقی ہے لہذا اُس کا ذکر بیان کیا جاتا ہے
پبلک (خلقت عامہ عوام کالانعام) جیسا کو دن - بزدل - شکی - کان کا کچا -
غل کرنے والا بےعقلی سے - ضد و مذبذب - مطلب پرست - کینہ توز -
حاسد - ناشکر گذار کوئی تلاش کرنے سے بھی نہ ملے گا - بزدلون مین اُس کا اول
نمبر ہے کیونکہ پبلک اپنے آپ سے ڈرتی ہے - ذرا سے مقابلہ پر بھی یہ بید مجنون
کی طرح کانپنے لگتی ہے اپنے ہی سایہ سے بھڑکنا اور اپنے ہی نام سے
سہم جانا اُسی کا کام ہے - منہہ تو اُس کا شیر کا سا ہے مگر دل خرگوش کا سا -
کان لمبے لمبے - مگر آنکھون مین نیند نہ دارد - ڈر کی بات کو کان دھر کے سنتی ہے
اور خود اپنی ہی راے سے ایسی ہراسان ہوتی ہے کہ کبھی راے قایم
کرنے کی جرأت نہین کرتی - بعض دفعہ کسی اُڑتی ہوئی لایعنی افواہ کو چپٹ
جاتی ہے تاکہ راے قایم کرنے مین تاخیر کا گمان بھی نہ ہو اور پھر اُس کو بار
بار دہراتی ہے اور اس شور وجوش مین اور کسی خبر کے سننے کے قابل ہی نہین رہتی
یہ خیال کہ پبلک کیا کہے گی پبلک کو تو خبر کچھہ سوچنے ہی نہین دیتا مگر شخصی راے
پر بھی اس کا اثر جادو سے کم نہین ہوتا - الغرض یہان تک نوبت پہنچتی ہے کہ کسی طالب
شہرت نے ورط‍ اطراق سے کچھہ کہہ دیا تو وہی عام راے بنگئی جو کچھہ ایک
شخص کہتا ہے اُسے سب سنتے ہین اور یہ خیال کہ ایک خاص بات سب کو

معلوم ہے پبلک کیلئے اس امر کی دلیل بنجاتی ہے کہ ہر ایک کا اُس پر یقین ہے اور بس
جب یہ یقین ہوا تو پھر عقل کی چپکی چپکی نصیحت سب دھری کی دھری رہجاتی ہے۔
آدمی سُنتا زیادہ اور سوچتا کم ہے جیسا ہم دیکھتے ہین کہ کسی بات کا چرچا ہے تو
یہ مان لیتے ہین کہ اس کے چرچے کا کچھ نہ کچھ اثر ضرور لوگون کے تخیل پر ہوا ہوگا اور خواہ مخواہ
ہی اعتبار کرنے لگ جاتے ہین چاہے ہم کو یقین ہی ہو کہ افواہ غلط ہے مگر اس
وسوسہ کے باعث کہ اور لوگ اس کو مانتے ہین اور ہم خود مخالفت کے مخمصہ مین پھنسا
نہین چاہتے ہم اپنے اصلی ارادے کو اس بیہودہ اور محض بے معنی شور کے نذر
کرتے ہین بجاے اس کے کہ عام راے ایک وسیع اور مضبوط و صحیح بنا پر قایم ہو
اور فرداً فرداً ہر ایک شخص کے غور و خوض کا نتیجہ ہو اکثر چھچھورے پن اور دکھاوے
پر مبنی ہوتی ہے۔ اور ہم وثوق سے کہہ سکتے ہین کہ پبلک ہرگز عام راے کی
موجد نہین ہوتی بلکہ اُس کے ادنیٰ مقلدون مین ہوتی ہے۔ شلر کا مقولہ ہے
کثرت۔ اس کے کیا معنے؟ فہم بہت تھوڑے ہی اشخاص مین اکثر جمع ہو سکتا ہے
راے کی قدر کرنی چاہیے نہ کہ اُسے شمار کرنا چاہیے۔ اس طور کی حالت وہان کبھی
نہ کبھی تباہی پھیلادیگی جہان کثرت تعداد کی حکومت ہے اور نادانی کا فیصلہ ہے
ایک حکیم نے کہا ہے کہ کثرت مشاورت تباہی و احمقی ہے۔ کثرت آرا سے جنکے
درمیان مین کثرت ہے اُن کی باہمی قوت کا پتہ چلتا ہے کہ اُنکے باہمی راے مین کسقدر قوت ہے
نہ کہ مابین حق و مابین دیگر اشخاص کے خصوصاً جو حق پر ثبات رکھتے ہون۔

شاید پس کار خویش بنشستن — لیکن نتوان زبان مردم بستن
آنانکہ بکنج عافیت بنشستند — دندان سگ و زبان مردم بستند

کاغذ بدریدند و قلم بشکستند ... وز دست و زبان حرفگیران رستند

فراہم نشینند تردامنان ... کہ این زہد خشک است وان دام نان

چو راضی شد از بندہ یزدان پاک ... گر اینان نہ گردند راضی چہ باک

بد اندیش خلق از حق آگاہ نیست ... ز غوغائے خلقش بحق راہ نیست

ازان رہ بجائے نیاوردہ اند ... کہ اول قدم پے غلط بردہ اند

دو کس بر حدیثے گمارند گوش ... یکے نکتہ چین و دگر مرد ہوش

یکے پند گیرد دگر ناپسند ... نہ پردازد از حرفگیری بہ پند

فرو ماندہ در کنج تاریک جائے ... چہ دریابد از جام گیتی نمائے

مپندار اگر شیر و گر روبہی ... کز انیان بمردی و حیلت رہی

اگر کنج خلوت گزیند کسے ... کہ پروائے صحبت ندارد بسے

مذمت کنندش کہ زرق است و ریو ... ز مردم چنان می گریزد کہ دیو

وگر خندہ روست و آمیزگار ... عفیفش ندانند و پرہیزگار

غنی را بغیبت بکاوند پوست ... کہ فرعون اگر ہست در عالم اوست

وگر مرد درویش درسختی است ... بگویند ازو بار و بدبختی است

وگر کامرانے درآید ز پائے ... غنیمت شمارند و فضل خدائے

کہ تا چند ازین جاہ و گردن کشی ... خوشی را بود در قفا ناخوشی

وگر تنگدستے تنک مایہ ... سعادت بلندش کند پایہ

بخایندش از کینہ دندان بہ زہر ... کہ دون پرور است این فرومایہ دہر

چو بینند کارے بدستت درست ... حریصت شمارند و دنیا پرست

وگر دست همت بداری ز کار — گدا پیشه خوانندت و پخته خوار

وگر ناطقی طبل پر یاوهٔ — وگر خامشی نقش گرماوهٔ

تحمل کنانرا نخوانند مرد — که بیچاره از بیم سر بر نکرد

اگر در سرش هول مردانگیست — گریزند ازو کین چه دیوانگیست

تعنت کنندش گر اندک خوراست — که مالش مگر روزی دیگرست

وگر نغز و پاکیزه باشد خورش — شکم بنده خوانند تن پرورش

وگر بی تکلف زید مالدار — که زینت بر اهل تمیز است عار

زبان در نهندش به ایذا چو تیغ — که بدبخت زر دار از خود دریغ

وگر کاخ و ایوان منقش کند — تن خویش را کسوت خوش کند

بجان آید از دست طعنه زنان — که خود را بیاراست همچون زنان

وگر پارسائی سیاحت نکرد — سفر کردگانش نخوانند مرد

که نارفته بیرون ز آغوش زن — کدامش هنر باشد و رای و فن

جهاندیده را هم بدرند پوست — که سرگشته بخت برگشته اوست

گرش حظ ز اقبال بودی و بهر — زمان تا براندش ز شهرش به شهر

عزب را نکوهش کند خرده بین — که می لرزد از خفت خیزش زمین

وگر زن کند گوید از دست دل — بگردن در افتاد چون خر بگل

نه از جور مردم رهد زشت روی — نه شاهد ز نامردم زشت گوی

کس از جور دست زبانها نرست — اگر خود نمائیست وگر حق پرست

اگر بر پری چون ملک ز آسمان — بدامن در آویزدت بدگمان

بکوشش توان دجلہ را پیش بست — نشاید زبان بد اندیش بست

عوام (پبلک) عموماً ناسمجھ۔ ناوان وبیجا شور وشر کرنے والے اور بے سمجھے تقلیدی راے پر چلنے والے ہوتے ہین اور دو متضاد امور مین عمل کرنے اور اُس کے نہ کرنے پر ملامت کرتے رہتے ہین۔ لہذا اُن کی شکایت و ملامت کی پروا نہ کرنی چاہیئے بلکہ حق کوش وحق تیوش ہونا وسچی وصحیح راے رکھنا چاہیئے۔ پس جایز ومخلصانہ اطاعت ومتابعت اُن کی جنکی چاہیئے اور حق پر چلنے والون اور نصیحت کرنے والون کی کرنا کرنا اُس کے منافی نہین بلکہ امر بالمعروف ونہی عن المنکر کی متابعت کرنا ہے۔ کامن سینس اگر امر بالمعروف و نہی عن المنکر کو کہتے ہین تو اُس کے مطابق عمل کرنا بہتر وزیبا ہے۔ بیجا خواہش وبیجا عمل کو خدا تعالے وآخرت کے خوف یا سوسایٹی کے لحاظ سے روکنا حیا ہے۔ بعض اوقات معمولی حق باتون کا نہ کہنا بھی حیا کے وجہ سے اچھا ہوتا ہے۔ جیسا کہ سورۂ احزاب مین ہے۔ ولکن اذا دعیتم فادخلوا فاذا طعمتم فانتشروا ولا مستانسین لحدیث ان ذلکم کان یؤذی النبی فیستحی منکم واللہ لا یستحی من الحق

ولیکن جب بلائے جاو تب جاو پس جب کہا چکو تو متفرق ہو جاو اور نہ آرام لو بات کیلئے یہ تکلیف دیتا ہے نبی کو سو حیا کرتا ہے تم سے اور اللہ نہین حیا کرتا حق کے ظاہر کرنے سے ؛

پس اس سے ثابت ہوا کہ لوگون کو جب آنحضرتؐ کہانا کہانے کے لئے بلاتے تھے تو بعد فراغت کہانا کے وہ لوگ بات چیت کے لئے بیٹھ جاتے تھے اور آنحضرتؐ حیا کے وجہ سے اس تکلیف کا ذکر نہین کرتے تھے حالانکہ حق کا مقتضا یہ تہا کہ کہہ دیا جاتا۔ لہذا اللہ نے اس طرح ظاہر کیا۔

کمال انسانی و انتہائی کمال ملی و کمال حیات ملی و توسیع
حیات ملی و حقیقی اجتماع کا نصب العین و حیات ملی کا مرکز
و آئین کس طرح حاصل ہو سکتے ہین و تصاحب۔ کمال
انسان کا جوہر تعامل و تعاشر و اختلاط افراد و ربط و ایثار و ضبط نفس
و دعوت الی الخیر و قسط و اصلاح و امر بالمعروف و نہی عن المنکر
مین ثابت ہوتا اور دیگر فضایل و خصایل عالی سے ظاہر ہوتا ہے،
جبکہ رحمت عالم کے لئے یا آدمیون کے لئے اُن کا عامل
ثابت ہو تاریخ و روایات قومی کی حفاظت اور اس کے
اسوہ حسنہ کی پیروی سے احساس نفس کا تسلسل اقوام
مین اور احساس نفس کا تسلسل حافظہ سے افراد مین
ہوتا ہے۔ لہذا تاریخ و روایات قومی و حافظہ دونون کی حفاظت
و دونون کا قایم و برقرار رہنا بیحد ضروری ہے۔ نظام قومی
و ملی بغیر کسی آئین و قوانین کے نہ درست ہوتا اور نہ صورت پذیر
ہو سکتا ہے۔ اسی لئے جس طرح اللہ تعالیٰ نے تعامل
و ربط و اخوت کی ہدایت فرمائی اسی طرح اُمت محمدیہ کے لئے
آئین قرآن شریف کو مقرر فرمایا۔ پس اتباع آئین فطرت و اتباع
آئین ملت یعنی قرآن مجید کے بغیر پختگی سیرت ملی اور قومی کی
نہین ہو سکتی۔ حیات ملی و قومی کے لئے ایسے مرکز کی ضرورت
ہے جس کے مرکز ہونے کی شہادت موجود ہو چونکہ اُمت محمدیہ کو

اتباع ملت ابراہیمی و کعبہ کو قبلہ بنانے کا حکم ہے اور شہادت کافی اسکے
اور مدینہ منورہ کے لئے جو جائے قیام و روضہ آنحضرت ہے موجود ہے۔ لہذا مرکز
حیات ملی دین محمدیہ کے لئے موجود ہے۔ حقیقی اجتماع نصب العین سے
اعتصام و مضبوط پکڑنے سے ہوتا ہے اور نصب العین ملت محمدیہ کا
ایمان کے ساتھ عمل صالح و تبلیغ و نشر کرنا اور بر و تقوے کی اعانت
اور اصلاح بین الناس و بین الاخویہ اور مومنین مین امر بالمعروف و نہی عن
المنکر کرنا ہے لہذا اگر ان سب پر عمل ہو تو حقیقی اجتماع امت محمدیہ مین ضروری و
لازمی ہوجاوے پھر کوئی اُس کا مانع نہ ہوسکے۔ اور پھر کوئی قوت و طاقت اُسکی
مزاحمت نہ کرسکے۔ توحید سے حزن و خوف و اضطرار دور ہوتے اور
اطمینان و تسکین پیدا ہوتی اور انسانون سے ڈرنے کے بجائے اور
انسان پرستی و طاغوت پرستی کی جگہہ خدا سے معتدل خوف و رجا و خدا پرستی
اور امید آخرت مین معاوضہ صبر تکلیف کے پانے و ثواب اعمال نیک صبر ثبات ملنے کی توقع
پیدا ہوتے ہین اور انسان کا جو درجہ واقعی عالم مین ہے اور موحد کا جو
مرتبہ ہے قایم ہوتا ہے اور ذلت نفس جاتی رہتی ہے اور اعتماد علی النفس
و خودداری پیدا ہوتی ہے لہذا ایمان باللہ سبب اعمال صالح و آرام و خوبی
راحت و فایدہ و کمال انسانی کا ہے۔ توسیع حیات قومی ملی کی قوائے نظام
عالم کی تسخیر اور ان سے فایدہ اُٹھانے سے ہوتی ہے۔ اسی لئے اللہ تعالیٰ
نے فرمایا ہے۔ وسخر لکم ما فی الارض جمیعا لہذا اُمت محمدیہ کو تسخیر کی بھی
ہدایت اور نہ ہدایت بلکہ تاکیدی حکم ہے۔ کمال حیات ملی و قومی کا یہ ہے

کہ اسکی جماعت مثل افراد کے احساس پیدا کرے اور جس طرح فرد کو احساس اپنے فایدہ و نقصان و ترقی و حفاظت کا ہوتا ہے اور نہ احساس بلکہ جذبہ قوی ہوتا ہے اسی طرح قومی وجود و قومی فلاح و بہبود کا احساس و جذبہ ہو۔ تکمیل اس احساس و جذبہ کی روایات قومی و ملی کے ضبط و رواج و شایع ہونے و مرتکز ہو جانے سے ہوتی ہے اور جس طرح افراد کے حیات میں جلب منفعت و دفع مضرت تعین عمل و ذوق حقایق عالیہ احساس نفس کی تدریجی نشو و نما اس کے تسلسل توسیع و استحکام سے وابستہ ہیں اسیطرح ملل و اقوام کے حیات کا راز بھی قوم کو اپنے وجود و بہبود کے سمجھنے اور حفاظت و تربیت و استحکام میں مضمر ہے اور اسلام کی کامیابی شاہد ہے کہ یہ کمال آنحضرتؐ اور آپ کے اصحاب کرامؓ میں موجود تھا۔ حیات ملیہ و قومیہ کا انتہائی کمال یہ ہے کہ افراد قومی و ملی کے آئین مسلم کے پابندی سے اپنی ذاتی جذبات کے حدود مقرر کریں اور آزادی مطلق کو ایک درجہ معتدل تک محدود کریں تاکہ انفرادی اعمال کا تباین و تناقض مٹ جاوے اور ملت مشترک پیدا ہو جاوے اور اختلاف سبب تنازع کا نہ ہو بلکہ سبب رحمت و ترقی کا ہو۔ لہذا کمال انسانی و انتہائی کمال فردی و ملی کے لئے امور مذکورہ پر عمل کرنا و مثال بننا ضروری و لازمی ہے اور انکو حاصل کرنا چاہیے مذہب کا اقوی اوفق و اسلم ہونے کا سبب و کیر کٹر کھینے والے و موجدین و مخترعین کے اثرات کے مابین فرق ہے ایک بڑے فرانسیسی عالم نے لکھا ہے کہ حب الوطنی کی پرستش مذہبی اعتقادات آزادی کا شغف نام آوری کا ولولہ یہ چیزیں تخیل سے متعلق ہیں لیکن یہ اس قسم کے تخیلات ہیں جو

ہمیشہ افعال انسانی کے محرک رہے ہیں اور انہیں تخیلات کے بدولت دنیا کے
وہ ملکی و تمدنی عمارت قایم ہوئی ہے جس کے سایہ میں ہم آج بس رہے ہیں۔
لیکن تاریخ کا منارہ تمدن کا ستون قوموں کی زندگی کا اہم اصول اگر کوئی چیز ہے
تو وہ صرف مذہبی اصول ہیں۔ مذہبی اصول ہمیشہ قوموں کی زندگی کا نہایت اہم
عنصر اور تاریخ کا نہایت نمایاں جزو رہے ہیں۔ اوہام کے اندر بھی ایک ایسا موثر
جادو چھپا ہوا ہے جو مزاج عقلی کو بدل دیتا ہے۔ مذہب کے عظیم الشان
قوت کا سبب صرف یہ ہے کہ وہ ایک زمانہ میں قوم کے فواید قوم کے احساسات
اور قوم کے خیالات کو متحد کر دیتا ہے اس لئے وہ اُن تمام عناصر کا جن سے قومی
روح پیدا ہوتی ہے دفعتاً قایمقام ہو جاتا ہے۔ یہ سچ ہے کہ مذہبی قوت کے استیلا
قوم کا مزاج عقلی نہیں بدل جاتا تاہم تمام قوتوں کا رخ صرف ایک مقصد کیطرف
ہو جاتا ہے یعنے تمام طاقتیں جدید مذہب کی حمایت میں کھڑی ہو جاتی ہیں۔
اور مذہب کی عظیم الشان طاقت کا راز اسی اصول کے اندر مضمر ہے یہی
وجہ ہے کہ دنیا کی جن قوموں نے کارہائے نمایاں کئے ہیں اسی قسم کے
مذہبی انقلاب کے زمانہ میں کئے ہیں اور دنیا کی بڑی بڑی سلطنتوں کی تاسیس
اسی دور انقلاب میں ہوئی ہے۔ نفس اعتقاد کوئی چیز نہیں ہے۔ اصلی چیز وہ
قوت ہے جو اعتقاد کو دل میں مرتکز کر دیتی ہے۔ مذہب اسلام نے تمام
اُن چیزوں کو چھوڑ کر جن سے مذہبی یا قومی یا وطنی اعتقاد و ناموری و آزادی پیدا
و پختہ ہوتی ہے اور فواید حاصل ہوتے ہیں صرف اس اعتقاد کو اپنا اصل الاصول
قرار دیا ہے کہ جو عمل کیا جاوے وہ خالصۃً للہ اور خدا کی رضامندی کے

غرض سے کیا جاوے اور کل خداپرست اللہ کی رسی کو مضبوط پکڑ کر ایک قوم بنجاوین اور اس طرح قومی روح و قومی مزاج مسلمانون کا متحد ہو جاوے اور ایمان کو کفر سے بہے موجب ترجیح رکہا جاوے اور تمام چیزون سے اللہ اور اُسکے رسول اور اللہ کے احکام کو احب سمجہا جاوے۔ اس کا صاف و صریح نتیجہ یہ ہے کہ تمام قومی و نسلی و منزلی و ہمرنگی کے تعلقات سے وسیع وہ اعتقاد ہے جسکو اسلام نے ترجیح دیا ہے اور خدا تعالے پر اعتقاد لانے و اعتصام بحبل اللہ کرنے و عبداللہ بننے سے پیدا ہوتا ہے اور ہر نسل و ہر گروہ اور ہر قوم و ہر رنگ کے آدمی دینی بہائی ہو جاتے ہین۔ پس اس سے اسلم و اقوے دوسرا اعتقاد نہین ہو سکتا جو اپنے اصل مین بہی سچا و صحیح اور اثر مین بہی سب سے بہتر و اقوے ہے اس طریقہ سے عقاید و احساس و فواید مین اتحاد و توحد و یکرنگی پیدا ہوتی ہے جو مزاج قومی کے اتحاد کو مستقل و پایدار بنا دیتی ہین۔ سورہ توبہ مین ہے۔ یا ایہا الذین آمنوا لا تتخذوا آباءکم و اخوانکم اولیاء ان استحبوا الکفر علی الایمان ومن یتولہم منکم فاولئک ہم الظلمون قل ان کان اٰباؤکم و ابناؤکم و اخوانکم و ازواجکم و عشیرتکم و اموال اقترفتموہا و تجارۃ تخشون کسادہا و مساکن

اے ایمان والو نہ بناؤ اپنے باپون اور بہائیون کو رفیق اگر وہ دوست رکہین کفر کو ایمان پر اور جو کوئی تم مین کا اُنکو دوست رکہے تو وہی ظالم ہین تو کہہ اگر ہون اجب تمہارے باپ اور تمہارے لڑکے اور تمہارے بہائی اور تمہاری بیبیان اور تمہارا کنبہ اور وہ مال جنکو جمع کیا ہے اور وہ تجارت جیکے اندہو ہونے سے تم ڈرتے ہو اور وہ مساکن

ترضونہا احب الیکم من اللہ ورسولہ وجہاد فی سبیلہ فتربصوا حتی یاتی اللہ بامرہ واللہ لا یہدی القوم الفسقین ۵

جنہیں تم راضی ہو اللہ اور اس کے رسول اور اسکی راہ کے جہاد سے تو انتظار کرو یہان تک کہ لاوے اللہ اپنے امر کو اور اللہ نہین ہدایت کرتا فاسقین کی قوم کو۔

پس علاوہ اقرب لوگون کے تجارت اور مساکن کو بھی احب رکھنا فسق ان آیات کے رو سے قرار دیا گیا یعنے حکم خدا کے خلاف اور یہ کہا گیا ہے کہ ایسی قوم فاسق کی اللہ ہدایت نہین کرتا جو اشخاص مذکور اور اشیاء مذکور کو احب رکہین۔
تکمیل مذہب کا کام مزکی کرنا کتاب وحکمت سکہانا انسان کی سودمندی و راحت بڑہانا۔ عقل انسانی کو نشوونما دینا صالح بنانا اور غیر صالحون کو مٹانا ہے جب کسی مفید قانون کو چاہین کہ ضرور نافذ ہو تو اسے عبادت کا جزو قرار دیکر اسکے ماخذ کی نوعیت کو الہامی قرار دیدینا سر تسلیم کے انتہائی ادب کے ساتھ خم کرانے کا سبب ہے جو ہرگز انسان کے بنائے ہوئے قانون کے حصہ مین نہین آسکتا۔ تکمیل مذہب آگاہ کرنا اور آخرت و خدا کے خوف کے ذریعہ سے اصلاح کرنا و فلاح کی راہ دکہانا ہے۔ خدا کے قانون کی کامل اطاعت کرنا جسم کے ہر ایک عضو اور قوے اور روح کی ہر ایک طاقت کا مناسب استعمال اور تکمیل و ترتیب سے خدا کا حکم بجالانا اور خدا اور انسان کے ساتھ کامل محبت رکہتا ہے جس سے انسان کی تمام طاقتین ہم آہنگی و تناسب سے جہانتک ممکن ہے کام کرتی رہین۔ افلاطون کی رائے مین مذہب استطاعت کے موافق خدا کے ساتھ مناسبت پیدا کرنے کا نام ہے۔ اور پروفیسر ولیم جیمس ایل ایل ڈی

لکھتے ہین کہ اگر مذہب کے کوئی ایسے خواص پوچھے جاوین جو سب مین پائے جاتے ہین تو جواب یہ ہے کہ مذہب ایک نادیدہ نظام کا یقین دلاتا ہے اور انسان کے سب سے فایق بھلائی اپنے کو اُس کے ساتھ ہم آہنگ کرنا ہے پس یہی یقین اور یہی ہم آہنگی ہے جو روح کے اندر مذہبی عنصر ہے۔ جب تک انسانی زندگی انسان کی تمناؤن کے برلانے کے ناقابل ہے تب تک یہان کی کامیابیون سے بالاتر لذاید کا اشتیاق قایم رہیگا اور اس اشتیاق کو صریح تسکین مذہب سے حاصل ہوگی جب تک دنیوی زیست تکالیف سے معمور ہے تسلی کی ضرورت رہیگی جو پارساؤن کو خدا کی اطاعت سے حاصل ہوتی ہے۔ ہر نظام حکومت اور ہر نظام تمدن کی بنیاد اُس عقیدہ پر ہے جو عام طور پر مسلم ہوجاوے اور چونکہ مذہب عام طور پر مسلم ہوتا ہے لہذا جہان ایسی حالت ہو وہان ہر نظام حکومت اور نظام تمدن کی بنیاد مذہبی عقاید کے سطح پر ہوگی۔ اہل مذہب قوائے مخفیہ کے اُس سلسلہ کی کڑی ہین جو دنیا کی پاسبانی کرتی ہے اور یہی لوگ ہین جنہون نے تاریخ کے عظیم الشان واقعات کو پیدا کیا ہے۔ اگرچہ تمدن پر موجدین اور مخترعین کا عظیم الشان اثر پڑتا ہے لیکن عملاً قوم کی سیاسی تاریخ پر مضبوط کیرکٹر رکھنے والون کا اثر پڑتا ہے اور وہی مذہب قایم کرسکتے اور سلطنتون کی بنیاد ڈال سکتے اور نظام عالم کو اُلٹ سکتے ہین۔ برخلاف اس کے موجدین و مخترعین مین وہ اخلاقی اوصاف نہین پائے جاتے جن کی سطح پر کسی مذہب کی بنیاد ڈالی جاتی ہے۔ لوتھر جیسے گمنام راہب نے یوروپ کو آگ و خون کے سمندر مین ڈالدیا لیکن

گلیلیو اور نیوٹن کی آواز کے طرف اُس طرح کی توجہ نہین ہوئی۔ موجدین مخترعین
تمدن کو پیدا نہین کرتے نہ اُس کی بنیاد ڈالتے ہین بلکہ تمدن کے رفتار کو
تیز اور سریع کر دیتے ہین لیکن مضبوط کیرکٹر رکھنے والے چونکہ تمدن کی بنیاد
ڈالتے ہین اس لئے وہ ایک مستقل تاریخی دور کو شروع کرتے ہین۔ ملکہ
راسخہ و عادات بھی تحریک کرتے ہین لیکن اُن سے قوی وہ اندرونی جذبہ محرک
ہے جس کو مذہب کہتے ہین اور جبکہ اُس کے ساتھ اول الذکر ہوتے ہین
تو عمل جلد اور باقاعدہ ہونے لگتا ہے۔ لہذا پارسائی دینداری کیساتھ
ہونا چاہیئے۔ مذہب اور اخلاق زندگی کے دونون رُکن اعظم ہین جسطرح
مذہب نظام اخلاق پر اثر ڈالتا ہے اُسی طرح خود نظام اخلاق سے متاثر
بھی ہوتا ہے۔ ہر قوم کا نظام اخلاق اپنے اصلی اوصاف کے لحاظ سے
قایم رہتا ہے اور اسی خصوصیت نے ہر قوم کی تاریخ کو متحد اور جامع اور
مانع بنایا ہے۔ مذہب حق جدید تمدنی ضروریات پر منطبق ہوتا ہے اور انسانون
مین تعامل و تصاحب و معاشرت کے ہموار و آسان ہونے کے طریق اور
راحت بڑہانے و اذیت گھٹانے کا راستہ بتلاتا ہے اور اختلاف و تنازع و تفرق
ہونے سے بچاتا ہے۔ مذہب کی ترکیب خوف و امید سے ہوتی ہے اسلئے
وہ دایم الاثر و ممتاز ہوتا ہے۔ جو وجدانی و برہانی شہادتین آثار فطرت و قوانین
قدرت کے رو سے وجود باری کے نسبت ہین مذہب متواترات سے اُسکی
تصدیق کرتا ہے۔ اور رسل و انبیا بذاتی شہادت اپنے محسوس کرنے و آگاہ
ہونے اور اپنے پر وحی نازل ہونے کی دیتے ہین۔ پس شہادت سے استدلال کو

زیادہ قوی اور مفید یقین ہو جاتا اور ایمان بالغیب کا سبب ہوتا ہے۔ اور چونکہ مذہب کے رو سے ایسی ہستی جزا و سزا دینے والی متصرف کائنات حاضر و ناظر پر ایمان لایا جاتا ہے جو خفیہ و علانیہ ظاہر و باطن ہر قسم کے نیت ارادہ و فعل کا جاننے والا ہے۔ لہذا جیسا کہ جو برائیاں ہوتی ہین اُن سے بھی انسان بچتا ہے اور تغافل شعاری و ریاکاری سے عمل نہین کرتا بلکہ احتیاط و اخلاص سے کرتا ہے اور یہ اور کسی طریق سے نہین ہو سکتا۔ مذہب کسی قوی توانا کو رام کرنے اور جھاڑنے کے منترون اور افسون کا نام نہین ہے بلکہ اُس طرز معاشرت اور اصول مماثلت کا نام ہے جس سے ہم اپنے ابنا نوع کے ساتھ مل جلکر آرام و آسایش سے زندگی بسر کر سکتے ہین اور جس سے ہم کو روحانی ترقی و صالحیت حاصل ہوتی ہے اور جو ہماری ضروریات زندگی اور منشاے حیات کو پورا کرتا ہے۔ لہذا جس مذہب کا تعلق ہماری روزمرہ کی زندگی کے ہر ایک کام و شعبہ سے نہ ہوگا وہ اپنے حقیقی مدعا کو پورا نہین کر سکتا۔ مذہب وہی سچا ہے جو معتقدین کے ہر کام مین ساری ہو اور وہ ترک لذات و ترک طیبات کی تعلیم نہ دیوے اور وظایف بشریت کا مانع نہ ہو۔ سچے مذہب کے اصول فہم انسانی کے معیار پر قابل آزمایش ہوتے ہین۔ حیات بعد الممات کا مسئلہ اور روز قیامت سزا و جزا کا عقیدہ ہر مذہب نے کسی نہ کسی صورت مین تسلیم کیا ہے۔ مذہب کی بنیاد آخرت کے اعتقاد پر ہے۔ یعنے مسئلہ بقاے روح و جزا و سزا پر یا اُن مین سے کسی پر۔ ہمارے پاس اس کے سوا کوئی اسلوب بیان نہین کہ جزا و سزا کے دلنشین کرنے کیلئے

ایسے الفاظ بیان کیے جاوین جو ہمارے احساسات ظاہری کے مطابق ہون اور کسی طرح سے احساسات کا تصور حقیقی ہو ہی نہین سکتا۔ لہذا ایمان باللہ و یوم آخر کے ذریعہ سے معاشرت کو خوشگوار و قابل عمل بنایا جاتا ہے اور انبیا و رسول سے تصدیق کرائی جاتی ہے تاکہ صحت و تسکین و یقین کا سبب ہو۔ ضرورت ترقی تمدن و حفاظت اسکی متقاضی ہے کہ حیات اجتماعی کو بھی حیات ذاتی کے مقابلہ مین تقویت پہنچائی جاوے۔ خیالات و واقعات مذکور کے بنا پر اگر بنیاد عمل قایم کی جاوے تو اس کے سوا چارہ نہین کہ خارجی ذرایع و تدابیر سے افراد کی خودغرضی کو دبایا اور بجاے اُس کے اُنہین ایثار نفس و ہمدردی وغیرہ کا خوگر کیا جاوے۔ سوال یہ ہے کہ اُس کی بہترین تدابیر و طرق کیا ہین۔ آیا یہ غرض فلسفہ اخلاق کی تعلیم سے حاصل ہو سکتی ہے۔ بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہو لیکن جو فطرت بشری کے اثرات سے واقف ہین وہ اس پر ہرگز اکتفا نہین کر سکتے۔ اخلاقی تعلیم کے تعمیم کی عملی دشواریون سے قطع نظر کر کے عام افراد جس دماغی سطح پر عموماً ہوتے ہین اُس کے لحاظ سے اُن مین یہ صلاحیت ہی نہین ہوتی کہ وہ کسی فعل کو اُس کے حسن و قبح عقلی کے بنا پر ترک یا اختیار کرین اور بفرض محال اگر خودغرضانہ زندگی کے نقایص اُن کے ذہن نشین بھی کر دیئے جاوین تو بھی دلایل و براہین اسقدر اُن کیلیے موثر نہین ہو سکتے جس قدر کسی حقایق فطرت قدرت کے اور مقدس احکم الحاکمین کے احکام ہوتے ہین۔ جذبات کا زور صرف جذبات ہی توڑ سکتے ہین لہذا خودغرضی کے جذبات کے توڑنے کے لیے مذہبی جذبات ہی سب سے زیادہ کارآمد ہو سکتے ہین

حیات ذاتی کے جذبات کو بنظر تحفظ ذاتی بر بنائے عقل ابتداءً نشو و نما ہوتا ہے لیکن بالآخر بروئے قانون ایتلاف وہ محرکات خودغرضانہ زندگی کے ہو جاتے ہین۔ پس اُن جذبات کے توڑنے کی اس کے سوا کوئی صورت نہین کہ اُن کے مخالف جذبات اُن سے قوی تر پیدا کئے جاوین اور دنیا مین یہ مقصد محض ایک الہامی قوت ایک ماورائے مادہ ہستی اور ایک تقیید و اعتراف سے ارفع و مقدس ذات پر اعتقاد لانے کے بغیر پورا نہین ہو سکتا اپنے ذات کی محبت اور اپنے فواید کا ایثار اور راحت عاجل کو قربان کرنے کا خیال جب ہی ہو سکتا ہے جب راحت عاجل کے مقابلہ مین تخیل قوی اور مضبوط جذبہ بہ تبعیت عقل اپنا عمل کر سکے۔ مذہب ہی عقل و جذبات مین اتحاد کرانے اور جیسی ضرورت ہو اُن سے بہترین طور پر کام لینے کا سبب ہوتا ہے اُس سے زیادہ کوئی محرک و تخیل قوی نہین ہوتا۔ سورہ حدید مین ہے۔

| | |
|---|---|
| و اٰتینٰہ الانجیل وجعلنا فی قلوب | اور دیا ہم نے عیسیٰ ابن مریم کو انجیل اور |
| الذین اتبعوہ رأفۃ و رحمۃ و | ٹھرایا ہمنے جنہوں نے اُسکی اتباع کی اُنکے دلمین نرمی |
| رھبانیۃ ابتدعوھا ما کتبنٰہا | اور رحمت کو اور رہبانیت کو انہوں نے بنا نکالا اُسے ہمنے |
| علیھم الا ابتغاء رضوان اللّٰہ فما | نہین لکھا تھا اُسکو اُنپر مگر اللہ کی رضامندی کا چاہنا |
| رعوھا حق رعایتھا | پھر نہ نباہا اُنہون نے اُسکو جیسا حق ہے نباہنے کا۔ |

پس اس آیت سے ثابت ہوتا ہے کہ رافت اور رحمت نصرانیون کے دل مین اللہ تعالےٰ نے دی تھی نہ کہ رہبانیت لیکن اُنہون نے رہبانیت کو بنا نکال لیا اور خدا کی رضامندی چاہنے کی رعایت کما حقہ نہ کر سکے اور اس

طرق بیان سے یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ رہبانیت کس کو کہتے ہین یعنے یہ کہ رافت
و رحمت کے مفرط ترقی کو کہتے ہین اور اس کے وجہ سے عیوب پیدا ہو جاتے
ہین جن کا نتیجہ یہ ہے کہ اپنے آرام اور حقوق سے مستفید نہ ہونا اور اعضاء
کو بیکار کر دینا اور اس طرح اپنے کو اپنے کم درجے پر ظاہر کرنا جو سچا ہے
اور ریاکاری و بدکاری کرنا وغیرہ۔ اب دیکھو کہ نصرانی رہبان کیا کرتے تھے
ہر قسم کے لذیذ کھانون اور راحت سے انتظار پرہیز کرتے تھے کپڑے خاص
قسم کے خراب پہنتے عبادت ظاہری مین مشقت کرتے اپنی قوتون و اعضاء
کو بیکار کر دیتے اور اس کو عبادت سمجھتے اور لوگون کے سامنے اپنے
آپ کو مسکینانہ پیش کرتے وریاکاری و بدکاری کرتے اور اپنے کو ولی
کہلواتے تھے غرضکہ اپنی خواہشون کو مردہ کر دینا اصل اصول سمجھتے تھے
و راسی قسم کے افعال کرتے تھے جنکا استقرار ہو سکتا ہے۔ لہذا اس قسم
کے افعال محمود نہین ہین بلکہ مذموم ہین اور خدا تعالے کی رضامندی اُسسے
نہین حاصل ہوتی بلکہ وہ رضاے الٰہی کے خلاف ہین اور بدعت دین مین
پیدا کر لینا ہے نہ ایسا ہو سکتا ہے کہ ایمان ہو اور اُس کے مطابق عمل نہ ہو یا
عمل ہو اور اُس کے مطابق ایمان نہ ہو یعنے عمل بر بناے ایمان نہ ہو کیونکہ ممکن
ہے کہ اعتقاد سے جذبہ قوی و غالب کی صورت نہ اختیار کی ہو یا عمل خلاف
اعتقاد کے ہو یا غفلت یا دیگر وجوہ سے خلاف ہو جاوے لہذا ایمان ایسا
قوی ہونا چاہیے کہ عمل صالح کرنے کا جذبہ اس کی وجہ اقوے ہو جاوے اسی مصلحت
و حکمت سے ایمان و عمل دونون کی بابت قران مین حکم ہے عقل و تجربہ و علم

اداے فرض کے خیال سے بھی عمل کرنے کی تحریک ہوتی ہے لیکن غفلت
وتن آسانی وراحت حاصل عموماً مارج ہوتے ہین اس واسطے دیکھا جاتا ہے
کہ بہت خوشخیال وسچے اعتقاد رکھنے والے کسی امر کے ہوتے ہین لیکن عمل
اُس پر نہین کرتے۔ یا مثلاً تم دیکھو گے کہ اسلام کو بعض لامذہب سچا سمجھتے
اور اُس کی تعریف کرتے ہین لیکن اعمال حسنہ طریق اسلام نہین کرتے اس کا
سبب اکثر یہی ہوتا ہے کہ اُن کے اعتقاد جذبہ کی صورت اختیار کرکے عمل
کرانے کا اُن سے سبب نہین ہوتے اور غفلت وتن آسانی اُن کو عالم
بے عمل کا درجہ دیدیتی ہے یہی وجہ ہے کہ معینہ اوقات مین عبادات کرنے کیلیے
اسلام مین احکام تاکیدی ہین مثلاً نماز کے نسبت تاکہ غفلت وتن آسانی بھی کم ہو اور
جذبہ پیدا ہوجاوے اور عادت سے عمل آسان ہوجاوے۔ پروفیسر بلیکی صاحب نے
خوب کہا ہے کہ بلا مذہب کے اخلاقی قواعد کی پابندی ایسا ہی ہے جیسا یہ
فرض کرنا کہ بلا انجیر واٹ کے داتائی و فکر وغور کے خالی کل تیار ہوجاوےگی
بلا دینداری کے اخلاق ایسا ہی ہے جیسے ایک بڑی ندی بغیر پانی کے یا جسم
بغیر سر کے جس طرح راستی و درستی کے ساتھ اخلاقی قواعد کی پابندی بشمول
و تجنیت و مذہب کے ہوتی ہے ویسی دوسرے طرح پر نہین ہوسکتی کیونکہ دوسرا
کوئی قانون قانون مذہب سے زیادہ شخصی چال وچلن کی محافظت نہین کرسکتا
اور اُس کو درست نہین رکھہ سکتا۔ لہذا نوجوانون پر لازم ہے کہ وہ زمانہ حال
کے اُن مختلف اخلاقی قاعدون پر جو بلا صداقت کے قایم کئے گئے ہین لیپٹ پہونچ
اور خوب سمجھہ لین کہ اصل بنیاد حسن اخلاق کی سچی دینداری ہے اور اُس کا سرچشمہ

غذا ہے۔ کامیابی۔ بغیر مذہب و اخلاق کے حیات بے لطف ہوتی ہے اور حقیقی تسکین
وقناعت و فارغبالی سے انسان بعید رہتا ہے اس طرح اپنے مقصد حیات کو
پورا نہیں کرسکتا اور عروج کمال تک نہیں پہونچتا۔ اے۔ او۔ ہیوم صاحب
کہتے ہیں کہ اول مجھے یقین تھا کہ علم قوت عظیم ہے اور ہر قسم کی علمی تعلیم کارآمد و مفید
ہوتی ہے مگر اب میرا یہ یقین دور ہوگیا اور کامل تجربہ سے یہ مجھے دریافت ہوگیا
کہ جماعت کی موجودہ حالت ایسی ہورہی ہے کہ اگر عقلی اور علمی تربیت کیساتھ
اخلاق و دینداری کی تعلیم نہ ہو تو وہ محض زہر آلود ہوتی ہے اور بجائے فایدہ
کے ضرر پہنچاتی ہے۔ مشہور مصنف ڈاکٹر اسمائلس فرماتے ہیں کہ فہم و فراست
کی تربیت کا اثر اخلاقی کردار پر بہت کم ہوتا ہے بہتیرے تعلیم یافتہ اور پڑھے
لکھے بدکردار مسرف نزیان کار ناعاقبت اندیش میخوار اور شریر ہوتے ہیں۔ لہذا
یہ ضروری اور لازمی امر ہے کہ تعلیم کی بنیاد پارسائی اور مذہبی اصول پر رکھی
جاوے۔ سر والٹر اسکاٹ نے اپنے بستر مرگ پر لاکہارٹ اپنے داماد سے
یہ الفاظ کہے تھے "نیکوکار ہو۔ پابند دین بھی رہو اور ایک اچھے آدمی رہو
بس اس کے سوا اور کسی طرح تمہیں اس مقام پر جہاں میں لیٹا ہوں اطمینان
قلب نہیں حاصل ہوسکیگا۔ روحانی برتاو کی نیکی تمدنی برتاو کی خوبی کو لازم
ہے الا تمدنی برتاو کو روحانی نیکی یا بدی سے تعلق ہونا کچھ ضرور نہیں ہے۔
پیغمبر کا کام روحانی نیکی کا بتانا ہوتا ہے اور جہاں تک اس کو تمدن سے تعلق
ہوتا ہے بطور لزوم کے ہوتا ہے کیونکہ وہ خود انسان کی حالت کی ترقی کے
ساتھ ترقی پاتی جاتی ہے۔ ملکی انتظام محض ایک دنیاوی کام ہوتا ہے اور

جہان تک جان ومال کے امن سے متعلق ہوتا ہے وہ اُس زمانہ کی حالت کے
مطابق نہایت اعلیٰ درجہ کی ترقی پر پہنچا ہے۔ پس آنحضرتؐ نے اسیطرح کیا
اور آیندہ کے لئے یہ فرماکر کہ انتم اعلم بامور دنیاکم اُس کو آیندہ آنیوالون کے
ہاتھون مین چھوڑ دیا۔ ہم ہر ایک تمدنی وا خلاق اصلاح کے حمایتی سے پوچھتے
ہین کہ اس سے بڑھکر اور کس حکم وآزادی کی ضرورت ہے۔ اور اس سے
صاف زیادہ اور کیا کہا جاسکتا ہے مذہب اسلام کا وہ حصہ جس مین بالکل تغیر
نہین ہوا اور جس سے اُس کے بانی کے طبیعت صاف صاف معلوم ہوتی ہے
مذہب اسلام کا نہایت روشن حصہ ہے جس سے ہماری مراد قرآن کے بیانات
اخلاقی سے ہے وہ ہمارے دعوے کے لئے کافی برہان ہے۔

## قومی زندگی پر اصول کا حقیقی اثر اور اُن کی کامیابی اور موثر طاقت کا بہترین زمانہ اتحاد وامتزاج اصلی قوم نہ کہ مصنوعی قوم بننے کیلئے۔

قومی روح پر اصول کا حقیقی اثر اُس وقت تک نہین ہوتا جبتک کہ بتدریج
اُس کا خمیر پختہ نہ ہوجاوے اور عالم شعور کی بلندی سے اُترکر وہ انسان کے
غیر شاعرانہ مرکز عمل مین نہ آجاوے کیونکہ اس وقت وہ نظام عالم کا ایک جزو
بنجاتے ہین اور قوم کی زندگی پر ان کا اثر پڑتا ہے۔ جب اُن اصول کا خمیر طیار
ہوجاتا ہے تو چونکہ وہ عقل کی حکومت سے آزاد ہوجاتے ہین اس لئے شدت
کے ساتھ اُن کا اثر پڑتا ہے۔ ہم کو علانیہ نظر آتا ہے کہ جس دل پر کسی مذہبی
یا غیر مذہبی اصول کے اثر کا استیلا ہوجاتا ہے اُس کا یقین عقل سے بالکل
متاثر نہین ہوتا بلکہ دوسرے اصول کو کسی نہ کسی طرح توڑ مروڑ کر اپنے

مسلمہ اصول کے ساتھہ مدغم کر لیتا ہے۔ پس جب تک اصول عالم شعور سے
اُبھر کر انسان کے غیر شاعرانہ مرکز عمل مین نہ آجاوین قومی زندگی پر اُن کا حقیقی
اثر نہیں پڑتا ہے۔ جب اُن کے اصول کا دور نشر و اشاعت اس حد تک پہنچ
جاتا ہے کہ صرف سریان خیال یعنے نقل زبان و نقل فعل کے ذریعہ سے
وہ پھیلنے لگتے ہین تو اُن کی کامیابی کا زمانہ شروع ہو جاتا ہے۔ راے عام جن
اصول کو جس قدر سرعت کے ساتھہ قبول کر لیتی ہے اُسی قدر اُن مین موثر
و محکم طاقت زیادہ ہوتی ہے۔ یہی طاقت اُس کو رفتہ رفتہ دماغ کی طرف
لیجاتی اور اُسمین اُن کو مرتکز کر دیتی اور اُس مین اُن کا قایل اطمینان ملکہ
پیدا کر دیتی ہے اور وہ خاک کے ذرون کے طرح تمام خیالات بلکہ اُس شخص
کے تمام اعمال مین سرایت کر جاتی اور موروثی عادات کا ایک جزو بنجاتی اور
دلون اُن کو محفوظ رکھتی ہین۔ اور جب وہ اُن سادہ دل لوگون کے قلوب
مین مرتکز ہو جاتے ہین جو بغیر بحث و مباحثہ کے اُن کو قبول کر لیتے ہین تو پہاڑ
کی طرح اٹل ہو جاتے اور سیلاب کے طرح بہتے ہین۔ چنانچہ ہر قوم مین ایسی
قسم کی نظایر ملتی ہین جنھون نے اپنے اصول راسخہ کے لئے اپنی جانین بیدریغ
قربان کر دی ہین۔ یہی وہ عالم ہے جس پر وہ عظیم الشان واقعات ظہور پذیر
ہوتے ہین جو تاریخ مین انقلاب عظیم پیدا کر دیتے ہین۔ کسی عقیدہ کی قوت نفوذ کو
صرف وہی عقیدہ ضعیف کر سکتا ہے جو قوت و نفوذ مین اُس کے برابر ہو اس بنا پر
ایمان کو صرف ایمان ہی باطل کرتا ہے اور جو مادی قوت عقیدہ کی راہ مین حایل
ہو جاتے ہین وہ قومی عقیدہ کی تقویت کرتی ہین ہمیشہ

تصادم مین قوی عقیدہ ہی کو فتح حاصل ہوگی لیکن اگر کوئی عقیدہ ایسے عقیدہ
کے ساتھ ٹکرائے جس کی قوت اُس کے برابر ہے تو جنگ مساویانہ حالت
کے ساتھ قایم رہیگی اور فتح و ظفر کا فیصلہ اُن خارجی حالات پر معلق رہیگا
جو اُن مین سے کسی فریق کے محیط ہین۔ ان حالات مین قوت اخلاق اطاعت کیشی
اور حسن نظام کو خاص طور پر اہمیت حاصل ہے۔ پس یہ حقیقت واضح ہے
کہ اگر اخلاقی حیثیت سے دو مساویانہ قوت مین تصادم ہو تو اُس کو فتح حاصل
ہوگی جس کا نظام مستحکم اصول پر قایم ہے۔ اس تفصیل سے ثابت ہوتا ہے
کہ فتح اعتقاد والون ہی کو ہوتی ہے اس مین مذہب و سیاست کی تفریق نہین
بلکہ قوت اعتقاد کا نتیجہ دونون جگہہ یکسان طور پر ظہور پذیر ہوتا ہے و حسن نظام
استحکام سے قیام رکھتا ہے اُن کو فتح ہوتی ہے۔ کام کا جنون اگر دیوانگی
تک پہنچ جاوے تو بھی مفید ہے۔ سخت جوش اگر دیوانگی کے حد قریب پہنچ
جاوے تو بھی وہ ایک مفید بلکہ ضروری محرک ہے۔ انسان کے کامونمین
بھی تقسیم محنت سے زیادہ نفع حاصل ہوتا ہے اور محنت کی تقسیم اُسی وقت جب ہی
ہوسکتی ہے کہ محبان انسان کی ہر ایک جماعت اپنے فرض کی کم و بیش تابع
ہو جاوے لیئے اُس جماعت کو اپنے کام کا بہت ہی زیادہ اعتقاد و جوش ہو
شاید خدا تعالےٰ کے رحمانانہ نظام کائنات کا ایک جزو یہ بھی ہے کہ اُن لوگون کے
اعتقاد مین تزلزل واقع نہ ہو۔ اگر افراد مین جذبہ بھی مستحکم اور ضبط نفس کی
بھی قوت ہو اور قومی فضایل بھی اور وہ فرایض و حقوق بھی ادا کرتے ہوئے
ہون لیکن قومی توحد و یکرنگی نہ ہو تو اُن سے اصلی قوم اُن افراد کی نہین بن سکتی

بلکہ اُن کے لیئے لازم ہے کہ عقاید و فوایدو احساس ایک طرح کے ہون تاکہ
جذبات و خیالات و عقاید اور منافع عامہ کا اتحاد مزاج عقلی قومی کے اتحاد کو
مستقل و پایدار بنا دے - دنیا مین جب کوئی قوم اتحاد و امتزاج کے اس درجہ
پر پہنچ جاتی ہے تو خود بخود غیر محسوس طور پر تمام اثرات اپنے فواید مین متحد ہو جاتے
ہین اور منازعات کے اسباب کا قلع و قمع ہو جاتا ہے - پس وہ قوم بھی جو شاندار
تمدن و قدیم تاریخ کا سرمایہ رکھتی ہو جب تک اُس کی حالت مین توحد و یکرنگی
نظر نہ آوے اُس کو مصنوعی یا تاریخی قوم کا لقب دینا موزون ہوگا نہ کہ اصلی
و خالص قوم کا - موجودہ متمدن قومین بالکل تاریخی و مصنوعی قومین ہین - یہی

**انسان و ایکٹر کے فرایض مین مماثلت و اتقا کا اکرم ہونا و بابا**
**غفلت انسان بانسان کا اعتقاد اہانت انسان و ہدایت قران**

ہے - اے انسان تیری حیثیت اس دنیا مین ایکٹر کی سی ہے تیرا کام یہ ہے
کہ جو پارٹ تجھہ کو دیا گیا ہے اُس کو ادا کر اور رضاے مولےٰ کو اتمہ اولی
جان اور کامل درجات حاصل کر اور سر تسلیم خم کرکے اسلام کو مان - ایکٹر کو
اس سے بحث نہ ہونی چاہیئے کہ اُس کو حاکم کا پارٹ دیا گیا ہے یا محکوم کا
غنی کا یا مفلس کا اُس پر بحث کرنا ہی ناشکری ہے - فرض یہی ہے کہ پارٹ
خوبی و خوش اسلوبی سے ادا ہو - ایسے لوگ بھی ہوتے ہین کہ زبان سے
جس پر اصرار کرتے ہین اُس پر قرار نہین رکھتے زبان کچھہ اور عمل کچھہ
ہوتا ہے لیکن اے ایکٹر تیرا فرض ہے کہ جو تو کہے اُس پر عمل کرے
اور جو وعدہ و معاہدہ تو کرے اُس کو پورا کرے اور تا بہ امکان و استطاعت

اُس پر ثابت قدم رہے فطرتاً تمام انسان مساوی الرتبہ ہین فارق اُن مین مدارج
اخلاق و فضل طبعی ہین۔ سورہ حجرات مین ہے۔
ان اکرمکم عند اللہ اتقٰکم ہ   اکرم تمہارا اللہ کے نزدیک تمہارا سب سے بڑا متقی ہے
پس یہ کہنا کہ انسان کو انسان سے غفلت کرنا چاہیئے نوع انسان کی عالمگیر اخوت
و قرآن مجید کی ہدایت کی اہانت ہے۔

## مذہب و خدا کا اعتراف و مذہب و سائنس و فلسفہ کے حدود

زمانہ سابق مین بڑا فلاسفر انگلستان مین سر آئزک نیوٹن ہوا ہے اُس کے نسبت
یورپ کے نامور علما کا قول ہے کہ یونانی فلسفہ کے موجد سے اس وقت تک
علم نے جس قدر ترقی کی تھی اُس کا ذخیرہ اُس کے دماغ مین موجود تھا اُس نے
اجسام کی باہمی کشش کا مسئلہ دریافت کرنے سے علمی دنیا مین ایک عظیم الشان
انقلاب پیدا کیا۔ باوجود اس علم و فضل کے وہ خدا کے وجود کا دل سے اقرار
کرتا تھا اور مذہبی فرائض سرگرمی سے ادا کرتا تھا اُس کا قول آخر عمر تک تھا کہ خدا
کی قدرت کے لاانتہا اسرار کے سامنے میری حالت ایسی ہے جیسے ایک بچہ سمندر
کے کنارے سنگریزون سے کھیل رہا ہو اور اُس کو سمندر کے تہ کی خبر نہ ہو۔ ڈارون
جس کے نظریہ ارتقا کے نسبت یہ رائے ہے کہ یہ نظریہ علوم طبعیہ مین ایسا
ہی انقلاب پیدا کرنے والا ہے جیسا کہ نیوٹن کے ضابطہ تجاذب اجسام نے
علوم ریاضیہ مین پیدا کیا تھا۔ اُس نے خدا کا انکار کبھی نہین کیا بلکہ وہ اپنے
اُس کتاب مین جو اُس نے نباتات اور حیوانات کے تعلقات پر لکھی ہے تحریر
کیا ہے کہ بعض عالی دماغ مصنف اس بات کا یقین کرتے ہین ہر ایک نباتی اور

حیوانی نسل بجاے خود مستقل طور پر پیدا ہوئی ہے مگر مین یقین کرتا ہون کہ خدا نے
جن قوانین کو مادی چیزون پر حکمرانی عطا کی ہے وہ اس امر کے نسبت گمان
غالب پیدا کرتے ہین کہ یہ تمام نسلین کرہ زمین مین بتدریج پیدا ہوئی ہین اور انمین سے
ایک نسل دوسری نسل کی ترقی یافتہ شکل ہے۔ اسی کتاب مین ایک اور مقام پر
لکھا ہے کہ ہم جس طریقہ سے زندگی اور اُس کی مختلف طاقتون پر غور کرتے ہین
جس کو خدا نے ہمیشہ سے زندہ مخلوقات مین متحرک کر رکھا ہے کیا اُس طریقے مین
کوئی اصلی عظمت نہین ہے کیا اُس طریقہ تحقیقات سے کچہ فایدہ نہین ہے
ہم یقین کرتے ہین کہ چھوٹی سی چھوٹی اور باریک سے باریک زندہ مخلوق سے لیکر
بڑی سے بڑی اور اعلی سے اعلی مخلوق تک سب مین زندگی کی یہ عجیب و غریب
طاقتین جلوہ نمائی کرتی ہین۔ اور اُن کو پستی سے برتری کے طرف اور نقص سے
کمال کے طرف لیجا رہی ہین۔ پاسٹیور جو فرانس کا نامور محقق ہے اور جس نے
کتے کے کاٹنے کا علاج دریافت کیا ہے اور جو علم جراثیم کا بڑا ماہر خیال کیا جاتا ہے
لکھتا ہے کہ اس نیلی اور تارون بھری چھت سے آگے جس کو ہم حیرت سے
دیکھتے ہین کیا چیز ہے اگر کہا جاوے کہ ایسے ہی آسمان ہین جو ستارون سے بھرے ہوے
ہین تو بھی یہی سوال پھر پیدا ہوتا ہے اور ہماری عقل برابر یہی سوال کرتی جاتی
ہے کہ آخر اس سے آگے کیا ہے کتنا ہی زمانہ گذر جاوے اور کتنا ہی فاصلہ
خیال مین لایا جاوے یہ ممکن نہین کہ ہماری عقل کسی نقطے پر ٹھہر جاوے اور یہ
سوال کرنا چھوڑ دے۔ غور کرو کہ بار بار ایک ہی سوال کرنے اور ایک ہی
جواب دینے سے کیا فایدہ ہے۔ ہمارا دل ایسے جواب کا طالب ہے جس کے بعد

پھر کسی جواب کی ضرورت نہ رہے اور وہ جواب یہ ہے کہ اس عظیم الشان کاینات
سے پرے ایک غیر محدود اور لازوال ہستی موجود ہے جو اس تمام کاینات پہ
حکمران ہے کون ہے جو اس اقرار سے گریز کرسکتا ہے مگر غور کرو کہ یہ اُن
معجزات کے اقرار سے بدرجہا زیادہ حیرت انگیز ہے جن کو دنیا کے مذہبون کے
ماننے والے ہم سے بیان کرتے ہین۔ اس اقرار پر پہنچکر لازم ہے کہ ہم نہایت عجز
وادب سے اُس حیرت انگیز اور عظیم الشان ہستی کے سامنے جھک جاوین
اور فرش خاک پر بے اختیار گر پڑین جس کی عظمت اور قدرت دنیا کی ہر چیز سے
ظاہر ہے اور جس کی حمد وستایش زبان حال سے مادہ کا ہر ذرہ کر رہا ہے وہ
لاانتہا و لازوال ہستی کسی نام سے پکاری جاوے کچھ پروا نہین ہے کیونکہ مسلمانو
مین وہی اللہ یہودیون مین وہی یہوہ ہندؤن مین وہی پرماتما اور عیسائیون مین
وہی مسیح ہے۔ ایک دفعہ پاسٹیور سے ایک طالب علم نے سوال کیا تھا کہ اس
علمی تحقیقات پر جو آپ نے کی ہے یہ تعجب خیز ہے کہ اپنے مذہب کے آپ دل
سے قایل ہین آخر علم اور مذہب مین مطابقت آپ کیونکر کرتے ہین۔ پاسٹیور نے
کہا کہ علمی تحقیقات مین مشغول رہنے اور قدرت کے اسرار کے مطالعہ کرنے سے
میرے مذہبی عقاید مین کوئی خلل نہین آیا بلکہ میرا عقیدہ مذہب پر ایسا ہی پختہ
ہو گیا ہے جیسا کہ انگلستان کے ایک کسان کا عقیدہ ہوتا ہے اور اگر مین
آپ سے زیادہ سرگرمی کے ساتھہ علم کا جویا اور اسرار قدرت کا مطالعہ کرنیوالا
ہون تو مجھہ کو یقین ہے کہ میرا یقین خدا پر اور مذہب کی صداقت ورروحانیت پر
ایک کسان کے یقین سے بھی زیادہ مضبوط ہے۔ مذہب فلسفہ سائنس ان

تینوں کی سرحدیں وہاں ملتی ہیں جہاں ظاہر ہوتا ہے کہ وہ طاقت جس کا مظہر
یہ عالم ہے ہمارے ادراک سے مافوق ہے اسی سے کائنات کی ابتدا ہوئی
اور مذہب میں اسی کو ایمان بالغیب کہتے ہیں۔ اسپنسر نے کہا ہے کہ کائنات
کی ابتدا کسی خارجی قوت کے پیدا کرنے سے ہوئی مظہر اس کا موجود ہے
لیکن جس طاقت کا وہ مظہر ہے اس طاقت کا ادراک نہیں ہوسکتا وہ غیب
میں ہے" پس ایمان بالغیب سے زیادہ موزوں لفظ اس پر ایمان لانیکی
بابت اور کیا ہوسکتا ہے جو بذریعہ خبر انبیاء و رسل و کتب سماوی اور یقین کے درجہ
پر پہنچا ہے۔ پروفیسر اے لنکسر کہتا ہے کہ سائنس نظام فطرت کے علم کا نام ہے
جو مشاہدہ تجربہ اور عقل سے حاصل ہوتا ہے۔ جمہور علماء کی رائے میں سائنس
اُن قوانین عام کا نام ہے جو فطرت کے قوتوں پر نافذ ہیں۔ عقل و ذہانت کی
کاروائی کیسی ہی اعلیٰ ہو صرف تعلقات دریافت کرنے تک محدود ہے اور اس
سے آگے نہ اندرونی حالات کو جان سکتی ہے نہ بیرونی وسایل کو صرف اتنا
جانتی ہے کہ کونسی چیز کس کے ساتھ ہوتی ہے یا کس چیز کے بعد کونسی چیز
آتی ہے۔ پس صداقت صرف یہی ہے کہ ہم تعلق کو ٹھیک دریافت کرلیں اور
غلطی یہ ہے کہ تعلق کو ٹھیک نہ دریافت کریں غرض تفکر جو نام تعلق دریافت
کرنے کا نام ہے اس لئے کوئی قوت متفکرہ تعلق سے آگے نہ بڑھ سکیگی۔
اور چونکہ زندگی اپنے تمام مظاہر میں بشمول قوت عقلیہ تا درجہ غایت اندرونی
و بیرونی تعلقات کے ایک مسلسل و مطابقت و درستی کا نام ہے اس لئے ثابت
ہوتا ہے کہ ہمارے علم کو محض تعلقات سے تعلق ہے (انتخاب قول اسپنسر)

ہربرٹ اسپنسر کے نسبت زمانہ حال کے مغربی علماء کہتے ہین کہ وہ دنیا مین
سب سے بڑا فلاسفر اور سب سے بڑا سائنس دان تھا اور اُس وقت سے جبکہ
علم کے سورج کا طلوع ہوا اُس وقت تک کوئی عالم اور کوئی محقق اُس کے
ہمسری کا دعوے نہین کرسکتا تھا اُس کا فلسفہ آخری فلسفہ اور اُس کا علم دنیا
کی گذشتہ اور موجودہ قومون کی معلومات کا مجموعہ ہے اُس کا قول تھا کہ سائنس
کی تعلیم سے خدا کی عظمت وجلال کا انکار پیدا نہین ہوتا بلکہ جو شخص نیچرل سائنس
کی تحقیقات مین رات دن سرگرم رہتا ہے وہ زبان ہی سے نہین بلکہ اپنے
عمل سے بھی اُس کی لازوال اور عظیم الشان ہستی کا اعتراف کرتا ہے - دوسری
جگہہ وہ کہتا ہے کہ ہم اسباب وعلل کے تلاش مین جب تک مسئلہ علت اولی
کے قایل نہ ہون ہم کسی پر قایم نہین ہوسکتے اور فی الحقیقت علت اولی کے
ماننے کے سوا کوئی اور چارہ نہین اور ہم کو مجبوراً اُسے لامحدود وابدی ماننا پڑتا ہے
عقل انسانی علم حقیقی کے حصول سے عاجز ہے جس طرح مذہب کُنہہ ذات
اور عالم غیب کی حقیقت سمجھا نہین سکتا اسی طرح فلسفہ سائنس مادہ و
حرکت کی ماہیت زمان ومکان کی کیفیت نہین بتا سکتا - مذہب فلسفہ وسائنس
ان سبھون کی اگر راہ ملی ہے تو اُس مقام پر کہ وہ طاقت جس کا مظہر یہ عالم ہے
کلیتاً ہمارے ادراک سے باہر ہے - (اصول اولیہ صفحہ ۴۶ اسپنسر) مین کہتا ہون
کہ مذہب کا یہ دعوے ہے کہ وہ اُس طاقت کا بھیجا ہوا ہے - پس اگرچہ مذہب
اُس طاقت کو ناقابل ادراک بتاتا ہے لیکن رسل جو ذریعہ مذہب ہین اس کے وجود کی
شہادت دیتے اور غیب کی حقیقت کو جہان تک انسان سمجھ سکتا ہے سمجھاتے ہین

لہذا لاادریت و دہریت کا حجاب اس طرح دور ہوتا اور عرفان مذہب کے ذریعہ سے
ہوتا ہے کیونکہ یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ کائنات کا خود بخود موجود ہونا خلاف قیاس
اسلئے بھی ہے کہ کائنات کا آغاز کیونکر ہوا اسی طرح لاادریت کا دعوے صحیح نہیں
کیونکہ اس کے دعوے کرنے والے سمجھنا نہیں چاہتے نہ یہ کہ نہ سمجھ سکتے اور نہ رائے
قائم کرسکتے اور دنیا کو مفید نہ بنا سکتے ہوں درآنحالیکہ مذہب کا یہ دعوے ہے کہ وہ
اس طاقت کا بھیجا ہوا ہے جس کا مظہر یہ عالم ہے اور اس کے بھیجنے کا مقصد
عرفان و عمل صالح و بہبودی و ترقی و اصلاح و راحت کلی و دنیا کا مفید بنانا ہے۔
پس لاادریت کا دعوے اگر یہاں تک محدود رہے کہ جسکے ذات کا ادراک نہیں کرسکتے
اسکے وجود کا یقین نہیں کرتے تو ہوسکتا ہے لیکن پھر یہ کہنا کہ جس کا ادراک نہیں اس کا وجود
بھی نہیں یہ دعوے غلط و بلادلیل ہے زیادہ سے زیادہ وہ مظاہر قطع نظر کر کے
ایسا کہہ سکتے ہیں جو صحیح نہیں اور اگر یہ اضافہ نہیں کیا جاتا تو منافی اس کے
نہیں کہ اخبار متواترے سے توحید ثابت ہے۔ لہذا لاادریہ کا کوئی فرقہ اور کوئی مذہب جدا
نہ ہوا۔ مذہب ہمارے بڑے جذبات کو روک سکتا ہے اور اچھے اعمال کی
ترغیب امید جزا سے دیسکتا ہے اور قوی جذبات کے مقابلہ میں مذہب ہی
قوی جذبہ بنکر بہترین طور پر اس کا مقابلہ کرسکتا ہے حالانکہ لامذہب دہریہ کے
ایسے صالح و مصلح و امید افزا اور ایسے مضبوط اور قوی جذبات نہیں ہوسکتے۔ لاادریہ
کہتے ہیں کہ ہم کچھ نہیں جانتے نہ جان سکتے ہیں ان کو عملی طور پر عمل کرنا اور عملی
میدان میں آنا اور اصول کو فہم انسانی کے معیار پر آزمانا چاہیئے۔ اس ثابت
ہونے سے کہ مادہ اور قوت اپنے آپ کو فنا نہیں کرسکتے ان دونکی قدامت ثابت

نہین ہوتی جیسے کسی پتھر کے بذاتہ متحرک نہ ہونے سے یہ کہنا کہ اُس کا ہلانا ممکن ہی نہین ہے ویسا ہی مادہ و قوت کو اپنے آپ نہ فنا کر سکنے کی وجہ سے قدیم کہنا صحیح نہین ہے۔ مادہ و قوت مین نہ ارادہ ہے نہ سمجھ اور نہ حکمت پس خود اُن کا وجود مستلزم وجود خالق ہے۔ دنیا مین علت و معلول کا سلسلہ قایم ہے۔ ہر عمل کا نتیجہ قدرتی طور پر باہم مشابہ و مطابق ہوتا ہے۔ صداقت ہر جگہ یکسان ہے یعنے قوانین فطرت عالمگیر ہین اور تمام موجودات پر یکسان عمل کرتے ہین۔ امام فخرالدین رازی کہتے ہین الا انا نقول قدرتہ علی خلقہا ابتداءً لا ینافی قدرتہ علیہا بواسطۃ خلق ہذہ القوی المؤثرۃ والفاعلۃ فی الاجسام۔ مین کہتا ہون کہ خدا کا ان تمام چیزون کے پیدا کرنے پر ابتداءً قادر ہونا اس کے منافی نہین کہ ان قواے فاعلہ و منفعلہ کے ذریعہ سے ان پر قادر ہو۔

سایئنس سے مشاہدہ و تجربہ کی عادت۔ سایئنس کی تعلیم سے گرد و پیش کی اشیاء۔ واقعات اور نتایج کے بابت صحیح راے قایم کرنی اُس صورت مین ممکن ہے جب کہ ہم کو یہ معلوم ہو کہ گرد و پیش کے قدرتی مظاہر ایک دوسرے پر منحصر ہین۔ الفاظ کے معنون سے خواہ کتنی ہی واقفیت کیون نہ ہو یہ واقفیت علل و معلولات کے بابت صحیح نتایج نکالنے کی ذمہ داری نہین کرتی۔ سایئنس کے بیشمار فوایدمین سے ایک فایدہ یہ بھی ہے کہ اُس سے مشاہدہ و تجربہ کی عادت ضرورتاً پیدا ہوتی ہے۔

سایئنس کی تعلیم سے مذہبی تعلیم بھی حاصل ہوتی ہے۔ کچھ شک نہین کہ یہ بیان حیرت و استعجاب کا موجب ہوگا کہ ہماری معمولی تعلیم پر سایئنس کی

تعلیم اس وجہ سے بھی فایق ہے کہ اس سے مذہبی تعلیم حاصل ہوتی ہے
درحقیقت الفاظ سایئنس اور مذہب کو یہان اُن کے معمولی محدود معنون
مین نہین بلکہ اُن کے نہایت ہی اعلیٰ اور وسیع معنون مین ہم نے استعمال
کیا ہے - بیشک سایئنس اُن توہمات کا دشمن ہے جو مذہب کے نام سے
مشہور ہین نہ کہ اصلی و حقیقی مذہب کا جس کو یہ توہمات محض پوشیدہ
کر دیتے ہین - اس مین بھی شک نہین کہ بہت سا سایئنس جو رایج ہے اسمین
لامذہبی کی روح غالب ہے مگر نہ اُس سچے سایئنس مین جو سطح سے گذر کر
تہ تک پہنچ گیا ہے - سچا سایئنس اور سچا مذہب توام بھائی ہین - اُنکی باہمی
جدائی یقیناً دونون کی موت ہے - سایئنس مین جسقدر مذہبی روح ہوگی ٹھیک
اُسی مناسبت سے وہ ترقی کرے گا - اور جہان تک سایئنس کی گہرائی اور
مضبوطی پر مذہب کی بنیاد قایم ہوگی ٹھیک اُسی مناسبت سے مذہب سرسبز
ہوگا - حکماء نے جو بڑے بڑے کام کیئے ہین محض اُن کی عقل و ذکاوت کا
ثمرہ نہین ہین بلکہ زیادہ تر اس بات کا ثمرہ ہین کہ مذہبی جوش نے جو اُنکی
طبیعت مین نمایان طور پر پایا جاتا تھا اُنہے اُن کی عقل کو سیدھے راستہ پر
ڈال دیا تھا - علمی حقایق زیادہ تر اُن کے صبر اُن کی محنت اُن کی راستبازی
اور اُن کی نفس کشی کی بدولت منکشف ہوئے ہین نہ کہ اُن کی منطقی
ذکاوت کے بدولت یا اور کسی مخالف ذریعہ سے -

سایئنس بے دینی کی تعلیم نہین دیتا بلکہ سایئنس سے غفلت
کرنی بے دینی ہے - بہت لوگون کا یہ خیال کہ سایئنس لامذہبی اور بیدینی کا

تعلیم دیتا ہے محض غلط ہے و سائینس کا لامذہبی کی تعلیم دینا تو ایک طرف رہا خود
سائینس سے غفلت کرنی بے دینی ہے۔ مخلوقات الٰہی جو ہمارے گرد و پیش
موجود ہین اُن کا مطالعہ نہ کرنا بے دینی ہے۔ ایک ادنیٰ مثال سے اس بات
کو سمجھہ لو۔ فرض کرو کہ بعض لوگ روزمرہ کسی مصنف کی تعریفون کے پُل باندھا کرین
فرض کرو کہ مصنف کی جسقدر تعریفین کیجاتین اُن کا مضمون ہمیشہ یہی ہو کہ اُسکی
تصانیف کی دانائی عظمت و جلالت اور خوبی و لطافت کا اعتراف کیا جاوے
فرض کرو کہ جو لوگ اس طرح اُس کی کتابون کی صفت و ثنا متواتر بیان کرتے
رہتے ہین وہ اُن کتابون کی صرف بیرونی صورت دیکھنے پر قناعت کرین اور
اُن کا مضمون سمجھنے کی کوشش تو الگ رہی کبھی اُن کو کھولکر بھی نہ دیکھین
بھلا ایسے آدمیون کی تعریفون کی (جو "تحسین ناشناس" کا مصداق ہین) ہم کو
کیا قدر کرنی چاہیئے؟ اُن کی صداقت و راستبازی کے نسبت ہم کو کیا
خیال کرنا چاہیئے۔ تاہم اگر چھوٹی چیزون کا بڑی چیزون کے ساتھہ مقابلہ کیا
جاوے تو ہم کو معلوم ہو جاوے گا کہ موجودات عالم اور اُس کی علت
(خدا تعالیٰ) کے نسبت بھی بنی نوع انسان کا طرز عمل عموماً اسی قسم کا ہے
نہین بلکہ اس سے بھی بدتر۔ فقط اتنی ہی بات نہین کہ وہ بغیر مطالعہ کے اُن
چیزون کے پاس سے کترا کر نکل جاتے ہین جن کو روزمرہ نہایت عجیب غریب
بتاتے ہین بلکہ جو لوگ قدرت کے مشاہدے مین اپنا وقت صرف
کرتے ہین اکثر اوقات اُن پر یہ الزام لگاتے ہین کہ وہ فعل عبث ہین اور
اوقات ضایع کرتے ہین۔ جو لوگ ان عجائبات مین عملی ذوق و شوق ظاہر

کرتے ہین سچ مچ اُن کو حقیر سمجھتے ہین۔ بس ہم مکرر بیان کرتے ہین کہ سائینس نہین بلکہ سائنس سے غفلت کرنی بے دینی ہے۔ سائینس کی محبت خاموش عبادت ہے یعنے جن چیزون کا مطالعہ کیا جاتا ہے اُن کی عظمت مع اُسکے ساتھ اُن کی علت (خدا تعالے) کی عظمت کو چپ چاپ تسلیم کرنا ہے۔ یہ صرف زبانی بندگی نہین ہے بلکہ ایسی بندگی ہے جو افعال سے ظاہر ہوتی ہے۔ یہ ایسی طاعت نہین ہے جس مین صرف اقرار باللسان ہو بلکہ ایسی طاعت ہے جس مین تصدیق بالجنان اور عمل بالارکان بھی شامل ہین۔ اور اس کا ثبوت وقت و غور و فکر اور محنت کو قربان کرنے سے ملتا ہے۔

سچے سائینس کا ایک بڑا فایدہ یہ ہے کہ اُس سے قوانین قدرت پر وثوق اور اُن کی فرمانبرداری کی ترغیب پیدا ہوتی ہے۔ سچا سائینس صرف اسی وجہ سے خالص مذہبی حیثیت نہین رکھتا بلکہ اس وجہ سے بھی مذہبی حیثیت رکھتا ہے کہ وہ خداے تعالیٰ کی عظمت و جلالت ہمارے دلون مین پیدا کرتا ہے۔ اور قدرت کی تمام چیزین جو اپنے افعال مین یکسان اور یکرنگی ظاہر کرتی ہین اُسے اسبات کا پختہ اعتقاد دل مین بیٹھ جاتا ہے۔ اور سائینس کے عالم کو مظاہر قدرت کے غیر متغیر تعلقات کا علت و معلول کے لازوال و غیر منفک علاقہ کا اور نیک و بد نتایج کے لزوم کا کامل یقین ہو جاتا ہے۔ آخرت کے اعتقاد جزا و سزا کے بجاے جس کو حاصل کرنے یا جس سے بچنے کی۔ باوجود نافرمانی اور سرکشی کے لوگ بعض اوقات توقع رکھتے ہین۔ وہ یہ بات دیکھتا ہے کہ ایک ذرہ امین کے موافق جزا و سزا ملتی ہے اور نافرمانی کے بد نتایج اٹل ہین۔

وہ دیکھتا ہے کہ جن قوانین کی ہم کو فرمانبرداری کرنی چاہیئے وہ نامہربان بھی ہین اور مہربان بھی۔ وہ دیکھتا ہے کہ اُن قوانین کی پابندی سے برتنے کی رفتار ہمیشہ زیادہ تر کمال اور اعلیٰ تر خوشی کے طرف رجوع کرتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ وہ ہمیشہ اُن قوانین پر زور دیتا ہے اور جب اُن کیطرف سے بے پروائی کی جاتی ہے تو اُس کو غصہ آتا ہے۔ اور اس طرح چیزون کی ازلی و ابدی اصول اور اُن کی تعمیل کی ضرورت کا اقرار کرکے حقیقت مین اپنے تئین مذہبی آدمی ثابت کیا کرتا ہے۔

سائنس اس امر کو تسلیم کرتا ہے کہ خدا تعالیٰ کے کُنہ حقیقت کا سمجھنا نہ صرف عقل انسانی بلکہ خیال و قیاس سے بھی بالاتر ہے۔

آخر مین ہم سائنس کی ایک اور مذہبی حیثیت دکھاتے ہین۔ وہ یہ کہ زندگی کے رازہائے سربستہ کے ساتھ ہم کو جو تعلق ہے اُس تعلق اور نیز خود اپنے نفس کا صحیح تصور سائنس ہی کے بدولت حاصل ہوسکتا ہے۔ سائنس اُن تمام باتون کو بتاتا ہے جن کا جاننا ممکن ہے۔ اور ساتھ ہی اس کے اُس حد کو بتاتا ہے جس کے آگے کا حال ہم کو کچھ نہین معلوم ہوسکتا۔ سائنس ہم کو بطور اعتقاد کے یہ بات نہین سکھاتا کہ علت العلل کی ماہیت کا سمجھنا محال ہے بلکہ ہر طرف اُس سرحد پر پہنچا کر جس سے آگے قدم رکھنے کی مجال نہین اس امر کے محال ہونے کو کھلم کھلا ہم سے تسلیم کرا لیتا ہے۔ سائنس اس بات کو براے العین مشاہدہ کرا دیتا ہے اور کسی دوسرے طریقہ سے اُس سے بہتر یہ بات حاصل نہین ہوسکتی کہ یہ سمجھا جاوے کہ اُس ہستی کے آگے جو عقل انسانی

بالاتر ہے عقل انسانی قاصر و عاجز ہے۔ سماعی روایات اور لوگون کے اسناد کے طرف اُس کی روش شاید متکبرانہ ہو۔ مگر اُس پردۂ اسرار کے آگے جس مین قادر علی الاطلاق چھپا ہوا ہے اور جس مین کوئی شخص باریاب نہین ہو سکتا اُس کی روش عاجزانہ ہے۔

اگر یک سر موے برتر پرم فروغ تجلی بسوزد پرم

پس سائنس کا کبر بھی سچا ہے اور انکسار بھی۔ صرف سائنس کا سچا عالم (اور اُس سے ہماری مراد اُس شخص سے نہین ہے جو صرف فاصلون کا اندازہ کرتا یا مرکبات کی تحلیل کرتا یا چیزون کی نوعین مقرر کرتا ہے۔ بلکہ ہماری مراد اُس شخص سے ہے جو ادنیٰ اشیاء کے ذریعہ سے اعلیٰ اشیاء کا اور آخر کار اعلیٰ ترین اشیاء کا سراغ لگاتا ہے۔) ہان صرف سائنس کا بے ریا عالم حقیقت مین یہ بات سمجھ سکتا ہے کہ قادر مطلق کی قدرت جو سب چیزون پر حاوی ہے نہ صرف انسانی علم بلکہ انسانی خیال و قیاس سے بھی کسی قدر برتر ہے۔ اور کائنات حیات اور ادراک اُسی قدرت کے کرشمے ہین۔ سبحانہٗ ما اعظم شانہٗ۔

اے برتر از خیال و قیاس و گمان و وہم و از ہر چہ گفتہ اند شنیدیم و خواندہ ایم
دفتر تمام گشت و بپایان رسید عمر ما ہم چنان در اول وصف تو ماندہ ایم

انبیاء و رسل کے اخبار کا دلیل و مفید یقین ہونا سچے مذہب کا معیار۔ سچا آدمی اگر کسی چیز کی خبر دیوے کہ اُس نے اُس کو خود دیکھا یا سُنا ہے تو وہ یقین کر لیا جاتا ہے اس بنا پر کہ وہ کبھی غلط نہین بولا اور اُسکی

خبر کو دلیل بنالیا جاتا ہے پھر جب کہ بہت سے سچے لوگ اُسی امر کو اُسی طرح
اور سلسلہ کے ساتھ بیان کریں تو یقین کے لئے زیادہ کافی ہوتا ہے اور
نوعیت شہادت کی زیادہ مستحکم ہو جاتی ہے۔ پس کوئی وجہ نہیں ہے
کہ مخبران صادق کو یعنے رسول اور انبیاؑ جنہوں نے اپنے اقوال و افعال
سے اپنے کو بہترین امین ثابت کیا ہے اُن کے خبر دینے کو صحیح و یقین نہ
سمجھا اور اُن کو دلیل نہ بنایا جاوے و ایمان بالغیب نہ لایا جاوے کیونکہ
وہ کہتے ہیں کہ ہم نے خدائے تعالیٰ سے یہ سنا اور یہ دیکھا اور اس ہدایت و
آگاہ کرنے اور بشارت دینے کی ہم کو اللہ تعالیٰ نے اجازت دیتا ہے لہذا
جب کہ وہ کسی خاص واقعہ کے نسبت متفقہ بیان کریں اور کئی انبیاء یا رسول
بیان کریں تو اُس پر زیادہ یقین آجانا ضروری ہے خصوصاً جب کہ وہ اُن
امور کے بابت ہوں جو دوسرے آدمیوں کے سمجھنے سے مافوق ہوں یا اُن
اختلافات کے بابت ہوں جن کو انسان یا کوئی خاص جماعت انسانوں کی
رفع کرنے کے متحمل نہ ہوئی ہوں۔ یہ بھی واقعہ ہے کہ ایک رسول کی دوسرے رسول نے
سلسلہ بسلسلہ خبر دی اور پیشینگوئی کی ہے خصوصاً آنحضرتؐ کے بابت
اور آپ کے ساتھ جو کتاب نازل ہوئی یعنے قرآن مجید کے بابت متعدد انبیاء
اور رسولوں نے خبر دی ہے۔ لہذا آنحضرتؐ و قرآن مجید پر یقین لانے کیلئے
اخبار مذکور بطور ایسے دلیل کے جس سے یقین پیدا ہوتے ہیں۔ یہ دوسری بات ہے
کہ انبیاء و رسل کے اخبار کو عقلی معیار پر جانچ کر اور تائید حاصل کیجاوے اور
جس کی ہدایات معیار صحیح پر پوری و کامل اُتریں اُس پر یقین و ایمان لاکر اُس کو

امین وصادق یقین کرلیا جاوے۔ انسان نے صرف اشیاء کی صفات محسوسہ اور متصورہ کا اور اُن کے علل کا کچھ کچھ پتہ لگایا ہے حقیقت کسی کی کچھ بھی نہین جانا۔ پس اگر ایمان یا اعتقاد اسی کا نام ہے کہ کوئی بات خلاف عقل وخلاف تجربہ تسلیم کرلی جاوے تو یہ کہنا زیبا ہے کہ ایمان بے معنی لفظ ہے۔ اگر یہ بھی تسلیم کرلیا جاوے کہ کوئی اپنے خیالات وتجربات کے برخلاف امور پر یقین لاسکتا ہے تو اُس کا نام ایمان رکھنا غلط ہے وہ تو دراصل ضعیف الاعتقادی ہے اور ایمان جس طرح مذہب کی بنیاد ہے اُسیطرح ضعیف الاعتقادی اُس کی بیخ وبن سے اُکھاڑنے والی ہے۔ ایمان روحانی ترقی کی جان ہے اور ضعیف الاعتقادی اُس کی موت۔ لہذا معیار عقل اور تجربہ پر کسی مذہب کو کسنا اُس کی چمک دمک کو اور زیادہ کرنا اور اُسکو قابل عمل ولایق یقین ثابت کرنا ہے۔ برخلاف اس کے جو مذہب فہم انسانی مین آنے کے ناقابل اور نالایق عمل ہو وہ سچا مذہب نہین ہوسکتا۔ سچا مذہب وہی ہوسکتا ہے کہ وہ اگرچہ اُن امور کو بیان کرے جو دیگر انسانونکی رسائی سے مافوق ہین لیکن اس طرح بیان کرے کہ وہ فہم انسانی وعمل انسانی کے لایق ہون تاکہ ثابت ہو کہ وہ بشیر ونذیر ہے کے ذریعہ سے آیا ہے۔

اسلام کی ہدایات واقعات پر مبنی ہین نہ کہ جذبات پر اس لئے وہ اقتضاے فطرت انسانی اور واقعات کے مطابق ہین ممکن ہے کہ کسی وقت جذبات غالب آکر واقعات سے بے پروا کردین لیکن عمل کرتے وقت اور واقعات کا لحاظ کرنے پر اصلاح ہوجاتی ہے۔ جو جانا جاوے یا حافظہ مین آوے اُس کو

مقدمات قرار دیکر ایک امر سے دوسرا نتیجہ نکالنا اور نتیجہ پر تیسرا مسئلہ قایم کرنا
اور علی ہذا القیاس فیصلہ کرنا اور حکم لگانا استدلال ہے۔ پس تحلیل و
تنقید و باقاعدہ مقدمات و باقاعدہ عمل کے ذریعہ سے صحیح نتیجہ نکالنا نہ کہ عجائبات
ما فوق قدرت وغیرہ سے مشہورات و مسلمات و منقولات و مظنونات صحیح اگر
بطور مقدمات ہون گے تو نتیجہ صحیح ہوگا ورنہ لفظی و معنوی غلطی کے طرح نتیجہ بھی
غیر صحیح نکلے گا۔ اشاعت معلومات صحیح کے ساتھ ما فوق العادات کے اعتقادات
کے مٹجانے کے اسباب یہ ہین۔ (۱) یہ اثر ہوتا ہے کہ بجاے خیالی و وہمی
امور کے ماننے کے حقایق و واقعات پر زیادہ توجہ ہو جاتی ہے اور یہ نسبت
غیر تعلیمیافتہ کے تعلیم یافتہ زیادہ ثبوت کا خواہان ہوتا ہے۔ (۲) جاہل ہر شے
کو صاحب ارادہ سمجھتا ہے اور علم نفس تجرید کی قوت کو بڑہا کر اس کیفیت کو
گہٹاتی ہے۔ (۳) ساینس کی ترقی کاینات کے مستمر النظام ہونے کا یقین
دلاتی ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ تمام کاینات کا نظم و نسق چند ضوابط و
قوانین کے ماتحت انجام پاتا ہے اور جو قانون جس طرح آفتاب و ماہتاب پر جاری
ہے وہی اُسی طرح ایک ریت کے ذرہ پر بھی عامل ہے۔
عقل کے ذریعہ سے اسباب و مسببات پر غور اور بسائط و مرکبات کا
فرق اور قلب کے وسیلہ سے لذتون اور اون کے حادث ہونے کا ادراک
ہوتا ہے لہذا عقل و قلب نفس کی دو آنکھین ہین اور نفس کو ان دونون کی
ضرورت ہے علم صحیح وجدان کا مقوم ہے اور وجدان سلیم عقل کا بڑا مددگار
جو مقدمات نتایج نکالنے مین تقلیدی ہوتے ہین اُن سے تغیر اصلی نہین

پیدا ہو سکتا۔ تقلیدی ایمان متناقض اعتقادات کا مجموعہ ہوتا ہے۔ اور
تقلیدی ایمان رکھنے والا متناقض افعال کرتا ہے اور غیر صحیح تاویلین
کر لیتا ہے اور صحیح و غلط مین تمیز نہین کر سکتا۔ یہان تک کہ بہت سے اولیات
کے یقین سے بھی وہ بے بہرہ ہوتا ہے۔ اور اُنکے خلاف دعوی و عمل کرتا ہے
ناقابل عمل و لغزش کن عمل و سچے عمل کے نتایج۔ بیان کرنیوالے
جہت سے اصول و اعمال و باتین و مثال بتاتے ہین جو کان کو اور دل کو
بہت بھلے معلوم ہوتے ہین اور سننے اور پڑھنے والے خیال کرتے ہین
کہ یہی اصول و امور سچے ہین اور انہین سے انسان اعلی درجہ کی نیکی پر پہنچ سکتا
و حقیقی راحت پا سکتا ہے مگر در حقیقت وہ ہوا کی آواز سے زیادہ وقعت
نہین رکھتے اور چونکہ وہ فطرت انسانی کے بلکہ قانون قدرت کے برخلاف ہوتے
ہین اس لئے کبھی اُن پر عمل نہین ہوتا ایسا قانون بنانے مین جس پر کبھی عملدرآمد
نہ ہو سکے کوئی فایدہ و نتیجہ مرتب نہین ہوتا بلکہ دل مین رفتہ رفتہ اُس قانون
کی حقارت بیٹھتی ہے اور عقلمند اُس کو ناچیز سمجھتے ہین۔ کوئی کتاب انجیل سے
زیادہ نرم حکم دینے والی نہین ہے اور وہ ایسی چمک دکھلانے والی ہے
جس سے آنکھون مین چکاچوند آجاتی ہے گو اُس کے مقولے ایسے نہین
ہین کہ سب سے پہلے اُس مین بیان کئے گئے ہون بلکہ بہت سے ایسے
ہین جو اُن سے پہلے لوگون نے بھی جن کے پیرو اب بت پرست و کافر گنے
جاتے ہین بیان کئے ہین مگر ہم کو دیکھنا چاہیئے کہ اُن کا لوگون مین کیا اثر
ہوا تھا۔ انجیل مین لکھا ہے کہ اگر کوئی تیرے ایک گال پر طمانچہ مارے تو

تو دوسرا گال بھی اُس کے سامنے کردے اِس کے یہ معنے لیتے ہین کہ جو ایک
گال پر طمانچہ مارے اُس کے دوسرے گال پر مارنے سے بھی متعرض نہ ہو بلکہ
سامنے کردے اخلاق کے خیال سے یہ دل کو پیارا معلوم ہوتا ہے مگر
کیا کسی زمانہ کے لوگون نے اس پر عمل کیا ہے۔ اور اگر اس پر عمل کرتے
تو دنیا کا کیا حال ہوتا اسی طرح آباد رہتی اور اسی طرح جان و مال امن
مین رہتے۔ اس کا نہایت دلچسپ جواب دیا جاتا ہے کہ جب سب لیسے
ہو جاوین تو دنیا سے شر اُٹھ جاوے مگر کبھی ایسا ہوا ہے یا کبھی ایسا ہوگا
یہ سب ناشدنی باتین ہین جو خیال مین شدنی قرار دے کر جھوٹی خوشی
اُس سے حاصل کیجاتی ہے۔ انجیل مین لکھا ہے کہ تو اپنے کل کے
کھانے کی فکر مت کر خدا کل روزی پہنچانے کی فکر کرنے والا ہے۔ اگر
اس کا یہ مطلب لیا جاوے کہ کل کے لئے بالکل فکر نہ کرنی چاہیئے۔
دل کو یہ مقولہ پیارا اور پیارے خدا پر اعتماد دلانے والا معلوم ہوتا ہے
مگر کبھی کسی نے اس پر عمل کیا ہے یا آئندہ کبھی اس پر عمل ہوگا؟ اگر ہم
اس ناشدنی امر کو ایک لمحہ کے لئے شدنی تصور کر کے تمام دنیا کے
لوگون کو اس مقولہ پر عمل کرتا ہوا سمجھ لین تو دنیا کا کیا حال ہوگا۔ پس اس
قسم کی باتین انسان کو دھوکا دینے والی ہین اور قانون قدرت کے برخلاف
ہونے سے خود اپنی سچائی کو مشتبہ کرتی ہین۔ عیسائی مذہب جس کی
جڑ ایسی نیکی ونرمی و اخلاق مین لگائی گئی تھی وہ پھولا پھلا اور سرسبز
وشاداب ہوا اس کو چھوڑ دو کہ وہ کس سبب سے بڑا اور مضبوط ہوا مگر

دیکھو کہ اُس نے کیا پھل پیدا کیا ایک بھی نصیحت اُس کے کام نہ آئی اور خود مذہب
کے حیلے سے جو خونریزی اور بے رحمی اور ناانصافی اور درندوں سے بھی
زیادہ بدتر درندگی دکھلائی گئی وہ شاید دنیا میں بے مثل ہوگی اور جس پیکی مین
اُس کی عید لگائی گئی تھی اُس نے کچھ پھل نہ دیا بلکہ وہ ناقابل عملدرآمد ہی ثابت
ہوا جو خوبی کیا روحانی اور کیا اخلاقی اور کیا تمدنی اب ہم بعض عیسائی ملکوں
میں دیکھتے ہیں کیا یہ پھل اُسی درخت کا ہے حاشا وکلا بلکہ یہ اُس کا پھل ہے
کہ اُس درخت کو وہاں سے اُکھاڑ کر دوسرے زمین پر لگایا ہے جو قانون
قدرت کی زمین ہے۔ جس قدر کہ پہلی زمین کی مٹی اُس کی جڑ میں لگی ہوئی ہے
اُسی قدر اُس میں نقصان ہے۔ اس سے بھی زیادہ رحیم مذہب کا
حال سنو جس نے خون کا بہانا آدمی کا ہو یا درندوں کا یا ایک پشہ کا۔ خدا کی
صنعت کو ضایع کرنا سمجھا ہے۔ درختوں کا کاٹنا گناہ کبیرہ بتایا ہے مگر تاریخ
و زمانہ موجود ہے اس اصول نے جو قانون قدرت کے مخالف تھا کیا نتیجہ دیا
قتل و خونریزی ویسی ہی رہی اور ویسی ہی ہے وہی جو ایک پشہ کا مارنا گناہ
عظیم سمجھتے تھے ہزاروں آدمیوں کو اپنے ہاتھ سے قتل کرتے تھے اور
کرتے ہیں۔ کوئی قانون گو وہ ظاہر میں کیسا ہی چمکیلا و خوش آیند ہو
جبکہ قانون قدرت کے برخلاف ہے نکما اور بے اثر ہوگا۔ مذہب اسلام
میں اگرچہ بہت جگہ عفو و صبر و تحمل کی خوبیاں بیان کی گئیں اور اُنپر رغبت
دلائی گئی ہے مگر اُسی کے ساتھ بدلا لینے کی بھی بغیر زیادتی کے اجازت
ہے اور اسی طرح سب احکام اُس کے ہیں کیا یہ قانون دنیا کے

پیدا کرنے والے کے قانون قدرت کے مناسب نہیں ہے اور کیا اس
قانون سے زیادہ عمدہ سچا و سودمند و راحت رسان اور مفید اور کوئی
قانون ہوسکتا ہے۔ اسلام میں جو خوبی ہے وہ یہ ہے کہ تمام احکام
قانون قدرت کے مطابق اور عملدرآمد کے لایق ہین رحم کی جگہہ رحم ہے
معافی کی جگہہ معافی۔ بدلے کی جگہہ بدلا۔ لڑائی کی جگہہ لڑائی۔ ملاپ کی جگہہ
ملاپ۔ صبر کی جگہہ صبر۔ غصہ کی جگہہ غصہ۔ تحمل کی جگہہ تحمل۔ ادب کی جگہہ
ادب۔ انکار کی جگہہ بغیر رعایت و مروت و شرم و ادب انکار اور یہی اُسکے کافی
دلیل سچا ہونے اور قانون قدرت کے بنانے والے کی طرف سے ہونے
کی ہے۔ غرض ہماری اس بیان سے یہ ہے کہ کوئی اخلاقی قانون اگرچہ
کتنا ہی چمکیلا و پیارا معلوم ہوتا ہو اور نظر مین خیرگی و چکا چوند پیدا کرتا ہو و
دل خوش کن مضامین کا ذخیرہ اپنے اندر رکھتا ہو مگر جب تک قابل عملدرآمد
و راحت رسان و سودمند نہ ہوگا بالکل بے بنیاد اور اپنی صداقت کا خود
غلط ثابت کرنے والا ہوگا۔ میرے نزدیک کسی کمال کی گو وہ کیسا ہی
عجیب و دل پسند ہو قدر نہین تا وقتیکہ اُس سے انسان کو عملی فایدہ
نہ پہنچتا ہو انسان کو بجاے فرشتہ بنانے اور اُس کو حاجات سے مستغنی
کرنے کے آسودہ کرنا و راحتمند بنانا چاہیے جب تک وہ جامہ انسانیت
مین ہے اُس کی حاجت کا رفع کرنا ہی فضیلت ہے سودمندی سے مانع
ہونا یا حالت موجودہ پر قانع رہنا و ترقی نہ کرنا صحیح نہین ہے۔ افادہ و سودمندی
انسان کے کامل ہونے کی کنجی ہے۔ ارتقاے اشیاے عالم و بقاے عالم

عین مقتضائے آئین فطرت و قوانین قدرت ہیں۔ لہذا تفاعل و تصاحب و تجاشر کو ہموار و آسان بنانا فرض عین ہر شخص و ہر قوم کا ہے

صحیفہ فطرت بجائے دیگر امور کے عرفان الٰہی کا زیادہ سبب ہے اور قرآن مجید نے اُس کے اور تفصیل کے نسبت کیا طریقہ اختیار کیا ہے۔ یہ اظہر ہے کہ صحیفہ فطرت کی آواز ہر جگہ ہر انسان اور ہر چیز پر یکساں و عالمگیر و ناگزیر ہے اُس سے عصیان کرنا اور اُس کو طاق نسیان پر رکھنا خسران ہے۔ نہ اُس کے کہو جانیکا اور نہ اس میں جعل بننے کا اندیشہ ہے اور نہ اُس کو نقل کرکے کوئی اپنا اصل بناکر دکہا سکتا ہے نہ اُس میں تحریف کا امکان اور نہ اُس میں رد و بدل کا احتمال ہے وہ اپنے اظہار و اشاعت کے لئے انسانی ارادون کی محتاج نہیں اور نہ اپنی اثرات کے پہچانے و منوانے و خلاف ورزی کی سزا دلوانے کے لئے یار و مددگار کی طلبگار اُس کے آئین و قوانین مقررہ و پایدار ہیں۔ اسی لئے حضرت ابراہیمؑ نے یہ اخیر و مبہوت کرنے والا استدلال کیا تھا ان اللّٰہ یاتی بالشمس من المشرق فات بھا من المغرب کہ اللّٰہ سورج کو مشرق سے لاتا ہے تو تو مغرب سے اُس کو لا۔ لہذا صحیفہ فطرت ہی راستکار اور ہر ہوشیار کے لئے صداقت پر پہنچنے کا معیار ہے۔ ہر شخص کو اُسی کے عیار پر اپنے رشتہ کار کو عمل کے بازار میں بر سر کار لانا ضرور ہے اُس کو پیشکار نہ بنانا دہوکا دغرور ہے۔ مذہب اسلام بھی اپنے اصول کے صداقت کے واسطے نجوم ہیئت طبقات الارض و تشریح الابدان وغیرہ سے

بے نیاز ہے اور کلام مجید ان مضامین کے منتشر کشکول نہین - بلاشبہ
اُس مین اُن کا ذکر ہے مگر علمی مسایل کی حیثیت سے نہین بلکہ اسطرح سے
کہ مخاطب صحیفہ فطرت کو دیکہین کہ خالق کی قدرت کاملہ و حکمت بالغہ کی
کیسی نمایان نشانیان اور کیسی روشن مثالین ہین - خالق کو سر تسلیم و
عجز و نیاز خم کرانے کے لیے اس کی مطلق ضرورت نہ تھی کہ ان امور
کی مشتبہ و مختلف فیہ فلسفیانہ و عقلی مسایل کی چھان بین کرتا اور اُنکے
اصلی و حقیقی ماہیت پر قران شریف مین لکچر ہوتے ایسا ہونے سے
اصل مطلب ہی فوت ہو جاتا - کیا آفتاب و ماہتاب کی زندگی بخش شعاعین
اور رات و دن کی پیاپے گردشین اپنے صانع کے جاہ و جلال کے ثبوت
و اظہار کے لیے اصول فیثا غورث و نظام بطلیموس و علوم قدیمہ و
جدیدہ کی صحت و صداقت کے محتاج ہین - واقعہ یہ ہے کہ سادگی و صاف
دلی اور نیکی سے اُن حیرت انگیز آثار قدرت پر غور کرنا عرفان الٰہی تک پہنچنے
مین بہ نسبت دوسرے طریقہ کے زیادہ اقرب ہین اور دوسرے فلسفی طریقے
بہت مشکوک اور حجابِ اکبر اور بحث کا سبب ہو جاتے ہین اور نظر مادے
و قوت کے بھول بھلیون مین گرفتار رہ جاتی ہے - پس اس کا لحاظ ہے
کہ اُس کے الفاظ ہر ایک حرف و ہر ایک بیان سے ایسا نہ ہو کہ اصل مبحث سے
دور پڑ جائین - حقیقت مین فصاحت و بلاغت کا مقتضا بلکہ احسن گفتگو کا
طریقہ یہی ہے کہ اُسی پیرایہ مین بیان کیا جاوے جو معروف ہون اور جس سے
مخاطب مانوس ہون اور جو فہم و سمجھ انسانی کے موافق ہون تاکہ سُننے والے

اُس سے آگاہ و متنبہ ہون اور سبق و عبرت حاصل کرین ورنہ جس بات کو نہ جانتے ہون اور نہ اُس کا تصور کر سکتے ہون وہ نہ ذہن مین آوے گی اور نہ اثر کرے گی اور نہ اُس سے فایدہ مطلوبہ حاصل ہوگا مثلاً بجاے سواری وگھوڑے وغیرہ کے نعمت الٰہی قرار دینے کے اُس زمانے مین جبکہ قرآن مجید نازل ہوا اگر موٹر و ہوائی جہاز و ریل کا ذکر ہوتا تو بجاے اس کے کہ جس غرض سے ذکر ہے وہ فایدہ ہو اُس کو لوگ نہ سمجھتے اور افسانہ کہتے اور اُس کے سمجھانے مین فایدہ فوت ہوتا اور لوگ شک کرتے اور بحث بڑہ جاتی ۔ لفظ بپتسمہ کے بالمقابل جو لفظ عربی زبان مین ہے وہ صبغہ ہے ۔ صبغہ کے معنے کسی چیز کو رنگ مین غوطہ دینے کے ہین ۔ بپتسمہ کے جگہ لفظ صبغۃ اللہ استعمال کر کے قرآن مجید نے مفہوم بپتسمہ کو مشرح کر دیا ۔ جب ہم کوئی چیز کسی رنگ مین ڈبوتے ہین تو وہ چیز اُس رنگ کو اختیار کر لیتی ہے ۔ بپتسمہ کی غرض خدا کے رنگ مین رنگ جانا ہے ۔ یعنے جس رنگ مین اللہ تعالےٰ کا حکم اپنے کو ڈبونے کا انسان کے لئے ہو بموجب حکم الٰہی اُس مین ڈوب کر اُس رنگ کو اپنے اوپر چڑہا لینا اور غالب کر لینا خدا کا رنگ اختیار کرنا کیا ہے پورے عبودیت اور صحیح اطاعت کے ساتھ انقطاع الی اللہ اختیار کر لینا اور کامل اتباع کے ساتھ اپنی گردن کو خدا کے احکام کے آگے جھکا دینا ۔ چنانچہ قرآن شریف مین ہے ۔ ومن احسن من اللہ صبغۃ ۔ اور کون بہتر زیادہ ہے اللہ کے رنگ سے ۔ اسلام جو مذہب من اللہ کی آخری اور مکمل کڑی ہے ایسے وقت ظہور پذیر ہوا جب انسانی عقل کے

کمال کا زمانہ شروع ہونے کو تھا اس لئے اسلام نے اپنی تعلیم کو معقولات پر رکہا۔ مذہب کو جو اُس وقت تک رسمیات کا لباس پہنے ہوئے تھا اور پردے کے اندر بیان ہوتا تھا اُسے اسلام نے اصلی شکل مین ظاہر کیا۔ حقایق مذہب کو سمجہانے کے لئے جن باتون کو متقدمین نے اشارات ہی رکہا تھا اُن کے اصل حقیقت سے انسان کو اسلام نے بصراحت آگاہ کر دیا اور زبانی تعلیم مین جو راز سربستہ تہا اُن کو بین کر دیا۔ دراصل الفاظ ذہنی خیالات کے نمایندہ و آواز ہوتے ہین اور خیالات اُن چیزون کی ذہنی تصویر جو ذہن مین ہون اور جو بن دیکہے دبن محسوس ہوئے ذہن مین نہین پیدا ہوتے اور خیالات کے سمجہانے کے لئے مثال و استعارون سے کام نہ لیا جاوے تو دوسرے جنہون نے محسوس نہین کیا اُس کو نہین سمجہ سکتے اسی لئے مذہب اسلام مین ضرورتاً مثال و استعارات ہی سے کام لیا گیا ہے اور جہان اُن کی ضرورت نہین وہان پوری تشریح و تصریح ہے وصریح الفاظ مین بیان ہین۔

اپنے اعمال کا آپ ذمہ دار ہوتا نہ کہ موروثی میلان کا عذر کرنا زمانہ قدیم مین تاثرات بیرونی بہت کم ہوتے تھے کیونکہ معاشرت اور طرز زندگی درسادہ ہوتی تھی اور یہی وجہ ہے کہ موروثی میلان کا اثر بہت ہوتا تہا لیکن بیسوین صدی کے محقق کہتے ہین کہ انسانی ارادہ و مرضی جب موروثی میلان کے مخالف ہو سکتے ہین اکثر اُس پر غلبہ پاکر اُس کو بالکل نابود کر دیتے ہین پس موروثی میلان ہر حالت مین انسانی کارفرما نہین ہوسکتا اکثر بُرے سے بُرے نیک باپون کے بیٹے بد اور بد آدمیون کے لڑکے نیک نکلے ہین۔ یہ

ضرور نہین ہے کہ بیٹا اُسی فن مین کمال دکہتا ہو جس مین اُس کا باپ کہتا تہا
بعض محقق مماثلت ڈہونڈہنے کے لیے ایک دو نسلین پیچہے جاکر کسی
طبعی میلان کے وجہ آبار کے طرف منسوب کردیتے ہین لیکن اُن پیدائشی
اور طبعی میلانون کا پتہ لگانا یا اُن کے اسباب کو ڈہونڈنا ایک ایسا پیچیدہ
سوال ہے کہ بہتون نے سر مارا لیکن مقصود مفقود ہی رہا۔ ہم تعلیم اور مثال
کے مدد سے موروثی میلان کو کچہہ نہ کچہہ تبدیل کرسکتے ہین لیکن یہ سب
پیدا ہونے کے بعد ہو سکتا ہے اُس کے قبل نہین ہوسکتا اور اُس کا اچہا
یا برا اثر جو کچہہ بھی ہو انسانی دسترس ہونے سے پہلے ہی اپنا کام کر چکا ہے
تحقیقات تو پیدا ہونے کے بعد ہی ہوئی ہین اس واسطے بہتر یہی ہے
کہ پیدا ہونے کے بعد کے تاثرات پر غور کرین جن سے حقیقتاً ہماری زندگی
شروع ہوتی ہے نہ کہ اُس کے قبل کے۔ ارتقاے انسانی مین بہت سے
عنصر عمل کرتے ہین جنمین سے بعض تو ہم کو بعض اعمال کے کرنے پر اکساتے
اور بعض روکتے ہین لیکن ایک بالغ عاقل انسان بڑے حد تک اپنے
اعمال کا آپ ذمہ دار ہے وہ موروثی میلان کے بہانہ سے غیر مکلف
و معذور نہین سمجہا جاسکتا کیونکہ اُس پر کسیقدر غلبہ پانا اور اُس مین تغیر و تبدل
کرنا انسان کی قدرت مین ہے یہ عذر بھی قابل قبول نہین کہ عادت کا بندہ
ہون کیونکہ عادت کا انتخاب تو خود ہی ہم کرتے ہین اور وہ ہمارے اعمال ہی سے
وجود پذیر ہوتی ہے پس ہم کو چاہیئے کہ کسی عادت کے اپنی نفس مین
جاگزین ہونیکے قبل ہی غور کرین کہ وہ بھلی ہے یا بری راحت کا سبب ہوگی

یا اذیت کا اُس کی عادت ڈالنی چاہیے یا نہین۔

آدمی کے ارادی افعال کو اُس کی راحت اور زیست مین دخل ہے اُس کے فعل زیست کے علت ناقصہ ہین۔ آدمی کے ارادی افعال کو اُس کی راحت اور اذیت مین دخل ہے اُس کے افعال راحت یا اذیت کی علت تامہ اگر نہین مگر علت ناقصہ ضرور ہین۔ یہ خیال کہ ارادی افعال سے راحت یا اذیت ہو ہی نہین سکتی صحیح نہین ہے۔ اگر ارادی افعال شخصی اور اہلی اور نوعی زیست کے علت نہ ہون تو آدمی کو مکلف اور ذمہ دار کہنا اور سمجھنا بالکل غلط ہو اور تجربہ اور تربیت اور تعلیم اور فنون اور قانون سیاست و انتظام معاشرت سب کے سب عبث ہون۔ جب ارادی افعال کو زیست مین دخل ہی نہ ہو تو آدمی کا پھر کوئی فعل اچھا یا بُرا نہ رہے گا۔ بُرائی یا بھلائی کی بنیاد اس پر ہے کہ ارادی افعال کو زیست مین دخل ہے بعض مضر ہین بعض مفید۔ دخل کے معنے یہ ہین کہ ارادی فعل آدمی کی زیست کے علت ناقصہ ہین علت تامہ نہین۔ ان کے علاوہ اور بھی بہت سی علتین درکار ہین جب وہ سب جمع ہون تب زیست باقی رہے یا بڑھے۔ اگر کوئی کھانا نہ پاوے تو وہ جتنے ارادی افعال چاہے کرے زندہ نہین رہ سکتا جیسے آدمی کے ارادی افعال زندہ رہنے کی علت تامہ نہین ویسے ہی وہ اسباب راحت وغیرہ کے حاصل کرنے کی بھی علت تامہ نہین لیکن جیسے وہ جینے کی علت ناقصہ ہین ویسے ہی بہت سے اسباب راحت و اغراض انسانی کی علت ناقصہ ہین۔ اصل یہ ہے کہ اُن صورتون مین جن مین غرضین ایسی ہوتی ہین جن کے حاصل ہونے مین ارادی افعال کو دخل ہے اور جب کے حاصل ہو جانے کی

علت تامہ مین سے تمام علتین سواے ارادی افعال کے موجود ہوتی ہین تو وہ
غرض افعال ارادی کے کرنے سے موجود ہوجاتی ہے اگر غرض ایسی ہوتی ہے
جس مین افعال ارادی کو دخل ہی نہین یا افعال ارادی کو دخل ہے مگر افعال ارادی
کے سوا اور کوئی علتین موجود نہین نہ وہ افعال ارادی سے موجود ہوسکتی ہین تو وہ غرض
افعال ارادی سے حاصل نہین ہوسکتی - پس آدمی کے ارادی افعال کو لذت اور
زیست اور اذیت اور موت مین دخل ہے - اس عالم مین بہت سے مادہ اور قوت
باہم مرکب اور بہت سی قوتین مفرد عمل کیا کرتی ہین اور بعض آدمی کو مفید ہین اور بعض
مضر - خود آدمی مین ایسی قوتین ہین جن سے مضر اور مفید کو جانتے اور مفید کو لے
اور مضر سے بچے اور اُس کے ارادی افعال کو مضر اور مفید کے جاننے اور مضر سے
بچنے اور مفید کو لینے مین دخل ہے نسان جس چیز کو حاصل کرنا چاہے اُس کے لیے
صحیح طریقون سے محنت کرے تو جہان تک ارادی افعال کو اُس کے ملنے مین دخل ہے
وہ ضرور ملے گی اگر کسی شے کے حصول کے لئے چند ارادی افعال ناگزیر ہین
تو جب تک وہ ارادی فعل نہ ہون گے وہ چیز نہ ملے گی - صحیح محنت کے بعد اگر
کوئی خارجی مانع پیش نہ آوے تو مطلوب کا ملنا لازم ہے جب وہ سب اسباب
جو مطلوب کے ملنے کے لئے علت تامہ ہین اکٹھا ہوجاوین تو مطلوب کا نہ ملنا کیون
نہ محال ہوگا - یہ قانون الٰہی و عدل حقیقی ہے انسان جتنی قوت کسی مطلوب کے
حاصل کرنے مین صرف کرتا ہے اُس صرف شدہ قوت کا عدل یعنے بدلا اُس کو
مطلوب کی صورت مین ملجاتا ہے اور محنت اگر صحیح طریقہ سے ہو تو رائگان جا ہی نہین سکتی -
نتیجہ (۱) اُن صورتون مین جن مین غرضین ایسی ہوتی ہین جن کے حاصل ہونے مین

آدمی کے ارادی افعال کو دخل ہے یعنے اُس کے ارادی افعال علت ناقصہ ہین
اور جن کے حاصل ہو جانے سے علت تامہ مین سے تمام علتین سوا ارادی
افعال کے موجود ہوتی ہین تو وہ غرض افعال ارادی کے کرنے سے موجود ہو جاتی
ہے۔ (۲) اگر غرض ایسی ہوتی ہے جس مین افعال ارادی کو دخل ہی نہین یا افعال
ارادی کو دخل ہے مگر افعال ارادی کے سوا اور کوئی علتین موجود نہین نہ وہ افعال
ارادی سے موجود ہوسکتی ہین تو وہ غرض افعال ارادی کے کرنے سے حاصل
نہین ہوسکتی۔ (۳) خود آدمی مین ایسی قوتین ہین جن سے مفید و مضر کو جانے اور
مفید کو لے اور مضر سے بچے اور اُس کے ارادی افعال کو مضر و مفید کے جاننے
اور مضر سے بچنے اور مفید کو لینے مین دخل ہے یعنے وہ اُن کے لئے علت ناقصہ
ہین۔ (۴) آدمی کے افعال ارادی سے اور علتین بھی کبھی موجود ہوسکتی ہین
جو مثل انسان کے علت ارادی کے جزو علت تامہ کسی غرض کے حصول
کی ہوسکتی ہین۔ (۵) اگر کسی شے کے حصول کے لئے چند ارادی افعال ناگزیر ہین
یعنے اُس کی علت ناقصہ ہین تو جب تک وہ ارادی فعل نہ ہون گے وہ چیز نہ ملیگی
(۶) صحیح طریقون سے آدمی کسی چیز کے حصول کے لئے محنت کرے تو جہانتک
ارادی افعال کو اُس کے ملنے مین دخل ہے وہ چیز ضرور ملے گی بشرطیکہ کوئی
خارجی مانع پیش نہ آوے۔ (۷) جب وہ اسباب جو مطلوب کے ملنے کیلئے
علت تامہ ہین اکٹھا ہو جاوین اور مانع خارجی نہ ہو تو مطلوب کا نہ ملنا محال ہے
یہ قانون الٰہی و عدل حقیقی ہے کہ بذلا محنت کا اس طریق سے ملتا ہے اُس کے
خلاف نہین ہوسکتا۔

**کردار عالی و صحیح چاہیئے۔** آدمی کے اُن افعال ارادی کے مجموعے کو جو کسی خاص غرض سے کئے جاویں کردار کہتے ہین۔ کردار کو اس حیثیت سے دیکھ سکتے ہین کہ وہ مجموعہ چند حرکات خارجیہ کا ہے جیسے اور مظاہر مین نمو ہوتا ہے ویسا ہی کردار مین ہوتا ہے۔ اس نمو کے بہت درجے ہوتے ہین۔ سافل کردار کو غرض سے کم مناسبت ہوتی ہے یعنے وہ غرض حاصل کرنے کا بہترین ارادی وسیلہ نہین ہوتا اور کردار جتنا ہی اونچا اور بہتر ہوتا جاتا ہے اُتنا ہی اُس کو غرض سے مناسبت بڑھتی جاتی ہے یعنے وہ غرض کے حاصل کرنے کا بہترین ارادی وسیلہ ہوتا جاتا ہے بہترین کردار وہی ہے جو غرض معین کے حاصل کرنے کا بہترین ارادی وسیلہ ہو یعنے جتنا ہی اونچا اور بہتر ہو اُتنا ہی بہتر ہے۔ لہذا عالی ہمتی سے نصب العین و مطمح نظر ایسا بلند و صحیح رکھنا چاہیئے کہ اُس پر پہنچنا محال نہ ہو لیکن اس پر پہنچنا کمال ہو اور استقلال کرکے اُس پر پہنچ سکین و مستقیم و ثابت رہ سکین۔

**بروے اثرات زیست اچھائی و برائی کا معیار و نیکی و بدی کا اضافی ہونا۔** لذت و اذیت اضافی ہین ایسا نہین ہے کہ ہر جاندار کے لئے ایک ہی حالت ہمیشہ لذیذ ہو نہ ایسا ہے کہ ہر جاندار کے لئے ایک ہی حالت سدا موذی ہو۔ اذیت اور لذت دونون ایک علاقہ خاص سے مابین حواس شخص متلذذ یا متاذی اور شئے لذیذ یا موذی پیدا ہوتی ہین۔ لذت حاصل کرنے کو اول تو جسم مین ایسے آلات ہونے چاہئین جو متلذذ ہونے کا ذریعہ ہون دوسرے اُن کی ایسی حالت ہونی چاہیئے کہ متلذذ ہونے کو جتنے عمل کی ضرورت ہے وہ عمل اُن آلات سے صادر ہو سکین۔ تیسرے شئے لذیذ مین وہ اثر چاہیئے

جو لذت بخش ہو۔ جن جانداروں مین ذائقہ موجود نہ ہو وہ شیر و شکر کی لذت سے
بہرہ ور نہین ہو سکتے اگر قوت ذائقہ نے شکر سے لذت پانے مین افراط کی ہو تو شکر
چکھنے سے بجاے لذت کے اذیت ہوگی۔ اگر کسی قوت ذائقہ کی ساخت ایسی ہو
کہ اُس کو شکر تلخ معلوم ہو تو بھی اُس کو شکر چکھنے سے لذت نہ ہوگی جو حالت ذائقہ
کی ہے وہی حالت دوسرے حواس کی ہے۔ حواس کے اختلاف سے اور اُنکے
عمل کے افراط و تفریط سے لذت و اذیت مین بڑا اختلاف ہو جاتا ہے اسیوجہ سے
مختلف نسلون کے فردون کا بلکہ ایک ہی نسل کے مختلف فردون کا اور ایک ہی
نسل کے ایک ہی فرد کا مختلف اوقات مین راحت کا معیار بدلتا رہتا ہے۔
واقعی اذیت اور واقعی ضرر اور واقعی لذت اور واقعی نفع مین ضرور ذاتی لزوم ہے
تاہم افراط لذت اور راحت و اذیت و ضرر مین اضافی نسبت ہے۔ بہت سی ایسی
حالتین ہین جن سے زنگی کو لذت ملتی ہے اور روسی کو اذیت۔ بچے کو لذت ملتی ہے
اور بوڑھے کو اذیت۔ یا ایک ہی شخص کو اُس سے جاڑون مین لذت ہوتی ہے
اور گرمیون مین اذیت۔ کوئی چیز فی نفسہ اچھی یا بُری نہین ہوتی اچھی وہی ہے
جو ذریعہ ہو سکے کسی غرض کا۔ اور جتنا ہی زیادہ موثر ہووے اُس غرض مین اُتنا
ہی بہتر ہے۔ تلوار وہی اچھی ہے جو خوب کاٹے۔ گھوڑا وہی اچھا ہے جو خوب
چلے۔ کھانا وہی اچھا ہے جس سے خوب تندرستی ہو۔ جو چیزین ذریعہ ہوتی ہین
کسی غرض کے حاصل کرنے کا اُنہی چیزون کو اچھا یا بُرا کہتے ہین۔ اور جو ذریعہ
نہ ہون وہ اچھا یا بُرا ہونے کا موضوع نہین ہوتین۔ جب فقط ذریعون کو اچھا
یا بُرا کہہ سکتے ہین تب یہ بات قابل غور ہے کہ علم الاخلاق مین کن چیزون کو اچھا

یا بُرا کہنا چاہیے۔ زمانی ومکانی وبشری اور ماحولی حالتون کے بدلتے رہنے افعال کا حسن وقبح اضافی ہونے کے وجہ سے بدلتا رہتا ہے۔ علم الاخلاق مین اچھا اُس کو کہتے ہین جس سے شخصی یا اہلی یا نوعی زیست بچے یا اُن کا رقبہ بڑھ جاوے۔ بُرا اُس کو کہتے ہین جس سے شخصی یا اہلی یا نوعی زیست کو ضرر پہنچے یا اُن کا رقبہ کم ہو جاوے۔ زیست پر اثر کرنے سے قطع نظر کرین تو علم الاخلاق مین نہ کوئی چیز اچھی ہے نہ بُری۔ ظاہر ہے کہ اچھا یا بُرا ہونا اضافی ہے اور آدمیون کے جسم وقوے وضرورتون اور ماحول مین تغیر ہونے سے اُس مین بھی تغیر ہوتا ہے جاڑے مین سرد پانی لذت بخش نہین رہتا۔ آدمیون کے جسم اور ظاہری اور باطنی قوے مین اور ضرورتون اور نیز طبیعی اور عشرتی ماحول کے موجودات مین اختلاف ہونے کے وجہ سے ایک ہی چیز ہمیشہ اچھی اور بُری نہین ہوتی بلکہ کبھی ہی چیز مضر ہوتی ہے اور کبھی مفید متناسب طرح ہونا لازمی ہے۔ اس عالم مین زندگی اس پہ منحصر ہے کہ ایک نظام کے اعمال مین اُس کے اردگرد کی تبدیلیون کے موافق ردوبدل ہوتا رہے اور یہ ردوبدل متناسب ومعتدل ومناسب حال رہے۔ ردوبدل جتنا بہتر ہوگا زندگی بھی اُتنی ہی بہتر ہوگی۔ یہ قانون عالمگیر اور جملہ نظامات پر جاری ہے افراد پر بھی اُسیطرح موثر ہے جس طرح مجموعہ پر۔ اقوام گذشتہ وموجودہ کی تاریخین اس قانون کے موثر ہونے کی تشریح کرتی ہین۔ جو اپنے آس پاس کے حالات سے غیر متناسب ہین عدم مناسبت نے اُنمین جہالت وسخت افلاس اور ہولناک بُرائی ودل ہلانے والی مصیبت جسم وطبیعت مین زوال اور افسوسناک درجہ تک بھی پیدا کردی ہے اور اگر یہ صورت جاری رہی تو حالت اور بدتر ہو جاوے گی۔

ان حالات مین ہر ایک سمجھنے والے مسلمان کا یہ فرض ہے کہ وہ اپنے برادران دین کو
اپنے حالات کے متناسب بنانے مین مدد دینے کے لئے مقدور بھر کوشش
کرے صفحہ دنیا پر کوئی قوم اس کے بغیر فقر و ذلت سے نہین نکل سکتی کہ اس کے افراد
اپنے حالات کے متناسب بنانے مین منتظمہ و متحدہ کوشش کرین۔ یہ ممکن ہے
کہ مقدور بھر امکانی کوشش کرنے کے بعد بھی وہ نجات نہ پاسکین لیکن بغیر
کوشش نجات محال ہے اور باقاعدہ کوشش کرنے سے اگر کل علتین
مہیا ہو جاوین تو کوئی وجہ نہین ہے کہ کامیابی و نجات و رحم نہ ہو۔ کس خوبی سے
سورہ یٰسٓ مین ہے۔ و اذا قیل — اور جب کہا جاتا ہے انسانون کو بچو اس سے
لھم اتقوا ما بین ایدیکم وما خلفکم — جو آگے تمہارے ہے اور جو پیچھے
لعلکم ترحمون ۝ — تمہارے ہے کہ تم پر رحم ہو۔
متناسب رد و بدل ایک منتظمہ جماعت کی صورت مین بدلجانے سے ہوسکتا ہے
اس طرح کہ انکی انفرادی و مجموعی توانائیون کا رخ کارآمد ذرایع کے طرف پھیرا جاوے
اگر عملاً دشوار و ناممکن ہو کہ کل مسلمانون کی جماعت یا کسی ایک ملک کے لوگون
کی جماعت قایم کی جاوے تو جس قدر کہ جماعت قایم ہوسکے اسیقدر کی ہونی چاہیے
رفتہ رفتہ اصلاح کا دایرہ وسیع ہوجاوے گا۔ (۱) ہر ایک مسلمان فرد جماعت
تندرست پاک اور حتی الامکان جسم طبیعت کا قوی ہو۔ (۲) ہر ایک مسلمان فرد
جماعت کمانے والا ہونا چاہیئے یعنے اپنی زندگی کا بار دوسرون کے اوپر نہ ڈالے
(۳) ہر ایک مسلمان فرد جماعت کو وہ دنیاوی نیکیان حاصل کرنی لازم ہین جو مجلسی
حالت مین اچھی و کارآمد زندگی کے لئے ضروری ہین۔ (۴) ہر ایک مسلمان فرد جماعت

اپنے مذہب کا جاننا اور اُس کا احساس کرنا ضروری ہے کیونکہ ایک منتظمہ محمدن کمیونٹی کا وہ جزو ہے اور اُس کی بہبودی اُس کی جماعت کی بہبودی سے ایسی وابستہ ہے کہ الگ نہین ہو سکتی۔ (۵) ہر مسلمان فرد جماعت اور اُس کے متعلقین کو ابتدائی تعلیم و خاص قسم کی تربیت ملنی چاہیئے۔ اور اس کام کے لیے روشن خیال و فضیلت مآب مسلمانون کو آگے بڑھنا چاہیئے۔ یہ پانچون امور متناسب بنانے کے لئے ضروری بلکہ لازمی ہین اور آسانی سے اُن کو حاصل کیا جا سکتا ہے اور اپنے احباب اور اہل محلہ کو اُس پر لگایا جا سکتا ہے۔ اور اُس ضروری کمی کو تربیت کے ذریعے بوسیلہ والدین و اقربین پورا کیا جا سکتا ہے جس کا مدرسون کی تعلیم سے پیدا ہونا مشکل ہو تاکہ مسلمان بچے سچے عقیدہ کے ساتھ خود کو جمعیت قومی کا ایک ضروری فرد سمجھین

## خالص اصول مذہب مانع ترقی نہین اور بغیر مذہب ترقی نہین ہوتی ہے اور اپنے متحابین کے ساتھ اللہ بھی محبت کرتا ہے

یہ دعوےٰ نہین کہ کوئی قوم کبھی بلا پابندی مذہب اسلام ترقی نہین کر سکتی یا یہ کہ کسی قوم کی ترقی کے واسطے آسمانی مذہب کی پابندی لازم ہے۔ دعوے یہ ہے کہ تا وقتیکہ مسلمان اپنے اصول مذہب کے پابند نہ ہون میدان ترقی مین قدم آگے نہین بڑھا سکتے۔ اس دعوے کی تردید مین یہ ثابت کرنا لازم ہے کہ در اصل اصول اسلام یا اصول مذہب آسمانی مین کوئی ایسا امر ہے جو مانع ترقی ہے بغیر اس کے دعوے کی تردید نہین ہو سکتی۔ اُن مذاہب پر جو کتب آسمانی پر مبنی سمجھے جاتے ہین اُن کے روائتی حالت پر اعتقاد یا تردید کی بنیاد نہین ہونی چاہیئے بلکہ اُن کے خالص اصول پر ہونا چاہیئے کیونکہ اکثر خارج

اور عقل اعتقادات اور بیجا توہمات اور تقلیدی تخیلات مذاہب مین شامل ہوجاتے ہین
تاوقتیکہ وہ اعلیٰ صفات نہ ہون جو ترقی کی جڑ ہین اُس وقت ملک حالت کی اصلاح و
ترقی نہین ہوسکتی - اور اُن کو حسن عمدگی و کامیابی سے مذہب پیدا اور قایم کرسکتا ہے
کسی دوسرے ذریعہ سے نہین ہوسکتے - ہر قوم کے عروج کا انحطاط اُسی وقت سے
شروع ہوا ہے جب سے کہ اُس مین قومی مذہب کا اثر کم ہونا شروع ہوا - پابندی مذہب کے
یہ معنی سمجھنے کہ انسان رواجی مذہب کی تقلید کرے اور ظاہر عبادت کا پابند ہو صحیح نہین
بلکہ اس کے معنے یہ ہین کہ مذہب کے اصلی اصول ذہن نشین ہوکر اُس کے رفیق
طریق و سر زندگی بنگئے ہون - اسلام کی پابندی سے یہ مراد ہے کہ انسان معاد و
معاش کے ان اصولون پر چلے جن کی اسلام نے تعلیم دی ہے اور جنکے چھوڑ دینے
کے وجہ سے باوجود مذہب کی ظاہری پابندی کے مسلمان ایسے بُرے درجہ پر پہنچگئے ہین
مراد اعلیٰ اصول کی پابندی سے ہے جو انسان کو کامل بناتے ہین - یوروپین اقوام
کے نسبت یہ کہہ دینا کہ ان مین مذہب صرف بطور فیشن کے رہ گیا ہے جب ہی
اُنھون نے ترقی کی ہے امر نزاعی سے متعلق نہین ہے - یوروپین اقوام کی حالت
موجودہ سے بحث نہین ہونا چاہیئے بلکہ صرف اُس وقت تائید ہوسکتی ہے جبکہ
ثابت ہو کہ یوروپین اقوام نے جس وقت میدان ترقی مین قدم رکھا ہے اُسوقت
وہ مذہب کے طرف سے بے پروا ہوچکے تھے برخلاف اس کے تاریخ شہادت
دیتی ہے کہ لوتھر کی آواز نے یوروپ کو تقلید و اوہام پرستی سے بیدار کرکے
مذہب کی پابندی شروع کرائی تو اُس وقت یوروپ کی ترقی کی بنیاد پڑی پس
یوروپین اقوام نے بھی ترقی کا زینہ مذہبی پابندی کے ساتھ طے کیا ہے اُنکے

لٹریچر کو دیکھو تو اُس مین عیسائیت کے اصول ساری ہین، اُن کی پالیسی کو دیکھو تو وہ عیسائیت کے خاطر غیر قومون سے لڑنے تک مین باک نہین کرتے اُن کے قومی کارنامون کو دیکھو تو وہ لاکھون روپیہ عالیشان کلیساؤن کی تعمیر اور کرورون روپیہ اپنے مذہب کی تبلیغ مین صرف کرتے ہین ان مین سے علم حکمت کے وجہ سے جو کسی خاص رواجی مذہب کے پابند نہین وہ حب وطن اور جماعت انسانی کے خیر خواہی کے اصول کے پابند ہین جو دراصل ہر مذہب کی بنیاد اور نظام عالم کے قایم رہنے کے لئے ضروری ہین دوسرے قسم کے لوگ جو پابند مذہب نہین ہین تجربہ سے اُن کا وجود ترقی و اصلاح کے لئے مضر ثابت ہو رہا ہے۔ جاپان مین علم ترقی خوب بلند ہوا اُس زمانہ مین وہ لامذہب نہ تھے اور قومی ترقی کے لئے مذہبی پابندی جاپانی ضروری سمجھتے ہین۔ ہم دیکھ چکے ہین کہ اسلامی اصول کی پابندی سے مسلمان ترقی کر چکے ہین اسی لئے انہین اصولون کے طرف اشارہ کرتے ہین۔ مسلمانون کی ترقی جب ہی قابل فخر ہے کہ مسلمان رہ کر ترقی کرین نجات دائمی سے محروم ہو گئے تو ایسی ترقی سے ہزار درجہ تنزل بہتر ہے۔ فی الموطاء عن مالك باسناده وجبت محبتی للمتحابین فیّ والمتجالسین فیّ والمتزاورین فیّ والمتباذلین فیّ ۔ موطا مین امام مالکؒ نے اپنے سند کے ساتھہ روایت کیا ہے کہ میری محبت واجب ہو گئی ہے اُن لوگون کے لئے جو میرے ہی واسطے آپس مین محبت کرتے اور میرے ہی واسطے آپس مین بیٹھتے اور میرے ہی واسطے آپس مین ملتے جلتے اور میرے ہی واسطے آپس مین خرچ کرتے ہین۔ پس جو لوگ باہم کر افعال مذکورہ حدیث کرتے ہین اور محض اللہ کے لئے کرتے ہین اُن کے ساتھہ اللہ کی بھی محبت کا واجب یعنی لازم

ہوجانا اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے چونکہ اس حدیث کو امام مالک رحمۃ اللہ نے موطا مین روایت کیا ہے اور واسطہ اسناد کم ہے لہذا کم سے کم طریق بیان کے باللفظ ہونے کا ظن غالب ہوتا ہے اور اس لئے اور بھی کہ الفاظ ایسے متشابہ و کم ہین جو حافظہ پر باسانی آسکتے اور محفوظ رہ سکتے ہین - گویا یہ حدیث آیت ومالاحد عندہ من نعمۃ تجزی الا ابتغاء وجہ ربہ الاعلی کی تفسیر ہے - لہذا یہ بھی خیال کرنے کی بات ہے کہ الفاظ قرآنی و الفاظ حدیث کے و تفسیری الفاظ کے مابین بیان مین کیا تفاوت ہو جاتا ہے اور باعتبار موضوع ایک دوسرے مین کسطرح تفاوت ہوتا ہے

## سویلیزیشن کے حدود و نتایج و اغراض و وحشیانہ نیکی -

جب انسان کا گروہ کسی جگہہ اکٹھا ہو کر رہتا ہے تو اُس کی ضرورتین اور حاجتین غذا مکان اور پوشاک خیالات وغیرہ ایک ہی سے ہوتے ہین اس لئے بُرائی اور اچھائی کے خیالات اور بُرائی کو اچھائی سے بدلنے کی خواہش اُس مین یکسان ہو جاتی ہے اور یہی مجموعی خواہشین و تبادلہ خیالات مجموعی اُس گروہ یا قوم کے سویلیزیشن یا تہذیب کہے جاتے ہین مگر جب کہ مختلف مقامات مین لوگ بستے ہین تو اُن کی حاجتین اور خواہشین بھی مختلف ہوتی ہین اور اسی سبب سے تہذیب کے خیالات بھی مختلف ہوتے ہین - پس سویلیزیشن کے اختلاف کا فیصلہ وہ اسباب کر سکتے ہین جنکے سبب سے اچھے و بُرے کا خیال دل مین بیٹھا ہے - تہذیب یا یون کہو کہ بُری حالت سے اچھی حالت مین لانا دنیا کی تمام چیزون سے اخلاقی ہون یا مادی یکسان علاقہ رکھتا ہے اور تمام انسانون مین پایا جاتا ہے - لہذا تہذیب کیا ہے افعال ارادی اور جذبات نفسانی کو اعتدال پر رکھنا صرف اوقات اور وقت کو عزیز سمجھنا

واقعات کے اسباب کو ڈھونڈھنا اور اُن کو سلسلہ مین لانا اخلاق اور معاملات اور
معاشرت اور طریق تمدن اور علوم و فنون کو بقدر امکان قدرتی خوبی اور فطری عمدگی
و اعلی درجہ پر پہنچانا اور خوش اسلوبی سے برتنا و معاشرت و تصاحب کو ہموار بنانا
اور نتیجہ راحت و روحانی خوشی اور جسمانی خوبی اور اعلی تمکین اور حقیقی وقار اور خود
اپنی عزت کی عزت کرنا ہے اور درحقیقت یہی پچھلی بات ہے جس سے وحشیانہ حالت
و انسانیت و تہذیب مین تمیز ہوتی ہے۔ وحشیانہ نیکی کی چونکہ اصل نیک نیتی پر
ہوتی ہے اس وجہ سے لوگ اُس کو اچھا سمجھنے لگتے ہین اور جس وحشیانہ طور سے
وہ کام انجام پایا اُس کی بُرائی چھپ جاتی ہے لیکن تہذیب کے طور سے انجام دینے
مین وہ بُرائی بھی نہین رہتی۔ دو وحشی دوست ایک ہی عورت پر عاشق ہوے عشق
اجازت نہین دیتا تھا کہ ایک کا وصل ہو اور دوسرا محروم رہے اور دوستی ایکدوسرے
کے رنج کو بجز باہمی مشورہ کے جایز نہین قرار دیتی تھی۔ عشق چاہتا تھا کہ مین غالب
آؤن اور صدق دوستی چاہتا تھا کہ مین فتح پاؤن۔ اس کشمکش مین دونون نے باہمی
مشورہ و رضامندی سے معشوقہ کو مار ڈالا اور اُس کی مردہ نعش کو دونون نے خوب
گلے لگایا اور دلی محبت سے دونون نے مردہ نعش کے دلفریب گالون کا بےگناہ
بوسہ لیا اور پھر وحشیانہ ماتم کیا ازان بعد دونون نے غم و الم و عشق مین اپنا اپنا گلا آپ
کاٹ لیا۔ یہ واقعہ حیرت و ظلم سے بھرا ہے تاہم نیک دلی اور دلی ایمانداری سے
چونکہ کیا گیا اور صدق دوستی نے اور اُس کے وجہ سے جان کا کھونا بھی اُس کے ساتھ
شامل ہے لہذا مردانہ و شریفانہ معلوم ہوتا ہے۔ غور کرو کہ وہ دونون عاشق اگر
مہذب ہوتے تو بمقتضاے تہذیب کیا عمل کرتے اور اُن کی یہی عمدہ خصلتین

نیک کام مین عامل ہوتین تو کیسا عمدہ پھل لاتین۔

ہر زمانہ مین ہر فرد مومنین مین سے ایک جماعت کو تفقہ فی الدین و دعوت الی الخیر کرتے رہنا اور تقلید و رسم پر تفقہ کو ترجیح دینا چاہیئے اور کوئی زمانہ زندہ مجتہدون کے وجود سے خالی ہو تو اُس زمانہ کے سب مسلمان ترک فرض کے عاصی ہونگے۔ سورہ توبہ مین ہے کہ ایسے تو نہین مسلمان کہ سارے کوچ مین نکلا کرین سو کیون نہ نکلا کرین ہر فرقے مین سے ایک جماعت کہ تفقہ کیا کرین دین مین اور آگاہ کیا کرین اپنی قوم کو جب پھر جاوین اُن کے طرف تاکہ وہ بچیین۔ پس اس آیت سے ثابت ہوتا ہے کہ ہر زمانہ مین ہر مسلمان کے فرقے مین سے ایک جماعت کو تفقہ فی الدین کرتے رہنا فرض کفایہ ہے اور اگر وہ جماعت قایم نہ ہو تو فرض ساقط نہین ہوتا اور سب موجودہ مسلمان گنہگار ہوتے ہین۔ اور سورہ آل عمران مین ہے۔ اور چاہیئے کہ ہو تم مین سے ایک جماعت جو دعوت الی الخیر اور امر بالمعروف و نہی عن المنکر کرتی ہو اور وہی فلاح پانیوالے ہین۔ پس ان دونون آیتون سے بخوبی ثابت ہوتا ہے کہ غیر معصوم کی تقلید شخصی کرنا اور اُس کے دعوے یا دلیل کو بغیر اُن قواعد کے جانچے ہوئے جو دلیل کی صحت کے لئے ضروری ہین حجت مان لینا نہین چاہیئے بلکہ جو جماعت کہ تفقہ فی الدین و دعوت الی الخیر کرتی ہو اُسکے تفقہ سے آگاہی حاصل کرکے بچنا یعنے نتایج تفقہ کو جو معہ دلیل ہون گے سمجھکر بدی سے بچنا چاہیئے۔ پس کسی مذہبی رسم یا تقلید کو ہمیشہ کے لئے اختیار کر لینا اور اُس مین تفقہ کی ضرورت نہ سمجھنا اور جو مجتہدین تفقہ کرتے ہون اُن کے نتایج پر گوش حق نیوش نہ رکھنا بلکہ رسم یا تقلید کو ترجیح دینا جایز نہین۔

ہر گاہ کہ زمانہ میں نئی نئی حاجتیں پیش آیا کرتی ہیں اور نئی نئی باتیں اور اشیاء معلوم ہوتی او رایجاد ہوتی اور نئے قسم کے واقعات و معاملات پیش آتے ہیں۔ پس اگر زندہ مجتہد و تفقہ کرنے والے اُس وقت موجود نہ ہوں تو مسایل جدید کا حل نہیں ہوسکتا اور نئے واقعات کے وجہ سے نئے اجتہاد اگر نہ ہوں تو مذہب اور اُس کا اصول جمود کی حالت میں مانع ترقی ہو جاتا ہے۔ اس لئے معلوم ہوتا ہے کہ علماء محققین مذہب اسلام کا بھی یہ مذہب ہے کہ ہر زمانہ میں مجتہدین کا ہونا ضروری ہے۔ شاہ ولی اللہ صاحب اپنی کتاب مسمی بانتباہ فی سلاسل اولیاء اللہ واسانید وارثی رسول اللہ کے جلد دوم میں لکھتے ہیں کہ بغوی در تہذیب وامام الحرمین در نہایہ ورافع در شرح وجیز و عزالدین عبدالسلام در غایہ و نووی در شرح مہذب وابوعمر بن صلاح در کتاب ادب الفتیا و بدرالدین زرکشی در کتاب بحر تصریح کردہ اند کہ علم دو قسم است فرض علی الاعیان و فرض علی سبیل الکفایہ۔ و فرض کفایہ آن است کہ کسے بر تبہ اجتہاد برسد و از اعداد مقلدین برآید پس اگر در ہر ناحیہ یکے یا دو باین معنے قایم شوند فرض ساقط والا ہمہ عاصی شوند۔...... وحنابلہ باہم بآن رفتہ اند کہ جایز نیست خلو زمان از مجتہد بقولہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یزال طایفۃ من امتی ظاہرین علی الحق حتی یاتی امر اللہ و زرکشی گفتہ است کہ این قول مخصوص بحنابلہ نیست بلکہ جماعۃ از اصحاب یعنے شافعیہ بدان بتصریح کردہ اند...... وابن عرفہ از علمائے مالکیہ گفتہ قال شیخنا ابن عبدالسلام لا یخلو الزمان عن مجتہد وامام الحرمین گفتہ کہ اختلاف کردہ اند اولین در آنکہ عصرے از اعصار عدد مجتہدین از مبلغ تواتر کم می شود یا نہ جمعے منع کردہ و جمعے جایز داشتہ

تقلید کرنا وایک ہی پر منحصر کر دینا بھی کفر وتناقض سے قریب ہے تناقض اسطرح کہ ایسے شخص کے دعوے سے تو دلیل پر بنیاد اعتقاد کی مقلد قائم کرتا اور اسپر عمل کرتا ہے جس کی دلیل دلیل کی حیثیت اس حیثیت سے نہین رکھتی کہ اس نے یہ دعوے بغیر دلیل کے کیا ہے اُس کا خود فرض ہے کہ اپنے دعوے کیلئے صحیح دلیل لاوے۔ پس بجائے صحیح دلیل کے اُس کے دعوے ہی کو دلیل مقلد قرار دیتا ہے اور کفر کے قریب اس طرح کہ تقلید غیر معصوم یعنے انبیاء ورسل کی لازم ہے نہ کہ اُن کے غیر کی اُنہی پر تقلید منحصر ہو سکتی ہے نہ کہ اُن کے غیر پر حالانکہ مقلد غیر معصوم کی تقلید کرتا اور بنیاد اعتقاد اُن کے اقوال یا دلایل کو بغیر اسکے جانچے وسمجھے کہ وہ صحیح ہین قرار دیتا ہے۔ لہذا عملاً انبیاء ورسل کا درجہ وہ اُنکو دیتا اور اُن پر تقلید منحصر کرتا وتشریک فی النبوت کرتا ہے۔

رسم ورواج کا فرق اُن کے حدود وغیر قوم کے اچھے رسوم کے اختیار کرنیکے شرائط وفیشن کے شرائط۔ سادہ وسود مند فیشن رکھنا چاہیئے۔ قدامت پسندی وقومی روایات وتاریخ۔ رسم اُس کا نام ہے جو ہوتا چلا آیا گو معلوم نہ ہو کہ وہ کیون ہوتا تہا اور اُس سے کیا فایدہ ہے اور رواج اُس کا نام ہے جس کو ایک گروہ یعنے لوگ کرتے ہین یا کرنے لگین اور اسکو عیب نہ سمجھین۔ لہذا ہو سکتا ہے کہ ایک زمانے مین کوئی کام عیب گنا جاتا ہو مگر وہ رواج پا جاوے تو لوگ اُس کو عیب نہ سمجھین۔ یا نیک سمجھا جاتا ہو بعد رواج کے اُس کو عیب سمجھنے لگین۔ پس رسم ورواج مین وہ فرق ہے جو سبب ونتیجہ مین ہوتا ہے کیونکہ جب کسی کام کا رواج ہو جاتا ہے تو آخر کار وہ ایک رسم ہو جاتی ہے۔

مقنن رسم کے یہ معنے بتلاتے ہین کہ رسم ایک ایسا قانون ہے کہ تحریر مین بطور قانون نہین آتا مگر مدتون سے برضامندی عامہ جاری ہے۔ دوسری قومون کی اچھی رسم اختیار کرنے مین ہمیشہ یہ پہلے سمجھ لینا چاہیئے۔(۱) غیر قوم کی کس قسم کی تہذیب اور آداب معاشرت اچھے ہین۔ (۲) اپنے قوم کی حالت کے اعتبار سے کن قواعد کی پابندی ضروری ہے۔ اور بلحاظ پابندی مذکور غیر قوم کی کس رسم کو اختیار اور کس کو نہ اختیار کرنا چاہیئے بلکہ نفرت چاہیئے۔ (۳) سودمندی و راحت و ضرورت کے خیال سے کون سے امور درکار ہین۔ پس جن رسوم کے اختیار کرنے سے قومیت مین فرق آتا ہو اُس کو نہ اختیار کرنا اور اپنے رسوم قومی کو بالکل ترک نہ کر دینا چاہیئے۔ یہ کوشش کرنا کہ دوسری قومون کے آداب معاشرت بحیثیت مجموعی متحد ہو جاوین اور اُن مین مخالفت نہ رہے ایسی کوشش ہے جس کا انجام یقیناً ناامیدی ہے تمام قومون کے حالات زندگی و کوایف معاشرت و روایات یکسان پیمانہ کے نہین ہین اُن مین قدرتی تباین موجود ہے پس کوئی وجہ نہین ہے کہ ایسی موہوم اُمید کیجاوے۔ فیشن ایک مشغلہ اور ایک عارضی اُبال سے زیادہ وقعت نہین رکھتا۔ فیشن بذاتہ ایک غیر مستقل عمل ہے۔ یورپ جہان فیشن کی گرم بازاری ہے ثابت کر رہا ہے کہ فیشن ایک ایسا نظارہ ہے جس کی ہر شام اُس کی صبح سے الگ ہوتی ہے۔ اس لئے یورپ کی طرز معاشرت کو محض فیشن ہی کے خاطر اختیار کرنا بیجا اور اپنی قوم کو قعر زوال مین ڈھکیل دینا ہے قومیت اور وضع کو آپس مین ایک نہ ٹوٹنے والی نسبت ہے جب تک وضع کی پابندی قایم رہتی ہے تب تک قومیت کا فور نہین ہوتی۔ فیشن کی تقلید عامہ سے

محض دیکھا دیکھی اپنے شیرازہ معاشرت کو توڑتے جانا ایک طفلانہ و قابل شرم تخییل ہے وہی ایٹی کیٹ اچھا اور وہی قاعدہ معاشرت سودمند کہا جاسکتا ہے جو ملکی خصوصیات و عادات کے جہت سے سودمند ہو اور جس مین اندھی تقلید اور بچون کی سی ریس کی جھلک نہ پائی جاوے - وہ قوم مردہ ہے جو قومیت کا خون اپنے آپ مین نہین رکھتی - فیشن پر قومیت کو قربان مت کرو فیشن بدلتا رہتا ہے لیکن قومیت نہین بدلتی رہتی اپنے قوم کے معاشرتی طریقون اور اچھے قاعدون کا توڑ دینا خود ذاتی و قومی بے عزتی کرنی اور گلو ے تہذیب پر لاپروائی کی چھری پھیرنی ہے - ایٹی کیٹ ایک ایسا عمل ہے جو ایک گروہ یا ایک جماعت یا ایک ملک مین معاشرتی ضرورتون کے اعتبار سے رسمی یا اضطراری طور پر اختیار کیا گیا ہو اور رفتہ رفتہ اُس کے خلاف معیوب سمجھا جانے لگا ہو - سادہ و سودمند و راحت رسان فیشن اختیار کرو مگر ضروریات و روایات قومی کا لحاظ اور اُس کو مرجح رکھہ کر قدامت پسندی ہر حالت مین بیشک بہتر نہین لیکن تاریخ و روایات قومی کو محفوظ و برقرار رکھنا اور اُن کے اعتبار سے بہتر امور مین قدامت پسندی بھی ضروری ہے -

**اقبال و ادبار کا مفہوم اور موجودہ قومی حالت اور اُسکا علاج کس طرح ہونا چاہیے** - اقبال و ادبار دو ایسے لفظ ہین کہ زبان پر جاری ہین - ایک موہوم سے معنی ان لفظون کے تو البتہ ہر شخص کے ذہن مین ہین مگر اُن کی اصل حقیقت کیا ہے اس پر کم کوئی غور کرتا ہے - روزمرہ کے محاورہ مین ان کا صرف اس طور پر ہے کہ گویا یہ دونون خارج مین موجود اور بعض صفات واجب سے متصف ذاتی ہین اور ساتھہ ہی اُس کے لوگ فعل و انفعال کو

بھی اُن سے نسبت دیتے ہین۔ کوئی جو بڑا دقیق معنی رس ہوتا ہے وہ تو البتہ اتنا سمجھتا ہے کہ قسمت تقدیر وغیرہ کے مثل یہ بھی مشیت ایزدی کے نام ہین۔ ورنہ جہلا ر تو گو زبان سے نہ کہین مگر اُن کو شریک باری ٹھہرانے مین کوئی دقیقہ باقی نہین رکھتے۔ بہتیرے لغات ہماری زبان پر ایسے جاری ہین کہ اُن کی مدلولات محض ذہنی ہین خارج مین ان کا وجود نہین ہے اور ایک ضرورت ذہنی کے سبب سے انسان نے اُنہین وضع کر لیا ہے۔ جیسے لفظ انسان کہ اُس کا مفہوم کلی کہین خارج مین موجود نہین ہے بلکہ چند افراد کو متحد الماہیت پا کر آدمی نے ایک لفظ وضع کر لیا ہے جس کا اطلاق ہر فرد پر ہو سکتا ہے اور باینہمہ اس کے کہ کسی فرد خاص کا نام نہین ہے اس کے سوا ایک قسم کے اور لغات ہین جو بہت سی صفات مجتمعہ یا حالت مجموعی کے نام ہین مگر آدمی نے بوجہ جہل اُن نامون کو ان صفات یا حالت کا سبب اور پیدا کرنے والا قرار دے لیا ہے اقبال و ادبار اور قسمت و تقدیر اُنہین کی نظیرین ہین۔ حکیم اور فلسفی کا کام یہ ہے کہ ہر شے کی حقیقت اور ماہیت کی تجسس مین سبب اول تک پہنچ جائے جس سے بالاتر سبب حقیقی اور حکیم مطلق ہے کے سوا کوئی نہین ہے۔ اقبال و ادبار کا نام لینا ایک خاص حالت مجموعی کے وجوہ اور علل تک نہ پہنچنے کا بہانہ ہے۔ تلاش و تفتیش بڑی ریاضت کا کام ہے۔ اس کی محنت کو حکیم ہی گوارا کر سکتا ہے۔ عوام الناس آسانی سے دو لفظ گڑھ کے اپنی مشقت بچا لیتے ہین اور انہین الفاظ کو علت بلا واسطہ ٹھہرا کر اپنے دلون کو تسکین دے لیتے ہین۔ اس مین انہین اپنی کاہلی اور قصور کا بھی چھپا چھپایا پتہ لگ جاتا ہے اور کہنے کو ہوتا ہے کہ ہم کیا کرین ہمارا اقبال یاور نہین

ہوئیں۔ ذرا غور کرنے کا مقام ہے کہ ہماری قومی ہمدردی و اخوت دینی کا تو یہ حال ہو کہ ہم میں سے کوئی ایک بھی ابنائے جنس کی فلاح اور بہبودی میں کوشش نکرے۔ اور ہر شخص اپنے ذہن میں ٹھان لے کہ ہمیں ایسے کاموں میں روپیہ صرف کرنیسے کیا فایدہ۔ وقت ضایع کرنے سے کیا حاصل۔ آخر کوئی نہ کوئی کر ہی لیگا۔ بیدلی و اتحاد کی یہ نوبت ہو کہ جو کوئی بھولا بھٹکا بھائی ہمارا جہالت بھی کرا سے اور وہ درد دل سے ہماری بھلائی کی فکر بھی کرے تو ہم کو یہ سمجھو سپیا ہو کہ اسے کیونکر بدنام کیجئے۔ اس کی نیت کو کس طرح فاسد ٹھرایئے کیا گرفت کیجیے کہ لوگ اُسے ملحد اور زندیق جانیں غرض اس کے بگاڑنے میں قرار واقعی دوا دوش کی جاوے۔ جہاں کی خاک چھانی جاوے تربیت اور تعلیم کا یہ نقشہ ہو کہ اپنا علم بھی چوپٹ ہو۔ تحصیل معاش کا وسیلہ نہ سیکھیں مشقت کو ذلت سمجھیں۔ مفت خوری میں شرم و حیا نہ کریں اور پھر جب تنگی رزق عاجز کرے تو خدا کی ناشکری کے سوا کچھ نہ کریں۔ کل اندیشی و حسن تدبیر ایسی کہ عمر فکر محال اور شیخ چلی کے سے خیال پکانے میں صرف ہو جاوے۔ گذشتہ حالات پر افسوس و حسرت کیا کریں۔ آیندہ کے نسبت بیہودہ اور بیجا امیدوں میں اوقات ضایع کریں ہمیشہ یہ ہو سیچتے رہیں کہ ہم فلان امیر کے مثل متمول۔ فلان حاکم کے مانند صاحب اقتدار ہوتا تو کیا ہوتا۔ اور ہو جاوں تو کیا ہو۔ یہاں تک کہ ان وسوسوں میں واقعی اور ممکن الحصول مواقع تمتع کے بھی ہاتھ سے نکل جاویں۔ حمیت اور غیرت اس درجہ کی کہ اگر دنیا میں جاہل اور نالایق ٹھرائے جاویں تو یہ کہہ کے اپنی بات بنالیں کہ دادا جان بڑے عالم تھے۔ سیکڑوں شاگردوں کو پگڑی بندھوا دی۔ نانا جان بڑے مہندس تھے اُن کے نسخے آج تک مشہور ہیں میں کسی قابل نہیں ہوا تو کیا ہوا اور اس پر یہ توقع

کہ لوگ اپنی بھی اُتنی ہی قدردانی اور تواضع و تعظیم کریں جتنی کسی صاحب علم و کمال کی
کرتے ہیں۔ امیرون کا یہ وتیرہ ہو کہ امارت کو مقصود بالذات جانین اور مخزن فضل
و کمال تصور کرین۔ تجمل کو عزت سمجھین اپنے خوشامدی اور دست نگر لوگون کی ستایش کو
سچ جانین اور اس گروہ کی واہ واہ سے پھولے نہ سماوین۔ مال و وقت عزیز صرف لہو
لعب کرین اپنی قوم اور اپنے ملک کی بھلائی مین کوشش نہ کرین اور اس کا رخیر
مین پیسہ نہ اُٹھاوین۔ شریفون کا یہ نقشہ ہو کہ کھانے کو پاس نہ ہو مگر محنت اور مزدوری
سے اُن کی شرافت مین بٹہ لگے۔ سوال سے عار نہ ہو مگر پیشہ اور حرفہ سے جی گھبرائے
عابد و زاہد ایسے ہون کہ مذہب و ملت کو پیشہ بناوین اور نماز و روزہ کی روٹیان کھائین
حج و زیارت کے واسطے سرمایہ تحصیلتے پھرین اور اُس فعل کو جسے خداوند عالم
اور ہمارے شارع علیہ التحیہ والسلام نے حرام کیا ہے بظاہر جذب ثواب اور
بباطن وسیلہ حصول معاش بنائین۔ عمال و حکام ایسے کہ اُن کو پیٹ بھرنے سے
کام۔ ملک خدا چاہے بگڑے اور چاہے سُدھرے اُن کی بلا جانے۔ حیف صد حیف
کہ ہمارا اور ہماری قوم کا یہ حال ہے اور اس پر ادبار ہی کو الزام دین اپنے قصور پہ
معترف نہ ہون اور اپنے ملک کی بہبودی مین سعی و کوشش کرنے کے عوض بیٹھے
ہوئے ہائے قسمت وائے نصیب کیا کرین۔ اصل مین ادبار اسی حالت مجموعی کا
نام ہے جس کا ایک شمہ بطور مشتے نمونہ از خروارے اوپر بیان کیا گیا۔ اقبال
بالکل اس کا ضد تصور کر لینا چاہیئے۔ زیادہ اس سے سمجھنا اور ادبار یا اقبال کو
ان حالات کا خالق اور سبب قرار دینا عقل سلیم کے نزدیک مشابہ بشرک معلوم
ہوتا ہے۔ اگر یہ مقدمہ تسلیم کر لیا جاوے تو ظاہر ہے کہ مثل امراض جسمانی یہ بھی

عوارض ہین اور ہم برآن قیاس علاج پذیر اور جس طرح طبیب حاذق پہلے اسباب
و علامات مرض کو ہر صورت سے مشخص اور محقق کرکے اُس کے مناسب نسخہ لکھتا ہے
اسی طرح ہمارے ملک کے عقلاء اور حکماء کو چاہیئے کہ پہلے اپنے قومی امراض کے
اسباب و علامات بخوبی دریافت کرلین اور پھر ہر سبب ردی کے واسطے علیحدہ
علیحدہ دوائین تجویز کرین۔ اگر صدق دل اور خلوص نیت سے علاج مین کوشش
کیجاوے اور قربۃً الی اللہ اس امر مین اہل توفیق جد و جہد کو کام فرماوین تو عجب
نہین کہ اس کا ثمرہ بہت جلد ظہور مین آوے۔ السعی منی والاتمام من اللہ۔

ہم مین ضبط نفس نہین ہمارا مطمح نظر واحد و عالی نہین نصب العین مین ہم
متفق نہین قومی ایثار نہین۔ اغراض مین اتحاد و اتفاق نہین۔ پس ذاتی اغراض کو
قومی اغراض سے احب سمجھتے ہین اور قومی اغراض کے تابع اُن کو نہین کرتے اور
اپنی قوتون کو غیر متفق و متفرق رکھکر برباد کرتے ہین۔ ہماری قوتین کمزور و غیر علمی
و غیر صحیح راہ پر ہین یہ نہین قرار دیتے کہ فردی طور پر کیا کرنا اور قومی طور پر کیا عمل
ہونا چاہیئے۔ ابتدائی و انتہائی تربیت نہین نصاب تعلیم حسب ضرورت موجود نہین
قدیم سوسائٹی برباد ہوچکی ہے جو ہر طرح کامیاب تھی۔ جدید سوسائٹی ابھی تک نہین
بنی اور انقلابی حالت مین ہے۔ لہذا امور مذکورہ بالا کا مخصوصاً متفقاً علاج کرنا چاہیئے۔
پس ہماری سب سے بڑی و مقدم ضرورت یہ ہے کہ ہمارا نصب العین و مطمح نظر صحیح
و عالی و معین و متفق ہو اور بہت ضروری و فرض عین یہ ہے کہ اپنے ماحول سے
متناسب ہوکر ایسے عباد صالحین مین سے بن جاوین جو وارث ارض کے بموجب
وعدہ قرآن مجید کے ہون یا بدیگر الفاظ اصلح ہون اور فنا و زوال سے بچ جاوین اور

رضا سے ہوے لیے موافق ہوکر بولی ہے ہم پر راضی اور وہ ہم سے راضی ہو ۔ ضبط نفس کا
ملکہ راسخہ و سادہ روی و سادہ مباشرت جاری ہونی چاہیئے اور بدون جفاکشی اور
راستی و دیانتداری کے ہم میں پیدا نہیں ہوسکتی ۔ بلندی و بلند ہمتی سے اونچے و بڑے
کام میں جفاکشی ہونی چاہیئے نہ قلی کے طرح سے کاہلوں و غلامی میں ۔ پس بجاے
اس کے کہ ہم اپنی دولت و قوت و وقت کو عداوت و بری رسوم و بدی و خرابیوں و لہو
میں ضائع کریں مدعا سے مذکور کے حصول میں ان کو لگانا اور ان کو کام میں لانا چاہیئے
اور ہر ایک کو عملی پابند ہی ہونا یعنی مخلص آدمی ہو جانا اور اس میں اپنی زندگانی لگانا
چاہیئے ۔ غرض الاهم فالاهم ہم اسے کہ جب ہی ثابت کریں گے جب امر بالمعروف و نہی عن المنکر
ہم باہم مومنین میں کرسکیں اور کریں اور وہ جب تک اصلاح بین المومنین و بین الاخوۃ
ہم نہ کریں اور ہم میں وہ رائج نہ ہو تب تک نہیں ہو سکتے ۔ لہذا اصلاح کرو فلاح پاؤ ۔
صاف یہ ہے صلح ہو امر بالمعروف کرو رفق سے نہی عن المنکر کرو سب سے بہتر یہ ہے بموجب
حکم قرآنی ہر قبائل میں سے ایک جماعت ہر زمانے میں ہونی چاہیئے جو تفقہ فی الدین
و دعوت الی الخیر کرے اور ان سے لوگوں کو آگاہ کرتی رہے ۔ دوسرے بموجب حکم
قرآن مجید زکواۃ پر کام کرنے والے لوگ مقرر ہونا چاہیئے جنکی اجرت زکواۃ میں سے
دی جاوے اور زکواۃ کا باقاعدہ متفقہ انتظام ہونا اور مصرف زکواۃ میں مال زکوۃ
صرف ہونا چاہیئے ۔ پس یہ دونوں امور یعنے تفقہ و جمع و خرچ زکواۃ جو بہت
ضروری ہیں اور جن کے ہونے و رہنے سے ہر قسم کی اصلاح و فلاح ہوسکتی ہے
اور ہوتی تھی ہم میں رائج نہیں ہیں ان کا رواج دینا اور ان پر عمل کرنا کل امراض کے
علاج سے زیادہ مقدم و اہم اور کسی سے کم نہیں ہے ۔ ان کے ترک سے یقیناً ہماری

حالت بدتر ہو گئی ہے اُن کو شروع کرنا فرض اور اور کاموں سے مقدم ہے۔ اپنے پیشہ میں کمال پیدا کرنے کے سوا اپنے ملک کی تاریخ و جغرافیہ کا جاننا بھی مقدم ہے تم کو یہ ضرور معلوم رہنا چاہیئے کہ تم جس ملک میں پیدا ہوئے ہو اُس کا حاکم کون ہے حکومت کس قسم کی ہے۔ کب اس قسم کی حکومت کی ابتدا ہوئی اس سے پہلے اس ملک کی کیا کیفیت تھی۔ ملک کی حالت۔ دولت۔ زراعت و تجارت کا کیا حال ہے کن ملکوں سے اُس کا تعلق ہے۔ کون سی اشیاء غیر ملک سے آتی اور کون کون اشیاء دیگر ممالک کو جاتی اور کس حالت میں وہ آتی جاتی ہیں۔ ہمارے ملک کی اشیاء غیر ملک میں جا کر وہاں کی صنعت سے درست ہو کر پھر ہمارے ہاتھ زیادہ قیمت پر فروخت ہوتی ہیں یا کیا ہوتا ہے نتیجہ میں نفع ہمارے ملک کو ہے یا دوسرے کو آب و ہوا کیسی ہے اُس کا اثر زمین و صحت و باہمی اتحاد پر کیا پڑتا ہے۔

**علم و عمل با خلاص**۔ آنحضرت نے فرمایا کہ قابل رشک دو شخص ہیں ایک وہ جسے خدا نے مال دیا ہو اور اُس کو جایز جگہ صرف کرنے کی توفیق دی ہو۔ دوسرے جسے خدا نے حکمت عطا کی ہو اُس پر وہ خود عمل کرتا اور دوسروں کو اُس کی تعلیم دیتا ہو (بخاری عن ابن مسعودؓ) اکابر نے فرمایا ہے کہ آدمی سب تباہ کار ہیں مگر عالم و عالم سب ہلاکت میں ہیں مگر عامل اور عامل بھی ایسے ہی حالت میں ہیں مگر مخلص۔

| | |
|---|---|
| با درخت علم ندانم مگر عمل | با علم اگر عمل نہ کنی شاخ بے بری |
| علم آدمیت است و جوانمردی و ادب | ورنہ ددی بصورت انسان مصوری |
| ہر علم را کہ کار نہ بندی چہ فایدہ | چشم از برائے آن بود آخر کہ بنگری |
| علم چندان کہ بیشتر خوانی | چون عمل در تو نیست نادانی |

نہ خردمند بود نہ دانشمند ۔۔۔ چارپائے بروکتابے چند
ابر و باد و مہ و خورشید و فلک در کاراند ۔۔۔ تا تو نانے بکف آری و بغفلت نخوری
ہمہ از بہر تو سرگشتہ و فرمان بردار ۔۔۔ شرط انصاف نباشد کہ تو فرمان نبری

العلم بدون العمل وبال والعمل بدون العلم ضلال۔ عالم بے عمل عقیم۔ وعمل بے علم سقیم۔ وازدواج ہر دو نتیج نتایج عظیم۔ عالم ناپرہیزگار۔ کور مشعلہ دار عالم بے عمل زنبور بے عسل۔ پڑہنا بعض وقت دماغی عیاشی ہے اگر عمل علم صحیح نہ ہو تو بدمعاشی ہے۔ دو کس رنج بیہودہ بردند یکے آنکہ آموخت و نکرد و دیگرے اندوخت و نخورد۔ کسی ملک مین بغیر عامل جماعتون کے صرف علماء کے باعث آبادی کا وجود مین آنا ہی ناممکن اور ضروریات تمدن و معاشرت کا پورا ہونا ہی محال ہے لیکن اگر بفرض محال کسی خطہ مین ایسی ناشدنی کالونی چند روز کے لئے آباد ہوجائے تو انجام کیا ہوگا۔ ممکن ہے کہ بعض کو مطالعہ کے ذوق و شوق مین دو ایک روز بھوک و پیاس کی تکلیف محسوس نہ ہو۔ بعض کو کسی مشکل مسئلہ کے حل ہوجانیکی خوشی مین دو ایک وقت کہانے کی کچھ پروا نہ رہے اور بعض کو کسی مضمون کے ذہن مین کچھ دیر تک خورد و نوش کا مطلق خیال نہ آوے مگر بہت جلد ہم اُن کو ایک ایسی مخلوق پاوین گے جو بھوکی ہے مگر اُس کا رزاق نہین ننگی ہے مگر کوئی اُس کا ستار نہین۔ حاجتمند ہے مگر کوئی اُس کا قاضی الحاجات نہین۔ اب یا تو اُنکو عمل کرنا پڑے گا یا ہجرت کرکے (حالانکہ یہ بھی عمل ہوا) کسی ایسے ملک مین جاکر رہنا پڑے گا جہان اُن کے لئے فرمانبردار بندے یا بندہ پرور خدا موجود ہو۔ دونون حالتون مین نتیجہ یہ نکلے گا کہ یہ دُنیا محض علم سے نہین چل سکتی۔ کتابون کے

الفاظ اور علمون کے اصطلاحات کے یاد کرنے سے اور طوطے کے طرح علمی مسایل و
قواعد کے ازبر کرنے سے کوئی شخص نہ آپ کو اور نہ ملک کو کچھ اصلی فایدہ پہنچا سکتا ہے
بلکہ ایسے لوگ ملک کے حق مین مضر ثابت ہوئے ہین۔ جس علم کی کہ انسان کو ضرورت
ہے وہ وہ علم ہے جو ہمارے ساکن اور پژمردہ قوتون کو متحرک اور شگفتہ و شاداب کرے
اور استعمال کا طریقہ بتا وے نہ وہ جو ہمارے متحرک اور شگفتہ قوے کو بھی ساکن اور
مردہ کردے ایسے علم سے بے علمی سو درجہ بہتر ہے۔ فنون تربیت یافتہ قوت کے پھول
اور ہر کام مختلف قوتون کی یکجائی نمایش ہین وہ دل بہلانے کے لیے نہین بلکہ مفید بننے
و بنانے و راحت پہنچانے کے لیے ہین باریک و علمی نگاہ معقول پسندی کم سے کم معمولی دستگاہ
ہونا چاہیے۔ ایک قسم کے عالم بے عمل وہ ہین کہ تمام اوقات اپنے قانون فقہ ظاہر مین
لگا کر منہمک ہو کے دیگر اعمال ترک کر دیتے ہین اور یہ نہین سمجھتے کہ فقہ ایک قانون ہے جسکے
روسے سیاست کی جاتی ہے اور وہ علوم و عمل اُسکے سوا بھی ہین جن سے سعادت
و نجات حاصل ہوتی ہے۔ ایک قسم کے عالم بے عمل وہ بھی ہین کہ اپنے تمام وقت کو
وعظ کہنے اور مقفی و مسجع عبارت کی فکر مین صرف کرتے ہین اور عاریتی باتین کہتے ہین
اس وجہ سے کبھی لوگون کے دل پر اُن کے وعظ و جذبات کا اثر نہین ہوتا اور ایسے
عالم نہین سمجھتے کہ دوسرون کو نصیحت کرنے سے صرف سعادت و نجات نہین
حاصل ہوتی بلکہ خاص قسم کے مجاہدہ سے حاصل ہوتی ہے اور اپنے دل کے
پاک کرنے و عالم باعمل ہونے سے اور جب یہ درجہ بقدر ضرورت حاصل ہو جاوے
تب بیشک دوسرے کو باعتدال نصیحت کرنا افضل الاعمال سے ہے نہ بافراط
ایسی کہ مشکل ہو جانا۔ ایک قسم کے عالم بے عمل وہ بھی ہین کہ نفس علم کی حقیقت کو

غلط سمجھتے ہین اور جو علم فرض عین ہین اُن کے عمل کو چھوڑ کے جدل اور مناظرہ یا خصومات کے فتوے وغیرہ مین اپنا دل گذار دیتے ہین اور اسی کو نتیجہ علم کا سمجھتے ہین اور جو شخص اس کے سوا دوسرے علوم مین وقت صرف کرتا ہے اُس کو بُرا اور غیر ضروری علم مین مشغول سمجھتے ہین حالانکہ اس عمل پر بھی نجات وسعادت منحصر نہین۔ ایک قسم کے عالم بے عمل وہ بھی ہین کہ جانتے ہین کہ دل کو اخلاق بد سے پاک نہ کرنا بُرا ہے اور اُس سے بچنا چاہیئے لیکن یہ زعم باطل رکھتے ہین کہ ہمارا دل پاک ہے ہم سے ایسی بُرائی ہو ہی نہین سکتی کیونکہ ہم اُس کی بُرائیون کو سمجھتے ہین حسد کو حمیت دینی اور ریا کو مصلحت خلق کہتے ہین۔ اسی طرح ہر ایک بُرائی کرنے کے لئے ایک حیلہ اُن کا نفس بنا لیتا ہے۔ جب اُن مین کبر کا اثر ظاہر ہوتا ہے تو اُس کو کبر نہین سمجھتے اور کہتے ہین کہ ہماری عزت عین دین کی عزت ہے۔ لہذا ہمارا طلب جاہ کرنا انسب ہے پس اچھا کپڑا اچھا گھوڑا اچھا ساز وسامان رکھتے ہین جس سے کبر کرتے ہین اور اسکی وجہ یہ ظاہر کرتے ہین کہ ہماری اس شان وشوکت سے دشمنان دین کو ذلت ہوگی کیونکہ ہم علماے دین مین سے ہین اور آنحضرتؐ اور خلفاے راشدینؓ کی پیروی نہین کرتے اور اُن کو مثال ونمونہ نہین بناتے اور سمجھتے ہین کہ برخلاف اُس زمانہ کے اب ایسا زمانہ ہے کہ بغیر شان وشوکت کے دین کی عزت نہین ہوسکتی۔ ایک قسم کے عالم بے عمل وہ بھی ہین کہ اعمال ظاہری ادا کرتے اور دل کی طہارت سے غافل رہتے ہین اور بد خصلتون کو مثل کبر وحسد وریا وطلب جاہ وبدخواہی ورنجدہی مسلمانان کرتے ہین اور اُن کے رنج پر رنجیدہ نہین ہوتے اور اعمال ظاہری ہی کے ادا کرنے کو سبب نجات وسعادت سمجھتے ہین وہ لوگ اخبار پر خیال نہین کرتے

کہ اُن کے حسنات علانیہ و بالجہر بجائے اُن کے یا دوسرے کے مفید ہونے کے علو و افراط کے وجہ سے ریا و سیآت ہو جاتے ہین۔ ایک قسم کے عالم بے عمل وہ بھی ہین کہ معاملات مین خطا کرتے ہین اور چشم و زبان وغیرہ کو گناہون سے نہین بچاتے اور سمجھتے ہین کہ علم مین وہ ایسے درجے پر ہین کہ معاملہ کے بابت اُن جیسون سے مواخذہ نہ ہوگا حالانکہ خدائے تعالیٰ فرماتا ہے کہ قد افلح من تزکی و نھی النفس عن الھوی یعنے فلاح وہ شخص پاوے گا کہ پاک ہو جاویگا یہ نہین کہا کہ فلاح وہ پاوے گا جو پاک ہونے کا علم حاصل کرے گا۔ اگر ایسے شخص کو یہ زعم فضیلت علم مین جو اخبار ہین اُن کے دیکھنے کے وجہ سے ہوا ہو تو اُس کو چاہیئے کہ برے عالمون کی شان مین جو وعید ہین اُن کو بھی دیکھے۔

اخسرین اعمال اور اُس کے تارک۔ بروے اعمال سب سے زیادہ نقصان اُٹھانے والے وہ لوگ ہین کہ جن کی سعی دنیا کی زندگی مین بھٹک رہی ہو اور وہ سمجھتے ہون کہ وہ اچھا عمل کرتے ہین لیکن اپنے رب کی آیات کے ساتھ انکار عملی کرتے ہون اور اُس کی لقا سے منکر ہون۔ پس یہ لوگ وہ لوگ ہوے جو عمل تو کرتے ہین لیکن نیک عمل نہین کرتے اور دنیا کی زندگی ہی کو زندگی سمجھتے ہین اور حیات بعد الممات سے منکر ہین اور عذاب و ثواب و وعدہ و وعید سے بھی انکار کرتے ہین۔ سورہ کہف مین ہے۔ قل ھل ننبئکم بالاخسرین اعمالا الذین ضل سعیھم الآیۃ

دنیا کی زندگی متاع الغرور ہے اس جیتے مین عمل سے ثواب یا عذاب ہوتا ہے وہی اصل ہے جو متاع الغرور نہین ہے۔ سورہ حدید مین ہے۔

اعلموا انما الحیواۃ الدنیا لعب و — تم لوگ جان لو کہ سوا اس کے نہین کہ دنیا کی زندگی

لهو و زينة و تفاخر بينكم و — کھیل ہے اور دل بہلانا اور زینت ہے اور آپس میں فخر کرنا ہے
تكاثر في الاموال و الاولاد كمثل — اور ایک دوسرے سے کثرت چاہنا ہے اموال اور اولاد میں
غيث اعجب الكفار نباته — مثل پانی کے کہ خوش لگتا ہے کسانوں کو اس کا اگنا
ثم يهيج فتراه مصفرا ثم يكون — پھر زور پہ اٹھتا ہے سو تو دیکھتا ہے اسکو زرد ہوا پھر ہو جاتا ہے
حطاما و في الآخرة عذاب شديد — روندن اور آخرت میں عذاب سخت ہے اور مغفرت اور
و مغفرة من الله و رضوان و — رضامندی اللہ کی طرف سے ہے۔ اور نہیں دنیا کی
ما الحيوة الدنيا الا متاع الغرور — حیات مگر متاع غرور کی۔

پس اس آیت میں دنیا کی زندگی میں جو جو امور پیش آتے ہیں ان کو شمار کر کے مثال
دی گئی ہے کہ دنیا کی زندگی اس مثال کے مانند ہے کہ پانی کے وجہ سے جو سبزہ
اگتا ہے اور پھر زور پکڑتا ہے تو زراعت کنندہ کو عجب خوشی ہوتی ہے پھر وہ زرد پڑ کر
روندن ہو جاتا ہے یعنے دنیا کا جینا اور اس میں اعمال کرنا سبب خوشی کا ہوتا ہے
کیونکہ اس سے امید کامیابی ہوتی ہے پھر چند دن میں آثار تنزل شروع ہوتے ہیں جو
مانند کھیتی کے زرد پڑ جانے کے ہیں۔ پھر موت آجاتی ہے جس کی مثال کھیتی کے
روندن ہو جانے کے ہے۔ لہذا دنیا کی زندگی اور اس میں اعمال کا یہ آغاز و انجام
ہے اور ان اعمال سے جو عذاب و ثواب ہوتا ہے اس کے طرف اللہ تعالے نے
اس طرح اشارہ فرمایا کہ آخرت میں عذاب شدید و مغفرت اللہ کے طرف سے ہے۔
یعنی دنیا کی زندگی اور اس کے اندر کے اعمال کی وہ مثال ہے اور ان اعمال پر
جو عذاب یا ثواب ہوتا ہے اور جو ان کا نتیجہ ہوتا ہے وہ یہ ہے۔ پس زندگی کے اعمال
مذکور پیدا ہونا اور بڑھنا اور مر جانا ہو سکے۔ مگر جو اعمال مذکور کسب زندگی میں ہو سکے

اُن کا ایک نتیجہ ہے اسی لیئے پھر اللہ تعالے نے فرمایا کہ حیات دنیا نہین مگر متاع الغرور
یعنے جو لوگ دنیا کی زندگی و افعال مذکور ہی کو سب کچہ سمجہتے ہین وہ غلطی کرتے ہین
وہ تو متاع الغرور ہے۔ اصل دنیا کے جینے مین اعمال کا بدلا ملنا ہے۔ پس جس کی
مغفرت ہوئی اور اللہ اُس سے راضی ہوا وہ متاع الغرور مین اپنے افعال کے اجر
کے وجہ سے فایز ہوا اور جس کو عذاب ہوا اُس کو فلاح نہ ہوئی۔

## منافق و حرام خور و اثم و عدوان کے جلدی کرنے والون اور نہ منع کرنے والون پر وعید سورہ مایدہ مین ہے۔

| | |
|---|---|
| قل هل انبئكم بشر من ذالك | تو کہہ مین تم کو آگاہ کرون اس سے بدتر جزا مین |
| مثوبةً عند الله من لعنه الله | اللہ کے نزدیک جس پر لعنت کیا ہے اللہ نے |
| وغضب عليه وجعل منهم القردة | اور غضب مین ہوا اُس پر اور ٹہرایا اُن کو بندر اور |
| والخنازير وعبد الطاغوت اولئك | سُور اور جو پوجنے والے معبود باطل کے وہ لوگ |
| شر مكانا واضل عن سواء السبيل | بدترین درجہ مین اور زیادہ گمراہ ہین راہ راست سے |
| واذا جاؤكم قالوا امنا وقد دخلوا | اور جب تمہارے پاس آتے ہین کہتے ہین ایمان لائے |
| بالكفر وهم قد خرجوا به والله | ہم حالانکہ داخل ہوئے ہین کفر پر اور نکل گئے ہین اسی پر |
| اعلم بما كانوا يكتمون وترى | اور اللہ زیادہ جانتا ہے جس کو وہ چہپاتے ہین اور تو دیکہتا ہے |
| كثيرا منهم يسارعون في الاثم | اُنہین سے بہت کو کہ جلدی کرتے ہین اثم اور عدوان اور |
| والعدوان واكلهم السحت لبئس | حرام کہانے مین بُرا ہے جو وہ کرتے ہین کیون نہین منع |
| ما كانوا يعملون لولا ينههم الربانيون | کرتے اُنکے خدا پرست اور مُلا گناہ کی بات کہنے اور |
| والاحبار عن قولهم الاثم واكلهم | حرام کے کہانے سے بُرا ہے |

السحت لبئس ما کانوا یصنعون ۵ — جو وہ کرتے ہین ۔

پس اُن کی بُری جزا ہے جس پر لعنت کیا اللہ نے اور اُن پر غضب ہوا اور اُن کو بندر و سور یعنے جماعت سے جدا اور قابل تنفر اور مخصوص بصفات و نتایج بندر و سور بنادیا اور معبود باطل کے پوجنے والے اور اُن کا درجہ بدتر ہے اور وہ بہت گمراہ ہین سیدھی راہ سے اور وہ وہ لوگ ہین کہ جب آتے ہین تو کہتے ہین کہ ہم ایمان لائے حالانکہ ایمان سے نکل گئے اور اللہ خوب جانتا ہے جو وہ چھپاتے ہین اور وہ جلدی کرتے ہین اثم و عدوان و حرام خوری مین ۔ پس یہ وعید شدید منافقین کے بابت ہوئی جو اثم و عدوان و حرام خوری مین جلدی کرتے تھے ۔ نیز ان آیات مین اُن کے خداپرستون اور عالمون کے نسبت یہ کہا گیا ہے کہ کیون وہ منع نہین کرتے اُن کے اثم کی باتون کے کہنے اور حرام کھانے سے بُرا ہے جو وہ کرتے ہین یعنے منع نہین کرتے ۔ لہذا منع نہ کرنا خداپرستون عالمون کیلئے بھی بُرا ہے ۔

## اظہار حق کا امر و کتمان حق و التباس حق بالباطل کی ممانعت ۔

| | |
|---|---|
| سورہ بقر مین ہے ۔ ولا تلبسوا الحق بالباطل وتکتموا الحق وانتم تعلمون | اور نہ مخلوط کرو حق کو باطل کے ساتھ اور نہ چھپاؤ حق کو درحالیکہ تم جانتے ہو ۔ |

پس اس آیت سے جس طرح جانتے ہوئے حق کے چھپانے کی ممانعت ہے اُسی طرح حق کو باطل کے ساتھ ملتبس کرنے کی بھی ممانعت ہے ۔

## خود را فضیحت و دیگرے را نصیحت ۔ سورہ بقر مین ہے ۔

| | |
|---|---|
| اتامرون الناس بالبر وتنسون انفسکم وانتم تتلون الکتاب افلا تعقلون ۵ | کیا تم حکم کرتے ہو آدمیون کو بِر کے ساتھ اور بھلا دیتے ہو اپنی نفسون کو حالانکہ تم پڑھتے ہو کتاب سو کیا تم عقل نہین رکھتے ۔ |

پس اس آیت سے خود یہ کرنا اور دوسروں کو اُس کا امر کرنا معیوب قرار دیا گیا ہے خصوصاً اُن لوگوں کے لئے جو کتاب اللہ کی تلاوت کرتے ہیں اور کہا گیا ہے کہ کیا تم عقل نہیں رکھتے یعنی یہ عقل نہیں رکھتے کہ اپنے نفس کو محفوظ رکھنا اور سعادت تک پہنچانا اُس سے بہتر و عقلمندی ہے کہ پہلے امر کیا جاوے اپنے کو چھوڑ کر دوسرے کو کیا جاوے۔ کتاب اللہ کا مقتضا یہ ہونا چاہیئے کہ ایسا نہ کیا جاوے اور خود را فضیحت اور دیگرے را نصیحت کا مصداق طریق مذکور ہے۔

## کتاب کے بعض حصہ پر عمل کرنا اور بعض پر نہ کرنا دنیا کی رسوائی اور قیامت کے دن سخت عذاب کا سبب ہے۔ سورہ بقر میں ہے

| | |
|---|---|
| افتؤمنون ببعض الکتٰب وتکفرون | کیا تم ایمان لاتے ہو بعض حصہ کتاب پر اور |
| ببعض فما جزاء من یفعل ذٰلک | کفر کرتے ہو بعض حصہ کتاب سے سو کیا بدلا ہے جو کرے تم میں |
| منکم الا خزی فی الحیوٰۃ الدنیا | اُسکو مگر رسوائی دنیا کی زندگی میں اور قیامت کے |
| ویوم القیٰمۃ یردون الی اشد العذاب | دن پھیرا جاوے گا سخت عذاب کیطرف اور اللہ |
| وما اللہ بغافل عما تعملون ہ | اُس سے غافل نہیں ہے جو تم کرتے ہو۔ |

پس کسی کتاب کے بعض حصہ پر ایمان لانا اور بعض سے انکار یا کفر کرنا دنیا میں رسوائی یعنی ذلت و رسوائی اور قیامت کے دن عذاب کا سبب ہے۔ لہذا کتاب اللہ کے سب حصص پر عمل کرنا چاہیئے تاکہ پورے نظام پر عمل ہو اور ایسا نہ ہو کہ خلط ملط ہو کر غیر منتظم و قاعدہ عمل ہو جاوے۔

## موروثی جذبات کا وجود و دشواری و ارواح و عاقلہ تربیت

تعلیم۔ ہم اُن لوگوں میں نہیں ہیں جو اس اصول کے معتقد ہیں کہ تمام بچے نیک پیدا ہوتے ہیں بلکہ اُس کا مخالف اصول بحیثیت مجموعی راستی سے اس قدر دور نہیں اگرچہ وہ مستحکم بھی نہیں۔ ہم اُن لوگوں سے بھی متفق نہیں ہیں جو یہ خیال کرتے ہیں کہ عاقلانہ تربیت سے

بچون کو بالکل ایسا ہی بنا سکتے ہین جیسا اُن کو چاہین۔ ہم کو اطمینان ہے کہ عیوب عاقلانہ
انتظام و تربیت و تعلیم سے بچون مین کم ہو سکتے ہین۔ جن لوگون نے انسانی معلومات و
فطرت کا مطالعہ بے تعصبانہ کیا ہے وہ ہماری تائید کرین گے۔ علی العموم بچون کے
عیب اُن کے والدین کے عیبون کا آئینہ ہین۔ ہم نے لفظ "علی العموم" کہا ہے۔
اس کا سبب یہ ہے کہ بعید مورثون کے خط و خال جو اولاد تک پہنچتے ہین پیچیدہ
ہو جاتے ہین۔ اس لئے مطابقت خاص امور مین ہوتی ہے اور موروثی جذبات
اولاد و خود والدین مین موجود رہتے ہین۔ گو ممکن ہے کہ چھپے ہوئے یا دیگر خیالات
مین دبے ہوئے ہون۔ پس صاف ظاہر ہے کہ کسی کامل طریقہ تربیت کے عام طور
پر رواج پانے کی اُمید نہین ہے کیونکہ والدین ایسے نیک نہین ہین جیسے ہونے چاہئین۔
اخلاقی تعلیم قوم کی عام خصلت اور انسانی فطرت کی عام حالت
کے موافق ہوتی ہے۔ علاوہ برین اگر ایسے طریقون کا کہین وجود ہوتا جن کے
ذریعہ سے مقصد مطلوب فوراً پورا ہو سکتا۔ اور ماں باپ مین اس قدر بصیرت، ہمدردی
اور تحمل ہوتا کہ وہ ان طریقون کو معقول طور پر کام مین لا سکتے تو بھی یہ بحث کی جا سکتی
کہ جتنی مدت مین دیگر امور کی اصلاح ہوتی ہے اُس سے چال چلن کی اصلاح
و انتظام کرنے سے کچھ فائدہ نہین ہے۔ غور تو کرو کہ ہمارا مقصد کیا ہے؟ کیا تعلیم کا
بلا واسطہ مقصد یہی نہین ہے کہ بچہ کو زندگی کے کاروبار کے لئے طیار کیا جاوے
یا یون کہو کہ ایسا باشندہ شہر پیدا کیا جاوے جو نیک چلن بھی ہو اور دنیا مین
اپنے گزارہ کی سبیل بھی نکال سکے اور کیا دنیا مین گزارہ کی سبیل نکالنا سے
ہماری مراد دولت کو حاصل کرنا نہین بلکہ اُس سرمایہ کا حاصل کرنا ہے جو خاندان کی

پرورش کے لئے ضروری ہے -) اس امر پر دلالت نہین کرتا کہ دنیاوی معاشرت کے لئے جیسی کہ دنیا کی موجودہ حالت ہے ایک خاص طرح کی قابلیت پیدا کیجاوے - اور اگر تعلیم و تربیت کے کسی طریقہ سے "انسان کامل" کا نمونہ پیدا ہو سکتا تو کیا یہ بات مشتبہ نہیں ہے کہ وہ حالت موجودہ کے اعتبار سے دنیا کے قابل ہوتا یا نہین برعکس اس کے کیا ہم یہ گمان کر سکتے کہ ضرورت سے زیادہ راستی کا احساس اور اعلی چال چلن کا معیار زندگی کو وبال بلکہ محال نہ بنا دیتا ؟ اگر شخصی حیثیت سے غور کیا جاوے تو اُس کا نتیجہ خواہ کیسا ہی قابل تعریف ہوتا مگر جہانتک کہ قوم اور نسل کا تعلق ہے کیا وہ نتیجہ آپ اپنی ناکامی کا باعث نہ ہوتا ؟ اس خیال کی کافی وجہ موجود ہے کہ قوم مین کیا - خاندان مین کیا حکومت کی نوعیت بحیثیت مجموعی اتنی ہی عمدہ ہوتی ہے جتنی کہ فطرت انسانی کی عام حالت اُس کو عمدہ ہونے کی اجازت دیتی ہے - ہم دلیل سے ثابت کر سکتے ہین کہ پہلی صورت مین اور اسی طریق سے دوسری صورت مین لوگون کی عام خصلت ہی اس بات کا فیصلہ کرتی ہے کہ اُن پر کس قسم کی حکومت کی جاوے - دونون صورتون مین یہ نتیجہ نکالا جا سکتا ہے کہ عام خصلت کی اصلاح طریقہ کے اصلاح کیطرف ہدایت کرتی ہے - اس کے علاوہ اگر طریقہ کی اصلاح اُس وقت تک محال ہوتی جبتک کہ پہلے عام خصلت کی اصلاح نہ ہو جاوے تو اس سے خرابی پیدا ہوتی نہ کہ بھلائی - جس درجہ کی سختی والدین اور معلمون کے ہاتھون بچے آجکل جھیلتے ہین ہم خیال کر سکتے ہین کہ وہ صرف اُس بڑی سختی کے لئے تیاری ہے جس سے اُن کو دنیا مین داخل ہوتے وقت دوچار ہونا پڑے گا اور اس بات پر بھی زور دیا جاتا ہے کہ اگر والدین

اور معلمون کے لئے یہ بات ممکن ہوتی کہ وہ کامل انصاف اور پوری ہمدردی سے
بچون کے ساتھہ سلوک کرین تو اس سے وہ تکلیفین اور بھی سخت ہوجاتین جو
آیندہ زندگی مین لوگون کی خودغرضی کے وجہ سے اُن کو ضرور جھیلنی پڑتی ہین۔
جس طرح ملکی حکومت مین گو خالص راستی سردست ناممکن العمل ہو اس بات کا
جاننا کہ حق کیا ہے اس لئے ضروری ہے کہ جو تغیرات واقع ہون وہ حق کیطرف
مایل ہون نہ کہ حق سے منحرف ہون۔ اسی طرح خانگی حکومت مین کامل نمونہ قایم
کرنا چاہیئے تاکہ رفتہ رفتہ اس نمونہ کے قریب قریب پہنچ سکین۔ ہم کو ایسے کامل
نمونہ کے قایم کرنے سے خراب نتیجہ کا اندیشہ نہین کرنا چاہیئے۔ قدیم رسوم اور
آئین کو برقرار رکھنے کا میلان نسل انسانی مین اس قدر قوی ہے کہ کسی شے مین
بہت جلد تغیر واقع ہونے کو روکتا ہے۔ سب کامون کا انتظام کچھ اس قسم کا ہے
کہ جب تک لوگ آہستہ آہستہ اعلیٰ اعتقاد کی سطح تک نہ پہنچ جاوین وہ اُس کو
قبول نہین کرسکتے گو یہ ممکن ہے کہ برائے نام اُس کو تسلیم کرلین مگر حقیقتاً تسلیم
نہین کرسکتے اور جب کوئی حقیقت مسلم قرار پاجاتی ہے تو بھی اُس پر عمل کرنے کی
مزاحمتین اس قدر سخت ہوتی ہین کہ محبان نوع انسان بلکہ حکما کے صبر سے بھی
تجاوز کرجاتی ہین۔ پس ہم کو یقین ہے کہ اولاد کے باقاعدہ انتظام کی راہ مین
جو دقتین حایل ہین اُن کے وجہ سے اُسپر عمل کرنے مین ہمیشہ پوری رُکاوٹ پیدا ہوگی۔

## تعلیم و تربیت کے مقصد و فرایض و معلمون کے فرایض

علاوہ ضروریات خاص قومی و مذہبی و ملکی کے عام مقصد تعلیم و تربیت کا حسب ذیل ہے۔
(۱) غرض اول جسمانی صحت کا حصول ہے۔ جسمانی ورزش کا مقصد و فایدہ

جسم کے اعصاب و عضلات کی مضبوطی بھی ہے و باقاعدہ اطاعت کرنا بھی۔ (۲)
دوسری غرض نفس پر قابو رکھنا اور تزکیہ نفس اور خراب و مضر عادتوں و بڑے
خصایل و بدیوں سے بچنا اور نیکی حاصل کرنا ہے۔ (۳) تیسری غرض مذہب حق کا
علم حاصل کرنا اور اُس پر پابند ہونا ہے۔ (۴) چوتھی غرض تعلیمی غرض جو ہے
اور اُس کے فوائد جو ہیں اُن سے دوسروں کو بھی مستفید کرنا ہے۔ (۵) پانچوین
غرض محب وطن ہونا اور اپنے ملک کے ان مایۂ ناز اشخاص کو عزیز رکھنا ہے جن کو
اپنے ملک کی ترقی و عزت کا پورا احساس نہ احساس بلکہ جوش قومی و صحیح ہو جبتک
کسی قوم مین اعلیٰ و متوسط و عام تعلیم نہ ہو تب تک وہ قوم اصلی ترقی نہین کر سکتی
اور نہ تعلیم و تربیت سے کما حقہ فایدہ اُٹھا سکتی ہے۔ ایک کثیر تعداد عام تعلیمیافتہ
اشخاص کی ایسی موجود ہونی چاہیئے کہ جو کچھ اعلیٰ تعلیمیافتون کی ایجادات و تحقیقات
متوسط تعلیمیافتون کے ذریعہ سے اُن تک پہنچے اُن سے فایدہ اُٹھا سکین ورنہ
قومی سرسبزی ناممکن ہے۔ لہذا اعلیٰ و متوسط و تعلیم عامہ کا انتظام پہلو بہ پہلو اور ایک
ساتھ لازمی ہے۔ تعلیمی پالیسی آزادانہ و فاقانہ تعلیم کو ترقی دینے کے لئے ہونی چاہیئے
تعلیم عامہ کے لئے ہر شخص کے لئے مختصر سے مختصر معیار تعلیم کا مقرر ہونا اور اُس کیلئے
بغیر صرف خرچ کے سادہ و صاف سامان کا مہیا ہونا لازم ہے۔ اور سائنس و علم النفس
وغیرہ کی پوری تعلیم متوسط اور اعلیٰ درجہ کے تعلیم یافتون کے لئے ہونا چاہیئے۔
تعلیم اس کا نام نہین ہے کہ ذہن مین ٹھونس دیا جاوے بلکہ تعلیمی اصولون سے
راسخ کرنے کا نام تعلیم ہے۔ تعلیم کا یہ نتیجہ ہونا چاہیئے کہ قواے ظاہری و باطنی ترقی
پاوین اور شگفتہ و شاداب و قابل عمل ہو جاوین اور اُن کے عمل کرنے کیلئے میدان

وسامان ومحرکات موجود ہو جاوین جن کے ذریعہ اصلاح وفلاح ہو۔ تعلیم کا پھل اُس وقت تک نہین مل سکتا جب تک کہ ذیل کے خصائص نہ حاصل کئے جاوین۔ (۱) پڑھنے کی عادت اگر ذریعہ پڑھنا ہو۔ (۲) اخذ کرنے کی قوت۔ (۳) غور کرنے کی عادت۔ (۴) بحث کرنے کی قابلیت۔ (۵) شرافت ونیکی کے احترام کا احساس۔ (۶) نفس پر قابو کی طاقت۔ (۷) صبر واتحاد واتفاق کی صلاحیت۔ (۸) جھگڑون وفساد ومعصیت سے بچنے کی طبیعت۔ ٹیچر وپروفیسر اور معلم مشین نہین ہین بلکہ وہ سانچے مین ڈہا لتے اور اپنی محنت اور دماغ سوزی سے اور خود مثال بنکر سوسائٹی کی حالت وعادت کو منقلب کرتے ہین۔ پس محض امتحانو نکا پاس کرادینا اُن کا نصب العین نہین ہونا چاہیئے۔ معلمون کی حیثیت ملک کے بادشاہ سے بھی زیادہ ارفع واعلی ہے۔ لہذا معلمون کو نہایت مضبوط اور خوش اطوار وراست کردار ہونا چاہیئے۔ اُن کا اثر شاگردون پر عملی طریق سے معلوم وغیر معلوم مقناطیسی طور پر پڑتا ہے اور شاگرد اُن کے اقوال وافعال وحرکات کی پیروی کرتے ہین۔ پس قبل اس کے کہ شاگرد باقاعدہ ہونے کے خوگر ہون معلمون کو لازم ہے کہ خود اپنے آپ کو پابند بنائین۔ مباحثات اور تباہی بخش نکتہ چینی سے اُن کو بچنا اور اُس کام کو کرنا چاہیئے جس سے قومی عمارت کھڑی ہو جاوے۔ اُنکو ملکی خدمات ایسی کرنی چاہیئے جس سے ملک کو حقیقی فایدہ پہنچے۔ راستبازی وامانت۔ نیکی اور ملکی خدمت کے جوش کے اوصاف اُن کو دکہانا چاہیئے۔ لہذا ٹیچرون اور انسپکٹرون کو خاص طور پر تعلیم وتربیت دیکر طیار کرنا چاہیئے جن کو خصوصیات ملکی سے نفرت ہو اور عزت نہ کرتے ہون اُن سے ایسے کام کا انجام قریباً ناممکن ہے۔

انسپکٹرون کے فرائض بڑے ہین تعلیمی اصلاح کا بہت بڑا کام انہین پر منحصر ہے
کیونکہ محکمہ تعلیم کے افسر اعلیٰ کے وہ آنکھ اور کان ہین۔

اصول تعلیم و تربیت کم سنی و میقات۔ بچہ کے سامنے انجن کا لفظ اتا ہے
اس بتا دینے سے کہ انجن ایک لوہے کی بنی ہوئی خاص قسم کی گاڑی ہوتی ہے جو
باقی گاڑیون کو کھینچتی ہے زیادہ ترقی یافتہ صورت یہ ہے کہ انجن کی صورت دکھا دی
جاوے۔ اس سے بھی بڑھ کر یہ ہے کہ انجن کا کھلونا لاکر سامنے رکھدیا جاوے
اُس سے بھی بڑھ کر و بہتر طریقہ یہ ہے کہ بہت چھوٹی ساخت کی اصل انجن مشاہدہ
کرائی جاوے جن کے کل پرزے مثل بڑے انجنون کے ہون اور جو انھین کے
طرح بھاپ کی قوت سے حرکت کرین۔ اس طریقہ سے بچہ کو ایک دن مین انجن سے
جتنی واقفیت ہوسکتی ہے اُتنی ساری عمر انجن کے لفظی معنے یاد کئے رہنے سے
نہین ہوسکتی۔ دوسرا اہم اصول یہ ہے کہ جہان تک ممکن ہو بچون کے افعال مین
مداخلت نہ کی جاوے۔ تعلیم و تربیت کرنے والے کا کام صرف یہ ہے کہ ایسا
سامان بچہ کے گرد وپیش بہم پہنچاوے جس سے وہ از خود تعلیم حاصل کرے نہ یہ کہ ہر بات بتا تا رہے

ہر کہ در خوردیش ادب نہ کنند  در بزرگی فلاح زو برخاست
چوب تر را چنان کہ خواہی پیچ  نشود خشک جز بہ آتش راست

جو لوگ زندگانی کے عطیون اور نعمتون سے مستفیض ہونا چاہتے ہین اُن کو یاد
رکھنا چاہیئے کہ زندگی کے مختلف وقت اپنے خاص مطالبہ رکھتے اور کامیابی و
ناکامیابی کے خاص موقع پیش کرتے ہین۔ پس انسان کے عمدہ صفات اور
خوبیون کے حاصل کرنے اور قایم ہونے کے لئے خاص خاص وقت ہین

اگر وہ اُن میں نہ حاصل ہوں تو یا تو وہ حاصل ہی نہیں ہوتے یا اُس قدر اچھے
طور پر نہیں حاصل ہوتے جیسا کہ وقت پر حاصل ہوتے۔ لہذا بہت سی صفات
اگر انسان کی کم سنی میں جو اُن کا وقت ہے نمو نہ ہوں اور نمو نہ پاویں تو ممکن نہیں کہ بڑی
عمر میں حاصل ہوں۔ پس صفات مذکورہ کو کم سنی اور ابتدائی عمر میں حاصل ہونا
اور اُن کی عادت ہونی اور مشق پڑنی چاہیے اور جن کے نگرانی و قبضے میں بچے ہوں اُن
اُن کا فرض ہے کہ بہترین کوشش اُن کے وقت پر اُن کے حاصل ہونے اور نمو
دلانے کے لئے کریں بلکہ خود مثال و نمونہ بنکر ثابت کریں تاکہ نتیجے فایدہ اُٹھاویں اور
اُن کے اولیا بھی عذاب سے امن میں رہیں۔ زندگی مختلف اوقات میں اپنے
مطالبات و خاص فرائض رکھتی ہے اور خاص طریقہ تعلیم و خاص تربیت سے
خاص عادات کے اختیار کرنے سے خاص کتابوں کے مطالعہ سے صحبت سے
عبرت سے حمیت سے انسان کے عادات و اطوار کی درستی یا عدم درستی ہوتی ہے
لہذا فیلسوفان اخلاق کو لازم ہے کہ استقلال کے ساتھ اُس طرف مصروف
ہوں اور جس جس وقت اور جس جس طرح وہ حاصل ہو سکتے ہوں اُن کی تدبیر
بتاویں اور کریں۔ جس طرح پھول اپنے وقت پر پھولتا ہے اُسی طور پر انسان کے
عمدہ اوصاف و خوبیاں وقت پر ظاہر ہوتی ہیں بشرطیکہ تخم ریزی کے وقت کما حقہ
بونے گئے اور اپنے وقت پر حاصل کئے گئے ہوں کیونکہ اُن کی کاشت و درو کا
وقت بھی خاص ہوتا ہے اور خاص طرح پر اُن کی کاشت بھی ہوتی ہے جس طرح
وہ پودہ جو لگاتے ہی زور نہیں کرتا اور کلے نہیں پھوٹتا اور خفیف دھوپ یا ہوا سے
مرجھا جاتا ہے اور پھر سرسبز نہیں ہوتا اُسی طرح بہت سے اوصاف بھی نہیں

حاصل ہوتے اگر اپنے وقت پر نہ سکھائے جاوین اور نہ حاصل کئے جاوین۔ پس عالم کا عام طرز ہے اور اُس کے وجہ سے طبیعت انسانی کا عموماً مقتضا ہو جاتا ہے اور ایسی ترغیبین و تحریکین و دشواریان و پریشانیان انسان کے واسطے موجود ہو جاتی ہین کہ جب تک عالم اور عقلمند و مخلص نہ بنے اور خاص قسم کا مجاہدہ و ریاضت کر کے طیار نہ ہو اور بطور دوام کے اُس پر ایک خاص طور سے جیسی کہ ضرورت ہو کاربند نہ ہو تب تک ممکن نہین کہ انسان اپنی سعادت کو پہنچے اور اس دشوار گذار عقبہ کو کما حقہ طے کرے۔ کم سن ہی سے حسن اخلاق کے حاصل کرنے اور اُس کے کامل کرنے کی تیاری و مشق کرنی چاہیئے اور تا بہ عمر اُس پر ریاضت بقدر ضرورت قایم رکھنا لازم ہے ابتدائی عمر سے مآل اندیشی اور طبیعت پر اختیار حاصل کرنے کی عادت سکھائی جانی سب سے زیادہ ضروری امور مین سے ہے کیونکہ اول تو ابتدائی تربیت آسانی سے ہو سکتی ہے دوسرے اس کا اثر عموماً تمام عمر تک قایم رہتا ہے۔ برخلاف اس کے بچپن کے ایام گذرنے کے بعد طبیعت سخت ہو جاتی اور طرح طرح کے خیالات پیدا ہوتے ہین اور مشکلات کا مقابلہ ہوتا ہے نا گوار اور قدیم عادتون کا چھوڑنا دشوار ہو جاتا ہے۔ لہذا جیسے قومی و ملکی و مذہبی ضرورت ہو اسی قسم کے محرک تخیلات کیلئے ذریعہ تعلیم و تربیت بالتو مہیا کرنا چاہیئے یعنے اگر قوت فاعلہ کے بعض خاص اثرات قبول کرانے کی زیادہ ضرورت ہو تو اُس کی ترقی کے لئے تعلیم و تربیت ہونی چاہیئے اور اگر قوت منفعلہ کے بعض اثرات زیادہ کرانے کی حاجت ہو تو اُس کے بڑھانے کی بھی کوشش کرنی چاہیئے۔ پس نفس کی سعادت کے حاصل کرنے مین اول ایام کا دوسرے مشق کا دکیونکہ تمام قوتین مشق سے نشو و نما پاتی ہین اور

ایک قوت کی مشق دوسری قوت کی ترقی کے لیے کارآمد نہین ہوتی اور اُس کو باعتدال و خاص حد کے اندر کرنا پڑتا ہے ورنہ بجاے ترقی وکمال کے قوتے مین اُس سے زوال آجاتا ہے۔) تیسرے عادت کا۔ (کیونکہ کثرت مشق سے ایک ایسی کیفیت راسخہ ہو جاتی ہے کہ جو شکل و ناپسندیدہ معلوم ہوتا تھا وہ آسان و خوشگوار معلوم ہونے لگتا ہے اس لیے تہذیب نفس مین اُس کے ذریعہ سے بہت معاونت ہوتی ہے۔) چوتھے جسمانی و ذہنی و اخلاقی قوتون کی مقدار مناسب و اعتدال کے ساتھہ پہلو بہ پہلو استعمال کا۔ (کیونکہ اگر ہر ایک قوت مذکورہ کا استعمال نہین ہوتا تو بعض کمزور اور بعض قوی ہو کر نقصان و زوال قبول کرتے ہین) پانچوین تفاوت مدارج و ضروریات کے اعتبار سے تعلیم و تربیت دینے و تحریکات پیدا کرنے کا۔ جو علم و قوت و فہم مین مختلف اشخاص کے ہوتا ہے۔ چھٹے محبت اور طلب کرنے کے شوق کا۔ (کیونکہ اُس کے وجہ سے عمل ہوتا ہے) ساتوین اچھے معلم کا لحاظ و خیال ضروری و مقدم و اہم ہے۔ جن انسانون سے کہ اکتساب متعلق ہوتا ہے اُن کے چار درجے ہین۔ درجہ اول یہ ہے کہ جس نے نیک و بد کو نہ پہچانا ہو اور نیکی یا بدی کا عادی نہ ہو گیا ہو۔ اور اب تک فطرت ابتدائی پر ہو ایسے شخص سے اصلاح پذیر ہو جانے کی جلد اُمید ہوتی ہے اور وہ نقش پذیر ہوتا ہے۔ دوسرا درجہ یہ ہے کہ بد اعتقاد نہ ہو گیا ہو ایسے شخص کا اصلاح پذیر ہونا کچھہ مشکل ہے کیونکہ ایک تو اُس کی بد عادت کو چھوڑانا ہوتا ہے دوسرے تخم نیکی کا اُس مین بونا۔ تیسرا درجہ یہ ہے کہ باوجود بدی کی عادت کر لینے کے اُس بدی کے نیک ہونے کا بھی اعتقاد رکھتا ہو ایسے شخص کا اصلاح پذیر ہونا نہایت مشکل ہے

کیونکہ ضرور ہے کہ پہلے اُس کو سمجھایا جاوے کہ اُس کی عادت بد ہے دوسرے اُسکی
عادت چھوڑائی جاوے تیسرے تخم نیکی کا اُس مین ڈالا جاوے۔ چوتھا درجہ یہ ہے
کہ باوجود خوے بد اور اُس بدی کے نیک ہونے کے اعتقاد رکھنے کے اُس پر فخر
بھی کرتا ہو ایسا شخص عموماً اصلاح پذیر نہین ہوتا مگر یہ کہ تایید غیبی ہو۔

**رذایل کا علاج۔ اصول عام۔** اصول علاج کا یہ ہے کہ علاج کے وقت
ضرور ہے کہ پہلے اسباب و علامات سے نقصان اُس رذیلت کا کہ جس کا دفع و
ازالہ منظور ہو ایسے طرح سے معلوم کرین کہ تابہ امکان اُس مین شک کی مجال نہ رہے
پھر بذریعہ ارادہ عقلی کے اُس سے پرہیز کرین۔ اگر مقصود حاصل نہ ہو تو مداومت
مین اُس فضیلت کے جو مقابل مین اُس رذیلت کے ہے مشغول ہون اور تکرار
مین اُن افعال کے جو تعلق اُس قوت سے رکھتے ہین بوجہ افضل و طریق اجمل کے
مبالغہ کرین یہ معالجہ مثل علاج غذائی کے ہے۔ اگر اس علاج سے مرض زایل نہ ہو تو
توبیخ و مذمت نفس کی اُس فعل پر فکر و قول و عمل کے ذریعہ سے کرین۔ اور اگر وہ
کافی نہ ہو تو شہوی کے حالت مین غضبی کو اور غضبی کے حالت مین شہوی کو استعمال
کرین یہ معالجہ مثل علاج دوائی کے ہے۔ اور اگر اس سے بھی فایدہ نہ ہو تو اُس
رذیلت کا استعمال کرین جو اُس کے خلاف ہے مثلاً بخل کے دور کرنے کے لئے
اسراف اور اسراف کے دفع کے لئے بخل۔ اور جب اُن مین عمل وسط کے قریب
ہونے لگے تو خلاف کی رذیلت کے استعمال کو ترک کرین۔ یہ علاج مثل علاج سمی
کے ہے کہ جب تک طبیب مضطرب نہین ہوتا نہین کرتا اور اُس کے استعمال
کی حالت مین بھی کمال احتیاط کرتا ہے۔ اور اگر یہ بھی کافی نہ ہو تو عقوبت اور

اعمال شاقہ اُس کا علاج ہے۔ یہ علاج مثل قطع و داغ کے ہے کہ اگر کسی عضو سے نقصان کا اندیشہ ہو تو اُس کو جدا کر دیتے یا داغ دیکر اُس قدر عضو کو بیکار بنا دیتے ہین۔ اپنے عیوب اور اُس کے اسباب و علامات پر حسب ذیل طور سے بھی مطلع ہو سکتے ہین۔ (۱) شیخ طریقت کے بتلانے سے۔ (۲) اپنے خالص و بے ریا احباب کے ظاہر کرنے سے۔ حضرت عمرؓ فرمایا کرتے تھے کہ خدا اُس شخص کا بھلا کرے جو میرے عیوب کا تحفہ مجھ کو بھیجے۔ (۳) لوگون کے عادات و اخلاق کو اپنے عیوب کا آئینہ بنانے سے و فکر و غور و نصیحت و عبرت حاصل کر لینے اور دوست و دشمن جن عیوب کو منسوب کرتے ہین اُن مین تمیز کرنے سے۔ (۴) ہر عمر خصوصاً بچپن سے خدا تعالے کو حاضر و ناظر و شدید العقاب و ذو مغفرت و ثواب دینے والا جاننے و پیش نظر رکھنے سے یہ سمجھ کر کہ معصیت کو اللہ تعالے دیکھتا ہے بعد معصیت توبہ و استغفار سے اور موت کے خیال و یاد رکھنے سے بھی فایدہ ہوتا ہے۔

فعل و انفعال اعمال اور اُنکی ترقی اور اُنکا زوال۔ ان دونون باتون پر کہ عادت فعلیہ افعال کے تکرار سے پیدا اور قوی اور تاثیرات انفعالیہ بار بار کے اثر سے ضعیف ہوتی ہین اگر ساتھ ساتھ غور کیا جاوے تو یہ نتیجہ نکلیگا کہ ممکن ہے کہ جبکہ عادت فعلیہ مخصوص تحریک و ترغیب کے موافق بار بار عمل کرنے سے بتدریج پیدا اور قوی ہوتی ہو یہ تحریک و ترغیب خود بقدر مناسب قوت مین کم ہوتی جاتی ہو یعنے اس صورت مین جس قدر عادت فعلیہ قوی ہوتی جاتی ہے اُسی قدر تحریک و ترغیب کا اثر برابر کم محسوس ہوتا ہے اور تجربہ سے اس امر کی تصدیق ہوتی ہے۔ اس امر کی مثالین اس طرح حاصل ہو سکتی ہین کہ خطرہ کے ادراک سے اندیشہ کی کیفیت انفعالیہ

اور اُس کے رفع کرنے کی احتیاط عملی طبعاً حرکت میں آتی ہین اور خطرہ کے عادی ہو جانے سے احتیاط کی عادت بتدریج پیدا ہوتی - اور اندیشہ کی بتدریج گھٹتی ہے اور اسیطرح مصیبت کے ادراک سے رحم بطریق انفعال بالطبع حرکت مین آتا ہے اور مصیبت کے دفع کرنے کی تحریک بطریق عمل پیدا ہوتی ہے - اگر کوئی شخص مصیبت زدون کی خدمت کرنا اور اُن کی تلاش کرنا اور مصیبت رفع کرنا اختیار کرے تو اُن تکلیفون کے سبب سے جو اُس کو دیکھنے مین آوین گی دن بدن کمتر اثرپذیر ہوگا تاہم شفقت کے قوت کو منفعلہ ہونے کی نظر سے نہین بلکہ محرک فعل ہونے کے نظر سے تقویت ہوگی اور حالانکہ وہ مصیبت زدون پر بطریق انفعال کم رحم کرے گا لیکن اُن کی یاری و مددگاری کرنے مین اُس کو بطریق عمل زیادہ آمادگی ہوگی - اسی طرح پر آدمیون کے روزمرہ اپنے گرد و پیش مرتے ہوئے دیکھنے سے اپنے وفات کی کیفیت انفعالیہ یا اندیشہ ہم مین کم ہوجاتا ہے لیکن ایسے واقعات سنجیدہ مزاج آدمیون مین موت کا خیال پیش نظر رکھ کر عمل کرنے پر آمادہ کرتے اور اُن مین عادت عمل کرنے کی پیدا و مضبوط کرتے ہین - مرے ہوئے آدمی کے دیکھنے سے اپنے مرنے کا خیال پیدا ہوتا ہے اور وہ عمل کرنے کے طرف لے جاتا ہے اور جب بہت سے مُردون کو دیکھتے ہین تو اپنے مرنے کا خیال و خوف کم ہوجاتا ہے - اور اگر عمل کرنے کی عادت نہین ہوتی تو اندیشہ بھی کم آتا ہے اور عمل بھی کم ہوجاتا ہے - لہذا درستی اعمال مین فعل و انفعال کا خیال ازحد ضروری ہے -

## عادت و اُس کا علاج -

اگر ز دست جفا بر فلک رود بد خوے
ز دست خوے بد خویش در بلا باشد

تو نیکو روش باش تا بدسگال ‏ ‏ ‏ بنقص تو گفتن نیابد مجال
بہ شیرین زبانی توان برد گوے ‏ ‏ ‏ کہ پیوستہ تلخی برد تند خوے

فرینکلن نیک عادت کے وجہ سے اپنے ملک مین فرینکلن صالح کے نام سے مشہور تہا۔ وہ خود لکہتا ہے کہ جب کہ مین نے یہ ارادہ کیا کہ مجہہ سے کسی وقت مین کوئی خطا سرزد نہ ہونی چاہیئے اور مجہہ کو ایسا ہونا چاہیئے کہ جس کے ذریعہ سے مین ایسی تمام قوی عادات اور اپنے نفس کے ایسے سب میلانون پر غالب ہوجاؤن جو میرے مقصد کے سدراہ ہون۔ اور جب کہ مین نے اپنے آپ کو اچہے اور برے کی تمیز اور تفریق کرنے پر مایل کیا تو مجہہ کو اُن کے سمجہنے مین کچہہ دشواری پیش نہین آئی یعنے مین بخوبی سمجہہ سکا کہ نیکی یا بدی کس کس شے مین ہے لیکن بدیون کے ترک کردینے اور اُن کی جگہہ بہلائیون کے اختیار کرنے پر قادر ہوجانا سخت مشکل اور دشوار معلوم ہوا اور مجہہ کو معلوم ہوا کہ جب مین ایک خطا سے اپنے کو محفوظ کرنے کے واسطے ارادۂ قطعی کرلیتا تو دوسری کسی اور غلطی مین اپنے آپ کو مبتلا کرلیتا ہون عادت کا یہ حال تہا کہ وہ ہر ایک بُرائی سے فایدہ حاصل کرنا چاہتی تہی اور میلان طبیعت بعض اوقات عقل و شعور حتے کہ وجدان اور کانشنس پر بہی غالب ہوجاتا تہا۔ ان اغراض کے حاصل ہونے کے واسطے مین نے ذیل کے اصول اختیار کئے۔ یعنی جو کتابین میرے مطالعہ مین اس مضمون پر تہین اُن مین سے مین نے ایک فہرست اخلاقی باتون کی اس طرح بنائی کہ ہر عادت کے متعلق کچہہ نوٹ بہی اُس کے آگے لکہدیئے۔ مین نے سوچا کہ سب کو یکبارگی پیش نظر کرلینا ٹہیک نہین ہے بلکہ یکے بعد دیگرے اُن کی عادت ڈالنی چاہیئے۔ اور اس فہرست کے تیار کرتے وقت

پہر بھی مین نے غور کیا کہ فضایل کو کس طرح پر ترتیب دینا چاہیئے - مین نے خیال کیا کہ سب سے اول اپنے نفس کو اپنے قابو مین کرنا چاہیئے جس کے ذریعہ سے بہت بوجھہ سر سے اوتر جاوے گا اور فکر مین جودت پیدا ہو جاوے گی اور اُس کے بعد عادات قدیمہ و مالوفہ پر رفتہ رفتہ غالب ہو سکون گا - چنانچہ اس لحاظ سے سب سے اول مین نے ریاضت یعنے افراط و تفریط سے بچنے کو جیسے کہانا یا پانی زیادہ نہ کہانے کو لکھا اور مین نے خیال کیا کہ اُس کے بعد سکوت یعنے ایسی بات نہ کہنا جو مفید نہ ہو اُس پر بآسانی قابو حاصل کر سکون گا - اور چونکہ اپنے دایرۂ خیالات کو توسیع دیتے وقت مجہہ کو سُنی ہوئی باتون کے نسبت پڑھے مضامین سے زاید فایدہ ہوتا تھا اس واسطے جبلی دوستون بلکہ اُن کی فضول باتون اور لطیفون کے سننے سے باز رہنے کا مین نے مقصد و ارادہ کر لیا تھا اس واسطے سکوت کو مین نے دوسرے نمبر پر لکھہ دیا اور یہ اُمید کر کے کہ انتظام پر عمل کرنے یعنے ہر شے کے محل و ہر کام کے وقت تعین کر لینے سے مجہہ کو تحقیق اور تدقیق کا موقع اور وقت اچھی طرح ملے گا مین نے تیسرے درجہ پر اس کو قرار دیا - تخصیص مقصد یعنے سمجہہ کر فوراً کام شروع کرنا چاہیئے اُس پر عامل ہو جانے سے میری راے مین دوسرے فضایل کے حاصل اور اُن کی تکمیل مین مجہہ کو سہولیت ہوئی - اور خرچ کے انتظام مین آجانے سے اور سعی و عمل پر یعنے وقت کو ضایع نہ کرنے اور کار آمد کام مین مشغول رہنے سے اور اُس پر کاربند ہو جانے سے اپنے قرض سے سبکدوش ہو جانے کی اُمید کر کے اور اُن پر عمل کرنے کی جلد ضرورت تصور کر کے اُن کو مین نے یکے بعد دیگرے لکھدیا اور مین نے خیال کیا کہ اس کے بعد استقامت وغیرہ پر عمل کرنا یقیناً

آسان ہو جاوے گا۔ غرض اس طرح پر اس فہرست کو ترتیب دیکر فیتا غورث کے
کلمات حکمت مین سے اس بات کی ضرورت محسوس ہوئی کہ ہر روز ان پر ایک
نظر ڈالنا چاہیئے۔ اس واسطے مین نے ایک چھوٹی سی کتاب تیرہ صفون کی
اس طرح پر بنائی کہ اُس کے داہنے طرف علی الترتیب سینچے اوپر ان کل صفات
کو لکھ دیا اور ہر ایک کی پیشانی پر ہفتہ کے دن لکھ دیا۔ اور اس طرح پر اس
کتاب کا ہر ایک صفحہ گویا ایک ہفتہ کے کارنامہ کا یادداشت ہو گیا۔ اور مین نے
یہ التزام کیا کہ ہر روز غور و تامل کرتا تھا کہ ان خصایل مین سے کس کس خصلت مین
اُس روز کوتاہی ہوئی۔ اور جس خصلت مین کوتاہی ہوتی اُس کے مقابل سے کے
خانہ مین ستارہ کی شکل بنا دیتا تھا اور مین نے یہ قرار دیا کہ ایک ایک اچھی خصلت کو
ایک ایک ہفتہ کے اندر اختیار کر لینا چاہیئے۔ پہلے ہفتہ کے ختم پر یہ نتیجہ دیکھنے مین
آیا کہ ریاضت کے اختیار کر لینے مین کوئی خطا مجھ سے سرزد نہین ہوئی اگرچہ
پہلے ہفتہ کے واسطے صرف ایک ہی خصلت کے حاصل کر لینے پر زور دیتا تھا مگر
تاہم اور خصایل کے اوپر بھی سرسری نظر ڈال لیا کرتا تھا۔ جب کہ پہلے ہفتہ مین
پہلی خصلت کی لاین پر قادر ہو گیا تو دوسرے ہفتہ مین سکوت کی لاین کو صاف
رکھنے کی مین نے کوشش کی۔ اور اسی طرح پر تیرہ ہفتون کے اندر تیرہون
تیرہون خصایل کو مین نے اپنے آپ مین پیدا کر لیا اور پھر اس طرح سال بھر
مین چار مرتبہ مین نے انہی خصایل پر مکرر سہ کرر غور کرنا شروع کیا اور مجھ کو اس
بات کے دیکھنے سے نہایت اطمینان اور مسرت ہوتی تھی کہ رفتہ رفتہ اس کتاب کے
ورق کی جدولین صاف اور بے نشان ہوتی جاتی ہین اور جب کہ مین اپنی عادات

وخصایل کو اس طرح درست کرتا تہا تو یہ سمجہنا چاہیے کہ ہر وقت مجہ کو کامیابی ہوئی بلکہ کبہی کبہی مین ناکامیاب بھی ہو جاتا تہا اور نیز اس نقشہ کے مرتب کرنیسے مجہ کو خوب ثابت ہو گیا تہا کہ مین کیسی کیسی غلطیون کا عادی ہون اور اپنی خطا کو معلوم کر کے مین ہر روز زیادہ تر توجہ اپنی غلطیون کی اصلاح مین کیا کرتا تہا۔ لیکن جب کہ مین اپنی اصلاح کر چکا تو مین نے بجاے ہر روز کے سال مین ایک مرتبہ نشان پر نظر ڈالنا کافی سمجہا اور جب میرے واسطے کام زیادہ بڑہ گیا اور سفر وسیاحت سے فرصت کم رہنے لگی تو اس پر توجہ کرنے کا مجہ کو وقت بہت کم ملتا تہا مگر تاہم مین نے اُس کو قطعی ترک کبہی نہین کیا یعنے جب کبہی موقع ہوتا تہا تو مین ان نقشون اور جدولون پر غور اور اپنے حالت کی جانچ کر لیا کرتا تہا اگرچہ مین اس بات کا دعوے نہین کر سکتا ہون کہ مین ان خصایل کا قطعی مالک ہون اور کوئی نقصان مجہ مین نہین ہے لیکن ہان مجہ کو اس بات کا اطمینان ہے کہ ایک آزاد اور کاروباری شخص کے واسطے جس قدر ضرورت ان خصایل کے موجود ہونے کی ہے اُس قدر اقتدار مجہ کو حاصل ہے۔ مین اس بات کا اقرار کرتا ہون کہ ان خصلتون کے اختیار کر لینے سے جس قدر مجھکو کامیابی کی توقع تہی اُس مرتبہ کمال پر مین نہین پہنچ سکا لیکن اس مین شک نہین ہے کہ مین اگر درجہ امکان سے کم اس بات مین اہتمام کرتا تو جو کامیابی مجہ کو حاصل ہوئی ہے اس قدر ہرگز نہ ہوتی۔ الغرض مجہ کو اس بات کا اظہار منظور ہے کہ مذکورۂ بالا تدبیر کے وسیلے سے خداے تعالی نے میری تمام عمر مین جو آج پہتیاتر سال کی ہے مجہ کو ہر طرح کامیاب اور خوش وخرم رکہا ہے اور ابتدا سے عمر مین قسمت نے

جو کچھ میرے واسطے مصایب مقرر کئے تھے اُس کے مقابلہ مین بعد ازان جو کچھ خوشحالی مجھ کو میسر ہوئی وہ ہر انسان کے واسطے بلاشبہ نہایت کافی و وافی ہے میرا خیال ہے کہ میری عمر کی درازی اور میرے بدن کی صحت و تندرستی ریاضت کے ذریعہ سے اور ایک درجہ تک میری شہرت سعی و عمل کے وجہ سے اور ملک کے ضروری افراد مین شمار کیا جانا میرے حسن انتظام اور نفس پر قادر ہونے کے وجہہ سے اور میرا معتبر خدمت ملکی پر فایز اور ملک کا اعتبار حاصل کرنا میری استقامت اور للہیت کے وجہ سے ہوا۔ بنابرین مین یہ عرض کرتا ہون کہ بعد اس کے بھی جو کوئی میرے طریقہ پر چلیگا اُس کو یقین کرنا چاہیئے کہ اُس کی کوشش رائگان نہین جاویگی اور بالضرور اُس کو ثمرہ نیک حاصل ہوگا۔ والسلام۔

**عمل کس طرح انجام اندیشی کے ساتھہ باقاعدہ و صحیح طور پر کرنا و کرانا چاہیئے** ۔ جس کام کو ہاتھہ لگانا چاہتے ہین پہلے بطور انجام اندیشی یہ سوچ لینا چاہیئے کہ (۱) اُس کام کا ہونا ممکن ہے یا نہین۔ (۲) کون کون سے اسباب مہیا ہون تو وہ کام ہو جاوے۔ (۳) اُن اسباب کا مہیا کرنا مجھہ سے ممکن ہے یا نہین۔ (۴) کس ذریعہ سے اور کس کے معرفت اور کس خرچ سے اسباب مذکور اکٹھا ہو سکتے ہین۔ (۵) کون کون امر اُن کے مہیا ہونے کے مانع ہون گے۔ (۶) اُن موانعات کو کس طرح روکنا چاہیئے۔ چونکہ روکنے مذکور کا فعل بھی ایک کام ہوگا لہذا بطور ایک کام کے اُس کو قرار دیکر اُس کے نسبت بھی سوچنا چاہیئے۔ (۷) اُس کے اسباب کے مہیا کرنے کے لئے کون وقت موزون ہے۔ پھر اپنے دیگر کامون کو دیکھنا چاہیئے کہ اس وقت موزون پر اس

کام کو مقدم رکہین گے یا دوسرے کام کو۔ پہر جو کام اُس دن مین جس وقت کرنا ہو اُس کو یاد کر لینا چاہیئے۔ پہر یہ سوچنا چاہیئے کہ اُن کامون کے سلسلہ مین کن کامون کا سلسلہ متصل ہے کہ اُس کے ساتھہ اُس کو بھی انجام کرتے جاوین اور جہان اور جس کے پاس جانا ہے اُس سے یا اُس کے قریب وہ کام بھی کرتے جاوین لیکن یہان پر یہہ خیال ضرور رکہنا چاہیئے کہ ایسا نہو کہ مقدم کام کا وقت جاتا رہے اور پہر دونون کام مین کوئی کام نہو۔ پہر ان سب باتون کے سمجہنے کے بعد اگر کام کرنا بہتر معلوم ہو تو ہمت کے ساتھہ متوکلاً علی اللہ بغیر تاخیر کے کام شروع کر دینا چاہیئے اور آج کا کام کل کیلئے نہ چہوڑنا چاہیئے اور عمل کرنے اور کرانے کی کوشش کرنا چاہیئے نہ کہ زبان ہلائی جاوے اور دوسرون پر چہوڑ دیا جاوے اور کوشش مین ناکامیابی ہو تو مایوس نہو جانا چاہیئے بلکہ اور ہمت کے ساتھہ عمل کرنا چاہیئے۔ اگر آدمی وقت کا خیال رکہے اور امر مذکورہ کو پہلے سمجہہ رکہے اور پہر کام کرے تو بہت کام انجام پا جاتے ہین اور وقت بھی بچ جاتا ہے۔ تجربہ متواتر ہوا ہے کہ اس طرح عمل کرنے سے کام بھی ہو جاتے ہین اور وقت بھی بچ جاتا ہے لیکن تاہم وقت پورا ہر کام کے لئے معین کرنا چاہیئے۔ بہت لوگ عملی آدمی ہوتے ہین اور عمل کرتے رہتے ہین لیکن موقع و بر محل و بر وقت و صحیح طریق و منتظمہ قواعد و متحدہ طرز نہ ہونے کے وجہ سے یا ایسے کام شروع کرنے سے کہ جس مین کامیابی ناممکن ہے ناکامیاب ہو جاتے ہین اور یہہ بھی نہین خیال کرتے کہ دوسرے لوگ جن کی مدد سے وہ اُس کام کے حاصل کرنے کے اسباب جو

اکٹھا کر سکتے ہین اُن کو بھی موقع اور وقت مدد دینے کا ہے یا نہین اور جن مسخرات کے مسخر کرنے کی اور اسباب بنانے کی اُس کام مین ضرورت ہے اُن کو بھی اکٹھا نہین کرتے۔ پس ایسے لوگون کا عمل ناکامیاب ہوتا ہے۔ لفظی وخیالی دو ہی آدمی نہ ہونا چاہیئے بلکہ ایک عملی آدمی ہونا چاہیئے۔ جب تک عملی آدمی نہ ہو اور کوشش اور مستعدی کیساتھ متواتر عمل نہ کرتا جاوے کامیابی نہین ہوتی ورنہ بہت جلد کامیابی ہو جاتی ہے۔ باقاعدہ وصحیح طور سے عمل کرنا چاہیئے اور انجام اندیشی وعقل سے عمل کرنا اور تجربہ سے فایدہ اُٹھانے کے بعد ہمیشہ پہلے انجام اندیشی کرنی چاہیئے۔ جن لوگون سے عمل صحیح طور پر اور باقاعدہ کرانا ہو اُن کو اُصول مذکورہ بالا کا پابند بنانا اور اگر بے قاعدہ عمل کرتے ہون تو اُس عمل کو باقاعدہ اُن سے انجام دلانا چاہیئے۔ مثلاً کسی چیز کے رکھنے کی جگہہ معین ہے اور خادم اُس کو دوسری جگہہ رکھہ دیتا ہے تو اُس سے اُسی مقام پر اٹھوا کر رکھا دینا چاہیئے تاکہ آیندہ غلطی نہ کرے اور اگر پھر غلطی کرے تو زیادہ موثر طریق سے اُس کو اس امر خاص کے نسبت امر کرنا چاہیئے۔

**انسانی زندگی کا دستور العمل۔** زندگی کا دستور العمل لامذہب کا بھی میری راے مین حسب ذیل ہے۔ (۱) جسکا علم انسان کیلئے محال ہے اُس کے طلب مین وقت ہرگز رائگان نہ کرنا چاہیئے۔ (۲) قابل العلم مین سے جتنا جاننا باتقاضا صحت سودمند ہو وہ سب جاننا چاہیئے اور علم اور عقل وفکر وتدبر وتفقہ وتذکر کے ساتھہ جو صحیح وسودمند ہوتا ہے امکان اُسپر عمل اخلاص کے ساتھہ کرنا چاہیئے۔ (۳) کسب معاش مین مستقل ہونا چاہیئے۔ (۴) جسمانی۔ اخلاقی وعقلی صحت کی تکمیل مین

جہان تک ہوسکے کوشش کرنا چاہیئے۔ (۵) زندگی پاک وسادہ وسود مند بسر کرنا چاہیئے۔ (۶) کسی کو ستانا نہین چاہیئے اور قسط و عدل و احسان کرنا چاہیئے۔ (۷) جہانتک ہوسکے نوع انسان کی بہبودی و اصلاح بین الناس کرنا چاہیئے۔ (۸) قول و فعل مین صدق و دیانت و امانت ہونا چاہیئے۔ (۹) معاملہ بینہٗ و بین الناس کو چند صحیح اصول پر جو تمام نوع انسان کے لئے ایک ہین درست کرنا چاہیئے۔ معاملہ بینہٗ و بین اللہ کو ہر فرد کی راے پر چھوڑنا چاہیئے۔ (۱۰) نیکی کرنے مین احسان بالقوم کو و رفاہ عام کو افراد کے ساتھ احسان کرنے پر ترجیح دینا چاہیئے۔ (۱۱) لما تقولون مالا تفعلون سے جو نہین کرسکتے اُس کو کیون کہتے ہو بالکل پرہیز کرنا چاہیئے جو ہوسکے اُسکو کرنا اور لسانی سے بچنا چاہیئے۔ (۱۲) نیکی پورے خلوص سے کرنا اور بیجا خود غرضی سے بچنا چاہیئے۔ (۱۳) جو معظم صفات حمیدہ ہین اُنکی تکمیل جہان تک ہوسکے کرنا چاہیئے۔ (۱۴) مطمح نظر عالی رکھنا و ہمت کے کام کرنا اور اپنی عزت آپ کرنا و خود بینی سے بچنا چاہیئے۔ (۱۵) قلب مستقیم و نفس مطمئنہ و ثبات دلی و ثابت قدمی رکھنا چاہیئے۔ (۱۶) آزادانہ قناعت زندگانی انسانی کو خوش رکھتی ہے لہذا اُس کو اختیار کرنا چاہیئے۔

دو قرص نان گر از گندم است یا از جو — سہ تاے جامہ گر کہنہ است یا از نو

بہ چار گوشہ دیوار خود بخاطر جمع — کہ کس نہ گوید از ینجا بخیز و آن جا رو

ہزار بار فزون تر بہ نزد ابن یمین — ز فر مملکت کیقباد و کیخسرو

ہر کہ دارد کفاف عیش جہان — کہ نباشد دران بکس محتاج

کلبۂ نیز بایدش کہ بآن — نہ کند ہر دمش کسے اخراج

در جہان بادشاہ وقت خود است — این چنین کس نہ بنگرد سوے تاج

هر کس که بجهان نیم نانے دارد — وز بهر بودن آستانے دارد
نے خادم کس بود نہ مخدوم کسے — گو شاد بزی کہ خوش جہانے دارد
بود چار چیز از کمال حماقت — مکن ہیچ یک را از ینہا تصور
بمفسد سخاوت با احمق محبت — بناداں تواضع بدانا تکبر

انمین سے کسی ایک کو اُن لوگون کیساتھ نہ کرنا چاہیئے جن کیساتھ ان اشعار مین ممانعت ہے

**اور دستور العمل انسانی زندگانی اہل مذہب کا بشمول امور بالا کے حسب ذیل ہے**

(۱) بطور عبد اللہ پارسایانہ و مذہبی اچھے آدمی کیطرح زندگی بسر کرنا اور پابند دین رہنا جو پارسائی و دینداری کیساتھ ہونی چاہیئے۔ (۲) صالح و اصلح و اتقی و اسلم بننے کی ہمیشہ سعی کرتے رہنا چاہیئے اور ایمان کیساتھ اعمال صالحہ کرتے رہنا چاہیئے۔ (۳) اثم و عدوان اور عصیان کی معاونت نہ کرنا۔ (۴) فسق و فجور و کذب و زور و علو و فساد و فتنہ و اسراف و بغی بغیر الحق و محرمات و ظلم جلی و خفی و فحش ظاہر و باطن سے بچنا چاہیئے۔ (۵) آپس مین تاکید صبر و حق و مرحمت و امر بالحق کی کرنی چاہیئے (۷) اصلاح بین القوم کو اور قوم مین امر بالمعروف و نہی عن المنکر کو شعار رہنا چاہیئے۔ (۸) احسان و ایثار تبرّاً ایسا کرنا چاہیئے کہ عدل کرنے و کرانیسے متصادم و مزاحم نہ ہو۔ (۹) رہبانیت نہو رحمت و رافت کیساتھ حسن معاشرت کرنا چاہیئے۔ (۱۰) صادقین کیساتھ رہنا اور حق کو محبوب باطل کو مبغوض رکھنا چاہیئے۔ (۱۱) اپنے اعمال کا آپکو ذمہ دار سمجھنا چاہیئے اور یہ کہ انسان کیلئے نہین ہے مگر وہ جسکی اُس نے سعی کی۔ (۱۲) آخرت و عذاب و ثواب و یوم البعث اور اللہ کے مالک یوم الدین ہونے پر ایمان لانا اور اللہ کے خوف و رضامندی چاہنے سے و خوف و طمع کیساتھ عمل کرنا چاہیئے۔ (۱۳) توبہ و استغفار و تسبیح و تہلیل و یاد موت کرتے رہنا و مایوس نا امید مستغنی و بے پروا نہ ہو جانا چاہیئے (۱۴) آیات اللہ و شعائر اللہ کی تعظیم و توقیر کرنا و غیر کا سجدہ و عبادت نہ کرنا چاہیئے۔ (۱۵) جب عزم کسی امر نیک پہ ہو جاوے تو متوکلاً علی اللہ اسکو کرنا چاہیئے (۱۶) قرآن مجید پر ایمان لانا اور عمل کرنا اور اسکی زبان سیکھنا اور اسکو اللہ کا آخر کلام۔

# حقیقت مکاشفہ صوفیہ

مکاشفہ کے اقسام حسب تقسیم صوفیہ کرام حسب ذیل ہین۔ ۱۔ نظری ۲۔ نوری۔ ۳۔ سری یا الٰہی ۴۔ روحانی۔ ۵۔ صفاتی۔ ۶۔ لدنی ۷۔ علاوہ اسکے جس صفت مین خدا کے ہو اُس صفت کے رو سے مکاشفہ کا نام جدا رکھا جاتا ہے ان سب کے تعریفون سے معلوم ہوتا ہے کہ انسان کے خیال مین جو کچھ بیٹھہ جاتا ہے اسکا نام و لقب جو رکھدیا جائے وہ مکاشفہ ہوا۔ صوفیہ فرماتے ہین کہ مکاشفہ ذاتی ایسی چیز ہے جسکا بیان کسیطرح نہین ہو سکتا۔ کیا خوب کہا ہے ایک محقق نے کہ مکاشفہ نام ہے نفس کے امور خیالیہ کیطرف رجوع کرنے اور اُسپر ایک زمانے تک مداومت رکھنے کا یہانتک کہ اُمور اُسکے خیال مین متخیل ہونے لگین کہ وہ فی نفسہ موجود ہین اُسکے خیال مین وہی اُسکا خیال ہوتا ہے نہ کوئی غیر شے اُسکے سوا۔ اسیطرح ترقی کرتا ہے ایک خیال سے دوسرے خیال کیطرف اور تصور کرتا ہے دوسرے شے کو لیکن کوئی شے دوسری نہین ہوتی مگر اُسکا خیال ہی ہوتا ہے پس جب ترقی کرجاتا ہے یہ خیال ایسے شے کی طرف کہ متخیل ہوتا ہے یہ کہ وہی اللہ ہے اگرچہ وہ ایک شان ہوتی ہے اللہ کے شانون مین سے اُس وقت وہ تخیل کرتا ہے کہ اُس نے بلند کرلیا ہے اپنے نفس کو اعلیٰ درجہ کی طرف اور پہچان لیا ہے اللہ کو جیسا کہ حق ہے اُسکے پہچاننے کا حالانکہ اللہ بری ہے اُس سے اور حق یہی ہے کہ لیس کمثلہ شئی وہو السمیع البصیر نہین ہے مثل مثل اللہ کے کوئی شئے اور وہ سمیع البصیر ہے۔

---

# مادہ کی اصلیت کی نسبت کیا کہا گیا اور کیا معلوم ہوا ہے

۱۔ عوام سمجھتے ہین کہ جو کچہہ نظر آتا ہے وہی جسم مادی ہے حالانکہ رنگ یا روشنی کے مختلف انعکاس کے سوا کچھ نظر نہین آتا۔

۲۔ جو کسیقدر علمی دنیا سے تعلق رکھتے ہین وہ کہتے ہین کہ حواس خمسہ سے جو محسوس ہوتا ہے وہی مادہ ہے حالانکہ حواس خمسہ سے بجز خوشبو بدبو نرمی سختی مزہ رنگ اور آواز کے اور کچہہ نہین محسوس ہوتا اور یہ سب عوارضات ہین جسم مادی مطلوبہ نہین۔

۳۔ ارسطو نے مادہ کی دو تعریفین کی ہین اول سلبی یعنی مادہ نہ کسی چیز کا جوہر ہے نہ امتداد اور نہ عرض ہے۔ دوم ثبوتی یعنی مادہ مبدا ترکیب اشیار و منتہاے تغیرات اشیار کا نام ہے۔

۴۔ ویمقراطیس نے قیاس سے نہ مشاہدہ و تجربہ سے بتلایا ہے کہ جسم کی ترکیب نہایت چھوٹے چھوٹے اجزا سے ہے جنکی تقسیم نہین کی جا سکتی۔

۵۔ اسکو ویچ کہتا ہے کہ مادہ نقاط قوت سے مرکب ہے جنکے مرکز جدا جدا ہین ہر مرکز قوت دافعہ و جاذبہ کے ذریعہ مرکزون کو خاص طور پر رکہتا ہے اس فلاسفر نے باعتبار قرب و بعد بقاعدہ ریاضی مرکزون کا عمل بھی بتلایا ہے

۶۔ ہربرٹ اسپنسر اپنی کتاب فسٹ پرنسپلز مین یہ فیصلہ کرتا ہے کہ ہر صورت مین قوت متحقق ہے۔ اور آخری فیصلہ فسٹ پرنسپلز مطبوعہ سنہ ۱۹۰۴ء کے صفحہ ۲۳۶ مین یہ کرتا ہے کہ مادہ کی حقیقت اور اصلیت کو سمجھنا مثل دیگر امور کے عقل انسانی سے بالاتر ہے۔

۷۔ تحقیقات جدیدہ کے ماہرین نے پہلے یہ کہا تہا کہ جوہر فرد غیر مرکب نہین ہے بلکہ اوسکی بھی ترکیب ایسے ننھے ذرات سے ہے جو کہربائیت پر مشتمل ہین۔ لہذا اونہون نے میٹر (مادہ) کو الکٹرون کے درجہ پر پہونچا دیا تہا ایٹم نہین رہنے دیا تہا۔ آخری تحقیقات جدیدہ کی یہہ ہے کہ وہ موشن یا حرکت ہے جسے الکٹرون کے بھی اجزار وہ کرتے ہین۔

۸۔ ارادہ سے وہ اعضار حرکت مین آتے ہین جن کو مادی کہا جاتا ہے پس اگر وہ غیر مادی اور افعال نفس مین سے ہے تو مادی اعضار کو غیر مادی حرکت دیتے ہین۔

۹۔ انسان خود اپنے مادی و غیر مادی اجزا کی اصلیت نہین جان سکتا باوجودیکہ اون کو ذریعہ اپنے عمل کا بناتا ہے پس انسان کی مجبوریان ایک زبردست قوت کا نشان جو خالق انسان ہو دیتے ہین اور اوس قوت و طاقت کو واجب الوجود بھی ثابت کرتے ہین کائنات کی ابتدا کسی خارجی قوت کے خالق ہونے سے ہوئی ہے مظہر اوسکا موجود ہے لیکن جس طاقت کا وہ مظہر ہے اوسکا ادراک نہین ہو سکتا اور انسان کو مجبوراً اُسے لامحدود و ابدی ماننا پڑتا ہے قانون کے تحت مین کائنات کا ہونا اور قانون کا تقدم مقنن کے وجود کا مستلزم ہے۔ العجز عن درک الادراک ادراک۔ قول صدیق رضی اللہ عنہ۔

# فہرست مضامین لطیف

عنوان باب کے کاتبان کتاب کی غلطیان لاجواب اسباب مین سے ہین فہرست ہذا سے اُنکی تصحیح ضروری ہے۔

موروثی جذبات کا وجود و تعلیم و تربیت کی دشواری۔
اخلاقی تعلیم قوم کی عام خصلت اور انسانی فطرت کی عام حالت کے موافق ہوتی ہے۔
تعلیم تربیت کے مقصود و فرایض و معلمون کے فرایض۔
اصول تعلیم و تربیت کا میقات و کم سنی۔
رذایل کا علاج اور اوسکا اصول عام۔
فعل و انفعال اعمال اور اُن کی ترقی اور اُن کا زوال۔
عادت و اُسکا علاج و فرینکلن کا طریق علاج رذایل۔
عمل کس طرح انجام اندیشی کے ساتھ باقاعدہ صحیح طور پر کرنا و کرانا چاہیے۔
انسانی زندگانی کا دستور العمل۔

حقیقت مکاشفہ صوفیہ
مادہ کی اصلیت کی نسبت کیا کہا گیا اور کیا معلوم ہوا ہے

هو المستعان

قل هاتوا برهانكم هذا ذكر من معى وذكر من قبلى ان كنتم صادقين

# البرهان فی فلسفة القرآن

سنه ١٣٣٧ ہجری

حصہ چہارم

مصنفہ مولانا بالفضل اولنا و باعمل اتقانا المعروف بعبد الرؤف

ولد شیخ محمد یحییٰ بن شیخ نصیر الدین الصدیقی المولوی الہ آبادی

مصنف دلائل فضائل الاسلام و صراط المستقیم و کتاب الحکم

در مطبع اسرار کریمی الہ آباد زیور طبع پوشید

تاریخ طبع براہین والبلاغ سنه ١٣٣٨ ہجری و
برہان الاقوم آیات قرآن الحکیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کفر و اسلام در رہش پویان ✣ وحدہ لا شریک لہ گویان

عبد سے معبود کی توصیف مخلوق سے خالق کی تعریف ممکن سے واجب الوجود کی حقیقت محدود سے غیر محدود کی اصلیت ساجد سے مسجود کی صفت کما حقہ کہان سے اور کیسے بیان ہو سکتی ہے اُسمین جد تجاوز عن الحد ہے پس الحمد للہ رب العالمین ہی کہدینا انسان کے لئے بہترین و آسان ہے کیونکہ بڑی بات و چھوٹی زبان ہے۔ اگر مانع نہو تو جو نفس انسان کے اندر جاوے ممد حیات ہے اور جو باہر آوے مفرح ذات پس سانس کے اندر آنے و باہر جانے دونون کا شکر کرنا چاہئے اور یک ہی امر کے شکر کرنے مین کئی سانس اندر و باہر آتے و نکل جاتے ہین پھر وسایل شکر و توفیق شکر کا رفیق ہونا بھی مستلزم شکر ہے لہذا انسان اسکے سوا اور کیا کر سکتا ہے کہ جب وہ اپنے رب کا شکر کرنا چاہے تو سب کا اور کئی شکر کا شکر اکٹھا کر دیا کرے اور اعتراف عجز کو بھی ذریعہ شکر بناوے اور کہدے کہ اگرچہ وہ شکر کرنے کے لئے حاضر ہے مگر جدا جدا شکر کرنے سے فطرتاً قاصر ہے۔ عوامل اشیا کا لاتعد و بیحد ہونا اُنکے خردی و کلانی کا نہایت ہی حیرت انگیز و تعجب خیز ہونا اور بہت ہی چھوٹی سی چیزونکا پایا جانا اور باوجود اس وسعت کے ہر یک شے کا یک معین قانون کے تابع و ماتحت رہنا مراحل وجود و عدم کے مراحل کا طے کرنا لیکن چند سادہ اصولونکا پابند ہونا اور ہر ایکا ایک ہی صراط مستقیم سے وجود مین آنا اور عدم مین جانا اور وجود مین المدین کے بناؤ کو طے کرنا مقنن مدبر حکیم علیم قادر و مالک واجب الوجود کے معبود ہونے پر شاہد عادل ہے۔ اشیا کے موجود ہونیکا طریق ایک ہے نمو کا طریق یک ہے اور سب مین رابطہ ہے اور ہر نوعیت مین جدا ہین اُس مقدس ہستی کے ذات و صفات کے کنہ و اصلیت و حقیقت کا جاننا ما فوق طاقت و فطرت و قوت انسان کے ہے۔ وہ آپ ہی آپ ہے اور ہونا ہی اُسکی ذات ہے اور لیس کمثلہ شئ کو انسان کیسے پہچان سکے

وہ خود مستغنی ہے پھر کیون برسر بازار آئینہ و تماشائے دیدار کرائے سبحان ربک رب العزت عما یصفون پس اُسکے
کمال کے سمجھنے کا مجال انسان کو کہان ما فوق فہم و وہم و ادراک و محال ہے کل یوم ہو فی شان ہے۔ اللہ
ہو المعبود فی کل مکان و ہو المسجود فی کل آن و ہو المحمود فی ما یکون ما کان الآن کما کان - زمان و مکان و مادہ
و حرکت کو قوت کا اثر تسلیم کر لینے کے بعد بھی اُس قوت کو بجز اسکے کہ واجب الوجود ہے ہمتا کا مظہر مانین
اور کیا کہہ سکتے ہین قوت تک جو غایت الغایات ہے پہونچنے کے بعد عین و اثر مین واسطہ نہین رہتا
اور ادراک بشری کی رسائی وہین تک ہے عین تک نہین وہ اثر انسان اور عین مین گویا حائل ہے
اس لئے واجب الوجود مطلق کا اذعان و بالغیب ایمان ہوتا ہے - اور اُسکو منزہ عن العیب کہتے ہین
کیونکہ مقید و مضاف کی نسبت اضافی ہے جو بے مطلق کے منسوب نہین ہو سکتی اُس بیچون
و چگون کا علم ہی بسبب ظہور ہوتا ہے فبای آلاء ربکما تکذبان - بار بار کے نارسائی کا
اقرار ہی دانائی ہے - وہ نور السموات والارض در درج ہر ارتقا و ہر فرض و غرض ہے -
اللہ لا الہ الا ہو الحی القیوم ہو الاول و الآخر عالم الغیب و الشہادۃ و ہو بکل شئ علیم و ہو العزیز الحکیم -
انبیا و رسل اُسکے واجب الوجود کامل و معبود ہونیکے بہترین امین و عادل شہود ہین وہ مالک
یوم مشہود ہے - غیب کا علم سوا اُسکے کسی کو نہین ہے وہی جس غیب کو جسپر چاہتا ہے ظاہر
کرتا ہے اُسکے جنود کا علم سوا اُسکے کسی کو نہین اشہد ان لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ و اشہد
ان محمداً عبدہ و رسولہ و سلام علی المرسلین و الحمد للہ رب العالمین - اور درود نامحدود ہے مومنین
صلوٰۃ اللہ علیہم اجمعین پر - مولف الحروف عبد الرؤف کو وثوق ہے کہ من صنف فقد استہدف لیکن اس کتاب
کے چند حصص مین کاپی لکھنے والون اور چھاپنے والون کی وجہ سے معروف و مجہول و املا و لفظون کی غلطیان
رہ گئیں اور کوشش بلیغ کا م تدا ای خصوصاً جملون کے الفاظ مقدم و موخر کرنا پڑے جن سے جملے و الفاظ بے محاورہ
و عسیر الفہم ہو گئے انشاء اللہ اشاعت ثانی مین درستی الفاظ و محاورات و لکھائی و چھپائی و کاغذ کا بہتر لحاظ ہوگا

بسم اللہ الرحمن الرحیم مختصر اصول فلسفہ اسلام اور اُسکے فضایل - اسلام یعنی دین
محمدی کے رو سے خدا نے انسان کی فطرت ایک غرض خاص و مدعاے مخصوص
کے لئے بنائی ہے - لارڈ بیکن کہتا ہے کہ فلاسفی کا ناقص علم انسان کے دل کو
دہریت کے طرف مایل کرتا ہے مگر فلاسفی کی کامل مہارت انسان کو مذہب کے طرف
لے آتی ہے - اگر اسلام کی اندرونی حالت تعمق سے دیکھی جاوے تو بہ نسبت
نظر اول کے زیادہ فلسفیانہ معلوم ہوگی اور اگر صرف اُس کی بیرونی حالت کا ملاحظہ
کیا جاوے تو اُس کی افضل ترین خوبی اس سے ظاہر ہے کہ نوع انسان کے
جمیع طبقات یعنے ایک ادنے اقلی سے لیکر اعلے درجہ کے صاحبان غور و ماہران
علوم کی روحانی ضروریات و تمدنی کمالات کے بہی تمام تر مطابق ہے اور ہر قسم کی
ضروریات زندگی کو پورا کرنے کا سبب ہوتا ہے - قوت مدرکہ یا وقوف عامہ سے
اُس کو کوئی انحراف نہین ہے اور نہ کسی درجہ مین عدل و رحم کے فطرتی
تحریک کے وہ مخالف ہے پرہیزگاری خیالات اقوال و افعال کی پاکیزگی صفائی
ظاہری و باطنی و صداقت و امانت و دیانت و قسط باری تعالے کے جانب
عبدون کے طرح مخلصانہ مستحکم غیر متزلزل رجحان دینی اخوت یہ سب اُس کی
خصوصیات ہین اور یہ مطالب ایسے مکمل اور سادہ و باصفا و صاف ہین جنکا ذہن نشین
کرلینا اور عمل کرنا ہر انسان کے امکان و وسعت و استطاعت مین ہے - حقیقی اور
آزادانہ قناعت و دلی تسکین جو مقصد حیات کو پورا کرتے ہین بغیر اسلام کے ناقص
ثابت ہوئے ہین - سچے مذہب اسلام کا اصل اصول یہ ہے کہ خدا کی مرضی پر
راضی رہنا چاہیئے اور اُس کے ستون اعظم نماز اور زکواۃ ہین اگر زکواۃ واجب ہو -

وہ عمومیت کے ساتھ اخوت و محبت و خیر اندیشی سکھلاتا ہے اور خیالات کی
پاکیزگی اور اقوال و افعال کی راستی اور بدرجہ غایت جسمانی طہارت کا خواستگار ہے
علم انسانی میں یہ نہایت آسان اور مرتفع مذہب ہے اسمین نہ تنخواہدار خطیب مین نہ پادری
نہ دقت طلب رسوم نہ قایمقام کفارہ ہے اور نہ اپنے مقلدین کو گناہون کی جوابدہی
سے مبرا کرتا ہے۔ اور وہ صرف خدائے واحد کی رضا سے بقضا سے کو جانتا
اور اس کا عبد بنتا ہے جو کل اشیاء کا خالق ہے اور جو ایسی ربانی حقیقت ہے
جس کا ظہور تمامی موجودات مین ہے وہ قادر مطلق علام الغیوب حاضر و ناظر
ظاہر و باطن سے تمام جہت مین اول و آخر تمام چیزونکا حکمران اور رب تمام عالم کا ہے۔
صاحبان ایمان و اسلام صدق دل سے اسی کی عبادت کرتے اور اسی کے سامنے
ایک سطح پر اخوت دینی و مساوات قانونی کے درجہ مین کھڑے ہوتے ہین۔ وہ
مرتاض مسلمان جو ہمارے معصوم امین نبی کی سچی تعلیمات سے عارفانہ خیال تک
پہنچگیا ہے اس مذہب پر قایم رہتا اور اس کو اپنی ہستی کا ایک عظیم الشان اصول
بناتا ہے یہ اس کے روزانہ آمد و رفت و کار و بار و تمدن و معاشرت مین اسکے ساتھ ہے
وہ اپنے حوائج یا دنیاوی امور مین کبھی ایسا مصروف نہین ہو سکتا کہ نماز کے وقت
مقررہ پر امور دیگر کو ملتوی کر دے اور خدا کے روبرو اپنے قلب کو حاضر نہ کرے
اس کی محبت اس کا بغض اس کی امید اس کا خوف گویا اس کے کل جذبات
اس مین مستغرق ہو گئے ہین۔ جب رات کو وہ سونے لگتا ہے تو اس کا آخری خیال
وہی ہوتا ہے اور جب صبح ہوتی ہے تو موذن کی آواز سے بھی وہی پہلا خیال اس کے
دل مین پیدا ہوتا ہے جب کہ موذن مکرر کہتا ہے الصلاۃ خیر من النوم

پس روحانی ترقی کا اگر کوئی مکمل و آسان طریق ہے جو نوع انسان کے ہر طبقہ پر منطبق ہوسکتا ہے اور جس کی بنیاد اُس ازلی حقیقت پر ہے جو ایک زمانہ سے دوسرے زمانہ تک انبیاء علیہم و رسولوں کے منجانب اللہ انسانوں تک پہنچا ہے تو وہ مذہب محمدی علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام ہے وہ روح کی اُس خواہش کو پورا کرسکتا ہے جس سے اُس کو اعلیٰ سعادت حاصل ہو۔ انسانی علم میں یہی ایک طریق ہے جو ہوبہو دلیل و حکمت و عقل و فہم و ادراک کے مطابق ہی ہے اور ذلیل اوہام سے مبرا و منزہ ہے وہ ہر شخص کو اپنے ارادی افعال و خیالات کا جوابدہ ذمہ دار ٹھہراتا ہے۔ لہٰذا عقل و فراست اور راستبازی و سادگی و اخلاص سے اُس پر عمل ہوتا ہے۔ عقلاً و نقلاً و زبانی و واقعاتی شہادت سے قطعی طور پر اُس پر ثابت و روشن ہے جس کو اسلامی فلسفہ کا واقعی علم ہے کہ آنحضرتؐ مکمل مثال و نمونہ اُن ہدایات کے تھے جو آپ کے ساتھ آئیں اور جو قرآن مجید میں موجود ہیں۔ تاریخ کی ایک عظیم الشان و جلیل القدر شبیہ ملاحظہ طلب ہے اُسکی عظمت و جلالت ایسی ہے جو کسی انسان کے علم میں نہیں گذری وہ ایسا سنجیدہ صورت آپ ہے جس کے چہرہ سے ربانی الہام کی ضیا متجلی ہوتی ہے جب وہ ایک چھوٹے اور کچے محراب میں جسکی تعمیر میں اُس کے ہاتھوں نے خود ہی اعانت کی ہے بیٹھتا ہے اُس کے چاروں طرف ایسے اشخاص کی جماعت ہوتی ہے جو عجیب انگیز طریق اور توجہ و ادب سے اُس کے کلام کو سنتے اور اُس پر عمل کرتے اور روحانی اطمینان حاصل کرتے ہیں یہاں تک کہ جان کے قربان کرنے میں بھی جو انسان کے لئے سب سے زیادہ عزیز ہے دریغ و گریز نہیں کرتے۔

تثلیث اور ایک کا کل انسانوں کے گناہوں کے عوض فدیہ ہونے وغیرہ کو

عیسائی اسرار کہتے اور فہم بشری کی رسائی سے اُس کو خارج سمجھتے ہین۔ عیسائیت
کی ناکمل حالت اُس کے اوہام بلحاظ حصول نجات یا ارتفاع درجات و تزکیہ نفس
و تربیت خصایل انسانی باعث استعجاب ہین بخلاف اس کے اسلام مین محال
پر اعتقاد جایز نہین اور اسرار کا اسلام قایل نہین اور نہ ایسے اعمال کے کرنے کا
حکم نہین جو بے بنیاد و مالایطاق ہون اور فایدہ اخلاقی و جسمانی اور روحانی
اُن سے نہ ہو۔ اسلام کے رو سے خدا کے لڑکے و لڑکیان نہین وہ تین مین کا ایک
نہین مقررہ باقاعدہ بہت تھوڑی عبادت مفروضہ ہے جس کا فایدہ ادنی توجہ سے
ادراک و وقوف عام مین آسکتا ہے۔ اللہ نے کسی نفس کو تکلیف نہین دیا مگر اُسکی
وسعت کے مطابق جو اُس کو دیا ہے۔ پس تقوے بقدر استطاعت کرنے کا حکم
اسلام نے دیا ہے۔ مذہب اسلام یعنے دین محمدی ایک ایسا عملی مرتب نظام توحید
و عبادات و معاملات و تقوے و اعمال صالحات اور برائیون سے بچنے کا ہے جو
انسان کے قوے کو ترقی دیتا اور اُن کو شگفتہ و شاداب و عمل مین رکھتا ہے اور
اُن کے عقل و فطرت کے تقاضون و ضروریات کو پورا کرتا اور زمانہ کے موافق
تفقہ و اجتہاد و قیاس کا حکم دیتا ہے۔ تمام مذاہب حقہ کے مشترک فضایل اور
خوبیون کا وہ جامع ہے اور منتخب و ارتقائی صورت مین اُن کو پیش کرتا اور اہل
کتاب کے بوجھ اور اغلال کو اُتارتا اور اُن کے لئے امر بالمعروف و نہی عن المنکر
کرتا اور طیبات کو حلال و خبیثات کو حرام ٹھراتا ہے جیساکہ سورہ اعراف مین اسکا
اعتراف ہے۔ دنیا کا آخری مذہب اُس کو ہونا چاہیئے جس مین خدا کی پہلی کتب
و صحف کی عزت و تصدیق ہو اور تمدن و معاشرت کے ہموار و آسان ہونیکے

بہترین طریق پر وہ پہنچا دے۔ خدا تعالے تمام جہان کا رب مانا جاوے (یونیورسل فادرہڈ آف گاڈ) انسانی مساوات تسلیم کی جاوے۔ (یونیورسل برادرہڈ آف مین)۔ اور یہ سب امور مذہب اسلام ہین۔ اسلام ہر قسم کے معاملات مین اعلیٰ درجہ کا اصول سکھاتا ہے اور اُس مین تمام ضروری معاملات کے متعلق اصولی قواعد موجود ہین تاکہ انسان کی ہدایت مین نقص و کمی نہ رہ جاوے اور وہ خالق و مخلوق کے ساتھ اپنے تعلقات کو اپنے رب کی مرضی کے مطابق قایم کر سکے اسلام کی یہ تعلیم نہین ہے کہ انسان گناہ کے بارے کسی صورت مین بچ ہی نہین سکتا۔ اسلام نے اس قسم کے مایوسی پیدا کرنے والے اصول سے انکار کر کے اُن لوگون کے عذر نامعقول کو ہمیشہ کے لئے دور کر دیا ہے جو گناہ تو خود کرتے ہین لیکن اپنی غلطیون کا ذمہ دار اللہ کو صرف اس بنا پر ٹھہراتے ہین کہ خدا نے انسان کی فطرت ہی کیون بنائی جس سے گناہ ایسا لازم آجاتا ہے۔ دین الٰہی اگلی اور پچھلی قومون اور سب زمانون مین ایک رہا اور یکسان رہے گا اُس کی صورتین اور ظاہری اطوار کسی قدر الگ الگ ہین لیکن اُس کی روح اور وہ باتین جس کے ماننے کا حکم انبیاء اور رسولون کے معرفت انسانون کو دیا گیا ہرگز نہین بدل سکتے اور نہ اُن مین باہم فرق ہو سکتا ہے وہ منافی اس کے نہین کہ انسانون کے ہر قسم کے معاملات و حالات کو ترقی دی جاوے۔ ہر قانون کیلئے ضابطہ ہوتا ہے جس مین عملی کارروائی و طریق عمل اُس قانون کا سمجھایا جاتا ہے اور وہ بمنزلہ تفسیر و تشریح ہوتا ہے پس قانون قرآنی کا ضابطہ عملی افعال آنحضرت کے ہین۔ لہذا قرآن مجید مین اُسکی تفصیل ہے جسکے اجمال سے نقص کا احتمال تھا

ضروری امور محکم طور سے ثابت ہین بقیہ جن کی ضرورت نہ تھی اُن کو اُسیطرح
بیان کیا ہے جس طرح قانون مین بیان ہوتا ہے اور اُس کے ضابطہ مین اُسکی
تشریح ہوتی ہے - اسلام نام ہے عبد کا اپنے رب انام کے حضور مین سر تسلیم
خم کر دینے و معبود و رب الارباب کی جناب مین سر بسجود ہونے اور رضاے
مولے از سمہ اولے کے سمجھنے اور اُس پر عمل کرنے کا - اسلام مین ہر شخص اپنے اعمال کا
آپ ذمہ دار ہے خود جو کرنا چاہے کرے وہ بغیر مذہبی رسم کے ادا کرانے والے کے اپنے
رسوم مذہبی ادا کر سکتا ہے اور اُن کے بغیر کوئی رسم اُسکی ہو نہین سکتی - اللہ اور بندہ کے درمیان
سواے رسولون کے اور کوئی شخص واسطہ نہین - قران شریف موجود و محفوظ ہے
ہر شخص اپنی سمجھ کے استطاعت کے مطابق یا دب اُس پر راے قایم کر سکتا ہے اُسکے
سمجھنے کی تاکید ہر مسلمان کے لئے ہے قرآن مجید عربی زبان صاف مین غیر کج آسان و سادہ
انسان کے یاد و پند پذیری کیلئے نازل ہوا و قابل العمل ہے - دین محمدی اربابا من دون اللہ بنانیکو
جملہ کتاب الہامی کی ہدایت کے خلاف اُسی طرح ٹہراتا ہے جس طرح اللہ کیساتھ
شرک کرنے و عبادت غیر اللہ کے کرنے کو - وہ مومنین کو یہ حکم دیتا ہے جیسا کہ سورہ
نسا مین ہے کہ آنحضرت اور آپ کے قبل جو نازل ہوا اُس پر عمل اور طاغوت سے
کفر کرین اور طاغوت کو حکم نہ بناوین ورنہ ضلال بعید مین گرفتار ہو جاوینگے اور
ایمان لانے کا زعم اُن کا زعم باطل ہوگا یعنے جو نازل ہوا ہے اُس پر عمل کرین نہ کہ
تقلید پر اور فی سبیل الطاغوت لڑائی نہ کرین - اسلام کی تعلیم کا یہ بنیادی اصول
ہے کہ ہر شخص کو اُس کے اعمال کے مطابق بدلا و درجہ دیا جاوے گا اور برائی
کی سزا اُسی کے مثل اور بھلائی کا بدلا زیادہ دیا جاویگا اور یہ تمام دیگر تعلیم پر بہت

فایق و بہتر و مفید ترقی ہے۔ یہ فخر اسلام ہی کو ہے کہ وہ ایسا نظام ہے جس کے
ذریعہ سے ناانصافی و فساد کا انسداد ہوتا ہے اگرچہ اُس کا کرنے والا امیر ہو یا غریب
اعلیٰ طبقہ کا ہو یا ادنیٰ۔ اسلام میں غلامی بالکل تبدیل کر دی گئی اور عملی طور پر غلام
و لونڈی اپنے آقا کے جزو خاندان کے مثل ہو گئے اور کھانے و کپڑے وغیرہ میں
اپنے آقا کے مشابہ استحقاق رکھنے لگے۔ اسلامی حکومت کا حاکم اعلیٰ صرف انتظام
و تعمیل احکام اندرونی و بیرونی شریعت کے لئے اور حفاظت مومنین کے لئے ہوتا ہے،
کسی خلیفہ یا امیر کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ عدالت و حکم شرعی کے خلاف خود عمل کرے اور
دوسروں کو اُنکے عمل کرنے پر مجبور کرے اگرچہ عدالتیں اُس کے حکم سے مقرر ہوتی ہیں
لیکن اُس کے تصرف سے آزاد ہوتی ہیں اور غریب و امیر حتیٰ کہ خود بادشاہ و امیر
قاضی کی عدالت میں مساوی درجہ و مساوی قانونی فرائض و حقوق رکھنے کے لئے
مجبور ہیں۔ پس اگر اُن اصولوں پر جو اسلام نے قایم کئے ہیں عملدرآمد رہے تو باہمی
جھگڑے بالکل ہی کم ہو جاویں افلاس کا زور نہ ہو۔ ناداری کا خطرناک بوجھ تمدنی
عمارت کو تہ و بالا نہ کرے۔ خاص خاص لوگوں کے خاص حقوق بیجا نہ قایم ہوں۔
اسلام وہ قانون ہے جو انسان کے ذریعہ سے دو دیعت دیا گیا ہے۔ انسانی
فطرت کا یہ راز ہے کہ آدمی اُس کیفیت کا پورا اور صحیح احساس و قدر نہیں کر سکتا جو
اُس پر خود کبھی نہ گذری ہو اور نہ ایسی حالت سے پوری ہمدردی کر سکتا ہے جسکی
اُس پر یا اُس کے عزیزوں پر واقع ہونے کا خیال نہ ہوا ہو۔ رسوم مذہبی روزہ و زکوٰۃ
وغیرہ اس وجہ سے بھی اختیار کئے گئے ہیں تاکہ کیفیات و حالات مذکورہ کی قدر
اور ہمدردی کر سکیں اور اتحاد عمل و اتحاد خیالات کا سبب ہوں۔ مقررہ رسوم مذہبی

یہ بھی فایدہ ہے کہ انسان مین وقت کی پابندی کی عادت اور فرائض کے باقاعدہ و صحیح ادا کرنیکی خصلت پیدا ہو اور بجاے اس کے کہ سوسائٹی مزاحم ہو یا عیب رکھے اُس کے عمل کرانے کا سبب ہو۔ اسلام کے رسوم مذہبی چند ہی اور مفید اور سادہ و مختصر و پاکیزہ و پسندیدہ ہین۔ اسلام نے عقاید و عبادات سے لیکر آداب معاشرت و معاملات تک زندگی کے ہر ایک پہلو و شعبہ کو لے لیا ہے اور ان مین سے ہر ایک کو صبغۃ اللہ مین رنگ دیا ہے لہذا وہی چند ہی سادہ اور پسندیدہ اور پاکیزہ ضروری رسمین مسنون ہین جو اپنی کسی نہ کسی تمدنی یا معاشرتی و روحانی خوبی کے وجہ سے ممتاز ہین مثلاً بچہ کے پیدا ہونے پر تکبیر و نماز جنازہ و عقیقہ و ولیمہ نکاح بغیر کسی مذہبی عہدہ دار کے و نماز ہاے جماعت۔ عیدین مین یکجا جمع ہونے سے عام مسرت و تفریح وغیرہ بھی ہو جاتی ہے اور عبادت و حسن معاشرت کے ساتھ طہارت کیوجہ سے نفاست پیدا ہو جاتی ہے۔ یہ لفظی اور معنوی طور پر صحیح ہے کہ انسان جیسا خیال دل مین جماتا ہے ویسا ہی بنجاتا ہے۔ ویسا بنجانا اُس کا کیرکٹر ہے اور کیرکٹر بجاے خود اُس کی عادات کے مجموعہ کا نام ہے جو اُسی کے فعل مکرر کے ہونے سے بنتے اور پختہ ہوتے ہین۔ ارادی فعل کی ابتدا خیال ہی سے ہوتی ہے۔ اسلام نے انسان کے فطرت مذکور کا پورا احترام کیا ہے اس لئے ایمان کے ساتھ افعال کی درستی و اُن اعمال کے مداومت کے لئے تاکید و اہتمام ہے اور خلاف ورزی پر وعید اس سے بڑھ کر کوئی امر صداقت سے بعید نہین ہو سکتا کہ کہا جاوے کہ مذہب اسلام اصولاً ناقابل ترقی ہے اور انسان کی عقل و ذہانت کا تحقیر کرنے والا ہے۔

اپنے آپ کو کامل طور پر رضاے الٰہی کے ماتحت کر دینا ہر مسلمان کا اصل مقصد ہے

مگر یہ خیال صریح غلط ہے کہ رضائے الٰہی کے اپنے ماتحت کر دینے کے یہہ
معنے ہین کہ انسان امور دنیا مین ہاتھہ پاؤن نہ ہلاوے اور نہ کوئی تدبیر و تفقد نہ کرے
کیونکہ خدا کی رضا جیسی کہ وہ قران مجید مین ظاہر کی گئی ہے اور جیسا کہ اُس کی تعلیم
سنت نبوی سے ملتی ہے یہ ہے کہ انسان اُس چیز کے حاصل کرنے کے لئے
جو اچھی ہونے کے علاوہ نقصان و مضرت سے بچاتی ہے پورا زور لگا دین اور
اپنے روزمرہ کے کامون مین اور کاروبار کے انجام دینے مین سُست
و غافل ہوجاوین بلکہ اپنے فرض کا پورا احساس و جذبہ رہے اور دولت کی خواہش
کو محض دولتمند ہونے کے لئے یا صرف اپنی ذات کے اغراض کے لئے
جو آج عیسائی ممالک مین سب خواہشات پر غالب ہے اسلام نفرت کی
نگاہ سے دیکھتا ہے اور یہہ اسلام کی اصلی روح و مغز کے خلاف ہے
اس لئے کہ اسلام کی غرض کافر و مومنین مین مقابلہ نہین بلکہ اخوت کا پیدا کرنا ہے
حالانکہ مسلمانون کی یہ خواہش کہ وہ خود بھی زندہ رہین اور دوسرون کو بھی زندہ
رہنے مین مدد دیوین روپیہ کمانے والے یورپین کے نزدیک نقص اخلاقی ہے۔
مسلمانون مین ہمت اور عاقبت اندیشی کی کمی نہین جب کہ غرض ایسی ہو جس پر
اپنی ساری ہمت کا لگا دینا ضروری ہو محض ذاتی اغراض و منفعت کے لئے
بہت تگ و دو اُن کے نزدیک قابل تعریف نہین بلکہ اس قسم کی خود غرضی
اخوت اسلامی مین جائز ہی نہین۔ اگر ایک بار مسلمانون کو یہ یقین ہو جاوے کہ یورپین
تجارت کی غرض مشرق کو اپنا غلام و کمزور اور مظلوم کو محکوم بنانا اور اُن کے مذہب
اخلاق اور عزت کے معیار کو گرا دینا ہے تو اُن سے کاہلی و غفلت فاپست ہوجاے

اور تجارت وصنعت وحرفت اُن کی پاک غرض بیجا ہے جس کیلئے کوشش کرنا علمی ثواب کا
سبب ہوگا۔ عیسائی مدعیان اخلاق کا بڑا اعتراض اسلام کے خلاف یہ ہے
کہ حق کی حمایت میں یہ مذہب خونریزی کی پروا نہیں کرتا لیکن ضرورت وفطرت انسانی خود
اس اعتراض کا جواب ہے جیسا کہ ماہرین سمجھتے ہیں بیشک قرآن مجید نے
جنگ کو انسانی زندگی کی ضروریات میں سے ایک ضرورت سمجھا ہے اور اُسکے
قواعد مومنین کی ہدایت کے لئے مرتب کر دیئے گئے ہیں وہ قومیں یا افراد جو
مسلمانوں کو رنج واذیت پہنچاتی اور اسلام میں فتنہ پھیلاتی اور اُس کو نیست و
نابود کرنا چاہتی ہیں اُن کے خلاف جنگ کا حکم ہے قانون کی نظر میں مسلمان
اور غیر مسلم دونوں برابر تھے بلکہ دولت وجاہ وقومیت وغیرہ کا اعتبار تابع مساوات
حقوق انسانیت نہ تھا اور جس حد تک اصول مذکور راسخ تھا اُس کا ثبوت ملتا ہے
یہ سب رواداری احکام قرآنی واسلام وآنحضرتؐ وصحابہ کرامؓ کے اسوۂ حسنہ کی
پیروی سے قائم کی تھی۔ حضرت علیؓ نے اپنی زرہ کا دعوے ایک یہودی
پر خود اپنے قاضی شریح کی عدالت میں کیا لیکن حضرت حسنؓ ابن علیؓ اور
اپنے غلام قنبر کو بطور گواہ عدالت قضا میں پیش کیا۔ قاضی شریح نے اصول
شہادت کے رو سے اُن کی گواہی پر بوجہ قرابت وتعلق اعتراض کرکے ناکافی
قرار دیا اور دعوے خارج کر دیا۔ اس وجہ سے کہ گواہوں کو کاذب سمجھا ہو
بلکہ اس وجہ سے کہ اصول شہادت کے رو سے ایسے لوگوں کی شہادت
جن کا ایسا تعلق ہو ڈگری نہیں دلاسکتی۔ یہودی نے اس انصاف وبرتاؤ کو
دیکھ کر زرہ حضرت علیؓ کو واپس کر دی اور مسلمان ہوگیا۔ شیر شاہ نے بھی

اسپنے ولی عہد کے نسبت یہ حکم دیا تھا کہ یا تو مظلوم سے معاف کرا لے اور یا اپنی بیگم کے ساتھ وہی برتاو مظلوم کو کرنے دے جیسا کہ اُس کی بیوی کیسا تھ اُس نے کیا ہے۔ جہانگیر نے نورجہان کو قتل کراہی دیا ہوتا اگر وارث نے دیت لیکر معاف نہ کر دیا ہوتا۔ بیشمار مثالین پیروان مذہب اسلام کی اسکے تائید مین صحت کے ساتھہ موجود ہین۔ اسلام و ایمان لاتے ہی انسان دیگر امتیازات سے نجات پاکر اسلام کے وسیع دائرہ اخوت مین شامل ہو جاتا ہے۔ مساجد و معابد اسلامی کی سب سے بڑی خصوصیت اس اصول کے عملی پابندی سے وابستہ ہے کہ اُس مین مسلمان داخل ہوتے ہی اخوت دینی کے ہموار سطح پر یکسان مساوی ہو جاتے اور کندھے سے کندھا ملاکر مسلمان بغیر کسی امتیاز کے اپنے رب کی حضوری کے لئے نماز مین کھڑے ہو جاتے ہین اور کچھہ فرق امیر و غریب و کالے و گورے و نسل و ذات و نیک و بد کا اُس وقت عملاً جماعت مین نہین رہتا اور نہ روزانہ جماعت مین بلکہ جمعہ و عیدین مین بھی ایسا ہی عمل ہوتا رہتا ہے۔ اسلام نے اخوت کے بلند مقصد کو مومنین کا حقیقی سطح نظر قرار دیا جو ایک مومن کو دوسرے مومن اور ایک ملک کے مومن کو دوسرے ملک کے مومن سے وابستہ کر دیتا ہے۔ ایک اسلام لانے والا اسلام لاتے وقت اس طرح کہتا ہے کہ مین اللہ تعالی کی توحید کا اقرار کرتا ہوں اعتراف کرتا ہون کہ وہی رحمن و خالق اور وہی رب الاقوام و رب العالمین مالک یوم الدین ہے۔ یعنے اُس دن کا جب کہ کوئی نفس کسی کے کچھہ کام نہ آئیگا مین اُسی خدائے واحد لاصمد و لاند کی عبادت کرنے کا اقرار کرتا اور

اس کا اظہار کرتا ہون کہ کسی اور کی عبادت واستعانت حقیقی کا خیال بھی نہ کرونگا وہ حے القیوم تمام نقایص اور رذایل سے منزہ اور کامل الصفات اور کامل العقو ہے۔ مین اقرار کرتا ہون کہ تمام انبیاء اور رسولون کی رسالت اللہ کے طرف سے ہونیکی و کتب و صحف پرالٰہ ایمان رکھونگا اور میرا ایمان ہے کہ آنحضرت خاتم المرسلین و رحمۃ للعالمین ہین اور اسلام جو تمام انبیاء کا مذہب تہا اُس کے وہ آخری رسول ہین و آخری کتاب قرآن مجید ہے۔ مین و لانفرق بین احدٍ من الرسل پر کاربند رہون گا۔ مین اپنے عمل کے متعلق اقرار کرتا ہون کہ خداے تعالےٰ کی عامہ مخلوق کے ساتھ شفقت کرون گا اور بنی نوع کے ساتھ ہمدردی رکھونگا اور مومنین کے ساتھ اخوت رکھون گا اور جو فرایض و حقوق مومنین کے باہم ہین انکو ادا کرتا رہون گا اور مین ایک سچے مسلمان کی نیکی بھری زندگی کے مثال پر عمل کرون گا اور شراب اور جوا اور بدکاری سے بچتا رہون گا اور ظاہر و باطن اور تمام گندی باتون اور برائیون سے مذہب اسلام کے مطابق جب تک مین زندہ ہون مجتنب رہون گا اور ان سب کے لئے اللہ تعالےٰ سے توفیق اور استقامت چاہتا ہون۔ مین قرآن مجید پر ایمان لاتا ہون اور آخرت پر و بعث و نشر پر و جزا و سزا کے ملنے پر۔ مین تعامل اور تصاحب کو آسان و ہموار کرنے کی کوشش کرون گا و متناسب ہون گا۔ پروفیسر رینان نے مذہب و تمدن کے باطنی طور پر چھڑ جانے والی جنگ کے نسبت جو لکھا ہے اُسی ضمن میں یہ بھی لکھا ہے کہ اس میدان جنگ مین تمدن و تہذیب کے پے در پے حملون کو اگر کوئی مذہب مردانہ وار رد کر سکتا ہے تو وہ صرف مذہب

اسلام ہے جو علم و ہنر اور عام عقاید کے ساتھ ور گند کرنے پر پوری طرح قادر ہے۔

**شراب و جوا**۔ ایک انگریز نومسلم نے یہ لکھا ہے جو رسالہ اشاعت اسلام ماہ نومبر ۱۹۱۷ء مین ہے۔ مجھے اس جنگ کے اندر بطور ایک سپاہی کے فرانس کی خندقون مین کام کرنا پڑا ہے مین ہرگز اپنے پہلے رفقا کے نام پر کوئی دھبہ لگانا پسند نہین کرتا مگر یہ کہنے پر مجبور ہون کہ ہمارے سپاہیون کی بڑی تفریح شراب نوشی اور جوا ہے۔ چھوٹے چھوٹے دیہات مین جن کو توپون کے گولون نے تباہ کر دیا ہے۔ کہین کہین ایک گھر ایسا بھی ملجاتا ہے جس مین اب تک ایک فرانسیسی عورت موجود ہے جو موت کا خطرہ لے کر کچھ روپیہ کمانے کے لئے ہمارے سپاہیون کے ہاتھ شراب فروخت کرتی ہے۔ لوگ اس بات سے متحیر ہین کہ فرانس مین ہمارے اجتماعی مرکزون مین ایک قسم کی قمار بازی کی جس کا نام ہوسس ہے سرکاری طور پر اجازت ہے ان حالات کو دیکھ کر خداوند کریم کی ذیل کی آیت کی قدر معلوم ہوتی ہے۔ ویسئلونک عن الخمر والمیسر قل فیھما اثم کبیر ومنافع للناس واثمھما اکبر من نفعھما۔ یہ آیت سورہ بقر کے درمیان مین آئی ہے اور اس سورہ مین احکام جنگ کا ذکر ہے اس مین جو ذکر ہے کہ کچھ نفع بھی لوگون کے لئے ہے اس مین اشارہ اس وقتی کھیل لاوٹ کے طرف ہے جو کہ ایک سپاہی کو اس قسم کے قابل نفرت اشغال مین ملجاتی ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ قرآن کریم کا وحی کرنے والا جانتا تھا

گرید دو بدیان فوجی سپاہیون مین ہر زمانہ مین پائی جاتی ہین بالخصوص جب کہ وہ میدان جنگ مین ہون۔ وہی عیسائی نومسلم اس مضمون مین لکھتا ہے کہ اس سے بھی بدتر یہ بات ہے کہ بعض عیسائی قومون نے بڑے بڑے مظالم جنگ مین کئے اور مسلمان جنگون مین اس قسم کے مظالم سے عام طور پر ہمیشہ بچتے رہے ہین کیونکہ اُن کے ہاتھ مین ایک صحیح قانون ہے جس کی پیروی کرنی وہ اپنا فرض سمجھتے اور اُس پر کاربند رہتے ہین۔ جنگ کے اندر دشمن کے جس حصہ ملک پر قبضہ ہو جاوے اُس کے غیر فوجی آبادی سے کیا سلوک کرنا اور نیز جنگ کے قیدیون سے کیا سلوک کرنا چاہیئے یہہ اور اسی قسم کے تمام امور پر قرآن شریف یا نبی صلعم کے ارشادات کے اندر صاف ہدایات موجود ہین۔ کیا اسلام کے سوا کسی دوسرے مذہب نے کیا محمد صلعم کے سوا کسی دوسرے نبی نے اس خطرناک انسانی بیماری جنگ کے لئے کوئی تریاق تجویز کیا ہے؟۔

میری راے مین دنیا اس وقت ایک بڑے مذہبی انقلاب کے کنارہ پر کھڑی ہے۔ مختلف مذاہب پُرانے عقاید سے بیزار ہو رہے ہین جو اُن کی ترقی مین مانع ہین جو لوگ اس بیزاری کا احساس رکھتے ہین اُن کے نزدیک سب سے بڑا فیصلہ کن عنصر نئے مذہب کا اخوت عام ہے۔ پُرانے تنگ دل اور تعصبات قدرتی موت مر رہے ہین اور اُن کی بجاے ایک وسیع اخوت انسانی اعتصام بحبل اللہ کا خیال جو اسلام کا اصل الاصول ہے جگہہ لے رہا ہے۔ بہت سی تحریکات جنھون نے اس امر کو مدنظر رکھا ہے اُنھون نے

بڑی کامیابی حاصل کی ہے۔ مذہبی رنگ مین ذیل کے نام لئے جاسکتے ہین
دی ریلیجس موومنٹ برادرہڈ موومنٹ تھیوسافیکل برادرہڈ اسپریچولزم اور
ایسی سوسائٹیان جن کو مذہب سے تعلق نہین مگر پھر بھی وسیع اخوت انسانی کے
قیام کا مقصد اُن کے مدنظر ہے۔ مختلف سوشلسٹ تحریکات اور اسی طرح کی
وغیرہ۔ یہہ تمام تحریکات عام ہمدردی انسانی کے رنگ مین کام کرتی ہوئی تدریجاً
تعصب و تنگدلی کو دور کررہی ہین لیکن یہہ ترقی بہت آہستہ ہو رہی ہے۔
ہان اگر مغرب ایک دفعہ بھی اپنی اصل آنکھہ سے اور ہر قسم کے رنگدار عینکون
کو اُتار کر دین محمدی کا مطالعہ کرے تو بہت جلد ترقی کرکے اپنے مقصد مین
کامیاب ہوسکتا ہے یعنے ایک وسیع اخوت اسلامی جو راحت انسانی کا سبب
ہو قایم ہوسکتی ہے۔ مذہب اسلام باہم صبر وحق کرنے کی وصادقین کیساتھہ
رہنے کی ہدایت کرتا اور ثبات کرنے اور ہمت کے ساتھہ کام کرنے کو مسلمان
بہت محمود قرار دیتا ہے۔ اس باب مین اصول فلسفہ اسلام کا مجمل بیان تھا
مفصلاً ہر ایک صنف کو ہم پہلے لکھہ چکے ہین۔

فرایض و حقوق قومی و بین الاقوامی بروے اسلام۔ عبد مومن اپنی جان
اور مال کو اللہ تعالے کے حق مین بعوض جنت کے بیچ ڈالتا ہے۔ پس حکم مولی پر
عمل و رضاے بقضاے مولے اُس کا اوڑھنا اور بچھونا ہوتا ہے اور وہ
اُسی پر سر تسلیم خم کرتا ہے اور سب سے احب وہ اللہ تعالے اور اُس کے
احکام کو عملی طور پر رکھتا اور اُن کو عفو سے بچاتا اور کفر پر ایمان کو ترجیح دیتا ہے
اور حب فی اللہ و بغض فی اللہ ہو اُس کے افعال یہی ہوتے ہین۔ لہذا حقوق

و فرائض اُسی اصول پر اُس کے پیدا ہوتے ہیں - قرآن مجید کے رو سے حسب ذیل طور کے تعلقات مابین مومنین و دیگر اشخاص کے ثابت ہوتے ہیں۔

سورہ ممتحنہ میں ہے - لقد کان لکم اسوۃ حسنۃ فی ابراھیم والذین معہ اذ قالوا لقومھم انا برء ؤا منکم ومما تعبدون من دون اللہ کفرنا بکم وبدا بیننا و بینکم العداوۃ والبغضاء ابدا حتی تؤمنوا باللہ وحدہ ٥

بیشک ہے تمہارے لئے نمونہ نیک ابراہیمؑ اور جو لوگ اس کے ساتھ تھے اُن میں ہے جبکہ کہا اُن لوگون نے اپنی قوم کو ہم بری ہیں تم سے اور اُن سے جنکی تم عبادت کرتے ہو اللہ کو چھوڑکر انکار کیا ہم نے تمہارے ساتھ اور ظاہر ہوگئی ہمارے درمیان اور تمہارے درمیان عداوت اور بغض ہمیشہ کا یہان تک کہ ایمان لاؤ تم اللہ اکیلے پر

پس اس آیت میں اس اسوۂ حسنہ کے پیروی کرنے کی ہدایت ہے کہ اللہ جل جلالہ کو چھوڑکر جو لوگ کسی کی عبادت کریں ان عبادت کرنے والون اور جسکی عبادت کیجاوے اُن سے برأت ظاہر کرنا اور کہہ دینا چاہیئے کہ اُس وقت تک عداوت و بغض ہمارے اور تمہارے درمیان ظاہر ہوگیا ہے جس وقت تک کہ اللہ تعالیٰ اکیلے پر تم ایمان نہ لاؤ - لہذا اللہ تعالے اکیلے پر ایمان نہ لانے تک بغض و عداوت ہمیشہ کا اعلان اور اگر اللہ کو چھوڑ کے عبادت کریں تو اُن سے اور جسکی عبادت کریں اُن سے برائت کرنے کا حکم ہوا لیکن یہ ہدایت و حکم نہیں ہے کہ ایسے عداوت و بغض کا نتیجہ یہ بھی ہو کہ بر و قسط اُن کے ساتھ نہ ہو سکے۔ پس یہہ ثابت ہوتا ہے کہ اس بغض و عداوت کے اعلان سے مقصود یہہ ہے کہ وہ ذریعہ تنبیہ تبلیغ پر ہدایت ہو اور ایک دوسرے کو معلوم ہو کہ اُن سے باہم معاشرت

خاص قسم کی نہین ہو سکتی لہذا اول قسم کا بین الاقوامی تعلق یہہ ہوا۔ سورہ ممتحنہ

مین ہے۔ لا ینهاکم الله عن الذین          نہین منع کرتا تم کو اللہ اُن لوگون سے جو نہین لڑتے

لم یقاتلوکم فی الدین ولم یخرجوکم          تم سے دین کی حیثیت سے اور نہین نکالتے تم کو تمہارے

من دیارکم ان تبروهم وتقسطوا          گھرون سے یہ کہ بر کرو اُن سے اور قسط کرو اُن کیساتھ۔ اللہ

الیهم ان الله یحب المقسطین          دوست رکہتا ہے قسط کرنیوالون کو۔ سوائے اسکے نہین

انما ینهاکم الله عن الذین قاتلوکم          کہ منع کرتا ہے تم کو اللہ اُن لوگون سے جو لڑتے ہین تم سے

فی الدین واخرجوکم من دیارکم          بحیثیت دین کے اور نکالتے ہین تم کو تمہارے گھرون سے

وظاهروا علی اخراجکم ان تولوهم          اور مدد کرتے ہین تمہارے نکالنے پر یہ کہ دوستی کرو

ومن یتولهم فاولئک هم الظلمون          اُن سے اور جسنے اُنکو دوست رکہا تو وہی ظالم ہین۔

پس ان آیات سے ثابت ہوتا ہے کہ ظالم وہ مومن ہین جو اُن کو دوست رکہین
جو بحیثیت دین کے مومنون سے لڑتے اور جو مومنون کو اُن کے گھر سے نکالتے
اور اُن کے نکالنے پر مدد دیتے ہون المسون سے دوستی منع ہے۔ برخلاف اسکے
جو عمل ہائے مذکور کو نہ کرتے ہون اُن سے بر و قسط کی ممانعت نہین۔ لہذا
تین قسم کے تعلقات ثابت ہو گئے۔ اول جن کے ساتھ برارت کا اعلان ہو
دوسرے اُن کے جن کے ساتھ بر و قسط کی ممانعت نہین تیسرے اُن کے
جن کے ساتھ بر و قسط کو منع کیا گیا ہے۔ اور سورہ آل عمران مین سے

یا ایها الذین آمنوا اتقوا الله حق          اے مومنو تقوے کرو اللہ سے جیسا کہ

تقاته ولا تموتن الا وانتم          حق ہے ڈرنے کا اور نہ مرو مگر تم مسلم ہو

مسلمون واعتصموا بحبل الله          اور مضبوط پکڑو اللہ کی رسی کو۔

جمیعا ولا تفرقوا ہ — اور باہم متفرق نہ ہو۔

پس ان آیات مین مومنون کو یہ ہدایت ہے کہ وہ مسلم ہی مرین یعنے جب مرین تو اللہ پہ بغیر ایمان کے نہ مرین۔ دوسرے جو خداپرست ہون وہ سب کے سب اللہ کی رسی کو مضبوط پکڑ لیوین اور باہم متفرق نہ ہووین یعنے متفقہ قومیت بحیثیت خدائے واحد کے ایمان لانے والون کے قایم کرلیوین اور اس طرح متفرق ہونے سے بچ جاوین کیونکہ ان تم مومنون نہین بلکہ اس آیت مین و انتم مسلمون ہے لہذا خداپرستون ہی کے لئے یہ حکم ہے۔ پس یہہ چوتھے قسم کے تعلقات ہوئے۔ سورہ نساء مین ہے۔

| | |
|---|---|
| ان اللہ یامرکم | اللہ حکم کرتا ہے کہ اداکرو امانتون کو |
| ان تؤدوا الامانات الی اھلھا | اُن کے اہل کو اور جب حکم کرو آدمیون |
| واذا حکمتم بین الناس ان | کے درمیان تو حکم کرو |
| تحکموا بالعدل ہ | عدل کے ساتھہ۔ |

پس اس آیت مین جس طرح امانتون کو اُن کے اہل کو ادا کرنے کا حکم ہے اُسیطرح جب آدمیون مین حکم دین تو حکم عدل کے ساتھہ دینے کا حکم ہے اور کوئی تخصیص اور قید نہین ہے کہ کافرون کے ساتھہ ایسا کیا جاوے یا مومنون کے ساتھہ اور دشمن کافرون کے ساتھہ کیا جاوے یا اُن کافرون کیساتھہ جنسے معاہدہ ہو بلکہ تمام آدمیون کے ساتھہ عام حکم ہے لہذا اللہ کا ہر شخص کی امانت کے بابت حکم ہے یعنے امانت جس کی ہو بلا تخصیص کے اسکے اہل کو ادا کرین اور جب کسی آدمی کے نسبت حکم کرین تو بدون کسی تخصیص کے عدل کے ساتھہ جیسے جیسا معاہدہ و انصاف ہو اُس کے روسے حکم کرین کیونکہ ممکن ہے کہ بعض

معاہدے مطابق قسط کے نہ ہون۔ اور سورہ بقر مین ہے۔

واخرجوھم من حیث اخرجوکم — اور نکالو اُن کو جس طرح کہ اُنہون نے نکالا تم کو

والفتنۃ اشد من القتل ٥ — اور فتنہ شدید تر ہے قتل سے۔

پس ان آیت سے ثابت ہوتا ہے فتنہ مٹانے اور مومنین مستضعفین کے ظالمون کے ظلم سے نجات دینے کے لئے فی سبیل اللہ لڑنیکا حکم ہے۔ لہذا یہ تعلق چھٹے قسم کا ہوا۔ اور سورہ نسا مین ہے الا الذین

یصلون الی قوم بینکم وبینھم میثاق ٥ — مگر وہ منافق جو مل رہے ہین اُس قوم کیطرف جسکے تمہارے درمیان اور اُنکے درمیان عہد ہے

اور سورہ نسا مین ہے۔ وان کان من قوم بینکم وبینھم میثاق الایہ۔ — اور اگر ہو مقتول اُس قوم مین سے جسکے درمیان تمہارے اور درمیان اُسکے عہد ہے۔ الایہ

اور سورہ [illegible] مین ہے۔ الا الذین عٰھدتم من المشرکین ثم لم ینقصوکم شیٔا ولم یظاھروا علیکم احداً فاتموا الیھم عھدھم الی مدتھم — مگر اُن لوگون سے جن سے عہد کیا تم نے مشرکین مین سے پھر نہ کم کیا اُنہون نے کچھ بھی اور نہ مدد کیا اُنہون نے تمہارے مقابلہ مین کسیکی تو پورا کرو اُنسے اُنکے عہد اُن کی مدت تک۔

اور سورہ انفال مین ہے۔ علیکم النصر الا علی قوم بینکم وبینھم میثاق ٥ — تو تمہارے ذمہ ہے مدد مگر اُس قوم پر کہ درمیان تمہارے اور درمیان اُن کے میثاق ہے۔

پس ان آیات سے ثابت ہوتا ہے کہ میثاق وعہد باہم مومنین اور غیر مومنین مین ہو سکتا ہے اور اس طرح باہمی حقوق وفرائض پیدا ہوتے ہین اور جن مشرکون سے عہد ہو اور وہ کچھ کم نہ کرین اور کسی کی مدد مومنین کے مقابلے مین نہ کرین تو جو عہد ہو اُس کی مدت تک اُس کو پورا کرنا چاہیئے اور جن کے درمیان میثاق ہو

اُنکے خلاف مدد نہ کرنا چاہیئے - لہذا یہ ساتوین قسم کے تعلقات ہوئے - سورہ توبہ مین ہے

قٰتلوا الذین لا یؤمنون باللہ ولا بالیوم الاٰخر ولا یحرمون ما حرم اللہ ورسولہ ولا یدینون دین الحق من الذین اوتوا الکتٰب حتیٰ یعطوا الجزیۃ عن ید وھم صٰغرون ہ

اور لڑو اُنسے جو نہین ایمان لاوینگے اللہ اور یوم آخر پر اور نہین حرام کرینگے اُسکو جو حرام کیا ہے اللہ اور اُسکے رسول نے اور نہین قبول کرینگے دین حق کو اُن لوگون مین سے جنکو دیگئی ہے کتاب یہانتک کہ دین جزیہ ہاتھ سے اور وہ چھوٹے ہونے والے ہوں:

پس اس آیت سے خاص قسم کے لوگون سے جنکا بیان اس آیت مین ہے اگر ایسے طور پر جزیہ لینا جس سے بجاے اُنکی بڑائی کے اُنکی چھوٹائی ہو جایز قرار پایا ہے لہذا یہہ آٹھوین قسم کے تعلقات ہوے - اُن سب لوگون کے سوا جنکے تعلقات کا بیان ہو چکا ایک قسم کے اور لوگ ہین جنکا ظاہر ایمان ہے اور باطن کفر یا تذبذب - لہذا نہ وہ مومن ہین نہ کافر اور ظاہر و باطن کے مختلف ہونے کے وجہ سے ظاہری برتاو کے موافق اُن کے ساتھ برتاو اس دنیا مین کرنا پڑتا ہے اور جیسا وہ عمل کرین اُسکے مطابق اُن سے تعلقات رکہنا پڑتا ہے - عاقبت مین اُن کی سزا جدا ہے اور وہ منافق ہین اُن کے نسبت آیات ذیل مین مخصوصا بیان ہے جنسے اُن کے افعال و سزا کا پتہ چلتا ہے - پس اُن کے ساتھ نوین قسم کے تعلقات ہوئے -

سورہ توبہ مین ہے - المنٰفقون والمنٰفقٰت بعضھم من بعض یامرون بالمنکر وینھون عن المعروف ویقبضون ایدیھم نسوا اللہ فنسیھم ان المنٰفقین ھم الفٰسقون وعد اللہ المنٰفقین والمنٰفقٰت والکفار نار جھنم خٰلدین فیھا ھی حسبھم ولعنھم اللہ ولھم عذاب مقیم ہ اور سورہ منافقون مین ہے - اذا جاءک

المنافقون قالوا نشهد انك لرسول الله والله یعلم انک لرسوله والله یشهد ان المنافقین لکاذبون اتخذوا ایمانهم جنة فصدوا عن سبیل الله انهم ساء ما کانوا یعملون ٥ اور سورہ نساء میں ہے۔ ان المنافقین یخادعون الله وهو خادعهم واذا قاموا الی الصلوٰة قاموا کسالی یراؤن الناس ولا یذکرون الله الا قلیلا مذبذبین بین ذالک لا الی هؤلاء ولا الی هؤلاء ومن یضلل الله فلن تجد له سبیلا ٥ ان سب آیات مذکورہ بالا سے منافقین کا طریق عمل اور ان کے عذاب ظاہر ہوتے ہیں۔ سورہ توبہ میں ہے۔ فان رجعک الله الی طائفة منهم فاستاذنوک للخروج فقل لن تخرجوا معی ابدا ولن تقاتلوا معی عدوا انکم رضیتم بالقعود اول مرة فاقعدوا مع الخالفین ولا تصل علی احد منهم مات ابدا ولا تقم علی قبره انهم کفروا بالله ورسوله وماتوا وهم فاسقون ولا تعجبک اموالهم واولادهم انما یرید الله ان یعذبهم بها فی الدنیا وتزهق انفسهم وهم کافرون ان آیات سے ثابت ہوتا ہے کہ منافق جو اللہ کی راہ میں لڑنے کے لئے نہ نکلیں اور بیٹھے رہیں اُن پر نماز نہیں پڑھنی چاہیئے اور نہ اُن کی قبر پہ کھڑا ہونا چاہیئے اور وہ فاسق ہیں اگرچہ یہ حکم آنحضرتؐ کو ہے لیکن مفہوم عام ہے اور یہ بھی بیان ہے کہ اُن کے پاس اموال اور اولاد ہونے سے تعجب نہ کرنا چاہیئے وہ اس لئے ہیں کہ دنیا میں اُن کے عذاب کا سبب ہوں اور اُن کی جان کفر کی حالت میں نکلے۔ اس کے علاوہ منافقین کے بابت سورہ منافقون اور دیگر سورتوں میں اور آیات بھی ہیں۔ اور باہم مومنوں کے تعلقات کے بابت حسب ذیل آیات قابل توجہ و یاد رکھنے کے ہیں۔ سورہ توبہ میں ہے۔ اور مومن مرد و مومن عورتیں بعض اُن کے رفیق ہیں

بعض کے امر کرتے ہین معروف کیساتھ اور نہی کرتے ہین منکر سے اور قایم رکھتے
ہین نماز اور دیتے ہین زکواۃ اور اطاعت کرتے ہین اللہ اور اُس کے رسولؐ
کی قریب ہے کہ اُن پر رحم کرے اللہ - پس مومنون کے افعال مذکورہ آیت وہ
افعال ہین جو منافقون کے افعال کے ضد و برعکس ہین اور اللہ نے یہ بڑے
وعدے بھی مومنون کو کئے ہین - منجملہ اُس کے اللہ کی رضامندی جو فوز عظیم ہے
اُسکا بھی وعدہ ہے اور نماز و زکواۃ وہ چیزین ہین جنسے معاشرت کو بھی فایدہ پہنچتا ہے - اور
سورہ حجرات مین ہے - سوا اسکے نہین کہ مومن وہ ہین جو ایمان لائے اللہ اور اُسکے رسول پر
پہر شک نہ کیا اور کوشش کیا بذریعہ مالون اور نفسون کے اللہ کی راہ مین وہی سچے ہین -
پس مومن صادق اُنکو قرار دیا گیا ہے جو فی سبیل اللہ اپنے مالون اور جانون کے ذریعے سے
حسن تعامل مین کوشش کرتے ہین - اور سورہ مایدہ مین ہے - اور جسنے دوست
رکہا اللہ اور اُسکے رسول اور مومنون کو تو اللہ کا گروہ وہی غالب ہین - اور سورہ حجرات
مین ہے - اور اگر دو گروہ مومنین کے لڑین تو لڑو اُس سے جسنے بغاوت کی ہے یہانتک
کہ پھر آوے وہ اللہ کے امر کیطرف سو اگر پھر آوے تو صلح کرادو اُن دونون گروہون
مین عدل کیساتھ اور قسط کرو اللہ دوست رکہتا ہے قسط کرنیوالون کو سوا اسکے
نہین کہ مومن بھائی ہین سو صلح کرادو اپنے بھائیون درمیان اور تقوی کرو اللہ سے
تاکہ تم پر رحم ہو - ان آیات مین جب دو گروہ مومنین کے باہم لڑین تو دوسرے مومنین کو
جو طریق عمل فرض ہے اور جسطرح صلح کرانا چاہئے اُسکا ذکر ہے کہ دیگر مومنین کو لڑ کر اور
اللہ سے تقوے کر کے صلح کرانا چاہیئے تاکہ رحم ہو اور قسط کرنا اور اوسکا لحاظ کر کے
صلح کرادینا چاہیے - سورہ توبہ مین ہے - اے مومنو نہ کرو اپنے آباء اور

بہائیون کو رفیق اگر وہ کر یادہ دوست رکھتے ہین کفر کو ایمان پر اور جس نے دوست بنایا
انکو تم مین سے تو وہی ظالم ہین۔ پس جو کفر کو ایمان پر مستحب رکھتے ہین اُنکو رفیق بنانا اور
دوستی کرنا ظالم بنتا ہے۔ نیز بعد ہی بیان ہے کہ جو دیگر چیزون کو احب رکھیگا وہ فاسق
ہے۔ سورہ انفال مین ہے۔ اور اطاعت کرو اللہ اور اُس کے رسول کی اور باہم تنازع
نکرو تو نامرد ہو جاؤگے اور جاتی رہیگی تمہاری ہوا اور صبر کرو اللہ صابرین کیساتھ ہے
پس باہم تنازع نکرنیکی ممانعت ہے کہ اُس سے نامرد ہو جاتے ہین اور ہوا اکھڑ جاتی ہے اور
صبر کرنیکا حکم ہے کہ اللہ صابرین کیساتھ ہوتا ہے یعنے تنازع نکرنا اور تنازع نہونے کیلئے
صبر کرنا چاہئے۔ لہذا ان مذکورہ بالا آیات سے ثابت ہوتا ہے کہ مومنون مین باہم تنازع و
اختلاف نہونا چاہئے اور بہائیونکے طور پر اصلاح ہونا اور قسط و عدل برتنا اور ایکدوسرے کا
رفیق ہونا چاہئے اور جو کفر کو ایمان پر مستحب سمجھتے ہون اُنکو دوست و رفیق نہ بنانا اور دو گروہ
مومنین کے لڑین تو لڑکر دونون کے ساتھ قسط کا لحاظ کرکے اُنمین صلح کرا دینا اور امر
بالمعروف و نہی عن المنکر کرنا اور فی سبیل اللہ مال و جان کو لگانا غرضکہ اس قسم کے تعلقات
مومنین مین ہونا چاہئے۔ سورہ نساء مین ہے۔ جنکو وفات دلاتے ہین ملایکہ اس حالمین
کہ اپنی جان پر ظلم کرنیوالے ہین کہتے ہین تم کیا کرتے تھے وہ لوگ کہتے ہین ہم ناتوان تھے
ملک مین کہتے ہین کیا نہ تھی خدا کی زمین کشادہ کہ تم لوگ ہجرت کرتے اُسمین سو انہی ظالمون کا
ٹھکانا جہنم ہے اور بُری جگہ پہنچنے کی ہے مگر وہ ناتوان مردون اور عورتون اور لڑکونمین سے
جو استطاعت نہین رکھتے چارہ کار کی اور نہین پاتے راہ تو نزدیک ہے کہ اُنکو اللہ معاف کرے اور اللہ
مغفرت کرنیوالا رحم کرنیوالا ہے۔ پس ان آیات سے ثابت ہوتا ہے کہ جو ناتوان مرد و عورت و لڑکے چارہ کار
نہین پاتے اُنکو معافی ہے اور جو راہ پاتے ہین اور ہجرت نہین کرتے اور مرتے ہین ایسی حالتمین کہ ظلم اپنے

حقوق و فرائض زن و شوہر - وغرض تاہل و نکاح و لباس و حرث کی مثال کی خوبی و بلاغت اور شوہر کے حاکم ہونے کے وجوہ اور اولاد صالح کے پیدا ہونے کی خواہش کا فرض ہونا -

سورہ بقر مین ہے ہن لباس لکم و انتم لباس لہن - تمہاری بیویان تمہارے لئے لباس ہین اور تم انکے لئے لباس ہو - بیوی اور شوہر کے تاہل زندگی کے لئے نہایت خوبصورت و موزون و برجستہ تشبیہ اس آیت مین ہے اور انکو اپنی باہمی فرائض کو جن اصول پر اختیار کرنا چاہئے اور جس طرح باہمی محبت و مودت رکھنا اور ایک دوسرے کے یار غمگسار و مددگار ہونا چاہئے اُسکی پوری تصویر ہے اور اس سے بہتر طرز بیان ہو نہین سکتا تھا لباس بدن سے ملا رہتا ہے جب کہ اُسکو پہنتے ہین اسی طرح زن و شوہر کو آپسمین ملا جلا رہنا چاہئے - لباس بدن کے نقایص کو بھی ڈہانکتا ہے جنکو دوسرے کے نظر سے چھپا رہنا چاہئے لہذا بیوی اور شوہر کو اس طرح رہنا چاہئے کہ غیر کو نقایص دونون مین سے کسی کے ظاہر نہ ہون اور ایک دوسرے کے پردہ پوش ہون - اور اگر انمین سے کسی مین کوئی مخفی نقص ہو تو چونکہ ایک دوسرے کے نقایص سے واقف ہو جاتے ہین لہذا اُنکو اُسی طرح اُن نقایص کو ڈہانک لینا چاہئے جس طرح لباس ڈہانک لیتا ہے اگرچہ لوگون کے نظر مین کوئی بہتر سے بہتر ہو مگر زندگی مین ایسے تکلیف دینے والے اُمور ہوتے ہین جنکا لوگون کے علم سے دور رہنا ہی بہتر و انسب ہوتا ہے یہ اخفا سوسائٹی کے بہتر بنانے و بہبود کے لئے بہت مفید بلکہ ضرور ہوتا ہے سو اگر زن و شوہر باہمی مدد نہ کرین تو راز مذکور افشا ہو جاوین اور خوف ناک

نتائج کا سبب ہون اور خانگی و تمدنی زندگی کی راحت و امن خطرے مین پڑجاوین لباس موسم کے سختیون سے بچاتا و آرام دیتا ہے اور جب کہ سردی یا گرمی بہت زیادہ ہو تو اُسے محفوظ رکہتا ہے اگر خانگی سختیون سے بیوی اور شوہر ایک دوسرے کو نہ بچاوین تو استقلال اور صبر گرد ہوجاتے ہین اور راحت اور آرام کافور۔ لہذا زن و شو کی نسبت یہہ کہنا کہ وہ ایک دوسرے کے لباس ہین یہ ہدایت کرنا ہے کہ خانگی سختیون سے محفوظ کرنے کے لئے لباس کی طرح انکو تیار رہنا اور اُسکو اپنے فرائض مین سے سمجہنا چاہیئے۔ لباس زینت کا بہی سبب ہوتا ہے بیوی اور شوہر ایک دوسرے کے زینت کا بہی سبب ہوسکتے ہین پس اس مختصر و جامع مثال سے قرآن مین حقوق و فرائض زن و شوئی بہی بیان ہوئے ہین جس سے بہتر خیال مین نہین آسکتا سورہ بقر مین بعد اس حکم ہے کہ عورتین جب اپنے حیض مین ہون تو اونکے پاس نہ جاؤ جب تک کہ وہ طاہر نہ ہون کہ نساءکم حرث لکم فاتوحرثکم انی شئتم وقدموا لانفسکم۔ تمہاری بیویان تمہاری زراعت ہین تو جاؤ اپنی زراعت کو جس طرف سے چاہو اور اپنے لئے آگے بہیجو۔ اس آیت مین فطرت انسانی کا بیان ہے کیونکہ عورتون سے اولاد پیدا ہوتی ہے پس وہ اپنے شوہرون کے لئے کہیت ہوئین اور جس طرح کسان اپنے کہیت مین جاتا ہے اور جہان سے جانتا ہے کہ زراعت کو فایدہ ہوگا اور جنس اُسکو اچہی ملیگی اور جنس کو نقصان نہ ہوگا وہان سے وہ اپنے کہیت مین جاتا ہے اُسی طرح شوہر بہی کرتا ہے اور اُسکو اُسی طرح کرنا چاہیئے پس خدا تعالے نے یہ اسی لئے فرمایا کہ تمہاری بیویان تمہاری کہیتی ہین تو آؤ اپنی زراعت مین جہان سے چاہو تاکہ اس طریق سے شوہر اپنے بیویون سے وہ عمل نہ کرین کہ جنس یا خود

کیت خراب ہو اور ایسا عمل ہو جس سے فائدہ نہ ہو اور بعد ہی یہ فرمایا کہ اپنے لئے آگے بھیجو یعنے اولاد صالح کا پیدا کرنا چاہو تاکہ وہ آیندہ تمہارے کام آوین اور تمکو اس کوشش کا ثواب ہو۔

اس سے یہ بھی ثابت ہوا کہ نکاح کی غرض یہہ بھی ہونا چاہئے کہ اولاد صالح پیدا ہوں اور جس طرح کسان عمدہ کیت بنانے اور عمدہ جنس اسمین سے پیدا کرنے اور اُسکے ترقی دینے کی کوشش کرتا ہے اُسی طرح مردون کو اپنی عورتون کے ساتھ عمل کرنا چاہئے۔ لہذا اس آیت مین ایسی مثال ہے جس سے بہتر مثال خیال مین نہین آسکتی اور غرض نکاح اور حقوق و فرایض ما بین زوجین بھی اس سے ثابت ہوتے ہین۔

آیت الرجال قوامون علی النساء الایہ مین اللہ تعالےٰ نے یہ بیان فرمایا ہے کہ مرد عورتون پر اس لئے حاکم ہین کہ بعض بعض پر فضل رکھتے ہین یعنے باعتبار قویٰ کے مرد عورتون پر عموماً فضل رکھتے ہین اور اس لئے بھی حاکم ہین کہ مرد عورتون پر خرچ کرتے ہین یعنی اُنکے نفقے مین صرف کرتے ہین لہذا آیات مذکورہ بالا مین مثال و حقوق و فرائض بیان ہوئے ہین پس جو حقوق فرائض زن و شوئی کے آیات مذکو سے ثابت ہوتے ہین اصلی و حقیقی و صحیح حقوق و فرائض ہین اُنسے افراط یا تفریط کرنا مبالغہ کرنا و غلط راہ پر چلنا ہے اور یہہ فضل مذہب اسلام کا ہے کہ معتدل طریق اسمین اختیار کیا گیا۔ ان آیات مین جس طرح زن و شوہر مین باہم باعتبار فطرت انسانی ہوتا رہتا ہے اور جس طرح ایک دوسرے کے لئے ہوتے ہین اُن کی پوری تصویر ہے۔

سورہ انفال کے آیات کا ترجمہ ہے مثل عادت فرعون کے قوم اور اُن لوگون کے
جو اُن سے قبل تھے کفر کیا ان لوگون نے اللہ کے آیات کے ساتھ پس مواخذہ کیا
اللہ نے اُن کے گناہون پر اللہ قوی سخت عقاب کرنے والا ہے وہ اس لئے کہ اللہ
کے لئے نہین ہے کہ بدلے کسی نعمت کو جس کو اُس نے نعمت کی کسی قوم پر یہانتک
کہ وہ خود متغیر کر دین اللہ سمیع علیم ہے مثل عادت فرعون کے قوم اور ان لوگون کے جو
اُنکے قبل تھے جھٹلایا اُنہون نے اپنے رب کی آیات کو سو ہلاک کیا ہم نے انکو بسبب
اُنکے ذنوب کے اور ڈبو دیا ہم نے آل فرعون کو اور سارے ظالم تھے پس ان
آیات سے ثابت ہوتا ہے کہ کفر بآیت اللہ کرنے سے اس لئے مواخذہ ہوتا اور اللہ
شدید العقاب کرتا ہے کہ جو نعمت وہ کسی قوم کو دیتا ہے اُسکو متغیر نہین کرتا جبتک
کہ وہ قوم خود متغیر نہ کرے۔

ظاہر ہے کہ تغیر کرنا یہی ہے کہ اُس نعمت کا استعمال غیر صحیح طور پر کیا جاوے
اور جس سبب سے وہ نعمت ملی ہے اُس سبب کو ترک کر دیا جاوے یعنے احسن عمل کے
بجاے غیر احسن عمل کئے جاوین جسکا نتیجہ شدید العقاب و مواخذہ و تغیر نعمت ہے اسی طرح
جن لوگون نے اپنے رب کی آیات کو جھٹلایا تو بسبب اپنے ذنوب کے ہلاک و غرق ہوے
اور یہہ جھٹلانا ظلم کرنا اور ظالم بننا ہے پس تغیر نعمت مین کرنا اور جن نعمتون کے حصول کے
اور احسن عمل کے کرنیکے جو طریق اللہ نے رکھے ہین اور جو آیات رب کے جاتے ہین
اُن کا جھٹلانا شدید العقاب و ہلاک و غرق ہونے کا سبب ہوئے ہین لہذا اُن سے
اجتناب لازم ہے اور آیات سورہ مائدہ کا ترجمہ یہہ ہے جان رکھو کہ اللہ شدید العقاب ہے
اور یہہ کہ اللہ غفور الرحیم ہے رسول کے ذمہ نہین مگر بلاغ اور اللہ جانتا ہے جو تم ظاہر

کرتے اور جو تم چھپاتے ہو پس ان آیات سے یہ مقصود ہے کہ رسول کے ذمے صرف بلاغ ہے۔ ہر شخص اپنے فعل کا جوابدہ و ذمہ دار ہے۔

مذہب اسلام مین عمل کرنا اُسی طرح مشروط ہے جس طرح ایمان لانا وہ عملی مذہب ہے مذہب اسلام اعتقاد کا نام نہین بلکہ ایمان وخوف خدا وخوف آخرت کے ساتھ عمل صالح اُسکے رو سے لازم ہے تاکہ ایسے اصول پر ایمان لاکر و بنیاد اعتقاد قایم کر کے عمل کئے جاوین جو زندگی کے ہر شعبہ و ہر وقت کے روزانہ کاروبار مین کار آمد ہون اور تکلیف و ذلت سے بچاوین اور آرام و راحت و عزت مین پہونچاوین صبغت اللہ مین رنگ جانے اور مذہبی حیثیت دیکر ماخذ کے اجزا کے نوعیت کو الہامی قرار دینے سے اعمال صحیح و اسلم و جوش و زور کے ساتھ اقوی طور پر انتہا سے ادب کے ساتھ ہونے لگتے اور متفقہ طور پر عوام وخواص اُن کو کرنے لگتے و ایثار برتنے لگتے و جذبات مخالف کو دباتے اور مغلوب کرتے رہتے ہین پس فتنہ و فساد وظلم و عناد وغیرہ سے نجات ہو جاتی ہے۔

عمل کا صحیح طور سے انجام پانا سہل و آسان کام انسان کے لئے نہین لیکن اسلام وعدہ و وعید سے عمل صالح کرنے کو خوش گوار بناکر حد انجام تک پہونچاتا ہے۔

اعمال صالح ہی کا کرنا بروے اسلام کے شرط نہین بلکہ مثال بنکر تبلیغ کی بلیغ کوشش کرنا بھی لازم ہے پس جس طرح دین اسلام عملی ہے اُسی طرح تبلیغی بھی ہے اللہ نے کسی نفس کو مکلف نہین کیا مگر اُسکے وسعت اور اُسکے موافق جو اُس کو دیا ہے اور ذمہ دار وجوابدہ وجزا یا سزا پانے کا مستحق وہ اُسی کے مطابق ہے لہذا تکلیف بالایطاق نہین۔ آنحضرت اور آنحضرت کے ساتھیون اور سابقین

اولیین یعنے صحابہ کبار وکرام کے اعمال مخصوصہ اور مومنین صالحین کے افعال مخصوص
کا بھی بیان قرآن مین ہے تاکہ مثال و مطمح نظر و نصب العین مومنین کے لئے ہون
منجملہ اُسکے سورہ فتح مین بھی توریت و انجیل مین آنحضرت اور آپکے ساتھیون کی
مثال حسنہ کھیت سے دی گئی ہے جو رفتہ رفتہ اپنے نال پر کھڑا ہوکر مضبوط ہو جائے
پس وہ حضرات اپنے پاٶن پر رفتہ رفتہ کھڑے ہو گئے - اور سورہ حج مین مہاجرین
رضی اللہ عنہم اجمعین کے شان مین ہے کہ اون کو اگر ہم زمین مین متمکن کردین تو
اقامت صلوٰۃ کی اور ادائے زکوٰۃ اور امر بالمعروف و نہی عن المنکر کرین گے - سورہ حج
مین ہے کہ اُس نے دیا تم کو اور نہین ٹھرایا تمہارے لئے دین مین حرج ملت تمہارے
باپ ابراہیم کی ہے اُسی اللہ نے تمہارا نام مسلمان رکھا پہلے اور اس قرآن مین
تاکہ رسول تم لوگون پر گواہ ہو اور تم لوگ گواہ ہو آدمیون پر تو اقامت کرتے جاؤ نماز
کی اور دیتے جاؤ زکوٰۃ اور مضبوط پکڑو اللہ کا سہارا وہی تم لوگون کا آقا ہے پس اچھا
آقا اور اچھا مدد کرنے والا ہے - پس اس آیت مین اولاد ابراہیمی کے انتخاب اور انکو
اتباع ملت ابراہیمی کے حکم کے ساتھ اس کا بھی بیان اللہ نے کیا ہے کہ اُس نے
مومنین کا نام پہلے اور قرآن مین مسلمان کیون رکھا جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ
دین محمدی تبلیغی مذہب ہے یعنے یہ کہ آنحضرت مومنین کے ایمان لانے پر گواہ ہون
اور مومنین دوسرے آدمیون پر تبلیغ و ایمان کے اس لئے اسلام نام رکھا گیا ہے
اور چونکہ منتخب کرنے اور نامزد کرنے و شہداء علی الناس ہونے کی تصدیق فرمایا
لہذا اُن خصوصیتون کا ذکر بھی فرمادیا جو مومنین کے لئے بہت ضروری ہین پس یہ کہ وہ
اقامت صلوٰۃ و ادائے زکوٰۃ کرین و اعتصام اللہ کے ساتھ جو اچھا مولیٰ اور اچھا

مدد کرنے والا ہے کریں اور اُسی کا سہارا پکڑکر متفقہ قوم بنجاویں تاکہ اُنکا آقا اپنے
احکام کے انجام دینے سے راضی ہوکر ثواب دیوے پس بیان اس آیت کا لائق جو دو
جان ہے اور یہہ ظاہر ہے کہ احکام سہ گانہ قیام و اعلان و نشان اسلام کے لئے
مخصوص و اہم ہین مختصر خصوصیات مومنین و صحابہ کبار و مہاجرین و انصار
رضی اللہ عنہم اجمعین یہہ اور اسکے مثل ہین پس اصل یہ ہے کہ جب سوسائٹی کا اخلاقی قوام
درست ہوگا تو اُسکا لازمی و غالب نتیجہ یہہ ہوگا کہ افراد کا اخلاق بھی درست ہو۔ فرد
خواہ اُس کا طرز زندگی کیسا ہی ہو اپنے گرد و پیش کے سوسائٹی سے کسی حالت
مین بھی غیر متاثر نہین رہ سکتی۔ افراد کا سوسائٹی سے متاثر ہونا لازم ہے
و اخلاقی حیثیت سے فرد کی حالت جماعت کے حالت کے تابع و تناسب
ہوتی ہے لہذا ہیئت اجتماعیہ کی اصلاح و فلاح افراد کے بہ نسبت اہم و مقدم ہین
معدودے چند افراد کے آزاد و صلاح ہوجانے مثال بننے سے سوسائٹی کا قوام
درست ہو سکتا ہے اونمین سے ہریک کے ذاتی تقویٰ و تزکیہ سے سوسائٹی کا
انتظام ہوجاتا ہے اقوم کی سیرت۔ طینت۔ نیت۔ عادت۔ خصلت۔ درست
ہو تو شوکت۔ زینت۔ عزت۔ قدرت۔ قوت ہو جائے فلاکت و عسرت۔ [illegible] ہو
ہلاکت کا فور ہو۔ مصلح بنو تو مفلح بنو اصلاح کرو تو فلاح پاؤ صالح بنو تو فاتح
ہو عامل ہو تو کامل ہو لایق بنو تو فایق بنو۔ اخلاص کرو۔ تو خلاص [illegible] اپنے پاؤن
پر کھڑے ہو جاؤ ایسا نہ کرنے والوں سے بڑے ہو جاؤ افو[illegible] بنو تو خلیفۃ اللہ فی الارض
بنو۔ غالب کا ہے سپاہی ہے حکم قول رب۔ پس ہوگا حق ہی حق۔ [illegible] حق۔ [illegible]
[illegible] راہ [illegible] اصلح و فنا ہے غیر اصلح قدرت کے [illegible] کے

دوامی آئین مین سے جو وہ سب پر حاوی و دایم و قایم ہے اور کوئی اس قانون کے اثر و تابعیت سے مستثنیٰ نہین۔ وہ باہر ہو سکتا ہے۔

## ذات وصفات و توحید اللہ کا مختصر بیان

تمام صفات انسانی زاید علی الذات ہین لیکن واجب الوجود کے صفات زاید علی الذات نہین تمام صفات مفہوم ہوتے ہین اور انسان اُنکو ملکات مادی سے انتزاع کرتے ہین پس تمام صفات جنکو انسان تصور مین لا سکتا ہے وہ مفہومات انتزاعی ہوتی ہین۔ واجب الوجود کے صفات کو اُس کے لوازم ذاتی ہونے پر یقین کرکے جن صفات کو اوسکے وجود کے یا منافی کسی اسکی صفت مسلمہ کے سمجھتے ہین اُنسے اُسکو بری کرتے ہین اور جن صفات کے ہونے یا نہونے کا واجب الوجود مین یقین کرتے ہین اُنکو نہ اس وجہ سے یقین کرتے ہین کہ وہ اُنکا محل ہے بلکہ اس وجہ سے کہ من حیث لاطلاق اُسکے لوازم ذاتی ہونے پر یقین کلی ہے پس اون کو خدا کی طرف من حیث الاطلاق منسوب کرتے ہین بلکہ اطلاق کی قید سے بھی مطلق رکھتے ہین تاکہ مفہوم ہی مفہوم باقی رہ جاوے اور زاید علی الذات نہ ہو اس لئے سورہ شوریٰ مین ہے لیس کمثلہ شئ پس خدائے تعالےٰ کے ذات و صفات کا جاننا مافوق وہم و فہم و ادراک ہے وہ ہر عیب و نقص سے منزہ تعین و تعینات و جہات و حدود و قیود سے پاک ہے اور این و آن کے خیال سے برتر اور مکان اور لامکان سے اعلیٰ ہے کل اشیاء اُس کی معلول ہین اور وہ سب کا علت کل ہے اور اسمین دور یا تسلسل عارض نہین فرق تحقق و تعقل بوجہ تبدیل حیثیات ہے وہ احد و واحد ہے لیکن عدد سے باہر

پس تمام صفات مفہومات انتزاعی ہوتی ہین اور ہم سمجھتے ہین کہ واجب الوجود اور
علت العلل کے لئے ایسی صفات یا اس قسم کی صفات کا ہونا لازم ہے کیونکہ اُسی
سے تمام کائنات و معلولات کا ظہور ہوا ہے اس لئے ایسی صفات متعددہ سے
اُسکو متصف کرنا ضرور ہے جو زاید علے الذات ہون - واجب الوجود کے وجود
چونکہ ہمکو یقین کلی ہے لہذا اُسکی نقیض ہے جو معدوم ہونا ہے ہم اوس کو
بری کرتے ہین کیونکہ وہ امر سلبی ہے اور کسی امر سلبی کا واجب الوجود کے ذات
مین موجود ہونا محال عقلی ہے سورۃ الصف مین ہے سبحان ربک رب العزۃ
عما یصفون پاکی ہے تیرے رب کو وہ رب العزت ہے اُس سے جس سے
اُسکی وہ صفت کرتے ہین پس جو صفت اللہ کی طرف منسوب ہو اُس سے وہ
رب العزت ہے - اور علو کبیر اُس سے اُسکو ہے اصلیت اُسکی صفات کی
انسان کو معلوم نہین ہو سکتی وہ مقدس و پاک ہستی جو ہمیشہ سے ہے ہمارے
تصورات جہانتک پہونچ سکتے ہین اور اُسکی ذہنی تحدید کرتے ہین اون سے وہ
اول ہے وہ آپ ہی آپ ہے اُس کا کوئی خالق نہین اُسکا ہونا اوسکی ذات
ہے اُس نے اپنے کو ایسا ہی بتایا ہے کہ مین ہون اس کا ہونا ہی اسکی بڑائی
ہے اپنے ہونے ہی سے وہ پہچانا جاتا ہے اور اپنی بڑائی سے وہ پکارا جاتا ہے
اُس کا کوئی ہمسر نہین ہوسکتے مین کیونکہ ہونا اسکی ذات ہے صفت مین کیونکہ
اُسکی اپنی صفتین اسکی ذات ہیں وہ اپنی صفات کی طرف مثل انسانی کے محتاج
نہین ہوسکتا وہ زندہ ہے نہ جان سے بلکہ آپ ہی آپ سے وہ جانتا ہے نہ کسی جہت
سے بلکہ اپنے ذات سے وہ جو چاہتا ہے کرتا ہے نہ کسی غرض سے بلکہ اپنے کمال ذات

سے جو وہ کرتاہے نہ کسی کرنے والی چیز سے بلکہ اپنی ذات سے لیکن جو کچھ ہوا ہے وہ بغیر
اُسکے نہین ہوا پہر ایسی ذات کی نسبت بجز اسکے کہ ہے اور کوئی کچھ نہین جان سکتا لیکن
یہہ اسکا مستلزم نہین کہ اُس کے وجود سے انکار کیا جاوے اور ایمان بالغیب
نہ لایا جاوے بلکہ یہ ایسا مفہوم ہے کہ انسان کا اسکا سمجھ لینا ما فوق فطرت نہین۔
کیونکہ مظاہر مشاہد و معلوم ہوتے ہین۔ خود خدا تعالے نے انا ہی کہکر اپنے کو بتلایا ہے
سورہ نمل مین ہے و سبحٰن اللہ رب العالمین یا موسیٰ انہ انا اللہ العزیز الحکیم موسیٰ پر
ندا کی گئی کہ پاک ہے اللہ رب العالمین کی اے موسیٰ مین اللہ عزیز الحکیم ہون پس
اس آیت مین اللہ کے پاکی کی یہہ دلیل بیان ہے کہ وہ رب العالمین و عزیز الحکیم ہے
اور چونکہ وہ معبود ہونے کا حقیقتاً مستحق ہے یا اللہ سواے اُسکے کسی کو نہین کہتے
اس لئے انا اللہ فرمایا اور سورہ طٰہٰ مین اور صاف فرمایا اننی انا اللہ لا الہ الا انا فاعبدنی
اے موسیٰ مین اللہ ہون کوئی معبود نہین مگر مین سو عبادت میری کر۔ اُسکے تعبیر ذات
کے لئے جو نام چاہو اُسکا رکھو لیکن وہ اُسکے ذات یا صفات کی حقیقت نہ ہوگی بلکہ
ایک نام ہوگا جس سے تم نے اُسکو نامزد کرلیا ہے اور لوازم ذاتی سمجھکر اُس سے
اُسکو موسوم کرلیا ہے یہہ خیال کرکے کہ اُس سے اُس قسم کے صفات کا ظہور ہوا ہے
اُسکو جس صفت سے چاہو متصف کرو لیکن اصلیت و حقیقت اُسکے صفات کی نہوگی
بلکہ اُس سے اُسی قدر معلوم ہوگا کہ جس خیال سے تم نے اُس مفہوم سے اُس کو
متصف کیا ہے اُسکی وہ مظہر ہے نہ کہ اصل صفات کی۔ کسی نام کے رکھنے یا کسی
صفات سے متصف کرنے سے یہہ مقصود ہوتا ہے کہ جس کا نام رکھا گیا ہے مشخص ہو جاوے
اور دیگر چیزون سے متمیز و مشار الیہ ہو جاوے اور صفات سے متصف کرنے سے

اُس کی صفات مذکور کی نسبت معلوم ہوجاوے اور وہ متمیز و مشار الیہ ہوجاوے
لیکن یہہ ضرور نہین ہے کہ اوس نام یا اوس صفات کا حقیقتاً وہ محل بہی ہو اور اُسکے
ذات مین وہ ضرور موجود ہو اس بچون و بچگون کے نام رکہنے اور صفات کو اُس کے
طرف منسوب کرنے سے یہہ کام نکلتا ہے کہ ذہن منتقل ہوجاتا اور یاد تازہ ہوجاتی ہے
اس لئے قرآن مین ہے کہ اللہ کے اسمار الحسنٰی ہین سو پکارو اُسکو اُس کے ساتھہ نتیجہ یہہ ہے
کہ خود اُسکو کسی نے نہین دیکہا لہذا کہتے ہین کہ وہ خود بخود آیا ہے - جب ہم کامون سے جو
ظہور مین آتے ہین یہ سمجھتے ہین کہ سلسلہ علت و معلول منتظم و مرتب ہ قانون کے تحت
د تابع ہے تو ہم واجب الوجود کو عزیز الحکیم کہتے ہین لیکن اسکے ارادہ کو ایسی کیفیت
نہین سمجھتے جو انسانون کے ذات کے زاید عارض ہوگئی ہے اور زاید علی الذات ہے
بلکہ یہہ کہتے ہین کہ اُسکا ارادہ اور اوسکا چاہنا مثل ہمارے چاہنے کے نہین بلکہ وہ ایسا ہے
جو اُس کے مقتضائے ذات و شان ہے اور جب کسی شے کے ہونے کا وہ ارادہ کرتا ہے
تو صرف کن کہدینا اس شئے کے ہوجانے کے لئے کافی ہے پس وہ ہوجاتی ہے
الحق کان اللہ ولم یکن معہ شیاً ہمارے علم کے لئے قبل از علم موجودات خارجی یا ذہنی
کا موجود ہونا ضرور ہے یعنے ہمارا علم اُنکے موجود ہونے کا فی الخارج یا فی الذہن محتاج
اور زاید علی الذات ہے اور ہم زمانہ سے بھی اُسکو متعلق سمجھتے ہین جسکو ماضی اور حال
و استقبال سے تعبیر کرتے ہین مگر با این ہمہ ہم اپنے علم سے کسی خاص شئے کے موجد کے
علم کو یہ نسبت اس شئے کے زیادہ وسیع پاتے ہین جو قبل وجود اس شئے کے اسکے
کل و جز کا اپنے ذہن مین علم رکھتا ہے اور اُسکے وجود مین آنے پر اور اسکے خاص حالات
کے ہونے پر جو آیندہ اس کے ہونگے زیادتی اسکے علم مین نہین ہوتی اور اس شئے

خاص کی نسبت اسکے علم مین زمانہ کا اعتبار بہی نہین ہوتا بلکہ ماضی وحال واستقبال
اُسکے علم سے نسبت مساوی رکہتے ہین اسی طرح جب ہم یقین کرتے ہین کہ علت العلل
یا واجب الوجود سے جو کچہ ظہور مین آتا ہے اسکے ارادہ اور حکمت سے آتا ہے تو فطرت
انسانی اسپر شہادت دیتی ہے کہ صفت علم بہی اسکو لازمی ہے جو نہ مقید بوجود معلولات
ہو اور نہ اُس مین زمانہ کا اعتبار ہو اس لئے اسکو عالم الغیب وشہادہ بکل خلق علیم
کہتے ہین اور خدا سے تعالے کے علم کو بالکلیہ عالیہ سمجہتے ہین مین خداوند تعالیٰ کے
علم کو اُس کے ذات کا جزو سمجہتا ہون اس لئے جس طرح اللہ کے واجب الوجود ہونے
پر اعتقاد رکہتا ہون اوسی طرح اُسکے علم کے ہونے پر ایمان رکہتا ہون اور اُسکو عالم الغیب
والشہادہ سمجہتا ہون اور اُسکے علم کو بالکلیہ عالیہ جانتا ہون۔ کمال قدرت یہ ہے کہ جو کمال
کا مقتضا ہو اور جو چاہے وہی واقع ہو نہ کہ اوس کے خلاف اور چونکہ اللہ تعالے کسی کا
یہانتک کہ اپنے صفات کا بہی محتاج نہین بلکہ غنی الحمید ہے اور آپ ہی آپ ہے لہذا اوسکو
علی کل شئے قدیر ہم کہتے ہین۔ قرآن مین متعدد صفات متواتر بار و مختلف اسلوب سے
اللہ تعالے کے بیان ہین اور تمام قرآن اوس سے بہرا ہے بلکہ ہر سطر مین کسی
نہ کسی صفت کا پتہ چلتا ہے۔ مین باعتبار بیان مذکور واپنے ذوق کے مطابق چند جامع
آیات کا ترجمہ نقل کرتا ہون کل کی نہین۔ کیونکہ بالاستیعاب لانے سے طوالت ہے اور جس قدر
دیگر بیانات مین آیات نقل ہو چکی ہین وہ بشمول ان آیات کے کافی سے بہی زیادہ ہین

دلایل توحید و توحید کی بابت جدا آیات کا یکجا کردینے کا ارادہ ہے۔ سبحانہ تعالیٰ کی

مثل کی مثل کا نہ ہونا پس قابل تصور انسانی نہ ہونا اور باوجود اس کے نور السموٰت والارض

ہونا اور بلاغت ان آیات سورہ شوریٰ و سورہ نور بابت بیانات مذکور ظاہری آلات جس سے

ذریعہ سے کسی شئے کے بعض صفات مخصوصہ کی مثال جو اوس شئے کو عارض ہوتے ہین ذہن مین جاتے ہین اور اوس مثال کا عکس حافظہ مین محفوظ ہوتا ہے اور جو کچھہ تصور مین آتا ہے وہ مثال کا عکس ہوتا ہے نہ خود اصل چیز اور نہ اوسکی مثال اگر اصل چیز ہی دماغ مین گھسے تو دماغ پھٹ جائے اور اگر تصویر بناوے جب بھی نہ سماوے اسی لئے سورہ شوریٰ مین خداے تعالیٰ نے اپنے ذات کے نسبت فرمایا ہے کہ لیس کمثلہ شئے کہ اللہ کے مثل کے مثل کوئی شئے نہین اس طرز بیان سے اللہ تعالیٰ کا یہہ مقصود ہے کہ اللہ کا تصور مافوق فطرت انسانی ہے اوس کا تصور انسان کر نہین سکتا کیونکہ اوسکی مثال حواس سے محسوس نہین ہو سکتی۔ کہنے والا اگر یہہ کہے کہ پھر خداے تعالےٰ نے سورہ نور مین کیون کہا ہے کہ اللہ نور السمٰوٰت والارض مثل نورہ الآیہ کہ اللہ آسمانون و زمین کا نور ہے مثل اوس کے نور کے الآیہ یعنے نور کی مثال کیون بیان کی ہے تو نہین کہہ سکتا کیونکہ ادنیٰ تامل سے بلاغت و حکمت کلام مذکور کی ظاہر ہو جاتی ہے اور کہنے کا موقع نہین رہتا جب خداے تعالےٰ نے فرمایا کہ اللہ نور السمٰوٰت والارض ہے تو لازم ہوا کہ ظاہر ہو جاوے کہ اوس نور کا تصور کس طرح ہو سکتا ہے پس جس طرح نور مذکور کا وجود ہے اور جس طرح اوس کا ظہور ہے اوس کی مثال بیان کی گئی نہ ذات سبحانہ تعالےٰ کی جسکی مثال بیان نہین ہو سکتی پس جو فرق اس طرح ذات خداوندی اور نور السمٰوٰت والارض کے مابین ہے اوسکے سمجھہ لینے سے مشکل باقی نہین رہتی صرف اچھی طرح اوسکو سمجھہ لینا چاہیے۔ سبحانہ تعالےٰ جس طرح نور السمٰوٰت والارض ہے اوس کے نور کی مثال یہ دی گئی ہے کہ چراغ شیشہ مین شیشہ مثل کوکب دری کے ہے جسکا زیت شجرہ مبارکہ زیتونہ سے آتا ہے تو روشن ہو جاتا ہے شجرہ موصوف نہ شرقیہ ہے نہ غربیہ اور اوسکی زیت کو اگرچہ

نار یا نور نہین چھو گیا تب بہی نزدیک ہے کہ روشنی دے۔ لہذا نور موصوف
نہ اصل ذات ہوئی نہ صفات کیونکہ شجرہ مبارکہ زیتونہ کا جو زیت ہے اوس سے نور مذکور
کی تنویر بغیر مس نار یا نور کے ہوتی ہے اور زیت مذکور یا شجر مذکور بغیر نار یا نور کے
روشن کر دیتا ہے اور شیشہ کوکب دری کے مانند ہوتا ہے پس زیت یا شجر ذات
صفات ہوا نہ کہ نور اور اوس نور کا اگر وجود فی الخارج ہے تو مخلوق ہوا پس وہ قابل
تصور ہوا اور ذات و صفات سبحانہ تعالے قابل تصور نہ ہوئے صرف مظاہر و آثار
و انتزاع سے اونکا نام لیا جاتا ہے تصور اونکا ما فوق فطرت انسانی ہوا کیونکہ مثال
کی مثال اوس کی نہین ہو سکتی۔ لہذا سورہ شوریٰ و سورہ نور کی آیت ایک ساتھ پڑہنے
سے اور معرفت زیادہ ہوتی ہے جس کا بیان قابل حرز جان ہے۔

سورہ انعام مین ہے کہ آنکہین اللہ کو درک نہین کر سکتین اور وہ اونکو
درک کر سکتا ہے۔ سورہ قصص مین ہے اور نہ پکار اللہ کے ساتھ دوسرے
معبود کو نہین کوئی معبود مگر وہ کل شے ہلاک ہونے والی ہین مگر اُس کی ذات (وجہہ)
اُسی کا حکم ہے اور اُسی کی طرف رجوع ہونگے۔ سورہ بقر مین ہے۔ یہہ کہ قوت
اللہ کے لئے سب ہے۔ سورہ فاطر مین ہے جو کہولے اللہ رحمت آدمیون کے
لئے تو نہین روکنے والا اُس کا اُس کے بعد اور وہی عزیز الحکیم ہے سورہ یوسف
مین ہے اور نہین بے پروا کرتا ہون مین تم لوگون کو اللہ سے کسی شے مین نہین حکم
مگر اللہ کے لئے اُسپر توکل کیا مین نے اور اُسی پر چاہیئے کہ توکل کرین توکل کرنیوالے

سورہ انبیا مین ہے کہ اللہ سے سوال نہ کیا جاویگا اور اُنسے (انسانون سے)
سوال ہوگا۔

سورہ زمر مین ہے کہ اللہ کی عبادت مومنین مخلصین لہ الدین کرین۔ متعدد آیات مین ہے کہ کسی شے و شخص کی کسی طرح عبادت نکرین اور نہ پکارین اور اوس کے ساتھ شریک نہ لادین اور اوس کو واحد معبود سمجھین او رار بابا من دون اللہ نہ بناوین اور جس طریق سے اُسکی عبادت کرین اُس طریق سے دوسرے کی نکرین سورہ سجدہ مین ہے کہ اللہ کی آیات مین سے رات اور دن سورج اور چاند ہین نہ سجدہ کرو سورج کے لئے اور نہ چاند کے لئے اور سجدہ کرو اوس اللہ کے لئے جس نے اون کو پیدا کیا اگر اُسی کی تم عبادت کرتے ہو

سورہ فاتحہ مین ہے ایاک نعبد و ایاک نستعین یترے ہی ہم عبادت کرتے ہین اور تجھی سے ہم مدد چاہتے ہین۔ سورہ مومن و سورہ حج مین ہے کہ اللہ دنیا اور آخرت مین مدد کرتا ہے پس چونکہ اللہ جسکی مدد کرنا چاہے اوسکو کوئی روک نہین سکتا لہذا جس مدد کا کوئی مزاحم نہو سکے اُس مدد کو سوا خدا کے اور کسی سے نہ مانگنا چاہئے کیونکہ اُس مین کوئی شخص اور کوئی شے اوسکا شریک نہین۔ سورہ بروج مین ہے وہی پیدا کرتا ہے اور اعادہ کریگا۔

قرآن کی آیات مین یہ بھی ہین۔ جس طرح اللہ نے اول خلق کو شروع (بدا) کیا ہے اُس طرح اسکو دوبارہ (نعیدہ) کریگا۔ اللہ کی جنود کوئی نہین جانتا مگر اللہ۔ اللہ ہر شے کا مدبر ہے او ہر جگہہ اوسی کا حکم و حکومت ہے۔ اُسی کی پاکی ہر وقت بولنا اور تمام تعریفین اُسی کے لئے کرنی اور اسلام و ایمان لاکر اوسپر اعتصام کرنا اور کسیکو سوا اُسکے ہدایت کرنیوالا و ہدایت کرنے کا مالک نہ سمجھنا اور اوسپر بالغیب ایمان لانا اور اسمار حسنٰے سے اُسکو پکارنا چاہئے۔

سورہ فاتحہ مین اللہ کو رب العالمین اور دوسرے سور تو نمین رب کل شئے کہا ہے
پس وہ وہ ہے جو تمام کاینات کو جسکے ساتھ ہماری ہر قسم کی احتیاج اور ہماری
ہر قسم کی راحت وابستہ ہین پیدا کرتا اُنہین قایم رکھتا اُنکی پرورش کرتا اور اُنکو کمال تک
پہونچاتا ہے یہی مفہوم لفظ رب کا ہے۔ یعنے ہر شئے کا خالق و مالک و مسطلوبہ کمال تک
پہونچانے والا۔

سورہ فاتحہ مین اللہ کو رحمن الرحیم و مالک یوم الدین بہی کہا ہے رحمن الرحیم یا مالک
یوم الدین سوا اللہ کے اور کسی کو نہین کہہ سکتے۔ سورہ اخلاص مین ہے تو کہہ اللہ
احد اللہ صمد ہے نہین اُسنے جنا اور نہ وہ جنا گیا اور اُسکا ایک بہی کفو نہین۔

سورہ حدید مین ہے پاکی بیان کرتا ہے اللہ کے لئے جو کچہہ آسمانون اور زمین
مین ہے اور وہی عزیز الحکیم ہے اُسی کا راج آسمانون اور زمین مین ہے زندہ کرتا
اور موت دیتا ہے اور وہ ہر شئے پر قدیر ہے اول ہے اور آخر ہے (تصورات و خیالات
انسانی جہانتک پہونچین اُنسے اول اور آخر) اور ظاہر و باطن اور ہر شئے پر علیم ہے۔
اللہ تعالےٰ کا وجود ظاہر سے ظاہر ہی ہے اور باطن سے باطن بہی کیونکہ مظاہر
قدرت ظاہر ہین اور اُسکو ظاہر کرتے ہین اور چونکہ اصلیت ذات و صفات خداوندی
کا جاننا اور اللہ تعالےٰ کا اس دنیا مین آنکھونسے دیکھنا مافوق فطرت انسانی ہے
لہذا وہ باطن مین بہی ہے اسی طرح اللہ کا علم حاوی ہے لہذا ظاہر و باطن دونون جگہہ وہ
مساوی حیثیت و نسبت رکھتا ہے لہذا ظاہر و باطن کہنے مین یہ بلاغت و اشارہ ہے۔

پس ان آیات قرآن مین جو بیان مین ہر یک اُن مین سے لایق حرز جان ہین
اور صفات مخصوصہ و ذات خاص کی تعبیر کرتے ہین سورہ ملک مین ہے بڑا بابرکت ہے

وہ جسکے ہاتھ مین ملک ہے۔ سورہ فاطر مین ہے اے آدمیو تم فقرا ہو اللہ کی طرف اور اللہ غنی الحمید ہے یعنے وہ ایسا غنی ہے جو قابل حمد ہے پس تمام و ہر قسم کی احتیاجون سے بری ہے اور کمال قدرت یہی ہے۔

سورہ نحل مین ہے اللہ مجیب المضطر و کاشف السوء ہے سورہ بروج مین ہے کہ اللہ فعال لما یرید ہے یعنے جو ارادہ کرتا ہے کر گذرتا ہے۔ پس مرید و قدیر ثابت ہوتا ہے۔ سورہ بقر مین ہے کہ جب کسی شئے کے ہونے کا وہ ارادہ کرتا ہے تو کہتا ہے کہ ہوجا وہ ہوجاتی ہے اور سورہ بقر و سورہ یٰسین مین ہے کہ جب کسی امر کے ہونے کا فیصلہ کرتا ہے (اذا قضیٰ امرا) تو سوا اسکے نہین کہ اُسکا امر یہ ہے کہ کن پس وہ شئے ہوجاتی ہے یعنے کوئی حالت منتظرہ نہین رہتی اور کسی سامان مادی و غیر مادی کی ضرورت نہین ہوتی بلکہ قال یعنی حکم ہی اشیا کے وجود کا سبب و علت ہوجاتا ہے۔ سورہ انعام مین ہے و یوم یقول کن فیکون۔

سورہ حشر مین ہے اللہ وہ ہے کہ نہین معبود مگر وہ جاننے والا غیب اور شہادہ کا وہی رحمٰن الرحیم ہے وہی اللہ ہے کہ نہین معبود مگر وہ ملک القدوس السلام المومن المہیمن العزیز الجبار المتکبر وہ پاک ہے اُس سے کہ شریک لاتے ہین۔ اللہ وہ ہے خالق نکال کھڑا کرتا صورت کھینچتا اُسکے لئے اسماء الحسنیٰ ہین پاکی بیان کرتے ہین اُسکے لئے جو کچھ آسمانون اور زمین مین ہین اور وہی عزیز الحکیم ہے۔ ان آیات مین بعض صفات ذاتی مخصوصہ منفردہ کا بیان ہے اور کئی صفات کو مجموعی بیان کردیا ہے تاکہ وہ مجموعاً مخصوصاً خداوند تعالےٰ کی صفات مخصوصہ پر دال ہون اور اُنکے کمال کو ظاہر کرین۔ اور سورہ انعام مین ہے و ہو خیر الفاصلین و ہو الحکیم الخبیر۔

سورہ ص مین ہے ام عندہم خزاین رحمت ربک العزیز الوہاب ام لہم ملک السموٰت والارض وبینہما فلیرتقوا فی الاسباب جند ما ہنالک مہزوم من الاحزاب۔ پس صفات حسنہ کے ساتھہ قدرت کی بہی دلیل ان آیات مین ہے کہ اسباب مین ترقی کرین اسمین مہزوم ہین۔ سورہ بقر مین ہے ہوالحی القیوم۔ اور دیگر آیات مین اللہ کو خیر الحاکمین واحکم الحاکمین وارحم الراحمین کہا ہے۔ وہوالقاہر فوق عبادہ (انعام) سورہ ملک مین ہے اور چہپاؤ تم لوگ اپنے قول کو یا تم لوگ اوسکا جہر کرو اللہ علیم ہے اُسکا جو جون مین ہے کیا نجانے وہ جس نے پیدا کیا حالانکہ وہ لطیف الخبیر ہے پس اللہ تعالےٰ کا علیم اور اُسکے ساتھہ لطیف الخبیر ہونا ان آیات سے ثابت ہوتا ہے اور یہ بہی کہ خالق کا مخلوق کے حالتون کا جاننے والا قبل خلق کے ہونا لازم ہے۔ سورہ مومن مین ہے اللہ نگاہون کی چوری اور جو سینون چہپاتا جاہے جانتا ہے۔ سورہ مجادلہ مین ہے کہ اللہ سنتا ہے تم لوگون کے آپس کے محاورہ کو (گفتگو) اللہ سمیع وبصیر ہے اور سورہ مجادلہ مین ہے کیا نہین دیکہا تو نے کہ اللہ جانتا ہے جو آسمانون اور زمین مین ہے نہین ہوتا ہے مشورہ مین تین گروہ چوتہا اُنکا ہوتا ہے اور نہ پانچوان مگر وہ چہٹا اُنکا اور نہ کم اُس سے اور نہ زیادہ اُس سے مگر وہ اُن کے ساتھہ ہوتا ہے جہان وہ ہون پہر اُنکے عمل کی انکو خبر دیگا بروز قیامت اللہ ہر شئے پر علیم ہے لہذا ان آیات سے اللہ تعالےٰ کا علم حالیہ اور اُسکا ہر جگہہ موجود ہونا ثابت ہوتا ہے۔ سورہ مایدہ مین ہے تو ہی جاننے والا ہے غیبونکا اور امور پنہان کا۔ سورہ آل عمران مین ہے اللہ او سپر نہین چہپی کوئی شئے زمین مین نہ آسمان مین۔

سورہ طٰہٰ مین ہے اللہ سماگیا ہے ہر شے مین بروے علم کے سورہ سبا مین ہے جاننے والا غیب کا نہین غایب ہوتا اُس سے کوئی ذرہ آسمانون مین اور نہ زمین مین اور نہ اُس سے چھوٹا اور نہ اُس سے بڑا۔ سورہ حٰم سجدہ مین ہے خبردار ہو وہ لوگ شک مین ہین اپنے رب کی لقا سے خبردار ہو وہ ہر شے پر محیط ہے۔

سورہ آل عمران مین ہے تو کہہ کہ اگر تم لوگ چھپاؤ جو تم لوگون کے دلون مین ہے یا اُسکو ظاہر کرو جانیگا اُسکو اللہ اور جانتا ہے جو کچھ آسمانون اور جو کچھ زمین مین ہے اور اللہ ہر شے پر قدیر ہے۔ پس اس آیت سے ثابت ہوتا ہے کہ جو کچھ تمام دنیا مین ہے اور دل کے حالات بھی سب کو اللہ جانتا ہے اور وہ ہر شے پر قدرت رکھتا ہے یعنے چیزونکے علم پر بھی۔

سورہ آل عمران مین ہے جب فیصلہ کرتا ہے اللہ کسی امر کا تو سوا اسکے نہین کہ کہتا ہے ہوجا سو وہ ہوجاتی ہے اور سورہ آل عمران مین ہے پھر خلق کیا اُسکو مٹی سے پھر اُسکو کہا ہوجا سو وہ ہوگیا پس اس آیت سے ثابت ہوتا ہے کہ انسان کے جسم مادی کا خلق ہوکر پھر اوسکو انسان کن سے بنایا گیا لہذا یہ ثابت ہوتا ہے کہ جو خلق تابع علت و معلول ہے اسمین علت مادی کا لحاظ ہے اور جو محض حکم یا ارادہ سے وجود مین آتا یا خلق ہوتا ہے اوس کے لئے صرف حکم ہی کافی ہے اور کسی قسم کی علت کی ضرورت نہین ہوتی لہذا یہ لطیف نکتہ بھی قرآن مجید مین بیان ہے۔ سورہ مایدہ مین ہے سو تو ہی عزیز الحکیم ہے۔

سورہ آل عمران مین ہے کہ کسی بشر کا یہہ کام نہین کہ اوسکو اللہ نے کتاب اور حکم اور نبوت دی ہو پھر آدمیون سے وہ کہے تم لوگ میرے بندے ہوجاؤ

اللہ کو چھوڑ کر ولیکن ہو جاؤ ربانئین (رب والے) بسبب اسکے کہ تم لوگ سکہاتے
ہو کتاب کو اور بسبب اسکے کہ تم لوگ اوسکا درس دیتے ہو اور نہین حکم کیا تم لوگون کو
اسکا کہ ٹہراؤ تم لوگ ملائکہ نبیون کو ارباب کیا حکم کریگا تم لوگون کو کفر کا بعد اسکے کہ تم
لوگ مسلمان ہوگئے ہو۔ پس ان آیات سے ثابت ہوتا ہے کہ جسکو کتاب اور حکم اور نبوت
دئے گئے ہون وہ کسیطرح اپنے بندہ بننے کے لئے کسی آدمی کو نہین کہہ سکتا
پس کسی کو نبی نہ کہنا چاہئے بلکہ ربانیون مین سے کہنا چاہئے اگر وہ کتاب کا درس
دیتے اور اوسکو سکہلاتے ہون پس لفظ کے کہنے تک کی بھی ممانعت ہے اور اسکی
بھی ممانعت ہے کہ نبیون اور ملائکہ کو کوئی شخص رب ٹہراوے اور اُسکو ایسا کفر قرار
دیا گیا ہے جو اسلام لانے کے متناقض ہے۔

سورہ توبہ مین ہے۔ ٹہرایا ہے اُن لوگون نے اپنے عالمون اور درویشون کو
(احبار و رہبان) اربابًا من دون اللہ اور مسیح ابن مریم کو اور نہین حکم کیا گیا تھا اُن لوگون کو
مگر یہہ کہ عبادت کرین وہ لوگ معبود واحد کی نہین کوئی معبود مگر وہ پاک ہے اوس سے
کہ وہ شریک لاتے ہین پس اس آیت سے ثابت ہوتا ہے کہ جس طرح احبار و رہبان
کو یہودی اور نصرانی اربابًا من دون اللہ بناتے تھے وہ اسکے متناقض تھا کہ معبود واحد
کی عبادت کرین یہانتک کہ وہ شرک کے درجے تک پہنچ جاتا تھا جس سے اللہ پاک ہے۔
یہود و نصاریٰ ایسا بھی کرتے تھے کہ اپنے احبار و رہبان کے اقوال پر تقلید کرتے
اور اُن پر اپنی مذہبی اعتقاد و عمل کو منحصر کر دیتے تھے یعنے تقلید شخصی کرتے تھے پس یہہ بھی
اربابًا من دون اللہ مین آجاتا ہے کیونکہ خدا کے طرف سے اُن احبار و رہبان کے
مامور نہین ہوتے تھے اور نہ اُنکو ہدایت ایسا حکم کرنے کی تھی کہ خلاف کتاب کے حکم کرین

اور جو درجہ نبی و رسول کا اطاعت کرانے و حکم الہی پہونچانے کا ہے اس درجے پر ہو جاوین پس اگر اللہ کے شرک کے درجے تک نہین پہونچتا تو شرک فی النبوت کے درجے تک ضرور پہونچ جاتا ہے اور کم سے کم حکم الہی کے خلاف تو ضرور ہے اور ویسا ہی ہو جاتا ہے جیسا کہ اگلی امت نے اپنے احبار و رہبان کے لئے کیا تھا لہذا اس آیت کے بلاغت و حکمت و طرز بیان پر خیال کرنا ضرور ہے کہ تقلید شخصی کی بھی تنقیص و ممانعت بھی ثابت ہوتی ہے۔ عبد اللہ بن جانے سے انسان عبد الناس و عبد الطاغوت اور عبد المخلوق نہین ہوتا بلکہ جو درجہ اوسکا مخلوقات مین ہے اوسپر فایز و قایم ہو جاتا ہے۔ خداے تعالے فاعل بالفعل ہے دنیا اسوقت بھی عالم تکوین مین ہے اور ثبات اشیا مشیت ایزدی پر ہے ماہیت اشیا سے ہم ناواقف ہین نہ ہمکو خود آغاز کی خبر ہے نہ انجام کی۔ اگر سائینس یہہ کہہ سکتا ہے کہ مادہ کاینات شروع ہی سے حالت منتشرہ مین تھا تو پھر بھی سوال پیدا ہوتا ہے کہ یہہ حالت کیون کر پیدا ہوئی حقیقت یہہ ہے کہ علم حقیقی نہ حاصل ہوا ہے اور نہ ہو سکتا ہے اگر یہہ کہو کہ کاینات خود بخود موجود یعنے قایم بالذات ہے تو ایک ہی شے کا تصور جسکی کوئی علت نہو اور اس لئے اُسکا آغاز بھی نہو خارج از قیاس ہے لا تتناہی زمان ماضی کا تصور اول تو محال ہے لیکن اگر فرض بھی کرلیا جاوے کہ یہہ چیز ایک گھنٹہ کے اندر یا کسی وقت پہلے بھی موجود تھی تو اس دریافت کرلینے سے اوس شے کی وجود مین آنے کی کیفیت سمجھ مین نہین آسکتی نہ اسکی دلیل ہو سکتی ہے کہ ہمیشہ سے وہ کیونکر ہے اُسکے خلاف رسائی نہین۔ عدم محض کسی امر ثبوتی کا نہ موضوع ہو سکتا ہے نہ محمول انسان کو ایسا تصور جسمین نہ عالم ہو نہ موجد عالم بلکہ عدم محض ہو نہین ہو سکتا عدم ادراک کو ادراک عدم کہنے لگتے ہین ورنہ عدم

محض کا ادراک انسان کو نہین ہو سکتا۔ چونکہ مقید اور مضاف کا تصور اضافی ہے
جو بی مطلق کے نہین ہو سکتا اس لئے واجب الوجود مطلق کا ادعائی کر لینا فطرت انسانی
سے مافوق نہین قوت تک جو غایت الغایات ہے پہونچنے کے بعد عین اور اثر مین
واسطہ نہین رہتا اور ادراک بشر کی غایت الغایات اثر تک ہے اور وہ اثر انسان
اور عین مین گویا حایل ہے۔ وہ بلا واسطہ موجودات کی علت ہونیکی وجہ سے مشابہ الی العالم مقید
بالمعلول از زمان و مکان و مادہ و حرکت کو قوت کا اثر مان لینے کے بعد اس قوت کو بجز
اسکے کہ واجب الوجود بے ہمتا کا مظہر کہین اور کیا کہہ سکتے ہین اگر قانون و مادہ یکسان
ہی ہین تب بھی مطلق خالق کا وجود ثابت ہوتا ہے

## وجود باری و قدرت باری کے دلایل باعتبار اپنے ذات و حواس کے

انسان کا ایک حد تک ذی اختیار نہ ہونا بلکہ مجبور ہوتا اور اسی طرح دیگر اشیا کا بھی ویسا ہی
محکوم ہونا اور انکا محسوس اور معلوم ہونا ایک خالق مختار قادر کے وجود کو ثابت
کرتا ہے اور آثار وجدانی و برہانی طور پر اسکو ثابت کرتے ہین۔ عرفت ربی بفسخ العزایم جسطرح
انسان اپنے مثل دوسرون کو دیکہکر اُن کے انسان ہونے کے وجود کو اور اُن کی صنعت کو
یقین کرتا ہے اور اپنے مثل اُنکی صنعت اور اپنے مانند اُن کا وجود یقین کرتا ہے اُسی طرح
ایک فرمانروا روح اور ایک وجود کا جسکی قدرت و حکمت و صنعت کے آثار دیگر انسانون سے
اور اُن کی صنعت سے زیادہ معلوم و محسوس کرتا ہے اُنکا بھی یقین کرتا ہے آثار کے اعتبار
سے دونون کے یقینون مین فرق نہین صرف فرق یہہ ہے کہ دیگر انسانون کو حواس ظاہری
یعنی معاینہ و لمس سے وہ محسوس کرتا ہے اور فرمانروا خالق کے آثار کو محسوس و معلوم کر کے

ایمان بالغیب لاتا ہے پس بجاے عین الیقین کے حق الیقین کے درجہ پر پہونچتا ہے۔

عوامل مین سے ملانے والی ترکیب دینے والی جمع کرنیوالی صورت دینے والی ظہور مین لانیوالی قوت خداے تعالی کی ذات یا اُسکا حکم ہے پس اللہ تعالی کا یہ فرمانا کہ اگر چاہے اللہ تمکو دوسرے طور پر کر دیوے یا یہ فرمانا کہ اگر چاہے اللہ تو تم کو لے جاوے اور خلقت جدید پیدا کر دے بالکل صحیح ہے کیونکہ اگر وہ مذکورہ بالا صفات کے ساتھہ کارفرمائی نکرے تو واقعات مذکورہ اُسکے لازمی نتیجہ ہونگے علاوہ اسکے یہی کہ قدرت کاملہ کے ساتھہ فنا کر دینے یا دوسرا کر دینے کا عمل ہو۔

## دلیل وجود باری باعتبار مجبوری انسان و باعتبار دیگر وجود کے از خود موجود ہونیکی

ا۔ معدوم کا موجود ہونا یا موجود کا معدوم ہوجانا دونون کو خلاف عقل کہا جاتا ہے اسلئے کہا جاتا ہے کہ انسان اُن دونون کا تصور نہین کر سکتا۔ لیکن انسان کو اپنے وجود کا علم ہے اور ہر شخص کو یہ یقین ہے کہ مین موجود ہون اور معدوم ہونگا یعنی مرونگا اس سے یہ نتیجہ نکالا جا سکتا ہے۔ کہ جو چیز انسان مین مدرک ہے وہ معدوم نہ ہوگی اور چونکہ وہ کلیتًہ مختار نہین لہذا اوسکا مجبور کرنیوالا یا ایک حد تک اختیار دینے والا کوئی دوسرا ہے جو اوسپر اختیار و قدرت کامل رکھتا ہے۔

۲۔ ادراک وہ شعور کا مادہ مین ہونا عقلاً محال ہے اور ہم مین وہ ہین اس سے معلوم ہوا کہ ہم مادہ سے منزہ ہین لیکن ہم تو جسم رکھتے ہین اور جسم مادی کہا جاتا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ہم کو مدرک حقیقی سے کسی نوع کا تعلق ہے۔ جو مادہ و شعور ہم مین پیدا کرتا ہے۔

۳۔ اگرچہ بعض ایسی چیزین ہین جو ہم کو یقین دلاتی ہین کہ اُنکی آفرینش یعنی ظہور و نمایان ہونے مین انسانی عوامل کا ہاتھہ ہے باایہمہ یہ ہر شخص کے لئے بدیہی بالیقینی ہے کہ وہ چیزین جنکو مصنوعات فطرت سے تعبیر کیا جاتا ہے اور جو ہمارے تصورات اور احساسات کا بہت بڑا حصہ ہین وہ نہ انسانی ارادون کی

آفریدہ ہین اور نہ اُنکی ماتحت بلکہ بلا ارادہ انسان کے ذہن مین آتی اور اوسپر اثر کرتی ہین اس لئے ماننا پڑتا ہے کہ کوئی اور روح موجود ہے جو اُنکی علت ہے کیونکہ اون کا بذات خود موجود ہونا صریحی تناقض ہے۔

## دلیل وجود باری بر بناے علم صفات کے شہودی و علم ذات کے ایمانی ہونیکے

اگر معلومات انسان کی جانچ کیجائے تو صاف نظر آویگا کہ وہ یا تو ایسے تصورات ہین جو فی الواقع آلات حس پر مرتسم اور منقش ہوئے ہین یا تو خود اپنے نفس کے جذبات و افعال پر توجہ کرنے سے اُنکا ادراک ہوا ہے یا پھر حافظہ و تخیل کے مدد سے اُن ہی دو صفتون سے باہمی ترکیب و تحلیل یا بعینہٖ اعادہ سے بنے ہین۔

اپنے علاوہ دوسرے روحون کے وجود کا علم ہمکو صرف اُنکے افعال اور اُن تصورات کے ذریعہ سے ہو سکتا ہے جو وہ ہمارے اندر مہیج کرتی ہین مجھکو بہت سے حرکات تغیرات اور مرکبات تصورات کا احساس ہوتا ہے جنسے یہ پتہ لگتا ہے کہ میرے ہی جیسے اور بھی خاص خاص جزئی فاعل موجود ہین جو اُن چیزون کے عمل مین شریک اور متحد العمل ہین لہذا دوسری روحون کا مجھکو جو علم ہے وہ براہ راست نہین ہے جیسا کہ خود اپنے تصورات کا ہوتا ہے بلکہ اُن تصورات کی وساطت پر مبنی ہے جنکو مین بحیثیت اثرات یا علامات مستلزم کے اپنے علاوہ دوسرے عوامل یا ارواح کے جانب منسوب کرتا ہون

انسان کو صفات کے محسوس کرنے کے ساتھ ہی یہ یقین ہو جاتا ہے کہ یہ صفات اُس شئے کی ہین جسکی صفات نے اوسپر اثر کیا ہے پس شئے مذکور کے ذات کا علم اوس شئے کے صفات کے ذریعہ سے انسان مذکور کو ہوتا ہے صفات کا علم شہودی اور موصوف کے ذات کا علم ایمانی ہو کر ذات کا وجود مستقل خارج مین ماننا پڑتا ہے اور نفس کا علم اوسکے صفات سے ہوتا ہے لہذا علم ایمانی ہوتا ہے۔ وہ چیزین خود حس انسانی مین بغیر ارادہ انسان کے بھی آتی ہین لہذا روشن طور پر معلوم ہوتا ہے

کہ اُن کا تعلق اوسی روح سے ہے جو ہر جگہ کارفرما ہے اور جس سے تمام چیزین موجود ہوئین۔
اُنکو اتفاقیہ کہنا یہ کہنا ہے کہ غیر مقررہ ہین اور غیر معینہ اسباب سے اُنکا وجود ہوا ہے اور یہ
دعویٰ بھی کرنا ہے کہ خودبخود اس نظم و ترتیب کے ساتھ برفع ضرورت و شئون عالم کے لئے وہ موجود
ہوگئی ہین بخلاف اسکے اُنکو مقرر کہنا ہی یہ دعویٰ کرنا ہے کہ کسی نے اُنکو اور اون قوانین کو جنسے
اُنکا وجود ہوا ہے مقرر کردیا ہے اگرچہ اُس مقرر کرنیوالے کی ذات سے واقفیت نہین۔ پس
اتفاقیہ کے لفظ مین ایک قسم کا مغالطہ ہے ورنہ اصل مین جو اتفاقیہ کہتے ہین اُنکا یہ دعویٰ ہے
کہ خودبخود اُن کا وجود ہوگیا اور اس حیثیت سے وہ واجب الوجود ہین یا کم سے کم اُن کی علت
مادی ہی واجب الوجود بمعنی مذکور ہے اسلئے تنقیح طلب یہ ہے کہ خودبخود اُن کا وجود ہوا یا کسی مقررہ
قوانین کی رو سے دوسرے کی وجہ سے اُنکا وجود ہے۔ پس اُنکا وجود بمعنی مذکور خیالی و ذہنی
و تصوری بھی ہے اور واقعاتی بھی محض تصوری کہنا صحیح نہین ہے اسلئے یہ بالکل صحیح ہے
کہ اگر مقررہ قوانین فطرت نہوتے تو زمین و آسمان فاسد ہوجاتے اور اس نظم کے ساتھ جیسا کہ ہین
اُنمین واقعات نتیجہ خیز نہ واقع ہوتے۔ پس بار ثبوت اتفاقیہ خودبخود ہونیکا مدعیان پر ہے اور بخلاف اسکے
احتمال ضعیف مقررہ قواعد پر ہونیکے خلاف ہے لہذا اتفاقیہ کی بہ نسبت بہت مرجح ہے مذکورہ بالا بیانات
سے یہ واضح ہوگیا کہ خدا کا علم بھی ہمکو اوسیطرح قطعی اور بلا واسطہ ہوتا ہے جسطرح اپنے
ماسوا کسی اور ذہن یا روح یا عوامل کا بلکہ ہم یہانتک دعویٰ کرسکتے ہین کہ آدمیونکے وجود سے
بہت زیادہ روشن اور بدیہی یا یقینی طور پر ہمکو خدا کے وجود کا ادراک ہوتا ہے کیونکہ فطرت
کے اثرات و مصنوعات تعداد مین اُن اثرات کی بہ نسبت بہت زیادہ اور بہت قابل لحاظ ہین جو عوامل
انسانی کے جانب منسوب کئے جاتے ہین بلکہ کوئی ایک نشان اور علامت بھی ایسی نہین
ہے جو خود انسان کے یا اوسکے آفریدہ اثر کے وجود پر دلالت کرتی ہو اور ساتھ ہی بہت

زیادہ قوت کے ساتھ اوس روح کے ہستی کا اذعان نہ دلاتی ہو جو خلاق فطرت ہے
پس جس طرح دوسرے تمام اُن اشیاء اور انسان کے عمل کا یقین کیا جاتا ہے اوسیطرح
اللہ تعالےٰ کے وجود کا بھی یقین چاہیئے اندا یقین مذکور تمثیلی دلیل کے رو سے نہیں ہے کیونکہ اگر
دوسرے کے وجود کا یقین بھی تمثیلی ہوگا تو وہ بھی تمثیلی ہے ورنہ وہ بدیہی یا یقینی ہے تو یہ بھی بدیہی یا یقینی ہے

۱- عناصر عالم کا ایک خاص قانون کے تبعیت و تحت میں ہونا اور
ایک خاص غرض سے اُنکا وابستہ ہونا متقن و واضع کے وجود کو ثابت کرتا ہے
تدبیر و تجویز کا پتہ ملتا حکمت و تقدیر قدرت کا ثبوت ہوتا ہے نہ محض اتفاقیہ ہونے کا لہذا
مدبر بالارادہ متقن حکیم کا وجود ثابت ہے -

۲- تمام چیزوں کا نکلنا اور ترقی کرتے جانا صورت بدلتے رہنا اور بذات خود نہ پیدا ہونا
بلکہ دوسرے کا کردہ و پیدا کردہ ہونا پیدا کرنے والے قایم بالذات اور قایم کرنیوالے
کے وجود کو ثابت کرتا ہے - نفس کا وجود اور اُسکا ارتقا حیوانوں سے ممتاز کرتا ہے
لہذا ترقی دینے والے کا وجود ثابت ہے -

۳- موجودات عالم سے اُن علتوں کی طرف چلنے سے جن سے موجودات عالم کا ظہور انسان
کے ادراک میں آتا ہے اور چلتے چلتے واجب الوجود پے ہمتا تک تھم جانے اور نشر و تحلیل
سے واجب کی تعداد واحد کر دینے سے واجب الوجود واحد کا وجود ثابت ہوتا ہے جب
مرکبات مادی کے حدوث کے علتوں کو دریافت کرنے کے لئے معلولات سے علت کی طرف
بڑھتے ہیں تو انتہا میں زمان مکان مادہ حرکت قوت ایتھر قانون تک پتہ لگتا ہے اور اُن
سب کو قوت کا اثر ماننا پڑتا ہے انسان کیف خاص کو تعبیر کرسکتا ہے مثلاً یہ
کہہ سکتا ہے کہ شکر نے شیرینی پیدا کی لیکن کیفیت کو نہیں بتلا سکتا کہ شکر نے کیوں شیرینی پیدا

کی پھل کا کشش زمین کی وجہ سے گرنا وہ کہہ سکتا ہے لیکن یہ کیفیت کس لئے ہے
اور کس طرح سے ہوئی اُسکو وہ نہین جان سکتا لہذا اشیاء مین جس نے خاصیت رکھی ہے
اُسکے وجود کا پتہ چلتا ہے پس پیدا کرنے والی قوت کا ادراک نہین کر سکتا لیکن ادراک غیر محسوس
مین بالقوہ وجود کا تعقل کر سکتا ہے۔

۴۔ موجودات عالم واقعی ہین خیالی وہمی و ذہنی نہین قانون قدرت و آئین فطرت
کے رو سے جہانتک کہ انسان کی رسائی ہے موجودات عالم مین ایک سلسلہ علت و
معلول کا نہایت استحکام سے اُسکو ثابت ہوتا ہے جو شے موجود ہے وہ کسی علت کی
معلول ہے اس سلسلہ کا کسی علت العلل پر ختم ہونا ضروری ہے۔ لہذا انسان قانون
قدرت و آئین فطرت کے رو سے جس طرح علت و معلول کے سلسلہ کا یقین کرتا ہے
اوسی طرح علت العلل کے ہونے اور اوس سلسلہ کے ختم ہونے اور علت العلل کے واجب الوجود ہونیکا
بھی اُسکو یقین کرنا چاہئے ہم دیکھتے ہین کہ عالم اس قدر وسیع ہے کہ حیرت انگیز ہے اور باوجود
عالم کے اس وسعت کے موجودات عالم کا عدم سے وجود مین آنا اور وجود سے عدم مین
جانا اور وجود بین العدمین کے منزلون کو طے کرنا اور بھی سبق آموز ہے سب ایک ہی
صراط مستقیم سے یعنے مقررہ قانون کے تحت وجود مین آتے اور عدم مین جاتے ہین
اُن کے موجود ہونے کا طریقہ ایک ہے نمو کا طریقہ ایک ہے اور سب مین رابطہ ہے
کائنات عالم کی لاتعد کثرت اُنکی کلانی اُنکی خوردی مراحل وجود و عدم کے طے کرنے مین
چند سادہ اصول کی پابندی اور باوجود اس نمایان کثرت و اختلاف کے سب مین ایک
رابطہ ہونا اور ضروریات کا پورا ہونا انسان دیکھتا اور ادراک کرتا ہے تو اُسکو وجود صانع
متقن و مدبر بالارادہ واحد کے یقین پر صرف وجدانی ہی نہین بلکہ ایک حد تک برہانی

ایمان لانا لازم ہوجاتا ہے کیونکہ بجاے دہریہ و لاادریہ ہونے کسی فاعل بالارادہ کے
وجود کا تسلیم کرنا زیادہ قرین قیاس و عقل و زیادہ فطرت انسانی کے موافق اور انسان کو مطمئن
کرنے والا ہے فعل کا بے فاعل کے ہونا عقل بشری مین نہین آتا ہے۔

اس طریقے سے موجودات عالم و فطرت بشری و عقل و علوم سے واجب الوجود بے ہمتا
واحد کا پتہ چلتا ہے اور توحید برہانی طور پر ثابت ہوتی ہے اور تصدیق و تائید انبیا و رسل اور
اُنکے متواتر اخبارات سے اور اُسکی تقویت ہوتی ہے لہذا اور بھی زیادہ یقین آتا ہے اور ایمان
بالغیب بچ جاتا ہے۔

سورہ یونس مین ہے موسیٰ نے کہا کہ اے قوم اگر تم ایمان لائے ہو اللہ پر تو اُسی پر توکل کرو
اگر تم مسلم ہو۔ پس کارسازی کی مدد کی خواہش سوا خدا کے دوسرے سے چاہنے دوسرے پر
توکل منافی اسلام و ایاک نعبد و ایاک نستعین کے متناقض ہے۔

مخالفان خدا و رسول سے مودت نکرنا ایمان باللہ و ایمان بالآخرت لانے والی قوم کا شعار ہونا چاہیئے
سورہ مجادلہ مین ہے تو نہ پاویگا اُس قوم کو کہ ایمان لائے ہین اللہ اور یوم آخر پر کہ دوستی کرین اُس سے
جو خلاف کرتا ہے اللہ اور اُسکے رسول سے اور اگرچہ وہ اُن کے آبا ہون یا اُنکے اولاد یا اُنکے
بھائی یا اُنکے ناتے والے وہی لوگ ہین کہ اُنہین کے دلون مین لکھدیا ہے اللہ نے ایمان کو اور
اُن لوگونکی مدد کی ہے اپنے روح سے اور داخل کریگا اُنکو جنتون مین جاری ہین جنکے نیچے نہرین رہینگے
اُوسمین راضی ہوا اللہ اُن لوگون سے اور وہ راضی ہوئے اُس سے وہی اللہ کے جتھا (حزب) ہین آگاہ
ہو کہ اللہ کی جتھا وہی فلاح پانیوالی ہین۔ پس مومنین کے قوم کا اور جو آخرت پر ایمان لائے ہین اون
کا یہ شعار قومی ہونا چاہیئے کہ مخالفان خدا و رسول سے مودت نکرین خواہ وہ کیسا ہی قریب کے رشتہ
دار ہون۔ پس تو وہ اُن فوائد و ثوابون کے پانیکے مستحق ہونگے جو ان آیات مین بیان ہین۔

# فلسفہ توحید و شرک کا و حضرت یوسف و اُنکے آبا کا و مختصر قرآن کا و انبیا و رسل کے وقار و تعظیم تک کا حکم نہین ہے

سورہ یوسف مین ہے کہ یوسف نے کہا کہ مین نے ترک کیا ہے ملت اُس قوم کی جو ایمان نہین
لاتے اللہ پر اور جو آخرت سے بہی کفر کرنے والے ہین اور اتباع کیا ہین نے ملت اپنے آبا ابراہیم
اور اسحاق اور یعقوب کی ہم لوگون کے لئے نہین ہے کہ شریک کرین ہم اللہ کے ساتھہ کسی چیز کو یہہ
فضل اللہ کا ہے ہم لوگو نپر اور آدمیون پر ولیکن اکثر آدمی شکر نہین کرتے اے ساتہیو قید خانے کے
کیا ارباب متفرق خیر ہین یا اللہ واحد القہار نہین عبادت کرتے ہو تم لوگ من دون اللہ مگر نام کی جنکو
رکھہ لیا ہے تم لوگون نے اور تم لوگون کے آبا نے نہین اُتارا اللہ نے اونکی سند نہین حکم مگر اللہ کا حکم کیا ہے
اللہ نے اسکا کہ نہ عبادت کرو تم لوگ مگر اُسی کی یہ دین قیم ہے لیکن اکثر آدمی نہین علم رکہتے یہ وہ فلسفہ
توحید ہے جو انبیا اور حضرت ابراہیم و اسحاق و یعقوب کا حضرت یوسف کے زبان سے قرآن مین
بیان ہوا ہے لہذا چند خصوصی خوبیان اسکی قابل حرز جان ہین۔

۱۔ یہ کہ ملت اُس قوم کی جو اللہ پر ایمان نہین لاتے اور آخرت سے کفر کرتے ہین چہوڑ کر ملت اپنے
آبا کی حضرت یوسف نے یہ بیان کیا ہے کہ کسی شے مین اللہ کے ساتھہ شریک نہین کرتے تھے اور دلیل
شریک نکرنے کو اپنے اور نوع انسان کے لئے اللہ کا فضل بتایا جس سے معلوم ہوتا ہے کہ خود
انسانی فواید اُس سے ہین۔

۲۔ یہ کہ یہ کہا کہ کیا ارباب متفرق خیر ہین یا اللہ واحد القہار خیر کا لفظ کیسا فلسفیانہ و بلیغ ہے
یعنے زیادہ قرین عقل و زیادہ مفید دنیا و آخرت مین پہر یہ کہ واحد القہار پر ایمان لانا یا متفرقو نپر
پس اللہ کا فضل کس طرح سے ہے اُسپر اشارہ بہی کر دیا۔

۳۔ یہ کہ یہ کہا کہ تمنے اور تمہارے باپون نے نام رکھہ لیا ہے ایسے نامونکی عبادت کرتے ہو

جنکی سند بہی نہین ہے نام ہین جنکی عبادت کرتے ہو واقعی نام کی پرستش ہوتی ہے نہ ذات کی اور اُس ذات کو جسکا نام رکھ لیا کچھہ فایدہ ہوتا ہے نہ خوشی کچھہ اثر پہونچتا ہے پس ذہنی تصور کی پرستش ہوئی یہ کس قدر بلیغ و قابل سمجھنے کے ہے۔

۴۔ یہ کہ یہ کہا کہ حکم سوا اللہ کے کسی کا نہین ہے اور اُس نے حکم دیا ہے کہ سوا اُسکے کسی کی عبادت نہ کرو دین قیم یہی ہے اس سے یہہ ظاہر فرمایا کہ حکم حاکم جو مطاع ہے اُسکے روسے مخالفت وہی دوسرے کی عبادت کرنے اور امر اپنے ہی عبادت کرنے کا ہے لہذا ایسے حکم کی تعمیل نکرنا عدول حکمی کے سزا و نقصان ملنے کا سبب ہو سکتا ہے یہی دین قیم ہے لہذا دین قیم کے متلاشیونکو اُسکو اختیار کرنا چاہیئے اب مختصر سے مختصر متعلقہ فلسفہ دین محمدی پڑہو سورہ نازعات مین ہے سو جسنے طغیان کیا اور مقدم کیا حیات دنیا کو سو جحیم اوسکا ٹھکانا ہے اور جو ڈرا اپنے رب کے پاس کھڑے ہونے سے وہی کیا اُس نے نفس کو ہوا سے تو جنت اُسکا ٹھکانا پس طغیان و تقدم حیات دنیا سبب جہنم اور ہوا کے کرنے سے یعنے اعمال بد کے کرنے سے نفس کو روکنا اللہ کے سامنے مجرمانہ کھڑے ہونے سے ڈر کر سبب جنت کا قرار دیا ہے اور سورہ کہف مین فرمایا ہے جو رجا رکھنا چاہتا ہے اپنے رب کی لقار کی تو چاہیئے کہ وہ عمل صالح کرے اور نہ شریک کرے اپنے رب کی عبادت مین کسی یک کو۔ پس اپنے رب کے حضور مین مجرمانہ کھڑے ہونے سے (خاف مقام ربہ) ڈرنا اور لقار رب کی رجا رکھنا اس طرح چاہیئے کہ نفس کو ہوا سے نہی کی جاوے اور عمل صالح کرین اور اپنے رب کی عبادت مین کسی یک کو شریک نکرین لہذا عمل صالح کرنا اور نفس کو ہوا سے روکنا اصل ہوا اور اُسکا فرع رب کی عبادت مین کسی کا شریک نکرنا ہوا اور کھڑے ہونے سے ڈرنا اور جو کوئی ایسا نکرے وہ جہنمی و محروم لقار رب سے اور اصلی مشرک ہوا پس لقائے

رب کے لئے عمل صالح و رب کی عبادت مین کسی کو شریک نہ کرنا مشروط ہے اور معذب ہونیکے لئے اللہ کے ساتھ شریک کرنا اور جنکو کتاب دیگئی تھی اُنکو یہ حکم تھا جیسا کہ سورہ بینہ مین ہے اور نہین حکم دئے گئے تھے جنکو کتاب دیگئی تھی مگر یہ کہ عبادت کرو اللہ کی مخلصین لہ الدین حنفا ہوکر اور قایم کرو نماز اور دو زکوٰۃ اور یہ دین قیمہ ہے۔ سورہ فتح مین ہے اللہ کا تم لوگ وقار کرو اور اُسکی پاکی بولو اور سورہ فتح مین اللہ وقار ہے کسی نبی یا رسول کے وقار کرنے تک کے لئے قرآن مین حکم نہین ہے یہ درجہ بھی اللہ ہی کے لئے محفوظ رکھا گیا ہے۔ انبیا و رسل کے اطاعت کرنے اون پر ایمان لانے اُنکی رفاقت و مدد کرنے اُنسے ادب کے ساتھ بولنے کے لئے قرآن مین تاکید و حکم ہے لیکن عبادت کرنے و وقار کرنیکا حکم اللہ ہی کے لئے ہے نہ کسی دوسرے کے لئے۔

سورہ حج مین ہے ومن یعظم حرمات اللہ فھو خیر لہ عند ربہ اور سورہ حج مین ہے ومن یعظم شعایر اللہ فانہا من تقوی القلوب اور سورہ حج مین ہے والبدن جعلنا لکم من شعایر اللہ پس تعظیم جو افعال قلوب مین سے بروے آیہ مذکور قرار پاتی ہے یعنے پہلے دل سے ہوتی ہے بعدہ بذریعہ اعضا و جوارح ظاہر کی جاتی ہے اُسکو بھی حرمات اللہ و شعایر اللہ کے لئے مخصوص رکھا گیا ہے کسی دوسرے کے لئے اُسکے کرنے کا حکم قرآن حکیم مین نہین ملتا ہے۔

لہذا یہ نکتہ قابل یاد رکھنے کے ہے کہ عبد و معبود کے درجے کا امتیاز کا لحاظ ضروری ہے اور وقار و عبادت اللہ ہی کے لئے و تعظیم شعایر اللہ و حرمات اللہ کے لئے کرنا رہنا اور کرنا چاہیئے نہ دوسرونکے لئے اور انبیا رسولون کو عبد و رسول و انبیا سمجھنا چاہیئے اور اون پر ایمان لانا اُنکی اطاعت و رفاقت اکرام کرنا چاہیئے۔ پس یہ امتیاز قابل قدر ہے

بنا ئینکے جسکا لحاظ قرآن مین ہے انسان کے لئے ہے۔

منصف و عاقل پیام لانے والے کی وہ عزت نہین کرتے جو خود پیام یا پیام بہیجنے والے کی کرتے ہین اگر وہ اُسکے لایق ہو۔

فرض کرو کہ پیام لانے والا اُس سے بلند مرتبہ رکہتا ہے جسکے پاس پیام لایا تو اس صورت مین بہی بحیثیت اُسکے درجہ کے جو اُسکی عزت کے شایان ہوگا اُسکی عزت جدا ہوگی اور بحیثیت پیام آور کے جو شایان ہوگا اُسکی قدر جدا ہوگی۔

یہہ بہی فرض کرو کہ پیام آور پیام بہیجنے والے کا ایسا مقرب ہے کہ جسکو پیام وہ بہیجتا ہے اُسکی نسبت یہ سمجہتا ہے کہ اُس سے بہتر کوئی پیام کو ادا نکریگا اور جملہ پیام ادا کرنے والون مین وہ سب سے بہتر ہے اس صورت مین بہی خود پیام اور پیام بہیجنے والے اور پیام آور کی عزت بمقدار اُسکے ہوگی جسکے وہ شایان ہین۔ ہر صورت مین پیام لانے والے کا درجہ بحیثیت پیام آور ہو گا نہ کہ اُس قدر جسقدر جسکا پیام لایا ہے اُسکے برابر یا اُس سے برتر اور اگر ایسا ہوگا تو اُس پیام آور کی حیثیت کی وجہ سے ہوگا نکہ دوسری حیثیت سے۔ اسی مثال سے واضح طور پر خیال مین آسکتا ہے کہ پیغمبران کی حیثیت پیام آور کی ہے زیادہ سے زیادہ یہہ کہ اُنسے بہتر پیام لانے والا دوسرا انسان نہین اور وہ بہی نہین جنکے پاس پیام لائے ہین لیکن اس سے یہ لازم نہین آتا کہ جو تعظیم پیام بہیجنے والے کی یعنی خدا کے شایان اور جو قدر اس پیام یعنے کتاب اللہ کی ہو وہی قدر اور وہی تعظیم اور ویسا ہی قدر پیغمبرون کی بحیثیت پیام آور کیجاوے والنظر الی ما قال والی من قال پر نظر نہ کیجاوے۔ دیگر انسانون سے جو فضل ذاتی پیغمبرونکو ہے اُسکی عزت اور قسم کی اور بحیثیت پیام آور کے اور قسم کی ہے لیکن اللہ اور کتاب اللہ کی عزت اوس سے کہین زیادہ ہے۔

## نکتہ لطیف توحیدی عبادت تعظیم و وقار و نماز

آنحضرت کے جو درجات بلند و تقرب کے مواقع قرآن مین بیان ہین اُنسے افضل کسی کے نہین - بااین ہمہ جہان پر انکا اظہار ہے وہان ایسا طرز بیان اور ایسے لفظ بالارادہ لائے گئے ہین جنسے عبدیت و معبودیت کا فرق متمیز رہے اور توحید خالص مین التباس نہونے پائے اور بندہ بندہ ہی سمجھا جاوے نکہ مالک یا اُسکے برابر مثلاً سبحٰن الذی اسرٰی بعبدہ - فاوحیٰ الیٰ عبدہ ما اوحیٰ - رسولہ بالہدیٰ و دین الحق و انالک لاجراً غیر ممنون - انا ارسلنٰک - یا محمد الا رسول - ولکن رسول اللہ و خاتم النبیین و ما ارسلنٰک الا رحمۃ للعالمین - پس آنحضرت کے لئے طغرائے امتیاز و افتخار عبدہ و رسولہ ہے و لعبدہ وارسلنا و اجر غیر ممنون سے روشن طور پر معبود و عبد کے درجہ مین امتیاز باقی رہتا ہے اور کسی طرح کے تشابہ و التباس کی گنجایش نہین رہتی پس ان الفاظ اور اس قسم کے الفاظ کا لانا اور ایسا طرز بیان قرآن مین ہونا بالارادہ ہے اتفاقیہ نہین اور قید احترازی ہے - مخصوص نشان

عبادت و حقیقت دعا کسطرح اسکو کرنا چاہیے نماز مین مخصوص نشان عبادت رکوع و سجود و قیام ہین قیام ادب سے کرنے کا حکم قرآن مین ہے یعنی قانت ہوکر سجدہ کے لئے قرآن مین حکم ہے کہ شمس و قمر کو نکرو بلکہ جسنے انکو خلق کیا ہے اُسکا کرو اگر تم اُسی کی عبادت کرتے ہو - اس سے سجدہ کا مخصوص نشان عبادت ہونا اور سواے خدا کے اور کسی کے لئے نہونا ثابت ہوتا ہے - رکوع بھی خاص علامت ہونیکی وجہ سے ہیئت طریق نماز مین داخل ہے اس لئے رکوع و سجود کا کرنیکا حکم ساتھ ہی قرآن مین عموماً ہے اصل یہ ہے کہ قیام و سجدہ کے سوا جو کچھ طریق نماز و ہیئت نماز مین ہے وہ سب اُنکے خوبی و خوش اسلوبی سے ادا ہونیکے لئے ہے - تاکہ سکینہ و وقار و انتظام قایم رہے جو ادنیٰ تامل سے سمجھ مین آسکتا ہے اور نماز عبد کا اپنے معبود کے حضور مین سامنے ادب سے چند اذکار و اعمال مخصوص کے کرنیکا نام ہے جو عبدیت کا اظہار و ثبوت ہوکر تقویٰ کا سبب ہوتی ہین اور متعدد فواید کا باعث پس تعظیم و وقار و عبادت سب کچھ اُسمین

شامل ہے لہذا غیر خدا کے لئے نماز بھی نہین جب بیقراری ہوتی ہے تو دعا اضطراری ہوکر سبب تسکین گریہ وزاری وقرار اضطرار ہوجاتی ہے لیکن وہ واسطے علاج حاجت برآری براہ راست نہین جسطرح دوا علاج بیماری ہے
اللہ ہر ایک مضطر کی دعا کو قبول کرتا ہے مگر دعا کے قبول ہونیکا مطلب یہ ہے کہ اگر مسئول عنہ مقدر مین ہے تو ہو جاتا ہے اور اگر اوسکا ہونا مقدر مین نہین ہے تو خدا دعا قبول کرکے دعا مانگنے والے کو ثواب آخرت دیتا ہے مگر کسی کے دعا کو رد نہین کرتا پس دعا عبادت ہے اور اس سے حفاظت ہوتی ہے کہ غیر خدا کے دوسرے کو نہ پکارین - سورہ مومن مین ہے مجھسے دعا کرو قبول کرونگا جو کبر کرتے ہین میری عبادت سے جہنم مین داخل کرونگا ذلیل کرکے -
انسان کی فطرت جسپر خدا نے اوسکو مخلوق کیا ہے اوسکا مقتضا ہے کہ وہ اضطرارا عبادت کرے لیکن عبادت و دعا کا مقتضا معنی و مفہوم سمجھ لینا چاہئے -

سورہ اعراف مین ہے اور دعا کرو اپنے رب سے گڑگڑا کر و خفیہ اللہ نہین محبوب رکھتا ہے حد سے بڑھنے والونکو اور فساد نکرو زمین مین بعد اوسکے اصلاح کے اور دعا کرو اللہ سے خوف و طمع کے ساتھ اللہ کی رحمت قریب ہے محسنین سے - پس دعا گڑگڑا کر و خفیہ طور پر ہونا بہتر ہے جسکا سبب بھی اس آیت مین بیان ہے کہ حد سے نہ بڑھ جاوین و علو و فساد نکرین پس وہ عبادت و وسایل تقوی مین سے ہوئی نہ کسی امر کے ہوجانیکی علت اور خوف و طمع سے جب اللہ سے دعا ہوگی تو تضرع پیدا ہوگا اور دکھانیکے لئے نہوگی بلکہ خفیہ ہوگی اگر عبادت دعا نہوتی تو خوف سے کیون کیجاتی محض طمع سے کرنیکا حکم ہوتا -

## ایمان و اسلام کے درمیان بروے استعمال قرآن فرق

قرآن مین ہے کہ تم لوگونکے باپ ابراہیم کی ملت ہے تسنے تمہارا نام مسلمان رکھا اور اس قرآن مین - اور قرآن مین متواتر بار مومنین کہکر پیروان امت محمدی کو مخاطب کیا گیا اور حکم دیا گیا ہے پس باعتبار و بحیثیت نام کے پیروان دین محمدی مومن و مسلم دونون قرآن مین کہے گئے ہین - بروے لغت اسلام کے معنی سپرد کرنا و گردن جھکانا بھی ہے اور ایمان کے معنی اعتماد کرنا و یقین لانا بھی ہے پس دونون باعتبار

معنی کے تقریباً ہم مفہوم ہین باریک فرق وامتیاز ہے۔

اسلام کسی رسول پر نہین ہوتا بلکہ خدا ہی پر لاتے ہین - اور ایمان خدا پر بہی لاتے ہین اور رسول پر بہی- سورہ حجرات مین ہے سوا اسکے نہین کہ مومنون وہ ہین جو ایمان لائے اللہ پر اور اُسکے رسول پر پہر شک نکیا اور جہد کرنیوالے ہوئے بذریعہ اپنے اور اپنے نفسونکے فی سبیل اللہ وہی صادقون ہین تو کہہ کیا علم دیتے ہو اللہ کو اپنے دین کا حالانکہ اللہ جانتا ہے جو آسمانون مین اور جو زمین مین ہے اور اللہ ہر شے پر علیم ہے تم لوگو پر منت رکہتے ہین اسکی کہ وہ اسلام لائے تو کہہ نہ منت رکہو اپنے اسلام لانے پر بلکہ اللہ منت رکہتا ہے تم لوگو پر اسکی کہ ہدایت کیا تم لوگونکی ایمان کیطرف اگر تم لوگ صادق ہو اللہ جانتا ہے غیب آسمانون اور زمین کا اور اللہ بصیر ہے اوسپر جو تم لوگ عمل کرتے ہو چونکہ رسول پر ایمان لانا اسکا مستلزم ہے کہ اُس رسول کو اگر صحف یا کتاب دی گئی ہو اُسپر بہی ایمان لاوین اور کم سے کم اُس رسول کی اطاعت کرین لہذا رسول پر ایمان نیک عمل یا تقوی یا عمل صالح کا بہی کرنا ہے محض اُسکے رسول ہونے اور جو کچہ اُسکے ساتہ ہے اُسکے یقین کرنے سے اور باوجود یقین عمل نکرنے سے وہ پورا نہین ہوتا لہذا آیات مذکورہ بالا مین اللہ تعالے نے فرمایا کہ اپنا اسلام (یعنی ایمان باللہ) لانے پر منت نرکہو بلکہ اللہ منت رکہتا ہے کہ تمکو ہدایت کی ایمان کیطرف یعنی ایمان باللہ و بالرسول کیطرف جسمین عمل صالح کا کرنا شامل بلکہ جزو ہے پس وہ زیادہ منت پذیری کے لایق ہے -

نیز آیات مذکورہ سے یہ بہی ثابت ہوتا ہے کہ صادقین کا ایمان وصدق ایمان یہ ہے کہ اللہ اور اُسکے رسول پر ایمان لانے پر اُسپر شک نکرنے کے باوجود جہد کیا جاوے بذریعہ اپنے مالون و جانونکے اللہ کی راہ مین - سورہ حجرات مین ہے تو کہدے نہین ایمان لائے تم لیکن کہو اسلام لائے ہم ابہی تک ایمان تمہارے دل مین نہین داخل ہوا پس ثابت ہوتا ہے کہ اصلی ایمان وہ ہے جو عمل نیک کرسکتا اور اُسکے لئے بیچین رکہتا ہو - دو مقام پر قرآن مین مومنین حقا

صرف سورہ انفال کے شروع و آخر مین کہا ہے اور کہین ہین کہا اُن دونون جگہہ جسطرح اعتقاد کو کہا ہے
اسیطرح عمل کو بھی جزو قرار دیا اور شامل کیا ہے یعنی با وجود اعتقاد کے ذکر کے عمل کا بھی ذکر کرکے اُن دونو نکے
کرنیوالون کو مومنین حقا کہا ہے لہذا ثابت ہوتا ہے کہ بروے استعمال قرآن حقیقی مومن وہ ہے جو یقین کے
کے ساتھ عمل صالح مین سے عمل کو بھی کرتا ہو پس اس امتیاز اسلام و ایمان کے استعمال کو یاد رکھنا چاہیے
اسلام نام اسی یقین کا ہے کہ اللہ واحد ہے اور شرک کا جزو عمل کا کرنا ہے قرآن مین جہان ایمان کا بیان بغیر
اضافت و اشارہ ہے وہان اُس سے ایمان باللہ صرف مراد ہے ورجہان اضافت یا دلالت ہے وہ خود ظاہر ہے

## مشرک فی العمل کی مغفرت ہنوگی اور مشرک فی الاعتقاد دون العمل کیلئے عذاب ہے

اللہ کے شریک کا صرف اعتقاد جدا بھی انسان کرسکتا ہے اور عمل بھی اُسکے مطابق کرسکتا ہے
اگرچہ دونون صورتین باطل ہین تعالے عن ذلک یہ اعتقاد باطل کرسکتا ہے کہ یک سے زیادہ متعدد خدا ہین
پس ذات مین شریک کرنیکا یہ اعتقاد ہوا صفات مخصوصہ جو سوا خدا کے اور کسی مین واقعی نہین ہوسکتین
اُنکا یا اُنمین سے کسی کا کسی غیر خدا مین اعتقاد کرنا اللہ کے صفات مین شریک کا اعتقاد کرنا ہے طریق عبادت
جسطرح اللہ کے لئے اختیار کیا ہے اگر یہ اعتقاد کرے کہ اُسی طریق سے دوسرے کی عبادت بھی کرنا چاہیے
تو طریق عبادت مین شریک کرنیکا اعتقاد ہے۔

استحقاق عبادت مین اگر غیر خدا کا استحقاق اعتقاد کرے تو استحقاق عبادت مین شریک کرنیکا اعتقاد ہے
یہ اعتقاد کرنا کہ جو عبادت خدا کے لئے کرین اُسمین دوسیری کی عبادت کو بھی شامل کرسکتے ہین عبادت مین شریک
کرنیکا اعتقاد ہے پس باعتبار اعتقاد شرک فی الذات و شرک فی الصفات و شرک فی العبادات و شرک فی طریق العبادات
و شرک فی استحقاق العبادت یہ پانچ قسمین ہوئین۔

اگر صرف یہ اعتقاد ہی ہو اور اُسکے بنا پر عمل نہ کیا جاوے اور عبادت غیر خدا کی نہ کیجاوے تو خیالی وہمی ہے
اگر کسی کو اللہ کی عبادت مین شریک بنایا جاوے یا اُسکے استحقاق عبادت کا سمجھکر ایسے افعال کئے جاوین

جو شرکت مذکور پر دلالت کرین یا طریق عبادت ویساہی دوسرے کے لئے اختیار کیا جاوے جو خدا کے لئے مخصوص کر دیا گیا ہے تو عامل عملاً ہی شرک کریگا اور مشرکون مین شمار ہوگا اور شرک باللہ و شرک بعبادت اللہ اصل مین انہی تین صور تونکو قرآن مین کہا گیا ہے چنانچہ قرآن مین ہے کہ اگر اللہ ہی کی عبادت کرتے ہو تو سجدہ اُسی کا کرو پس اس قسم کے مشرکونکی مغفرت اللہ نہین کریگا محض اعتقاد پر عذاب ہے لیکن عدم مغفرت کی وعید اُنہین نہین ہے لہذا لا اور یہ درجے اگر عملاً شرک نکرین تو مشرک حقیقی نہین جو صرف اعتقاد مشرکانہ رکھتا ہوا اور عمل اُسپر نکرتا ہو اُسکو مشرک کہہ سکتے ہین لیکن وہ ایسا مشرک نہین جسکے لئے اللہ تعالے نے فرمایا ہے کہ اللہ مغفرت نکریگا اُسکی جسنے اُسکے ساتھہ شرک کیا اور ما دون اُسکے جسکی چاہیگا مغفرت کریگا اور جسنے شرک کیا اللہ کے ساتھہ تو اُس نے اثم مبین کا افترا کیا پس مغفرت کے لئے شرک کا عمل نکرنا اور لقاے رب کے لئے عمل صالح کرنا اور اپنے رب کی عبادت مین کسی ایک کو نہ شریک کرنا لازم و مشروط ہے

شرک و کفر کا مفہوم و ایمان و عمل کے اعتبار سے باہمدگر ذریع ہین کفر کے معنی انکار کے بھی ہین اگر اعتقاد کی وجہ سے انکار رہوا جب بھی کفر ہے اگر اعتقاد و عمل دونون کیوجہ سے انکار ہو تب بھی کفر ہوگا۔

لہذا مسیح کو اللہ کہنا بھی کفر بمعنی شرک ہوا اور اللہ کو تین مین یک کہنا بھی کفر ہوا شرک ہوا اور اللہ کو واحد نکہنا اور اوسکے ساتھہ شریک کرنا بھی کفر بمعنی شرک ہوا۔

اسیطرح رسول پر ایمان لانے سے انکار بھی کفر ہوا۔

لہذا شرک اُسی قسم کے انکار (کفر) کو کہینگے جس سے اللہ تعالے کے ساتھہ کسی کی شرکت ثابت ہوتی ہے پس اعتقاد و عمل دونون ہون جب شرک ہوتا ہے باعتبار اسکے کہ ایمان عمل پر اکساتا ہے عمل کو ایمان کا فرع کہتے ہین اور باعتبار اسکے کہ عمل مقصود ہے ایمان عمل کا فرع ہے ایمان عمل صالح کرانیکے لئے لازم کر دیا گیا ہے کیونکہ

## درود کی حقیقت و اصلیت کہ رحمت من اللہ یا دعا ہے

سورہ احزاب مین ہے وہی وہ ہے کہ صلوٰۃ بھیجتا ہے تم لوگون پر وہ اور اُسکے
ملائکہ تاکہ نکالے تم لوگون کو تاریکیون سے نور کے طرف اور مومنین پر رحیم ہے۔
پس اس آیت سے حقیقت و غرض و اصلیت صلوٰۃ کی ظاہر ہوتی ہے کہ ظلمات
سے نور کے طرف نکالنے کی غرض صلوٰۃ یعنے درود سے ہے۔

پس مومنین کی صلوٰۃ بھیجنے سے یہی غرض ہونی چاہیے کہ اللہ سے
دعا کرین کہ ظلمات سے نور کے طرف اُسکو نکالے جسپر صلوٰۃ بھیجتے ہین۔
لہذا درود کی اصلیت جو بندون کے طرف سے ہو دعا سے زیادہ نہو گی۔
تصفیہ طلب اب یہ رہگیا کہ زندہ انسان پر صلوٰۃ بھیجنا چاہیے یا مردہ پر بھی جبکہ اعمال
منقطع ہوجاتے ہین اور آیا وہ ظلمات سے نور کی طرف بعد مرنیکے نکل سکتا ہے یا نہین۔

## مختصر فلسفہ کتب الہامی و قرآن حسب بیان قرآن

سورہ بقر مین ہے کہ آدمی امت واحدہ تھے سو بھیجا اللہ نے نبیون کو بشارت دینے والے اور ڈرانیوالے اور اتارا
اُنکے ساتھ کتاب حق کے ساتھ تاکہ حکم کرے وہ کتاب آدمیون کے درمیان جسمین وہ اختلاف
کرین اور اختلاف نہین کیا اوسمین مگر آپس کے بغی کے طور پر اُن لوگون نے جنکو دی گئی تھی
بعد اُسکے کہ آگئین اُنکے پاس بینات سو ہدایت کیا اللہ نے ایمان والون کو اُسمین جسمین اختلاف
کر رہے تھے حق کے بابت اپنے حکم سے اور اللہ ہدایت کرتا ہے جسکی چاہتا ہے صراط مستقیم کی طرف ان
آیات سے ثابت ہوتا ہے کہ اللہ نے کتابون کو اختلافون کے مٹانے اور اوسکے بابت حکم کرنے
کے لئے قبل اختلاف کے نازل کیا اور باہمی بغی کیوجہ سے لوگون نے بینات آجانے کے بعد اختلاف
حق کے بابت کیا لیکن ایمان والون کو اللہ نے ہدایت کیا اُسمین جسمین اختلاف کرتے تھے پس جو ایمان نہین لائے

وہ حق کے بابت اختلاف مین رہے۔

پس حضرت ابراہیم و حضرت موسیٰ پر صحف نازل ہوئے اور حضرت موسیٰ پر جو کتاب نازل ہوئی اُسکا نام توریت ہے اور حضرت داؤد کو زبور دیگئی اور حضرت عیسیٰ پر جو کتاب نازل ہوئی اُسکا نام انجیل اور آنحضرت پر قرآن نازل ہوا ان سب کا نام قرآن مین ہے بقیہ کتب و صحف کا نہین ہے۔ اور کتب سابقہ کے بعض مضامین کا بیان ہی ہے۔ قرآن مجید و فرقان حمید مین ایمان نہ لانے والون اور عمل صالح و تقویٰ نہ کرنے والون اور فاسقون سے بار بار برہان و دلایل مانگے گئے ہین اور اُن لوگون کو لا یعقل و لا یفقہ و لا یتفکر و لا یتدبر وغیرہ کہا گیا ہے نیز یہ بھی قرآن مین ہے کہ یہ ذکر ہے جو میرے ساتھ ہین اور میرے قبل کے انبیا کا کہ برہان لاؤ لہذا لازم ہے کہ قرآن مین خود برہان و دلایل ہون اور جو دعویٰ ہو اُسکے لئے دلایل معقول ہون نہ لغو و فضول۔ میرا خیال ہے کہ قرآن مین جو دعویٰ ہے اُسکا برہان اُسمین موجود و مذکور ہے قرآن کا طرز بیان ہی ایسا ہے کہ دعویٰ مع دلیل ایک ہی جگہہ عموماً ملتا ہے جو ادنیٰ تامل سے سمجھہ مین آسکتا ہے کہین دعویٰ مقدم اور کہین دلیل مقدم ہے جب طرز دلایل قرآن اور اُسکی نوعیت کو ذہن نشین کرلیا جاوے تو بہت جلد صاف طور پر سمجھہ مین آجاتا ہے۔ تمام قرآن برہان سے بھرا ہے آیات اللہ سے بھی دلایل قرآن مین مراد ہین اور آیات اللہ کے علم حاصل کرنے و تفکر و تعقل و تدبر و تفقہ وغیرہ کی کرنیکی متعدد آیات ہین اور علم اور علما کی فضیلت بھی بیان ہے اور جہان جہان بیان ہے اُسکے دیکھنے و استقرار سے بھی ثابت ہوتا ہے کہ علم سے نہ علم قرآن ہی مراد ہے بلکہ ہر قسم کے علوم جو نفع کا سبب ہوتے ہین وہ سب مراد ہین۔

سورہ نسا رمین ہے یا ایہا الناس بیشک آیا تم لوگون کے پاس برہان تمہارے رب کے طرف سے اور اوتارا ہم نے تمہارے طرف ایک نور روشن (مبین) سو جو ایمان لایا اللہ پر اور

اعتصام کیا اُسکے ساتھہ تو اوسکو داخل کریگے اپنے رحمت وفضل مین اور ہدایت کرینگے صراط مستقیم
کی پس قرآن کا برہان اور نور روشن ہونا اور بسبب اُسکے اعتصام کے اللہ کے رحمت وفضل
مین داخل ہونا اور ہدایت صراط مستقیم کی پانا ثابت ہوتا ہے بلکہ ان امور کا اس آیت مین وعدہ ہوتا ہے
لہذا مومنین کو اعتصام بالقرآن فرض عین ولازم ہے۔

سورہ کہف مین ہے ساری حمد اللہ کے لئے ہے جس نے اوتارا اپنے بندے پر کتاب اور نہ رکھی
اوسمین کوئی کجی قیم ہے (سیدہی درست وصحیح اور قایم رہنے والی) تا آگاہ کرے اللہ کے پاس کی
سخت آفت سے۔

سورہ قمر مین بار بار ہے اور بیشک ہمنے آسان کیا قرآن کو نصیحت کے لئے پس کیا کوئی
ہے سوچنے والا۔ لہذا قرآن افصح الکلام وابلغ النظام اور کلام ملک العلام اور لایق فہم عام ہے
اوسی کو امام تمام انام کو بنانا اور اُسی پر اعتصام کرنا چاہیے اور اہل القرآن ہر مومن کو بننا
لازم ہے اور اُسکو دشوار سمجھنا خصوصاً فقیہون ومجتہدون کے کلام کو قابل فہم سمجھنا اور کلام
اللہ کو انکی بہ نسبت دشوار سمجھنا تحقیر قرآن کی کرنا اور گناہ عظیم کا مرتکب ہونا ہے سہل ممتنع جو کلام
ہوتا ہے اُسکا تجزیہ کرکے الگ الگ اُسکی خوبیون کا گنوانا ناممکن ہے اور زیادہ گنوانے سے
اصل خوبی کا کامل اندازہ کما حقہ ہو نہین سکتا لیکن اُسکے نسبت غلط فہمی پیدا ہونے کا اندیشہ ہوجاتا ہے
پس چونکہ قرآن بہی سہل ممتنع ہے لہذا خود قرآن مین قرآن کی خوبیان بقدر ضرورت بیان ہوئی ہین
اور یہ مذکور ہے کہ وہ کسکے لئے مخصوصاً مفید اور ہدایت ورحمت ہے اور اُس سے کیا کیا فواید اور
کس قسم کے فواید حاصل ہوسکتے ہین۔ قرآن کے معنی لایق ومستحق قرأت کے بھی ہین خود خدا
تعالی نے قرآن وکتاب سے اُسکو نامزد کیا ہے و قرآن حکیم ومجید وکتاب مبین اور کلام اللہ بھی
اُسکو قرآن مین فرمایا ہے اور ذکری اُسکا نام رکہا ہے یعنے یاد کرنے ونصیحت کرنیکے قابل بہی ہے

اور فرمایا ہے کہ ہمنے ذکر (محمود) کو نازل کیا ہے اور ہم اُسکے حفاظت کرنے والے ہین پس منجملہ قرآن کے دیگر نامون کے یہ مذکورہ نام قرآن کے زیادہ قابل اعتبار ہین۔

سورہ قیامت مین ہے۔ نہ ہلا تو اُسکے ساتھ (لا تحرک بہ) اپنے زبان کو کہ جلدی کرے تو اُسکے ساتھ ہمارے ذمہ ہے اُسکا جمع کرنا اور اُسکا پڑہنا (قرانہ) سو جب وقت ہم پڑہین اُسکو تو اتباع کر اُسکے پڑہنے کی پہر ہمارے ذمہ ہے اُسکو کہول بتانا (بیانہ)۔ پس آن حضرت کو حکم ہوا کہ قرآن جلد لینے کے لئے اپنی زبان کو حرکت نہ دیوین بلکہ جب پڑہا جاوے تب اُسکی اتباع کرین یعنی خود بھی پڑہین اللہ کے ذمے ہے کہ اُس پڑہے ہوئے کو جمع کرے و پڑہے پہر بیان کرے یعنی آنحضرت کو بعد جمع سمجہا کر یاد کراوے بہولنے نہ دے۔

سورہ یسٓ مین ہے اور نہین سکہلایا ہمنے اوسکو شعر اور نہین ضرورت ہے اوسکے لئے نہین ہے وہ مگر نصیحت (ذکر) اور قرآن صاف صاف (مبین) تا کہ آگاہ کرے اوسکو جو زندہ ہے اور حق ہو جاوے بات کافرون پر

سورہ طٰہٰ مین ہے نہ جلدی کر قرآن کے ساتھ قبل اس سے کہ پوری تیری طرف اُسکی وحی ہو۔

سورہ نحل مین ہے تو کہہ اوتارا قرآن کو روح القدس نے تیرے رب کی طرف سے حق کے ساتھ تا کہ ثابت کرے ایمان والون کو اور ہدایت اور بشارت مسلمین کے لئے۔

سورہ عبس مین ہے۔ ان ہذہ تذکرۃ — ایسا نہین قرآن سمجہنے کے لایق ہے سو جو چاہے

فمن شاء ذکرہ فی صحف مکرمۃ مرفوعۃ مطہرۃ — اسکو سمجہے اوراق تعظیم کئے گئے ہین بلند ہے مطہر

بایدی سفرۃ کرام بررۃ — ہے ہاتہون مین لکہنے والون کے جو تعظیم کئے گئے

پس ان آیات سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ قرآن سمجہنے کے لایق ہے اور ہر شخص جو چاہے اُسکو سمجہہ سکتا ہے وہ ایسے اوراق مین ہے جو مکرم ہین بلند ہین اس سے کہ اُن مین تصرف ہو سکے مطہر ہین اس سے کہ اس مین تحریف ہو سکے اور خباثت ملجاوین اور وہ ایسے مکرم و معظم لکہنے والون کے ہاتہون مین ہے جو بڑے نیکوکار

بھی ہین لہذا کاتبان وحی وکاتبان قرآن کا جنکے ہاتھ مین قرآن اُسوقت تھا جسوقت یہ آیت نازل ہوئی
کرام بررہ ہونا ثابت ہوتاہے پس اُنکے ذریعہ سے جو متواتر قرآن تحریری پہونچا اُسکا پورا پورا بلا کم وبیش ہونا
بھی ان آیات سے ثابت ہوتاہے نیز اُن جامعان قرآن کا جو کاتبان کی بھی حیثیت رکھتے تھے متدین ومعتبر
ہونا ثابت ہوتاہے۔ اور قرآن کا ہر قسم کے تحریفات سے مبرا ومنزہ ہونیکی تصدیق ہوتی ہے۔

منجملہ کاتبان وحی کے کسی یک یا دو کا معتبر ہونا منافی اس آیت کے نہین کثرت کا اور عموم کا لحاظ چاہیے
اور اصل کاتبان کا نہ کہ بالواسطہ غیر مصداروں کا ۔ ہمنے تیری طرف کتاب نازل کی تاکہ تو حکم کرے آدمیونکو درمیان
اوسپر جو سمجھائے تجکو اللہ (بما اریک اللہ (سورہ نسا ر) اور وحی کی گئی ہے میری طرف اس قرآن کی کہ تم
لوگونکو آگاہ کرون اوس سے اور جسکو پہونچے (ومن بلغ) (سورہ انعام)

اے آدمیو بیشک آئی تمہارے پاس موعظت تم لوگونکے رب کی طرفسے اور شفا اوسکے لئے جو دلونمین ہے
اور ہدایت ورحمت مومنین کے لئے۔ (سورہ یونس) یہ قرآن بیان کرتاہے بنی اسرائیل پر اکثر اُسکا جسمین
وہ اختلاف کرتے ہین اور وہ ہدایت ورحمت مومنین کے لئے ہے (سورہ نحل) اور اُتارتے ہین ہم قرآن مین سے
جو شفا ورحمت ہے مومنین کے لئے اور نہین زیادہ کرتا ہے ظالمون کو وہ مگر خسارہ (سورہ بنی اسرائیل) سو سوا اسکے
نہین کہ آسان کیا ہے ہمنے قرآن کو تیری زبان پر تاکہ بشارت دے تو متقین کو اور آگاہ کرے جھگڑالو قوم کو
(سورہ مریم) اور اسیطرح ہے ہمنے اُتارا قرآن کو عربی زبان کا اور پھیر پھیر سنائین ہمنے وعید اوسمین تاکہ وہ تقوی کرین یا
ڈالے اُنکے دل مین سوچ (سورہ طٰہٰ) بلکہ وہی حق ہے تیرے رب کی طرفسے تاکہ تو آگاہ کرے اُس قوم کو جسمین کوئی نذیر
نہین آیا تیرے قبل تاکہ ہدایت پاوین (سورہ سجدہ) یہ قرآن تذکرہ ہے سو جو چاہے ٹھہرالے اپنے رب کیطرف راہ
(مزمل) ایسا نہین یہ تذکرہ ہے سو جو چاہے نصیحت قبول کرے (سورہ مدثر) بڑا برکت والا ہے جسنے نازل کیا اپنے عبد پر فرقان کو
تاکہ وہ ہو عالمونکے لئے نذیر (سورہ فرقان) (سورہ بنی اسرائیل میں ہے) یہ قرآن ہدایت کرتاہے اوسکا جو بہت درست ہے
(اقوم) ۔ اور قرآن کو الگ الگ کیا ہمنے تاکہ تو پڑھے اوسکو آدمیو نپر ٹھہر کر اور اُتارا ہمنے اُسکو جیسا حق ہے اُتارنیکا (سورہ بنی اسرائیل)

## مشابہت فاتحا وران افعال سے جو شریکون کے لئے کذب کا افترا اللہ پر کرکے احمق وضال وظالم کرتے تھے

سورہ انعام مین ہے کہ فلاح نہین دیئے جاوینگے ظالم اور ٹھیرایا اُن لوگون نے اللہ کے واسطے اُس چیز مین سے کہ پیدا کیا اُسنے کھیتی اور انعام مین سے ایک حصہ سو کہا اُنہون نے یہ اللہ کے واسطے ہے انکے گمان مین اور یہ ہمارے شریکون کے لئے ہے (شریکان خدا) سو جو کچھہ ہے انکے شریکون کے لئے تو نہین پہونچتا وہ اللہ کے طرف اور جو اللہ کے لئے ہے سو وہ پہونچتا ہے اُنکے شریکون کی طرف بُرا ہے جو وہ لوگ حکم کرتے ہین اور اسیطرح زینت دی ہے بہت سے مشرکین کو اُنکے شریکون نے قتل کرنا اپنے اولاد کا تاکہ ہلاک کرین اُنکو اور تاکہ مختلط کردیوین اُن لوگون پر اُنکے دین کو اور اگر چاہتا اللہ نکرتے ایسا سو چھوڑ دے اُن لوگون کو اور جو کچھہ وہ لوگ افترا کرتے ہین۔

اور کہا اُن لوگون نے کہ یہ انعام ہین اور کھیتی ہے اچھوتے ہین نہ کھاوے اُسکو مگر جسکو ہم چاہین اپنے گمان پر اور انعام ہین حرام کیگئی ہین انکے پیٹھین اور انعام ہین کہ نہین یاد کرتے وہ لوگ اللہ کا نام اُنپر (بوقت ذبح) افترا کرنے کیلئے اللہ پر بدلا دیگا اللہ اُن لوگون کو بسبب اسکے کہ افترا کرتے تھے۔ اور کہا اُن لوگون نے جو ان انعام کے بطون مین ہین ہمارے ذکور کے لئے صرف ہے اور حرام ہے ہمارے بیویون کو اور اگر مردہ ہو تو مرد اور اونکی بیویان اُسمین شریک ہین بدلا دیگا اُنکے بیان کا وہ حکیم علیم ہے بیشک ٹوٹا مین رہے وہ جن لوگون نے قتل کیا اپنے اولاد کو حماقت سے بغیر علم کے اور حرام کیا اُن لوگون نے اُس چیز کو کہ روزی دی تھی اُن لوگون کو اللہ نے افترا کرنے کے لئے اللہ پہ بیشک گمراہ ہوے وہ لوگ اور ہدایت پانے والے نہ ہوئے سو کون اظلم ہے اوس سے جسنے افترا کیا اللہ پر جھوٹ تاکہ گمراہ کرے آدمیون کو بغیر علم کے

اللہ ہدایت نہین کرتا قوم ظالم کو۔ پس افعال مذکورہ کو اللہ نے اللہ پر کذب کا افترا کرنا اور ظلم کرنا اور سبب ہلاکت اور باعث اختلاط دین و سبب عدم ہدایت اور باعث ضلالت اور بغیر علم کے اعمال قرار دیا اور اُنکے کرنے والون کے نسبت فرمایا کہ فلاح نہ پاوینگے اور اُنکو احمق و ضال و ظالم بتلایا۔
غور کرو کہ فاتحہ جو ہندوستان کے مسلمانون مین رایج ہے وہ مشابہ افعال مذکورہ کے ہے یا نہین اور کس قدر کس طرح مشابہ ہے اور آیا اصولاً اُسکے کرنیوالے مستحق وعید مذکور ہین یا نہین۔
فاتحہ کرنیوالے کسی چیز کو نذر اللہ کی اور اُن لوگون کی جنپر فاتحہ ہوکرتے ہین اور اُسکا ثواب جنپر فاتحہ کرتے ہین اوسکو بخشتے ہین کوئی بوسیلہ اللہ اُنکو پہونچانا چاہتا ہے کوئی براہ راست اُنکا حصہ قرار دیتا ہے لیکن اندرونی غرض یہی ہوتی ہے کہ اللہ کو نہ پہونچے بلکہ اُنکو پہونچے جنپر فاتحہ کرتا ہے اور جو گویا اُسکے شرکا ہین یعنی اللہ کے لئے گویا اُسنے اُنکو شریک کرلیا ہے جنکی مدد و وسیلہ سے اللہ کی رحمت چاہتا ہے۔ عورتون کو بعض فاتحہ کی چیزون کو نہین چھونے دیتے اور بعض کو نہین کھانے دیتے حالانکہ مرد اُسکو کھاتے ہین اور بعض جانورون کی بعض چیزون پر فاتحہ جائز نہین سمجھتے۔ پس جو حصہ اُنکے لئے قرار دیتے ہین جنکی فاتحہ کہتے ہین اُسکو سمجھتے ہین کہ اللہ کی طرف نہین پہونچتا اور جو اللہ کی طرف نذر کرتے ہین اُسکا ثواب اُنکو پہونچاتے ہین جسکا نتیجہ یہ ہے کہ وہ اونکو پہونچتا ہے۔

نذرون اور قربانیون سے غرض تقویٰ ہونی چاہیئے نہ اور کچھہ اور تقویٰ ہی کا ثواب ملتا ہے نہ نمود و گوشت و اجناس و اشیا کا۔ سورہ حج مین ہے کہ ہرگز نہین پہونچتا اللہ کو گوشت اُسکا اور نہ لہو اُسکا (قربانی کا) ولیکن پہونچتا ہے اُسکو تم لوگون کا تقویٰ اسیطرح مسخر کیا ہمنے تم لوگون کے لئے تاکہ بڑائی کرو اللہ کی اُس ہدایت پر جو تم لوگون کو کی اور بشارت دی نیکی کرنے والونکو۔ پس جملہ چیزین جو انسان کے اختیار مین دیگئی ہین اور جنکو مسخرات سے اس آیت مین تعبیر کیا ہے اُنکے استعمال سے یہ غرض ہونا چاہیئے کہ اللہ کی بڑائی ہو نہ یکہ شریکون کی جنکا وسیلہ ہوجانا بزعم خود سمجھتے ہین۔ اوراد و قرآن خوانی سے غرض تدبر مذکور و عمل و اعتقاد اُسی

بنیاد پر رکھتا ہے اور اُسکا ثواب بوجہ مذکور ہوتا ہے نکہ صرف لفظون کے ادا کرنے سے پس اُسکا ثواب اول تو ہونا ہی مشکوک ہے دوسرے اوسکو بھی اوسی طرح پہونچانا جسطرح کرتے ہین اور بھی خراب ہے جبکہ فاتحہ مین ایسی مشابہت ثابت ہوتی ہے تو اسکے علاوہ جو افعال کئے جاتے ہین اُنمین بطریق اولی مشابہت زیادہ ہوگی لہذا اُنسے بھی بچنا چاہئے۔

## فلسفہ شفاعت ویوم القیامت شفاعت باذن اللہ کی حقیقت وسوا شہادت بالحق کے شفاعت وجاہت ومحبت ودیگر کوئی شفاعت اُسدن نہوگی

جب کسی معتبر کو حاکم شہادت دینے کا حساب کیوقت حکم دے اور وہ شہادت بالحق دے اور ثواب ہے تو ایسی شہادت خود عامل نیکی کے لئے شفاعت ہے۔ پس چونکہ خدا ے تعالےٰ حاکم باانصاف وعلیم وحکیم ورحیم ہے لہذا قیامت کے دن بندون کے حساب کیوقت وہ اونکو شہادت کا حکم دیسکتا ہے جو کہین سوا بےد و شہادت بالحق دیوین یعنی معتبر ہون لہذا اس شہادت کو شفاعت باذن کہا گیا ہے اور جہان پر قرآن مین ہے کہ شفاعت باذن اللہ ہوگی وہان اسی شہادت سے مراد ہے کیونکہ دوسرے قسم کی شفاعت کا اذن قرآن سے ثابت نہین اور چونکہ استثنا قرآن مین ہے لہذا قرآن ہی سے جنکو اذن ہو ثابت ہونا ضروری ہے اور چونکہ دوسرے قسم کی شفاعت اگر جائز سمجھی جاویگی تو حقیقت مین تنقیص صفات کبریائی ہے لہذا وہ ہو ہی نہین سکتین اور جو تاویلین کی گئین ہین وہ بودی ہین۔

چنانچہ بزرگون نے جو شفاعت باذن کے معنی بتائے ہین اور جو مثال دی ہے اُسمین تقویۃ الایمان مین جو کچھ لکھا ہے نقل کرتا ہون کیونکہ بہترین تاویل جو ہو سکتی تھی اُسکو اُس کتاب کے مصنف سے بہتر شاید ہی کوئی کرسکتا ہے۔ اور وہ یہ ہے۔

تیسری یہ صورت ہے کہ چور پر چوری تو ثابت ہوگئی مگر وہ ہمیشہ کا چور نہین اور چوری کو کچھ اُسنے اپنا پیشہ نہین ٹھیرایا مگر نفس کی شامت سے قصور ہوگیا سو اوسپر شرمندہ ہے اور رات ودن ڈرتا رہتا ہے

اور بادشاہ کے آئین کو سر اور آنکھون پر رکھتا ہے اور اپنے تیئن تقصیر وار سمجھتا ہے اور لایق سزا کے جانتا ہے اور بادشاہ سے بھاگ کر کسی امیر وزیر کی پناہ نہین ڈہونڈہتا اور اُسکے مقابلے کسی کی حمایت نہین چاہتا اور رات دن اوسکا منہ دیکھ رہا ہے کہ دیکھئے میرے حق مین کیا حکم فرماوے تو اُسکا یہہ حال دیکھکر بادشاہ کے دل مین اُسپر ترس آتا ہے مگر آئین بادشاہت کا خیال کرکے بے سبب درگذر نہین کرتا کہ کہین لوگون کے دلون مین اس آئین کی قدر گھٹ نہ جاوے سو کوئی امیر وزیر اُسکی مرضی پاکر اُس تقصیر وار کی سفارش کرتا ہے اور بادشاہ اُس امیر کی عزت بڑہانے کو ظاہر مین اُسکی سفارش کا نام کرکے اُس چور کی تقصیر معاف کر دیتا ہے سو اُس امیر نے اُس چور کی سفارش اس لئے نہین کی کہ اُسکا قرابتی یا آشنا یا اُسکی حمایت اُسنے اُٹھائی بلکہ محض بادشاہ کی مرضی سمجھکر کیونکہ وہ بادشاہ کا امیر ہے نہ چورون کا تھانگی جو چور کا حمایتی بنکر اُسکی سفارش کرتا تو آپ بھی چور ہو جاتا اسکو شفاعت باذن کہتے ہین یعنی یہ سفارش خود مالک کے پروانگی سے ہوتی ہے سو اللہ کے جناب مین اس قسم کی شفاعت ہو سکتی ہے اور جس نبی و ولی کے شفاعت کا قرآن و حدیث مین مذکور ہے سو اسکے معنے یہی ہین۔

مین تو ایسی شفاعت کو آیات قرآنی کے خلاف سمجھتا ہون اور الحق ارحم الراحمین کی تنقیص سمجھتا ہون کیونکہ اس خیال سے کہ آئین کی قدر گھٹ نہ جاوے اور ظاہر مین اُس امیر کے سفارش کا نام کرکے باوجود اپنے ترس کے چور کی تقصیر معاف کرائی گئی ہے مین شفاعت باذن کے دوسرے معنی سمجھتا ہون اور ہر مومن کے شفاعت کا جو شہادت بالحق دیوے عقیدہ رکھتا ہون اور قرآن مجید کے روسے اُسکو ثابت سمجھتا ہون یعنی شہادت بالحق جو قیامت مین باذن اللہ ہوگی اگر کسی کی نیکی کی بابت ہوگی تو سبب رحم ہوگی ورنہ یہی شفاعت باذن ہے اور جس طرح شفاعت وجاہت و محبت نہین ہو سکتی اُسیطرح شفاعت بھی جسکو تقویۃ الایمان مین شفاعت باذن کہا ہے نہین ہو سکتی۔

سورہ طٰہٰ مین ہے اُس دن نفع نہ دیگی شفاعت مگر اُسکی جسکو اذن دیا ہے رحمٰن نے اور جسکی بات پر وہ راضی ہوا پس جسکی بات پر اللہ راضی ہوا وہی شفاعت نفع دیگی یعنے کسی کے شہادت پر جو کسی کے نیکی کرنے کی نسبت ہوا اللہ اُسپر راضی ہوا تو وہی شفاعت نفع دیگی نہ کوئی اور شفاعت سورہ نبا مین ہے نہیں مالک ہونگے اللہ سے خطاب کرنے کے جس دن قایم ہونگی روح اور ملایکہ صف باندہ کر نہ کلام کرینگے مگر جسکو حکم دے رحمٰن اور کہے صواب۔ پس اُسدن اللہ سے خطاب کرنے اور بات کرنیکا بغیر اذن رحمٰن کے کوئی اختیار نرکہیگا اور صواب ہی کہیگا جسکو اذن بہی ہو یعنے غیر متعلق و دروغ نکہیگا لہذا شہادت بالحق ہی حیثیت شفاعت کی رکہتی ہے اور گویا وہی شفاعت ہوئی اگر نیکی کی بابت ہے۔

سورہ زخرف مین ہے ولا یملک الذین یدعون من دونہ الشفاعت الا من شہد بالحق وہم یعلمون۔ اور ملکیت نہین رکہتے ہین جنکو وہ پکارتے ہین اللہ کو چہوڑکر شفاعت کا مگر جسنے گواہی دی ہو حق کے ساتہہ پس اس آیت سے ثابت ہوتاہے کہ جس نے حق کے ساتہہ گواہی دی ہو وہ شفاعت قیامت مین کر سکتاہے و ملکیت شفاعت کے کریگا خواہ کافر ہو یا مسلمان کہتاہے کہا جاتاہے کہ شہادت بالحق ایمان لاناہے لہذا مومن شفاعت کرینگے کافر شفاعت نہ کرینگے لیکن اس آیت مین کوئی قید نہین معلوم ہوتی بلکہ چونکہ مشرکون کا ذکر ہے لہذا عام حکم معلوم ہوتاہے یا یہ کہ استثنا مشرکون کے شفاعت کرنے کے بابتہ ثابت ہوتاہے کیونکہ من دون اللہ جنکو پکارتے تھے اونکے عدم ملک کی تایید کرتاہے بہرحال مفہوم آیتہ کا عام ہے اور کوئی ہو جب شہادت بالحق و معتبر ہے تو استحقاق شفاعت کا اُسکو پیدا ہوگا لیکن اُسکے شفاعت سے یہ لازم نہین کہ اللہ معاف بہی و مغفرت بہی کرے لہذا اسکے سوا اُس یوم عظیم مین اُس مالک کریم احکم الحاکمین الرحم الراحمین کے حضور مین اور کوئی شفاعت اور کسی قسم کی نہین ہو سکتی لہذا اگر شہادت بالحق کسی کے نیکی کرنیکی شہادت ہو پس

وہ شفاعت ہوئی۔

سورہ جاثیہ مین ہے من عمل صالحاً فلنفسہ ومن اساء فعلیہا ثم الی ربکم ترجعون۔ ترجمہ جسنے عمل صالح کیا تو اُسنے اپنے لئے کیا اور جسنے برا عمل کیا تو اُسپر اُسکا ذمہ ہے پھر اپنے رب کے طرف تم رجوع ہوگے۔ پس اس آیت سے بھی ثابت ہوتا ہے کہ ہر شخص اپنے فعل کا آپ مرادار جوابدہ اور اُسکیطرف مرجوع ہونیوالا ہے پھر وہ چاہے رحمت و مغفرت کرے اور معاف کرے اور چاہے ثواب دے اور چاہے عذاب دے اور معاف نکرے آخرت وجزا و سزا کی بنیاد جو جزو ایمان خدا تعالے ہے اس اعتقاد پر ہے کہ آدمی اپنے فعل کا ذمہ دار ہے اور اللہ مالک یوم الدین کا ہے جو خود حساب کیکے جزا یا سزا دیگا بہت سی آیتین اسکے بابتہ موجود ہین جنکو بے شمار کہنا چاہیئے اور اُن سے انکار نہ ہونا چاہیئے بلکہ شفاعت بالوجاہت و بالمحبت کفر و انکار اختیار خداوندی ہے اور دیگر شفاعتون کا کچھ اثر نہین ہیانتک کہ رحم بھی اُن سے نہ آنا چاہیئے ہم آنا اُنکے اللہ کے صفات مین نقص آتا ہے۔ غرض اس کے سوا کسی کی شفاعت قرآن سے ثابت نہین نکسی کے لئے اُسکے سوا اذن شفاعت کا ملنا قرآن سے ثابت ہے۔

اور سورہ آل عمران مین ہے لایکلف اللہ نفساً الا وسعہا لہا ماکسبت وعلیہا مااکتسبت ربنا لاتؤاخذنا ان نسینا او اخطانا۔ خدا نے تکلیف نہین دیا کسی نفس کو مگر اسکی طاقت تک اُس نفس کے لئے ہے جو اُسنے کسب کیا اور اُسپر ذمہ ہے جو اُس نفس نے کسب کیا اے رب ہمارے نہ پکڑ ہمکو اگر بھول گئے ہم یا چوک گئے ہم۔ سورہ بقر مین ہے یا بنی اسرائیل اذکروا نعمتی التی انعمت علیکم وانی فضلتکم علی العالمین واتقوا یوماً لاتجزی نفس عن نفس شیئاً ولا تقبل منہا عدل ولا تنفعہا شفاعۃ ولا ہم ینصرون اے بنی اسرائیل یاد کرو میری نعمت کو جسکو انعام کیا مین نے تم لوگون پر اور مین نے فضل دیا تم لوگون کو عالمون پر اور تقوی کرو اُس دن سے کہ نہ بدلا دیگا کوئی نفس کسی نفس کا کسی شئے مین اور نہ قبول کیا جاویگا اُس نفس سے بدلا اور نہ نفع دیگی اُس نفس کو شفاعت اور نہ وہ مدد دئے جاوینگے۔ پس ان آیات سے

ثابت ہوتا ہے کہ کسی نفس کو قیامت کے دن شفاعت نفع نہ دیگی درانحالیکہ ہر نفس ذمہ دار ہے اُسکا جو اُس نے کسب کیا ہے ۔ سورہ بقر مین ہے ۔ یا بنی اسرائیل اذکروا نعمتی التی انعمت علیکم وانی فضلتکم علی العالمین واتقوا یوماً لا تجزی نفسٌ عن نفسٍ شیأً ولا تقبل منہا شفاعۃٌ ولا یوخذ منہا عدلٌ ولا ہم ینصرون ۔ ان آیات مین بجاے لا تقبل منہا عدلٌ ولا تنفعہا شفاعۃ کے لا تقبل منہا شفاعۃ و یوخذ منہا عدلٌ ہے جس سے اور محکم طور پر ثابت ہوتا ہے کہ شفاعت قبول نہ کیجاویگی اور بدلا نہ لیا جاویگا اور نہ قبول کیا جاویگا اُس دن کسی نفس سے ۔ سورہ بقر مین ہے یا ایہا الذین آمنوا انفقوا مما رزقنکم من قبل ان یاتی یومٌ لا بیعٌ فیہ ولا خلۃٌ ولا شفاعۃٌ والکافرون ہم الظالمون ۔ اے مومنو خرچ کرو اُسمین سے جو روزی دی ہے ہمنے تم لوگون کو قبل اسکے کہ آوے وہ دن کہ نہ بیچ ہے اُسمین نہ دلی دوستی اور نہ شفاعت اور کافر وہی ظالم ہین اس آیت مین مومنین مخاطب ہین اور آیات مذکورہ بالا مین بنی اسرائیل سے خطاب تھا مگر مفہوم سب کا عام ہے یعنی جس شفاعت سے انکار ہے کہ اوس دن نہ ہوگی وہ نہین ہوگی کیونکہ محکم طور پر آیات مذکورہ بالا مین ہے تو کہدے ۔

سورہ انفطار مین ہے ثم ما ادراک ما یوم الدین یوم لا تملک نفسٌ عن نفسٍ شیأ والامر یومئذ للہ پھر تونے کیا جانا کیا ہے دن انصاف کا جسدن مالک نہ ہوگا کوئی نفس کسی نفس کا کسی شے مین اور حکم اُس دن اللہ کے لئے ہوگا ۔

سورہ دخان مین ہے یوم لا یغنی مولیً عن مولیً شیأً ولا ہم ینصرون الا من رحم اللہ انہ ہو العزیز الرحیم ۔

جسدن نہ پروا کریگا کوئی مولیٰ کسی مولیٰ سے کچھ اور نہ وہ مدد کئے جاوینگے مگر جسپر رحم کیا اللہ نے وہ عزیز الرحیم ہے ۔

سورہ زمر مین ہے ام اتخذوا من دون اللہ شفعاء قل اولو کانوا لا یملکون شیأً و

کیا ٹھرایا ہے ان لوگون نے اللہ کو چھوڑ کر شفاعت کرنیوالے تو کہدے اگرچہ ہون وہ مالک کسی شے کے

ولا یعقلون قل للہ الشفاعۃ جمیعاً لہ ملک السموات والارض ثم الیہ ترجعون ۔ | اور نہ وہ عقل رکھتے ہون تو کہدے اللہ ہی کیلئے شفاعت سب ہے اُسیکے لئے ہے راج آسمانون زمین کا پھر اوسکے طرف تم لوگ رجوع ہوگے ۔

سورہ انعام مین ہے وذکر بہ ان تبسل نفس بما کسبت لیس لہا من دون اللہ ولی ولا شفیع وان تعدل کل عدل لا یؤخذ منہا اولئک الذین ابسلوا بما کسبوا لہم شراب من حمیم وعذاب الیم بما کانوا یکفرون ۔ اور اُسکے ساتھ نصیحت کر کہ ہلاک ہوگا ہر نفس بسبب اُسکے جو اُس نے کسب کیا ہو اُس نفس کے لئے کوئی نہین اللہ کو چھوڑکر ولی اور نہ شفیع اور اگرچہ وہ بدلا دینا چاہے ہر قسم کا بدلا نہ لیا جاویگا اُس سے وہی ہین جو ہلاک ہوے بسبب اپنے کسب کے اُنکے لیے کھولتا ہوا پانی ہے پینے کو اور عذاب الیم بسبب اُنکے کفر کے پس ثابت ہوا کہ سوا ے اللہ کے کوئی ولی و شفیع نہین اور کسی قسم کا بدلا نہین لیا جاویگا ۔ سورہ انعام مین ہے ۔ ماتری معکم شفعاءکم الذین زعمتم انہم فیکم شرکاء لقد تقطع بینکم وضل عنکم ما کنتم تزعمون ۔ اور ہم نہین دیکھتے تم لوگون کے ساتھ تم لوگون کی شفاعت کرنے والے جن کو تم لوگ زعم کرتے تھے کہ وہ اللہ کے شریک ہین تم لوگون کے درمیان بیشک قطع ہوگئے تم لوگون کے درمیان اور بھاگ گئے تم لوگون سے جنکا تم لوگ زعم کرتے تھے ۔

سورہ اعراف مین ہے اور جنکو تم من دون اللہ پکارتے ہو نہین استطاعت رکھتے وہ لوگ تم لوگون کے مدد کی اور نہ اپنے جان کی مدد کرتے ہین اور اگر پکارو تم لوگ اُن لوگون کو ہدایت کی طرف نہ سنینگے وہ لوگ اور دیکھتا ہے تو (اے دیکھنے والے) کہ دیکھتے ہین تیری طرف حالانکہ وہ لوگ نہین دیکھتے اور سورہ انعام مین ہے تو کہدے کہ کیا اللہ کے غیر چاہون مین رب اور وہ رب ہر شے کا ہے اور نہین کسب کرتا ہر نفس مگر اُسپر اُسکا ذمہ ہے اور نہین اُٹھاتا کوئی اُٹھانے والا بوجھ دوسرے کا پھر میرے طرف تم لوگون کا مرجع ہے سو آگاہ کرونگا تم لوگون کو

جسمین تم لوگ اختلاف کرتے تھے اور سورہ زمر مین ہے اور جنہون نے پکڑ رکھا اُسکے سوا دوست
اللہ اولیا، نہین پوجتے ہین ہم اُن لوگون کو مگر تاکہ قریب کردین اللہ کے طرف اور بیشک اللہ
حکم کریگا اُن لوگون کے درمیان اُسمین جسمین وہ اختلاف کرتے تھے اللہ نہین ہدایت کرتا اُسکو کہ جو
جھوٹ بولنے والا کافر ہو لہذا اس آیت سے ثابت ہوتا ہے کہ کسی کی عبادت اپنے اللہ کے نزدیک
درجہ کو قریب کردے جائز نہین اور وہ عمل کاذب کفار کا ہے۔ سورہ نجم مین ہے کیا اُسکو خبر نہین
دیگئی جو صحف موسیٰ مین ہے اور اُس ابراہیم کے جسنے پورا اُتار دیا یہ کہ نہ اُٹھاویگا کوئی اُٹھانے والا
بوجھ دوسرے کا اور یہ کہ نہین آدمی کیواسطے مگر جسکی اُسنے سعی کی اور یہ کہ اُسکی سعی دیکھی جاویگی پھر بدلا دیا جاویگا
اُسکو بدلا پورا اور یہ کہ تیرے رب کیطرف منتہی ہے پس کتب سابقہ مین بھی امور مذکور کی تصدیق ہے
لہذا اس سے زیادہ اور شفاعت مذکور کے خلاف اور کیا شہادت الہامی ہوسکتی ہے اور سورہ مومن مین ہے
ظالمون کیلئے نہ دوست ہے نہ شفیع جسکی اطاعت کیجاوے۔

عوام ایمان لانے ہی کو یعنی اعتقاد کرلینے ہی کو جو بغیر عمل کے ہو مومن ہونا سمجھتے ہین اور عمل کو
ایمان کے لئے لازم نہین سمجھتے شفاعت کے مسئلے پر اسکا بڑا اثر پڑتا ہے کیونکہ جبکہ اعتقاد ہی کو عوام امت
محمدیہ مین شامل ہوجانے اور محمدی ہوجانے کا اور نجات پاجانے کے لئے کافی سمجھتے ہین تو گویا وہ
سمجھتے ہین کہ برے عمل کی سزا اُنکو ملنا چاہئے اور نارضامندی خداوند تعالیٰ کے لئے جو بوجہ اعمال
بد کرنے و حکم نہ ماننے کے ہو اُسکے معافی کے لئے اُسکو کافی سمجھتے ہین کہ کوئی مقرب سفارش کردے
اور اسی وجہ سے یہ خیال کرنے لگتے ہین کہ چونکہ وہ اللہ اور آنحضرت پر ایمان رکھتے ہین لہذا آنحضرت
سفارش کرکے اُنکی بداعمالی کی سزا اُنھونے دیوینگے حالانکہ دوسری امت کے اُسی قسم کے
بداعمال سزا پاوینگے۔

حالانکہ حق یہ ہے کہ برے عمل کے کرنے والے سے نہ اللہ راضی ہے نہ محمد رسول اللہ

اور ایمان اسی لئے ہے کہ بُرے عمل نہ کرین - پس ایسے باعتبار نام و باعتبار اعتقاد کے
امت محمدیہ مین سے ہین لیکن حقیقتاً مومن نہین اور اللہ و رسول بُرے عمل کرنے والے سے بیزار
ہین پس کیسے شفاعت کرینگے بُرے عمل کر کے شفاعت کی امید ہی گناہ ہے
برخلاف اسکے اللہ کی رحمت سے امید و ندامت نیکی ہے جو سبب رحمت ہو سکتی ہے یہ نکتہ قابل یاد ہے

سورہ یونس مین ہے اور عبادت من دون اللہ وہ کرتے ہین اُنکی جو نہ اُن لوگون کو ضرر
پہونچا سکتے ہین نہ نفع اور کہتے ہین یہ ہمارے شفعا ہین اللہ کے نزدیک تو کہہ کیا تم لوگ
آگاہ کرتے ہو اللہ کو اُسکے ساتھ جو وہ نہین جانتا آسمانون مین اور نہ زمین مین پاک ہے وہ
و برتر اُس سے جس سے وہ لوگ شریک کرتے ہین پس شفیع ظن و اٹکل سے وہ بناتے تھے جنکی
بابت یہہ آیات ہین - **فلسفہ قرآن بنسبت جزاے محاربین و ساعیین فسا و
فی الارض جو قبل قدرت توبہ نکر چکے ہون** - سورہ مایدہ مین ہے کہ سواے اسکے نہین
کہ جزا اونکی جو حرب رکھتے ہین اللہ اور اوسکے رسول سے اور فساد کرتے ہین زمین مین یہ ہے کہ الآیہ -
دار الحرب مین ایسے لوگ بھی ہوتے ہین جو مددگار و تہاگی رہتے ہین ایسونکے جو براہ راست مومنین سے
حرب یا جرم نہین کرتے مگر بواسطہ اصل مجرمون کے وہ جرمونکے ارتکاب کا سبب ہوتے اور فساد
کرنیکے لئے دوڑتے اور سعی کرتے رہتے ہین ایسے تہاگیون پر شہادت کافی دیر مین ملتی ہے لیکن قیاسات
صحیح و متواتر سبب ملجاتے ہین تو اگر اونکے انسداد کے لئے کوئی فوری طریق اختیار نہ کیا جاوے تو فتنہ
و فساد نہین رُکتا اور جلد جلد بڑھتا جاتا ہے اور جرایم مقدار و تعداد مین زیادہ ہوجاتے ہین لہذا آیت مین
حکم ہے کہ قبل اسکے کہ اُنپر قدرت پاؤ اگر وہ توبہ کر چکے ہون تو اللہ غفور الرحیم ہے یعنی سزا نہ دیجاوے پس چونکہ
براہ راست وہ مجرم نہین ہوتے لہذا انسداد کے لئے سزا دیجاتی ہے اسلئے ایسے لوگون کے لئے سزا کا حکم
سولی یعنی لیکن نفی فی الارض تک ہوا اور یہ رحمت ہے کہ توبہ کر چکے ہون تو سزا نہ دیجاوے اور حکمت بھی ہے

# فلسفہ آخرت وقیامت وجزا وسزا بروے بیان قرآن

صلاح وفلاح کے لئے آخرت مین جزا وسزا ملنے کی ضرورت کیون ہے جس کام کے کرنے کے لئے انسان کو ذمہ دار قرار دیا جاوے کہ وہ اپنے ذمہ داری پر اوس کام کو انجام دے اور اوسکا انتظام تا بہ اپنے امکان کرے اگر جس نے اوس انسان کو ذمہ دار قرار دیا ہے اسکو اُس ذمہ دار کو جواب دینا اور اُس کا حساب سمجھانا اور اُسپر جزا یا سزا پانا ہے بلحاظ اپنے ذمہ داری کے تو خوف اور طمع سے جس طرح وہ کام انسان انجام دیگا دوسرا کسی طرح سے اُس طرح اور اوس خوبی سے پورا نکریگا۔ اس دنیا مین اسی طرح ہوا ہے اور اسی طرح ہوتا ہے اور اسیطرح ہوگا پس یہہ خصوصیات ومخصوصیات انسانی مین سے ہے اور تمام انسان اُسمین اشراک وحیثیت واحد کہتے ہین اگر یہ بہی صحیح ہے کہ انسان اس غرض سے مخلوق ہوا ہے کہ تقویٰ وعمل صالح کرے۔ یا کم سے کم یہ ہے کہ حسن معاشرت وحصول راحت کی ضرورت سے انسان کو ہر طرح ضرور ولازم ہے کہ تقویٰ وعمل صالح کرے۔

تو اس ضرورت یا فرض کا مقتضا ہے کہ انسان اُسپر یعنی اپنی اعمال کے سزا وجزا ملنے پر ایمان لاوے اور نہ ایمان بلکہ نہایت استقامت وانتہائے جوش وخروش کے ساتھ اپنے کو ایسا بناوے اور بہترین جذبات پیدا کرے کہ مستقلاً ومنفرداً اُسپر کما حقہ عمل ہونے لگے اور ہر یک انسان دوسرے انسان سے انجام دلانا اپنا فرض عین سمجھکر اُسپر عمل کرے ویا بندہ ہو یعنی خود بہی عمل کرے اور دوسروںسے بہی انجام دلاوے۔ اور چونکہ اچہے وبرے عملونکے درجے باہم کم وبیش متفاوت ہین کوئی بہت بڑا اور کوئی اُس سے کم اور کوئی بہت اچہا اور کوئی اُس سے برا ہے لہذا جزا وسزا کی نوعیت بمقدار عمل یعنی جرم ونیکی کم وبیش ہونا ومتفاوت ہونا لازم وضروری ہے دوسرے چونکہ اس دنیا مین ہر عمل کی جزا وسزا ٹہیک نہین مل سکتی اور نہ ملتی ہے لہذا یہہ اصلی

ضرورت اس پر پابند کرتی ہے کہ دوسرے دنیا کے لئے یعنی آخرت مین جزا وسزا کا ملنا قرار دیا
جاوے تاکہ جس نے ذمہ دار بنایا ہے وہ بحیثیت مالک کامل جزا وسزا دہانی ہوے اور جواب لیوے
اور حساب کرے اور انعام و ثواب یا عذاب دے لہذا اگر اصلاح و فلاح دنیا کی انسانونکی اس
اعتقاد پر کہ جزا وسزا ذمہ دار کو آخرت مین دیجاوے بہ نسبت دیگر اعتقادات تناسخ و فرض انسانی
و بہبودی خلایق کے اعتقاد کے زیادہ ہے اور یہ طریق حقیقتاً و عملاً و تجربتاً زیادہ موثر و مفید و راحت
رسان ہے تو ہر انسان و نیز خلایق کے بہبودی چاہنے والے کا فرض ہے کہ جزا سزا کے دوسرے
دنیا مین ملنے پر اعتقاد لاوے اور اسکے بڑہانے پر بہترین کوشش کرے اور اپنی قوت
و محنت سب چیزونکو اُسپر لگادے کیونکہ اس دنیا کے سزا و جزا سے مطلوب کما حقہ نہین ملتا
و تقویٰ و عمل صالح و صلاح و فلاح نہین ہوتی۔ اور کوئی معقول وجہ نہین ہے کہ جزا
و سزا مذکور کے بہتر ہونیکے نسبت انکار کیا جاوے۔ اور جبکہ انبیا و رسل و کتب الہامی سے متواتر طور
پر اُس کی تصدیق ہوتی ہے تو اور بھی گنجایش انکار کی نہین ہے۔

لہذا سب سے بڑی و قوی ضرورت و سب سے بڑا و اہم فرض انسان کا اس غرض سے
اللہ مالک دنیا و آخرت و حکیم و خبیر و حلیم پر اور آخرت مین جزا و سزا پر ایمان لانا ہے تا کہ صالح و متقی
بنے۔ اور اللہ نے اپنی رحمت سے بذریعہ انبیا و رسل کے اُس سے آگاہ فرمایا اور اُسکی تصدیق کی ہے
پس آخرت مین جزا و سزا بحکم مالک یوم الدین ملنا یقینی ہے اور شک جو اُسمین کرتے ہین
اُنکو وعید کے موافق سزا کا ملنا بھی یقینی ہے کیونکہ حق یہ ہے کہ ایسے شک کے کرنے والے اور
انکار کرنے والے عمل صالح و تقویٰ مین کامیاب نہین ہو سکتے۔

سورہ یونس مین مذکورہ بالا امور نہایت خوبی و خوش اسلوبی سے اس طرح بیان ہوئے
ہین۔ اللہ امر کی تدبیر کرتا ہے کوئی شفیع نہین مگر بعد اُسکے اذن کے یہ اللہ تمہارا رب ہے سو

اُس کی تم لوگ عبادت کرو سو کیا تم نصیحت نہین قبول کرتے اُسی اللہ کی طرف تم لوگون سب کا مرجع ہے اللہ کا وعدہ حق ہے وہ ابتداً پیدا کرتا ہے خلق کو (یبدء الخلق) پھر دوبارہ کریگا اُسکو (ثم یعیدہ) (یعنی اوسکا اعادہ کریگا) تاکہ بدلا دے اُن لوگونکو جو ایمان لائے اور عمل صالح جنہون نے کیا قسط کے ساتھ اور جنہون نے کفر کیا اُنکے لئے گرم پانی کا پینا ہے اور عذاب دُکھ دینے والا ہے بسبب اُنکے عمل کے۔

پس بدا اور اعادہ اسلئے ہے تاکہ قسط کے ساتھ نیکونکو جزا دیجاوے اور کفر کرنے والونکو بسبب اُنکے عمل کے سزا اللہ مدبر الامر و رب ہے اُسی کیطرف مرجع ہے اُسکا وعدہ بھی حق ہے سو اُسی کی عبادت کرو تاکہ اُسکے وسیلہ سے ایمان و عمل صالح ہو ان آیات کے ان سب مفہومات و بیانات پر خیال رکھنا چاہئے۔

سورہ بنی اسرائیل مین ہے جو آخرت پر ایمان نہین لاتے تیار کیا ہے ہم نے اُنکے لئے عذاب الیم۔ قیامت و آخرت و جزا و سزا وغیرہ پر ایمان اللہ تعالے کا جزو ایمان ہے یعنی عذاب و ثواب کا ملنا اور دوسری جگہہ ہے جو آخرت پر ایمان نہین لاتے وہ بسبب اعمال کے سرگردان ہین وہی وہ ہین جنکے لئے سوء العذاب ہے اور وہ آخرت مین بھی ٹوٹا مین ہین اور جو آخرت پر ایمان نہ لاوین اُنکے لئے دوسری آیت مین وعید سخت کی ہے آخرت پر ایمان لانا جزو ایمان خداے تعالے ہے کیونکہ جو آخرت پر ایمان نہ لاویگا وہ اللہ کو مالک یوم الدین جانیگا

سورہ حدید مین ہے کہ آخرت مین عذاب شدید ہے اور مغفرت اللہ کے طرف سے اور رضامندی۔ قیامت مین کوئی نفس کسی نفس کا مالک نہ ہوگا اور مال اور لڑکے اور کوئی شے کسی شے مین نفع نہ پہونچا سکین گے سواے خداے تعالے کے کوئی نہین جانتا کہ کہ قیامت کب آوے گی خداے تعالے نے خود فرمایا ہے کہ پوچھا اُسکی نسبت کتنا پتا بتا رہون

اور یکایک آجائیگی سورہ واقعہ کے آیات کا خلاصہ یہ ہے اور وہ مصر ہوتے ہین گناہ عظیم پر
اور کہتے ہین کہ جب کہ ہم مرجاینگے اور مٹی اور ہڈی ہوجاوینگے آیا اٹھائے جاوینگے
ہم یا ہمارے آبا تو کہدے پہلے او پچھلے البتہ اکھٹا کئے جاوینگے (میقات) روز معین کو اے ضالین
مکذبین . . . ہمنے تمکو پیدا کیا تو کیون نہین سچ مانتے کیا دیکھتے ہو تم جو منی کہ ڈالتے ہو کیا تم
پیدا کرتے ہو یا ہم پیدا کرتے ہین ہم نے ہی مقدر کی تمہارے درمیان موت کو اور ہم نہین ہینے
سے رُکے ہوئے اس سے کہ بدل دین تمہارے امثال کو اور اُٹھا وین تمکو اُسمین جسمین
تم نہین جانتے البیشک تمنے جان لیا ہے نشاط اول کو سو کیون نہین نصیحت حاصل کرتے
پس یوم الدین یعنے قیامت کے دن اولین اور آخرین کا حشر و نشر ہوگا اور وہ جمع کئے جاوینگے
اور جب نفخ فی الصور ہوگا تو جو موجود ہوگا وہ بھی جمع ہوجایگا اللہ اُسکا وقت ظاہر نہین کریگا لا یجلیہا الخ

سورہ عنکبوت مین ہے کہ جن لوگون نے آیت اللہ کو کے ساتھ اور اُسکے لقا کے
ساتھ کفر کیا وہی مایوس ہوئے میری رحمت سے اور اُنہین کے لئے عذاب الیم ہے
پس اس آیت سے ثابت ہوتا ہے کہ لقا رب کے انکار سے اللہ کی رحمت سے مایوس
ہونا ہے یعنے آخرت کے اعتقاد نہ لانے سے لہذا وہ سبب عذاب الیم کا ہوتا ہے کیونکہ عمل
صالح مایوسی مذکورو انکار لقا رب کی وجہ سے نہین ہوسکتا۔

سورہ مرسلات مین ہے اور کیا جانا تونے کیا ہے دن فیصلے کا (یوم الدین) سو
وا ہے اُسدن جھٹلانے والون کے لئے یہ دن فیصلے کے کرنے کا ہے تم لوگون کو
اور پہلون کو ہم جمع کرینگے۔

سورہ نور مین ہے۔ مرد ہین کہ غافل نہین کرتی اُنکو تجارت اور نہ بیع اللہ کی یاد سے
اور قایم کرتے ہین نماز اور دیتے ہین زکوۃ ڈرتے ہین اُسدن سے جسمین پھر جاوین گے

قلوب اور آنکھین تاکہ بدلا دے اللہ اُن لوگون کو اُنکے احسن عمل کا اور زیادہ دے
اُن لوگون کو اپنے فضل سے اور اللہ جسکو چاہیگا بغیر حساب کے دیگا پس جزا اگر خدا
چاہیگا بغیر حساب کے دیگا لیکن سزا پورے حساب سے دیجاویگی جیسا کہ دوسرے آیات مین ہے
عذاب و ثواب کے نسبت بیان قرآن بطور مثال کے ہے تاکہ نعمتون اور آلام کا تصور
انسان کو ہوسکے اور مثال سے خیال ہوسکے پس زیادہ سے زیادہ اُس قسم کی تکالیف
و رنج ہونگے اور زیادہ سے زیادہ اُس قسم کی نعمتین و راحتین ہونگی چنانچہ اللہ تعالی نے
فرمایا ہے سو نہین جانتا کوئی نفس جو چھپا دیا ہے ہمنے اُنکے لئے آنکھون کے ٹھنڈک
مین سے بدلا اُسکا جو وہ کرتے ہین اور فرمایا اُسمین وہ چیز ہے جسکو نفس چاہے اور جو لذت
دے آنکھون کو اور سورۂ رعد مین فرمایا کہ مثل اُس جنت کے جو وعدہ کی گئی ہے متقین کے لئے
جاری ہین اُسکے نیچے نہرین اُسکا میوہ دایم ہے اور اُسکا سایہ - یہ آخر اُن لوگونکا ہے
جو متقی ہین اور آخر کافرین کا نار ہے -

معاد کے متعلق یہ مسئلہ معرکۃ الآرا و پیچیدہ ہے کہ ہڈی بعد مرنے کے جب گل گئین اور
کھوکھری ہوگئین اور چور ہوکر مٹی مین مل گئین تو قیامت کے دن جبکہ اولین و آخرین جمع ہونگے تو
اُنمین کس طرح جان آویگی اور کس طرح وہ درست ہونگی جس خوبی سے یہ پیچیدہ و مشکل مسئلہ قرآن مین
حل کیا گیا اور سلجھایا گیا ہے وہ قابل یادرکھنے و داد دینے کے ہے اور چونکہ اسی پر اسکا
فیصلہ بھی ہے کہ معاد روحانی ہوگا یا جسمانی یا جسم و روح دونون کے ساتھ اور عذاب و ثواب
کس پر ہوگا اس لئے اس مسئلہ کی اہمیت اور بھی بڑھ جاتی ہے قرآن مین یہ بحث کہ عذاب و ثواب
کس پر ہوگا نہین اُٹھائی گئی ہے اور قصداً مذہبی بحث کے تحت مین اسکو نہین لایا گیا ہے کیونکہ
اوسکے بحث کے وقت روح و جسم کی حقیقت و اصلیت پر بھی بحث آپڑتی اور جو تعلق بدن کے

ساتھ جسم کو ہے اوسکا بھی فیصلہ کرتا ہو تا جسکا سمجھنا فطرت انسانی سے مافوق ہے اور مذہبی حیثیت سے اُن پر بحث مفید نہین صرف اپنی ذات کا یقین کافی ہے اور خود اپنے ذات سے زیادہ بدیہی اور کوئی شے نہین اور ہرا انسان یہ سمجھتا ہے کہ اُوسکے جسم پر ایک دوسری چیز بھی حکومت کرتی ہے جسکو وہ اپنی ذات کہتا ہے اگرچہ وہ اپنے جسم اور ذات کی حقیقت واصلیت نہین جان سکتا تاہم اپنے مین ان دونون چیزون کے ہونیکا یقین کرتا ہے یا اُنمین باہمی تعلق سمجھتا ہے –

سورہ یٰس ۳ مین ہے کیا دیکھا نہین آدمی کو کہ ہم نے اوسکو پیدا کیا ایک نطفہ سے سو اب وہ ہو گیا جھگڑنے والا اور ہم پر مثل کہتا ہے اور بھول گیا اپنے خلق کو کہنے لگا کون زندہ کریگا ہڈیون کو حالانکہ وہ گل گئی ہونگی تو کہہ زندہ کریگا اوسکو وہ جسنے بنایا اونکو اول بار حالانکہ وہ ہر قسم کا بنانا جانتا ہے جسنے ٹھرایا تمہارے لئے سبز درخت سے آگ سو اب تم اُس سے سلگاتے ہو کیا نہین ہے وہ قادر اُسپر جس نے پیدا کیا آسمانون اور زمین کو کہ پیدا کرے مثل اوسکے ہان حال یہ ہے کہ وہ پیدا کرنے والا اور جاننے والا ہے سوا اسکے نہین کہ اوسکا امر جب ارادہ کرے کسی شے کا (چاہی ہوئی چیز کا) یہ ہے کہ کہدے ہو جا پس ہو جاتی ہے سو پاک ہے وہ جس کے ہاتھ مین حکومت ہر شے کی ہے اور اُسکے طرف تم لوگ پھر جاؤ گے - پس ان آیات مین پہلے نطفہ پیدا ہونے کا ذکر کیا تاکہ اشارہ ہو کہ روح مادی نہین ہے لیکن نطفہ کے ذریعہ سے جو بدن ہوتا ہے اوسمین وہ شامل ہوتی ہے اور نطفہ کے ذریعہ سے انسان جیسے مخلوق کا وجود عجیب ہے اس سے کہ ہڈی جو چور ہو گئی ہون جمع ہو جاوین - پھر فرمایا کہ جس نے اول بار بنایا وہ زندہ کریگا وہ ہر قسم کے خلق پر علیم ہے یعنی وہ جانتا ہے کہ پہلے بار خلق کیسے اور کس طرح ہوا بلکہ ہر قسم کے خلق کرنے کو وہ جانتا ہے پس یہ جواب دیا کہ بحیثیت قدرت اعتراض نہین ہو سکتا

پہر فرمایا کہ سبز درخت سے آگ اوس نے بنا یا یعنی سبز درخت سے آگ نکلنا اس سے زیادہ عجیب ہے
کہ ہڈیون کا چورہ جمع ہو جاوے اور پہر ترقی کر کے فرمایا کہ اوس سے بہی عجیب بحیثیت مجموعی
آسمانون وزمین کا خلق ہے تو کیا ایسا خالق ایسی قدرت نہین رکہتا ان ابلغ دلایل کے
بعد اور صاف کر دیا کہ۔ اللہ جب کسی چیز کو چاہتا ہے یعنی اُسکا ہونا چاہتا ہے تو سوا اسکے
نہین کہ اوسکا امر یہی ہے کہ کہتا ہے ہو جا وہ ہو جاتی ہے یعنی کسی شے کے وجود کے لئے اللہ
تعالے کا اوسکے ہو جانے کا حکم دینا اوسکے ہو جانے کے لئے کافی ہے بعد اوسکے حکم کے کوئی
حالت منتظرہ باقی نہین رہتی اور کسی دوسرے چیز کی اوسکے وجود مین آنے کی غرض کے لئے ضرورت
نہین ہوتی اللہ محتاج اسکا نہین کہ اوسکے حکم کے لئے جو کسی شے کے وجود مین آنے کے لئے
ہو مادی اشیاء کا وجود ہو تب وہ شے وجود پذیر ہو اُسکے مخلوق اشیاء مین علت مادی کی ضرورت
ہی نہین مگر اوسمین جسمین اُسنے خود علت مادی کو علت قرار دی ہو۔ پس پوری گتھی کہلگئی کہ چور ورد
گلی ہوئی اور کہوکہری اور مٹی مین ملی ہوئی ہڈیون کے جمع ہونے مین قیامت کے دن صرف اللہ کے
امر کی ضرورت ہوگی اور کسی دوسرے علت جمع کرنیوالی کی ضرورت نہین ہے اور جبکہ جسطرح پہلے اللہ نے
پیدا کیا تھا اوسکے مثل وہ پیدا کرسکتا ہے تو اعتراض صحیح نہین ہوتا کیونکہ پہلے بہی اوسکے حکم کے
اشیاء پیدا ہوئین اور اب بہی کُن سے جمع یا پیدا ہو جاوینگی۔ پہر فرمایا کہ پاک ہے وہ جسکے ہاتھ مین
حکومت ہر شے کی ہے اور جسکی طرف تم لوگ پہر جاؤ گے اس سے یہ بہی ظاہر کر دیا کہ جبکہ حکومت اللہ ہی کے
ہاتھ مین ہے تو وہ اسکی بہی رعایت رکہتا ہوگا کہ ہڈیان جمع ہو جاوین بشرطیکہ سلسلہ علت ومعلول کا
تابع اوسنے اُنکو کیا ہو انسان کو کیا معلوم ہے کہ جسکے ہاتھ مین حکومت ہر شے کی ہے اُسنے یہ حکمت
بہی رکہی ہیت یا نہین کہ قیامت کے دن ہڈیان اپنی اصلی حالت پر آجاوین اور اکٹھا ہو جاوین یہ باتین
سمجہانے ومطمئن کرنے اور بحث کو کم کر دینے کے لئے اللہ تعالی نے بیان کی ورنہ سیدھا جواب تو یہ ہے

کہ کن سے ہر شئے ہو جاتی ہے کسی چیز کی ضرورت نہین رہتی پھر کن سے وہ جمع ہو جاوینگی شک کرنا غلط جھگڑا کرنا ہے۔

اعادہ کے تسلیم کے ساتھ ہی یہ بھی مسلم ہو جاتا ہے کہ جیسے مرے اگر ویسے ہی زندہ ہوئے تو جس حالت مین زندگی ہوگی ویسی پر عذاب یا ثواب ہوگا اور اگر صرف روح جمع ہوئین تو انہین کو دوبارہ گلی ہوئی ہڈیون مین جان پہنچنے کے امکان کا ثبوت ہے اور چونکہ خدائے تعالی کی ذات و صفات کی اصلیت و حقیقت لامعلوم ہے اور اُسکی صفات زائد علی الذات نہین ہو سکتین لہذا کسی مادہ کی ضرورت اللہ تعالے کو کسی شئے کے وجود مین لانے کے لیے نہین ہے صفت علم ہے ہر شئے کے ظہور و وجود مین لانے کا سبب ہو سکتی ہے اور کن کہدینا اوسکے لئے کافی ہے

سورہ انبیا مین ہے کہ آسمان اور ارض لپٹے ہوئے تھے سو کھولدیا ہم نے اُن دونون کو اور بنایا ہم نے پانی سے ہر زندہ شئے کو۔ جسدم ہم لپیٹ لیوینگے سما کو جیسے لپٹتے ہین طومار لکھے ہوئے کو جیسا سرے سے بنایا تھا ہم نے اول خلق کو ویسا ہی لوٹا وینگے ہم اُسکو وعدہ ہمارے اوپر (لازم) ہے ہمکو کرنا ہے۔ پس ان آیات سے ثابت ہوتا ہے کہ بندہا ہوا اور لپٹا ہوا طومار جسطرح کھولدیا جاتا ہے اور کھلتا چلا جاتا ہے اُسیطرح سے آفرینش کی ابتدا ہوئی اور ہوتی گئی اور جسطرح طومار ذکو لپیٹ لیا جاتا ہے اور جو کچھ اُسکے اندر ہوتا ہے وہ سب لپٹنے والے کے پاس جمع ہو جاتا ہے اُسیطرح قیامت کے دن سما مثل سابق کے لپیٹ لیا جاویگا اور یہ اعادہ ہوگا پس سب جمع ہو جاوینگے اور جس حالت اور جس کسوبہ کیفیت کو لئے ہوئے روح انسانی بدن سے مفارقت کیا ہے یعنی مع نسمہ کے وہ اعادہ کے وقت ویسا ہی موجود ہوگی اور حشر کے لئے حاضر ہو جاویگی اور اور اللہ اسپر بھی قادر ہے کہ امثال انسانی بدل دے لہذا زیادہ تفصیل نہ ہونا مصلحت و حکمت ہے

## فلسفہ نبوت ورسالت بروے قرآن و فرق منذرو ہادی و فضیلت آنحضرت ﷺ

رب العالمین نے انبیا و مرسلین کو انسان کی ہدایت کے لئے اپنی رحمت سے جب جیسی ضرورت تھی مبعوث فرمایا کل انبیاء و رسل کے دین کے اصول متحد ہین اور روح ایک ہے انمین اختلاف نہین بلکہ انبیاء و رسل نے اپنے بعد کے انبیاء و رسل کی مبعوث ہونے کی بشارت دی ہے خصوصاً آنحضرت کے نسبت چنانچہ حضرت عیسیٰ نے بھی بشارت دی ہے یاتی من بعدی اسمہ احمد سورہ رعد مین ہے اور کافر کہتے ہین کہ تو مرسل نہین تو کہدے میرے اور تم لوگون کے درمیان اللہ کافی ہے گواہ اور وہ جسکے پاس کتاب کا علم ہے لہذا علم کتاب سے آنحضرت کا مرسل ہونا بہی ثابت ہوتا ہے۔ سورہ نساء مین ہے جو کفر کرتے ہین اللہ اور اُسکے رسولون کے ساتھ اور چاہتے ہین کہ فرق نکالین اللہ اور اُسکے رسولون کے درمیان اور کہتے ہین ایمان لاتے ہین ہم بعض پر اور کفر کرتے ہین ہم بعض کے ساتھ اور چاہتے ہین کہ ٹھیراوین اُسکے درمیان راہ وہی اصلی کافر ہین اور تیار کر رکھا ہے ہمنے کافرون کے لئے عذاب رسوا کرنیوالا سورہ انبیا مین ہے کوئی رسول ہمنے تیرے قبل نہین بہیجا مگر اُسکے طرف وحی کی گئی کہ لا الہ الا انا سو میری عبادت کرو۔ آنحضرت کی اور متعدد انبیا و رسل کے بعض صفات مخصوصہ کا قرآن مین بیان ہے سب کا اور اُنکے سب صفات کا بیان جنکی ضرورت نہین نہین کیا گیا ہے اور اتباع ملت ابراہیمی کا مومنین کو حکم ہے۔ اور سورہ نور مین ہے کہ رسول پر نہین مگر بلاغ مبین۔ بروے قرآن آنحضرت کافۃ الناس اور تمام انسانون کے لئے رسول کرکے بہیجے گئے تھے اور آپ شاہد و مبشر و داعی الی اللہ باذن اللہ و سراج منیر و نذیر و منذر ہین اور خاتم النبیین و رحمۃ للعالمین اور سلسلہ رسل مین سب سے آخر رسول ہین ایک سراج سے دوسرا سراج روشن ہوتا ہے اور آنحضرت سراج منیر یعنی سراج نوری تھے سورہ جمعہ مین ہے وہی اللہ وہ ہے جس نے مبعوث کیا ان پڑھون مین ایک رسول انہین مین کا

جو تلاوت کرتا ہے اُن لوگون پر اُسکی آیات کو اور مزکی کرتا ہے اُن لوگون کو اور سکہاتا ہے اُن لوگونکو
کتاب و حکمت (یعنی مزکی کرتا ہے مثال بنکر اپنی فیض صحبت و نصیحت سے یا بذریعہ تلاوت آیات اللہ
و تعلیم کتاب و حکمت) انپڑہون مین انہی مین کا یعنی انپڑہ پس یہ بلاغت و اشارہ قابل یاد ہے
کہ اللہ ایسا ہے کہ بے پڑہے شخص کے ذریعہ سے تلاوت آیات کراتا و کتاب و حکمت سکہلاتا و مزکی
انپڑہے لوگون کو کراتا ہے۔ اور اللہ تعالے نے قرآن حکیم مین آنحضرت کے نسبت فرمایا ہے کہ تو
خلق عظیم پر ہے اور قرآن کریم مین ہے کہ بیشک ہمنے بہیجا ہر امت مین رسول کہ عبادت کرو اللہ کی
اور اجتناب کرو طاغوت سے۔ جو کسی کی طرف اللہ کے طرف سے رسالت کے طور پر بہیجے گئے
اُنکو رسول کہتے ہین اور جو بطور بشیر و نذیر کے مبعوث ہوئے وہ نبی کہے جاتے ہین پس بعض
رسول رسول اور نبی دونون تھے بعض صرف نبی تھے اور بعض صرف رسول اور بعض پر کتاب
یا صحف اللہ کے طرف سے نازل ہوئے بعض پر نہین نازل ہوئے صرف وحی ہوئے چنانچہ
قرآن مجید مین بعض کو رسول انبیا کہا ہے اور بعض کو صرف نبی اور بعض کو بطور رسول کے بہیجنا کہا ہے
سورہ مریم اور سورہ صافات اور سورہ اعراف اسکے لئے پڑہنا چاہئے۔ سورہ بقر مین ہے اور اسیطرح
ٹہرایا ہم نے تم لوگون کو وسطا امت تاکہ تم لوگ ہو آدمیونپر شہدا اور (یہ) رسول تملوگونپر شہید ہو۔
سورہ نسار مین ہے اور بہیجا ہم نے تجہکو آدمیون کے لئے رسول کر کے اور کافی ہے اللہ کی
شہادت (وکفی باللہ شہیدا) سورہ رعد مین ہے اور کہتے ہین کافر کیون نہ اُتری اوسپر آیت اُسکے
رب کی طرف سے سوا اسکے نہین کہ تو منذر ہے اور ہر قوم کے لئے ہادی ہے۔ جواب قابل خیال ہے
کہ تو منذر ہے پس منذر کا یہ کام نہین کہ ہر شخص کو آیت دکہلاتا پہرے یہ ہاد کا کام ہے جو ہر قوم
مین ہوتا ہے کہ اطمینان کردے کہ یہ آیت رب کی ہے منذر مرسل ہوتا ہے پس جسپر وہ بلاغ کرتا ہے
اوسکو ذمہ دار کر دیتا ہے صرف بلاغ مبین منذر کا فرض ہے پس یہ نکتہ ہاد و منذر کے اعتبار کا قابل یاد ہے

سورہ ابراہیم مین ہے کہ نہین بھیجا ہم نے رسول مین سے مگر اُسکے قوم کے زبان مین تاکہ صاف
ظاہر ہو جاوے اُن لوگون کو۔

سورہ یوسف و سورہ نحل و سورہ انبیا مین ہے اور نہین بھیجا ہم نے تیرے پہلے مگر مرد وحی
کی ہم نے اون مردون کی طرف۔ پس عورتون پر وحی بطور رسول کے نہین ہوئی یعنی وہ رسول نہین
ہوئین مرد ہی رسول ہوئے سورہ نساء مین ہے۔ رسلا مبشرین و منذرین تاکہ نرہے آدمیون کے لیئے
حجت بعد رسولون کے اور اللہ عزیز حکیم ہے۔

پس رسولون کا بھیجنا انسانون پر اتمام حجت کے لیئے ہی ہے تاکہ انسان اپنے اعمال کے ذمہ دار
بوجہ آگاہ کر دینے و یاد کرا دینے کے ہو جاوین۔

سورہ شوریٰ کی آیت سے ثابت ہوتا ہے کہ دین مین حضرت نوحؑ کے وقت سے حضرت عیسیٰؑ کے
وقت تک جن باتون کو اللہ نے مقرر کیا تھا اوسی کی وحی آنحضرت پر کی اور اُسکے بابت بعد مین اس
آیت کے یہ ہے فلذلک فادع واستقم سو تو اوسی طرف بلا اور قایم رہ۔

سورہ بقر مین ہے ایمان لایا (یہ) رسول اُسپر جو نازل ہوا اُسکی طرف اُسکے رب کی طرف سے
اور مومنین ہر یک ایمان لائے اللہ پر اور اُسکے ملایکہ پر اور اُسکی کتابون پر اور اُسکے رسولون پر نہین جدائی
ڈالتے ہین ہم درمیان کسی یک کے اُسکے رسولون مین سے۔ ہم نے وحی کی تیری طرف جیسا کہ وحی
کی ہمنے نوح اور اُسکے بعد کے نبیون کی طرف اور وحی کی ہمنے ابراہیم و اسمعیل و اسحق و یعقوب و اُنکے
اولاد او عیسیٰ و ایوب و یونس و ہرون کی طرف آلایہ۔

سورہ بقر مین ہے اور جب لیا اللہ نے اقرار نبیون کا کہ جو کچھ مین نے دیا تم لوگون کو کتاب اور
حکمت سے پھر آوے تم لوگون کو کوئی یک رسول تصدیق کرنیوالا اُسکا جو تم لوگون کے ساتھ ہے تو البتہ
ایمان لاؤ اُسپر اور البتہ مدد کرو اُسکی کہا اللہ نے کیا اقرار کیا تم لوگون نے اور ٹھہرایا تم لوگون نے اُسپر

ہماری عہد پر کہا اون لوگون نے اقرار کیا ہم لوگون نے کہا اللہ نے تو گواہ رہو اور مین تم لوگون کے ساتھہ گواہون مین سے ہون سو جو پہر جاوے بعد اُسکے تو وہی فاسق ہین۔۔ تو کہہ ایمان لائے ہم لوگ اللہ پر اور اُسپر جو نازل کیا گیا ابراہیم اور اسمعیل اور اسحق اور یعقوب اور اُسکے اولاد پر اور جو دیا گیا موسیٰ اور عیسیٰ اور نبیون کو اُنکے رب کی طرف سے نہین جدائی ڈالتے ہین ہم درمیان مین کسی ایک کے اُنمین سے اور ہم اللہ کے لئے اسلام لانے والے ہین پس ان آیات سے ثابت ہوتا ہے کہ جبکہ اللہ نے انبیا کو کتاب و حکمت دی اُنسے یہ اقرار لیا اور اُنہون نے اللہ کے ہماری عہد کے ساتھہ اقرار کیا اور اللہ بھی اُسکے ساتھہ اُسپر شاہدون مین سے ہوا کہ کوئی ایک رسول آوے اور اون لوگونکے ساتھہ جو کچھہ ہے اُسکی تصدیق کرے تو وہ لوگ اُسپر ایمان لاوینگے اور اُسکی مدد کرینگے۔

دوسرے اللہ نے آنحضرت کو کہنے کا حکم دیا کہ ہمین جو نبیون پر اونکے رب کی طرف سے نازل ہوا اُسپر ہم لوگ ایمان لائے۔ پس ان آیات سے و نیز دیگر آیات قرآنی سے آنحضرت کا کل نبیونکے ساتھہ جو کچھہ ہے اُسکا مصدق ہونا ثابت ہے لہذا کل نبیونکو آنحضرت پر ایمان لانے اور آپکی مدد کا حکم ہوا اور اُن حضرات نے اقرار واثق کیا کیونکہ یہ تو ہو نہین سکتا کہ کوئی ایک رسول ہر زمانے کے ہر نبی کے پاس آکر تصدیق اُنکے ساتھہ جو ہے اُسکی کرے اور مدد دے بلکہ اس طرز بیان سے یہہ ظاہر کرنا مقصود ہے کہ مقتضاے کتاب و حکمت جو نبیون کو دی گئی تہین یہ تھا کہ ایک آخر رسول پر کل تفاصیل کو وہ منحصر کرین جو اپنے ہدایات کے ذریعہ مصدق اُنکے بیانات کا ہو اور اسطرح اُسکے رسول ہوکر آنے پر ایمان لاکر اُسکی مدد کرین کہ اُسکے آنے کی پیشین گوئی اپنی امت سے کرتے رہین پس چونکہ اللہ نے اونپر یہ فرض کر دیا تھا لہذا یہ اُنکا اقرار واثق ہوا اور اللہ بوجہ حکم شاہد ہوا لہذا ایمان رسول ہونے پر ہوا نہ اُسکے ہدایات مابعد پر و غرض پیشین گوئی گزنیکی ہوئی نہ مدد موجود ہوکر تصدیق موجود ہوکر کرنیکی۔

سورہ صفت مین ہے اور بیشک ہو چکا ہمارا حکم اسیقت کلمتنا واسطے ہمارے مرسلین بندونکے کہ وہ وہی مدد دئے گئے ہین (انہم ہم المنصورون) اور ہمارے جند وہی غالب ہین۔

# ذیل کے امور آیات محکمات قرآن سے ثابت ہین

۱۔ جنکو کتاب دیگئی تھی اُنکو امر اللہ کا تھا کہ اللہ کی عبادت مخلصین لہ الدین حنفا ہوکر کرین اور اقامت صلوٰۃ اور اداے زکوٰۃ کرین یہ دین قیمہ ہے یعنی اُسمین ترقی و اصلاح و وسعت تفقہ فی الدین اور جب تک مومن ہین طاقت و استطاعت و وسعت مکلف ہونے کی ہین تب تک ہر حالت مین جس طرح اور جس طریق سے ممکن ہو عبادت مذکورہ واداے زکوٰۃ و اقامت صلوٰۃ چلتے ہوئے اور سواری پر اگر مقررہ طور پر نہ کر سکتے ہون کرین۔

۲۔ ہر رسول نے یہ کہا کہ مین اللہ کی طرف سے رسول ہون میری اطاعت کرو مین بلاغ مبین کرتا ہون اللہ واحد ہی کی عبادت و طاغوت سے اجتناب کرو ورنہ وہ عذاب دیگا۔

۳۔ ہر رسول اپنے نہ پیروی کرنے والون سے برہان اُنکا مانگتا تھا۔

۴۔ ہر رسول نے یہ کہا کہ میرے بعد یک رسول آویگا یہانتک کہ آخر رسول کے بعد رسالت ختم ہو جاویگی لیکن آنحضرت نے دعویٰ فرمایا کہ سب سے آخر رسول آپ ہی ہین۔

۵۔ کل رسولون اور نبیون کو اللہ نے وحی کی تھی کہ دین کو قایم کرو اور اُسمین متفرق نہو۔

۶۔ اکثر رسولون نے یہ تاکید کی کہ توبہ و استغفار کرو تاکہ تم پر رحم ہو۔

۷۔ تمام رسولون کو اللہ کا حکم تھا کہ طیبات کہا دین و عمل صالح کرین (مومنین)

حالات انبیا کی بابت الغایت ۱۲ صفحات سے چھپ چکے تھے وہ بھی یہان شامل کئے جاتے ہین

# ابو الارتقا وابن الارتقا یعنی رسول و نبی کے در لیبار ہرے مابین امتیاز

انبیا ورسل ارتقا کے طریق بتانے والے اور ریفارمر اُسپر چلنے والے اور اُسکو ترقی
دینے والے اور اُس سے مستفید ہونے والے ہوتے ہین پس اِس اعتبار سے انبیا ورسل کو ابوالارتقا
وریفارمر و نکو ابن الارتقا کہنا زیبا ہے - تہیوری آف الویوشن یعنی مسئلہ ارتقا کے عاشق انبیا
ورسل کو بہی اوسی قسم کا مصلح سمجہتے ہین جنکو دنیا کی وقتی ضرورتین ممتاز بنا کر عمل کراتی ہین حالانکہ
حق یہ ہے کہ دیگر انسانون تک خدائے تعالی کی ہدایت وپیغام پہونچانے کا انبیا ورسل ذریعہ
ہوتے ہین اور وحی سے مستفیض ہونے کی خاص قوت انبیا ورسل مین ہوتی ہے جو دیگر انسانو مین
نہین ہوتی پس انبیا ورسل کی اصلاح وہدایات بذریعہ وحی الٰہی ہوتی ہین نہ بذریعہ ارتقا وتابع
ارتقا - انبیا ورسل کے کامیابی کے دیگر ذرایع ویسا ہی تابع ارتقا وتحت سلسلہ علت ومعول
ہوتے ہین جس طرح دیگر انسانون کے پس عام اسباب کے سلسلے مین خلل نہین آتا - انبیا ورسل
کے پیروان کے افعال بہی اُسیطرح تابع ارتقا وتجربات وسلسلہ علت ومعلول وہدایات وبیانات
انبیا ورسل ہوتے ہین جسطرح دیگر انسانون کے لہذا پیروان مذکور بہی فرزندان ارتقا ہوتے ہین پس
جو امتیاز ما بین انبیا ورسل کے و دیگر انسانون کے ہے اُس سے عاشقان الویوشن کو چشم پوشی
زیبا نہین - ذرہ ذرہ اُسپر شاہد ہے کہ کس طرح یک چہوٹا بیج بہت بڑا درخت ہو جاتا ہے اور کس طرح
یک قطرہ انسان کی شکل اختیار کر لیتا ہے اسمین شک نہین کہ ارتقا کے تحت مین عموماً کام ہو رہا ہے
اور یک نسل اور یک شخص کے تجربات دوسرے نسل و دوسرے اشخاص کو وراثتاً پہونچتے ہین اور وہ
اوسپر اضافہ کرتے جاتے ہین اسی پر قیاس کیا جاتا ہے کہ انبیا ورسل بہی کسی انسان و تجربہ جات و
بیانات سے مستفید ہو کر اُسپر مناسب ایزاد کر دیتے ہین اور خدائے تعالے کی طرف سے نہین ارتقا
کے لئے جدا وحی نہین ہوتی لیکن واقعات اسکے موید نہین و خلاف شہادت دیتے ہین - اور اگر اس
قاعدہ کلیہ مین کسی وجود سے استثنا ہے تو انبیا ورسل کے وجود سے ہے کیونکہ وہ ارتقا کے فرزند نہین

بلکہ اُسکے آبا و اجداد مین سے ہین وہ پرانی صداقتوںین سے اُسی کو زندہ کرتے ہین جو مردہ ہو
مو چکی ہوتی ہین وہ جسقدر ارتقا سے صداقتین ملتی ہین اُسکے علاوہ ضروری جدید صداقتونکو ظاہر کرتے اور
اور جسقدر ازیاد کی ضرورت ہو اوسی قدر زیادہ کرتے ہین پس وہ تابع ارتقا کے نہین اونکے متبعین
البتہ ارتقا سے متناسب ہتے ہین مسئلہ ارتقا یعنی تھیوری آف الویوشن کے دلدادون کے لئے یہ امر واقعی قابل غور ہے
کہ انبیا و رسل سے کس طرح غیر معمولی کام انجام پاکر عظیم انقلاب ہو جاتا ہے خصوصاً چھٹی ساتوین صدی
عیسوی کا تاریک زمانہ جس نے تمام فطرت انسانی کو پستی کے تہ مین پہونچا دیا تھا عرب جیسے تاریک
ترین سرزمین مین کس طرح کمال انسانی کے معراج پیدا کرنے کا زمانہ ہو گیا اور کس کی شخصیت نے
ایسا کایا پلٹ دیا اور آیا وہ شخصیت مثل دیگر انسانون کے ارتقا کے ذریعہ سے عمل کرتی اور دوسرے لیتی تھی
یا مبدار فیاض سے براہ راست بذریعہ وحی جو ملتا تھا وہ بیان کرتے تھے شدید ترین انبیا و رسل سے
جو مخالفتین ہوتی ہین اُنکے مقابلے قابلیت و جرئت ہی کی ضرورت نہین ہوتی بلکہ ما فوق العادت
استقامت و عمل قوت کی لہذا اگر قابلیت و جرئت ہی کی بات ہوتی تو مسئلہ ارتقا کے ماتحت اُنکے
عمل سمجھے جاتے و تایید غیبی و فیض بخشی کا سبب نہ سمجھا جاتا لیکن شہادتین و واقعات اُسکے خلاف
ہین پس یہ کہنا کہ بیج مین آبیاری ہونے سے یہ مضبوطی آجاتی ہے چندان قرین قیاس نہین جو انقلابی
تحریک ارتقائی طور پر کامیاب ہوئی ہو اُسکو یاد گیتی کے عمل مین زیادہ مدت درکار ہوتی ہے اور
یہ ارتقا کے کارنامونکا تمیزی نشان ہوتا ہے کہ آہستہ آہستہ خود ترقی کرتی ہے اور اُسکا مخالف سمت
و مخالف فریق رفتہ رفتہ کمزور ہوتا رہتا ہے جب وہ سرسبز ہوتی ہے آنحضرت کے بعثت سے ماقبل کوئی
خاص تحریک عرب یا دنیا مین بت پرستی کے خلاف پیدا ہو کر مضبوط نہین ہو گئی تھی نہ توحید کے حمایت
مین کوئی خاص خیالات بتدریج ترقی کرتے گئے تھے پس اُنکو ارتقا کا ماتحت کرنا ایک خاص قسم کا مغالطہ ہے
نہ شرک بالمقابل کمزور ہوا نہ توحید مضبوط ہوئی بلکہ جیون جیون آنحضرت کا زمانہ قریب ہوتا گیا توحید کا نقش

دہندلا اور شرک کا اور مسین ہوتا جاتا تہا۔ اگر آفتاب اسلام کے طلوع سے کچھ پہلے عرب مین توحید کی روشنی نے چمک دکھلائی تو وہ اُس روشنی کی طرح تہی جو شب دیجور کے خاتمہ پر صبح کاذب کے رنگ مین مطلع عالم پر پیدا ہو جاتی ہے لیکن جسطرح صبح کاذب اصلی نہین اُسیطرح حال اُن معدودے چند موحدین کا تہا جو آنحضرت سے ایک نسل پہلے عرب مین ہوئے۔ لہذا اسلامی توحید ارتقار کا نتیجہ نہین ہو سکتی ہے جسوقت ہم موجودہ آرام و آسایش کے زمانہ کا مقابلہ اُس خطرناک زمانہ سے کرتے ہین جو عربون جیسے خونخوار مطلق العنان اور خلیع اللجام قوم نے ملک عرب مین پیدا کر رکھا تھا تو ہمکو آسانی سے سمجھ مین آجاتا ہے کہ وہ عظیم الشان انسان کیسا جوہر استقامت اپنے اندر رکھتا تھا جسنے عرب جیسے ملک کو اپنے حیات ہی مین بالکل بت پرستی سے پاک کر دیا یہ شخصیت مستثنیٰ شخصیت تھی۔ نہایت خوبی سے قرآن حکیم مین اس دقیق نکتے کا بیان ہے سورہ کہف مین ہے تو کہدے کہ مین ایک بشر ہون تمہارے مانند سوا اسکے نہین کہ مجھپر وحی ہوئی ہے کہ تمکو تمہارا معبود واحد ہے سو جو رجا رکھتا ہو اپنے رب کے لقا کی تو چاہئے کہ عمل صالح کرے اور اپنے رب کی عبادت مین کسی ایک کو شریک نکرے پس نہایت خوبصورتی سے خلاصہ ہدایت اسلام جو ارتقائی نہین ہے بیان ہوا ہے کہ بذریعہ وحی کے یہ ہدایت ہے ورنہ اسکے سوا مین ایک آدمی تمہارے مثل ہون دوسرونکے تجربہ سے فایدہ اُٹھاتا ہون۔ سورہ ہود مین ہے اور سب بیان کرتے ہین ہم تجھپر رسولون کے احوال سے تاکہ ثابت کر دین اُسکے سبب سے تیرے دل کو اور آیا ہے تیرے پاس اس سورہ مین حق اور موعظہ و یاد دہانی مومنین کے لئے پس اس آیت مین صاف بیان ہے کہ رسولون کے احوال اور اس سورہ مین امور مذکورہ خدا کیطرف سے آنحضرت پر نازل ہوئے تاکہ آپکے دل کو ثابت رکہین خود مکسوبہ آنحضرت کے نہین تھے لہذا یہ دعوی ہے کہ کسی تجربہ و کسی دوسرے سے نہین لیا گیا۔ بلکہ بذریعہ وحی یا ارتقائی قرآن سے یہ ثابت ہے کہ اختلاف ہونیکے قبل انبیا و رسل کے ذریعے سے صحف و کتب الہامی بھیجے گئے جس سے انبیا و رسل کا ارتقا کے ذریعے سے ہدایت نکرنا معلوم ہوتا ہے نیز قرآن مین یہ بھی ہے کہ یہ اخبار غیب جو تیری طرف وحی کے ذریعہ سے بھیجے گئے ہین تو اور تیری قوم اُس سے

ناواقف تھے۔ اور بعض امور کی نسبت ہے کہ تصدیق و تفصیل کتب سابقہ قرآن مین ہین اور بعض
امور کی نسبت ہے کہ تو اونکو پہلے نہین جانتا تھا غیب کے امور تجہیر وحی کی گئین لہذا بروے قرآن کیا حضرت
ثابت ہے کہ آنحضرت الوالارتقا تھے۔ زیادہ سے زیادہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ جو کچھ موجودہ حالت تھی
اُسپر جو حیرت انگیز ترقی بذریعہ آنحضرت کے ہدایات کے ہوئی اُسی ترقی کو بذریعہ وحی کے سمجھنا چاہیے
لیکن حق وہی ہے جو قرآن مین ہے کیونکہ واقعات اسکے موافق و موید ہین۔ نبی و رسول کا یہ دعویٰ ہوتا ہے
کہ وہ منجانب اللہ ہے لہذا اگر اپنے دعویٰ مین وہ کامیاب ہوا اور اُسکی ہدایات عام فہم و مفید و ذات
رسان ہوئین یا مصلحون اور حکیمون کے طرز بیان و بیان سے بہتر و فائق یعنی ملہمانہ طور کی ہوئین
تو اوسکے رسول منجانب اللہ ہوتے ہین کوئی وجہ نہین کہ شک کیا جاوے ورنہ کوئی معقول وجہ ہی نہین
کہ اوسکو سچا نہ سمجھا جاوے۔ پس کسی نبی یا رسول کے پہچاننے کی حیثیت تاریخی واقعہ ہونے کی حیثیت
رکھتی ہے اور جس طرح کوئی مصلح کوئی مشہور بادشاہ کوئی خوش نصیب آدمی جانا جاتا ہے اُسی طرح اُسکی
شناخت بھی ہوسکتی ہے۔ پس عملی مثال ہونے و کامیابی و ترقی دینے و میدان ترقی کے وسیع کرنے و راحت
پہونچنے و اصلاح ہوجانے کو اگر معیار قرار دیکر دیکھین تو آنحضرت کی شخصیت تمام دوسرے اشخاص سے
بلند و روشن و نمایان ہے اور آپکے رسول منجانب اللہ ہونیکو وہ ثابت کرتا ہے۔

## پس انبیا و رسل مین حسب ذیل خصوصیات بھی ہونا چاہیئے۔

۱۔ زیست سرگانہ کے بہتر بنانے و راحت پہونچانے کے قوانین بتلاتا ہو۔

۲۔ عملی نمونہ پیش کرتا ہو اور خود بھی نمونہ و مثال ہو۔

۳۔ ایسے قوانین بتلاتا ہو جو میدان عمل وسیع کرنیوالے ہون نہ تنگ کرنے والے۔

۴۔ فطرت انسانی کے مطابق صحیح نصب العین پیش کرتا ہو جو قانون فطرت کے مطابق و حوصلہ افزا
ہو آئین فطرت و قوانین قدرت کے مخالف نہو۔ آنحضرت کے فضل کے لئے اسی اصلاح پر غور کرو کہ

بزمانہ بعثت آنحضرت عرب بلین ہر قبیلے کے جدا جدا سردار تھے اور وہ اس لئے مخصوصاً ہوتے تھے کہ دوسرے قبیلون سے
جنگ کرنے کے لئے اپنے سرداری مین اپنے قبیلے کو لیجا وین۔ ملک مین کل نظم ونسق نام کو بھی نہ تھا
گویا گورنمنٹ اپنے حقیقی مفہوم مین مفقود تھی جو تلوار طاقت وراستادی سے پلا سکتا تھا وہ حکومت
بھی کرتا تھا مگر ہر قبیلہ ہر یک خاندان ہر فرد اپنے اپنے خود مختاری اور آزادی وغرض برآری کے لئے
کوشان تھا اور جہانتک ہو سکتا تھا حکومت کو نہ مانتے تھے اوس وقت کے حالات کسی پولیٹیکل اتحاد
واتفاق کے سخت منافی تھے پس عرب بیشمار جماعتون مین متفرق تھے اگرچہ اُنکی زبان اونکے
رسوم وعادات اُنکی عزت اور اخلاق کا معیار یک ہی تھا مگر ہر یک جماعت یک دوسرے سے خود مختار
وجدا تھی۔ اور اکثر ایک قبیلہ دوسرے قبیلہ سے لڑتا رہتا تھا اور خون کے رشتے اور دیگر مصلحتون کے
وجہ سے اتحاد اور تعلقات یک نہایت ہی معمولی وجہ سے نفاق اور سخت دشمنی وخونریزی میں بھی بدل جاتی
اسلام کی برکت سے اسحالت کا کایا پلٹ گیا اور پولٹیکل اتحاد واتفاق ہی نہین بلکہ قومی اتحاد واتفاق
مومنین مین ہوگیا اور اون مختلف قبیلوں مین بھی جنکے آبا واجداد اور خود انہین ہمیشہ لڑائی چلی آتی تھی
اور یک دوسرے کے جانی دشمن تھے اور اب یک دوسرے پر جان نثار کرنے کو بمقابلہ غیر قوم
کے تیار ہوگئے چنانچہ سورہ آل عمران کی ان آیات سے اسکی تصدیق ہوتی ہے۔ اور اعتصام کرو
اے مومنو اللہ کے رسی کے ساتھ سب کے سب اور متفرق نہو اور یاد کرو اپنے اوپر اللہ کی نعمت کو
جب تم یکدوسرے کے دشمن تھے سو اللہ نے تم لوگون کے دلوں مین الفت ڈالدی تو تم بسبب اسکے نعمت کے بھائی ہوگئے
اور تم تھے کنارہ پر نار کے گڑھے کے سو خلاص کیا تم لوگونکو اُس سے اسیطرح بیان کرتا ہے اللہ تم لوگون کے لئے
اپنی آیات کو تاکہ تم ہدایت پاؤ۔ اور چاہیئے کہ تم مین یک گروہ ہو کہ دعوت الی الخیر وامر بالمعروف ونہی
عن المنکر کرتا رہے اور وہی فلاح پانے والے ہین اور نہو اونکے مثل جو مختلف ومتفرق ہوگئے بعد بینات
کے پانے کے۔

## اللہ تعالیٰ کی مرضی کس دین کے لئے ہے اور کس دین کے لئے اوسنے اپنی مرضی ظاہر کی ہے کہ انسان اوسپر ایمان لاکر عمل کرے۔

سورہ مایدہ میں ہے آج میں نے کامل کردیا تم لوگوں کے لئے تم لوگوں کے دین کو اور تمام کردیا میں نے تم لوگون پر اپنی نعمت کو اور راضی ہوا میں تم لوگوں کے لئے اسلام کے دین ہونے کو سو جو مضطر ہو مخمصہ مین نہ جھکنے والا ہو اثم کے طرف تو اللہ غفور الرحیم ہے۔ پس ان آیات سے دین محمدی علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کا مومنین کے لئے کامل دین ہونا اور اللہ کا اپنی نعمت کو پورا کردینا اور اللہ کا دین اسلام رکھنے کے لئے مومنین کے واسطے راضی ہونا ثابت ہوتا ہے اور جبکہ دین کامل اور نعمت پوری ہوگئی تو سب سے آخر دین امت محمدیہ کا دین ہوا اور جبکہ اللہ اوسپر رضامند ہوگیا اور مرضی ظاہر کردیا تو یہ بھی ثابت ہوگیا کہ اللہ کی مرضی دین مذکور کے لئے ہے کہ مومنین اوسکو اختیار کریں۔ اور سورہ زمر مین ہے اور اگر تم لوگ کفر کرو تو اللہ غنی ہے تم لوگوں سے اور نہیں راضی اپنے بندے کے لئے کفر کا اور اگر شکر تم لوگ کرو وہ راضی ہے تم لوگوں کے واسطے اور نہ اوٹھاویگا کوئی بوجھ اوٹھانے والا بوجھ دوسرے کا تم لوگوں کے رب کے طرف تمہارا مرجع ہوگا تو آگاہ کریگا وہ تم لوگوں کو تمہارے عمل سے وہ علیم ہے جیبوں مین جو ہے اوسکا۔ پس ان آیات سے ثابت ہوا کہ اللہ اپنے بندون کے کفر سے ناراض اور شکر سے راضی ہے اور کوئی کسی کے کام نہ آویگا قیامت کے دن اللہ عمل سے آگاہ کریگا وہ دلون کا حال جانتا ہے۔ سورہ فتح میں ہے وہی وہ ہے جس نے بھیجا اپنے رسول کو ہدایت اور دین حق کے ساتھ تا کہ غالب ہوجاوے وہ کل دین پر اور کافی ہے اللہ شہادت دینے کو۔ پس ان آیات سے ثابت ہوتا ہے کہ آنحضرؐ کو ہدایت اور دین حق کے ساتھ اللہ نے اس لئے بھیجا کہ تمام ادیان پر دین محمدی غالب ہوجاوے لہذا مرضی خدائے تعالیٰ کی اس دین کے اختیار کرنیکی ثابت ہوتی ہے تا کہ غالب ہوجاوین

قرآن مجید مین یہ دعویٰ ہے کہ اس دنیا کو اللہ تعالے نے اپنے علم و حکمت و قدرت سے خلق کیا اور ہر شئے کے لئے ایک قدر معین کر دیا۔ لہٰذا جس معلول کے عوامل علل ہو کر اور عمل کر کے وجود یا ظہور کا سبب ہون وہ بعلم و حکمت خداوندی ہے پس اگر کوئی اہم و قابل امتیاز و افتخار واقعہ ہوا اور اُسکے اسباب وجود یا ظہور فضل و خصوصیات خاص اہم رکھتے ہون تو اُسکی نسبت اور اُنکے اسباب و علل کی نسبت یہ سمجھنا لازم ہے کہ حکمت و حکم خداوندی سے موزونیت و تناسب اُنمین ہوا ہے اتفاقیہ نہین ہوا بلکہ اُن اسباب و علل کا انتخاب و اجتماع قدرت نے بالقصد کیا تاکہ اُنکو اور اُنکے معلول کو فضل و امتیاز بخشے اسی معیار سے دین محمدی علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کے اسباب کامیابی و تشریع عالمگیر ہو جانے مین جو خصوصیات ہین اُنمین سے بعض کو مختصراً ہم دکھلاتے ہین۔

۱۔ خصوصیت زمانی۔ ایسے زمانے مین آنحضرت مبعوث ہوئے کہ دنیا کے رہنے والونکی آمد و رفت کے سلسلے مین نہ شدید ترین دشواری تھی اور نہ بہت ہی آسانی ہر قسم کے خیالات مذہبی و عقلی و فلسفی کا شیوع ہو چکا اور مکمل ہدایت کے قبول کرنے کی استعداد کا زمانہ آگیا تھا اور اُسکی قابلیت لوگون مین آچکی اور دنیا اوسط درجہ پر تمدن اور عقل سے بار آور ہو چکے تھے اور انسانی تمدن حصول ترقی کے لئے مستعد تھا اور خیر القرون کے مثال و مطمح نظر قرار پانے کا زمانہ آگیا تھا تاکہ آپکے اسوہ حسنہ کی پیروی کی جاوے اور عمدہ و اکمل و افضل ترین نصب العین کو بہ نظر رکھا جاوے اور اعلیٰ سے اعلیٰ تہذیب و تمدن کا دور شروع ہو تاکہ رفتہ رفتہ اور اعلیٰ ہو جاوے پس باعتبار اسکے کہ جس ترقی و تہذیب و تمدن کے آنے کی آیندہ توقع ہے اگرچہ وہ زمانہ کمتر تھا لیکن اس اعتبار سے کہ بہترین تخم زمانہ آیندہ کے لئے ڈالے جائین بہت ہی موزون وقت تھا پس وسط کا زمانہ جیسا اُسکو زیبا ہے ایسے اکمل رسول کی ضرورت تھی جو اللہ تعالےٰ کے پیام کو جو تمام انسانونکے فہم کے لائق ہو بذریعہ وحی کے حاصل کر کے بلاغ مبین کرے اور خود اُسکا عملی نمونہ ہو کر

دکھلا دیوے۔

۳۔ خصوصیت مکانی۔ دنیا کے حالات اس درجہ پر آگئے تھے کہ انسانی سوسائٹی کے مختلف اجزا جو کہ قدرتی اور مصنوعی حدود کے وجہ سے ایک دوسرے سے جدا ہو گئے تھے باہم قریب ہونے اور ایک مجموعی شکل اختیار کرنے لگیں یعنی مختلف اقوام اور مختلف حیثیتوں و مراتب کے لوگ ایک دوسرے سے ملنے جلنے اور قریب ہونے لگے تھے لہذا اس موقع پر مختلف اقوام کو مختلف قسم کی مذہبی تعلیم دینا اختلاف نزاع کا دروازہ کھولنا تھا اس لئے حکمت بالغہ کا مقتضا مقتضائی زمانہ کا لحاظ رکھکر یہ ہوا کہ نبی آخر الزمان کو ایسے ملک مین مبعوث فرمایا جو تمام معلومہ دنیا کے مرکز مین تھا عرب مین آمد و رفت دوسرے ملک والون کی ہو گئی تھی اور عربون کی آمد و رفت بھی دور دراز ملکون مین شروع ہو گئی تھی تمام دنیا کے رہنے والے عرب مین آسکتے تھے۔ عام طور سے مقام کا غیر ذی زرع ہونا بہتر تھا تاکہ دیگر اقوام کے دست برد و غلامی سے وہان کی رہنے والی قوم محفوظ رہے اور دوسری قوم اسپر دندان آز دراز نکرے عرب ہی کی قوم بحیثیت قوم وہی قوم ہے جو تمام دنیا مین دوسری قوم کے حلقہ غلامی و مفتوح ہونے سے محفوظ رہی تھی اور بدویانہ حالت مین زندگی بسر کر رہی تھی جس کا اثر سادگی اور انتقال مکان اور کسی خاص رہنے کی جگہ سے مخصوصاً محبت اور الفت نہین نہ رکھتا تھا پس جہان مین جہان عربون کے لئے سامان مہیا ہوتا وہین انکا مکان تھا کچھ حصہ ملک کا سبز و شاداب اس لئے تھا کہ تمدنی حیثیت و ترقی سے بھی بالکل وہان کے باشندے محروم نہ رہین خصوصیت مکہ کی بھی تھی جو سب سے پہلا مکان خدا تعالے کے عبادت ہی کے لئے بنایا گیا تھا اور جسکی بنا حضرت ابراہیم نے رکھا تھا اور حج کے انتظام اور قربانی کے مقام کے لئے بلحاظ امور مذکورہ دوسرے وجوہ کے اس سے بہتر مقام نہین ہو سکتا تھا۔ عرب کے تین طرف

مین سمندر کا ہونا اس امر پر شاہد ہے کہ وہان سے لوگ دوسرے ملکون مین بآسانی سفر کر سکتے تھے۔ اور دوسرے ملک کے لوگ بآسانی حج کر سکتے اور انکے کاروبار تجارت مین شرکت کر سکتے تھے۔

۳۔ خصوصیت اخلاقی۔ عرب کی سادگی آنکی سپاہیانہ و شجاعانہ طبیعت و عادت و زندگی اُنکی دیانت و امانت اور خاص قسم کی رحمت و مروت و استقامت و ثبات و صبر و نفس پر قابو رکھنا اور مہمان نوازی و تیر اندازی و استعمال اسلحہ ایسی خصوصیات تھین جن مین بہ نسبت تمام دنیا کے عرب امتیاز رکھتے تھے۔ محکومی و غلامی سے آزاد ہونے کی خواہش کی خصوصیت جو ایک طرح عربون کی طبعی خصوصیت ہے اور جسکو حقیقت مین اصلی قوت کہنا چاہیئے جسکی وجہ سے ہی اُنکے گلے مین جو اتین پڑا تھا و داغ غلامی سے آزاد ہی بھی موجود تھی جو تمام دنیا کے کسی قوم مین نہین تھی خاص برائیان مثل جنگ جوئی قتل و غارت و شراب خواری و قمار بازی و فحش و مغرورانہ تھے سب سے زیادہ بدتر حالت مین تھے پس ضروری تھا اور ضرورت تھی کہ جمعیت بلند تکمیل کے لئے آفتاب ہدایت کا طلوع ہو اور بذریعہ اصلاح کے اسکے برائیون کا رخ عمل صالح و تقوی و صلوۃ کے ساتھ پھیر دیا جاوے تا کہ خصایل مذکور فضایل کے لئے بہترین قوت بنجاوین اور بجاے اسکے کہ ہر قبیلہ باہم لڑتا رہے سب مین پولٹیکل اتحاد و موالنست قایم ہو جاوے اور یہ اعجاز دکھلا دیا جاوے۔

۴۔ خصوصیت لسانی۔ چونکہ قرآن مجید و فرقان حمید کا نازل ہونا لازمی تھا جو ہر زمانہ کے لئے رحمت و ہدایت کا ذریعہ اور اشاعت اسلام کا وسیلہ ہو اور کل کلام اللہ کا وحی متلو کے طور پر نازل ہونا نہایت ضروری تھا اور چونکہ اوس وقت تک ایسی کوئی الہامی کتاب موجود نہ تھی لہذا قرآن کا ایسے قوم کے زبان مین نازل ہونا لازمی تھا جسکی زبان خاص طور سے وسیع اور مکمل

دقابل استدلال ہو اور اُس زبان مین ایسے مادے ہون کہ اُنکے اشتقاق سے ہر قسم کے
مطالب محکم ومتشابہ ادا ہوسکین اور دنیا مین عرب ہی ایسا ملک تھا کہ جسکی زبان اسکی مستحق تھی وہان
زبان سب سے زیادہ مہتم بالشان وموثر چیز تھی اور فصاحت وبلاغت سے زیادہ کوئی وہان
ہتھیار کارگر نہ تھا اور باشندگان عرب کو اپنی زبان سے زیادہ کوئی چیز عزیز اور مفتخر نہ تھی اورچونکہ
عربی زبان مادہ سے مشتق ہوتی ہے لہذا اگر مادہ کا لحاظ رہے تو زبان مذکور مین تغیر نہین ہوسکتا
خصوصاً ایسا تغیر کہ مادے کے برخلاف لفظ کے معنی ہوجاوین نہین ہوسکتا اور بوجہ مادہ کے
اشتقاق کے معنی پر اُسکے الفاظ خودہی دلالت کرتے ہین اور ادنیٰ تامل سے اُس مادہ سے
اُنکا مشتق ہونا اور یہ کہ باعتبار معنون کے کس قدر وسعت اونکے معنون مین ہوسکتی ہے
معلوم ہوجاتا ہے پس وسیع معنون مین اُنکو استعمال کرسکتے ہین لہذا قرآن کا عربی زبان مین
نازل ہونا اور معجز ہونا مقتضائے حکمت بالغہ وقدرت کاملہ کا لازم ہوگیا تھا کیونکہ ایسی شان
کی زبان جہان مین کوئی دوسری نہین تھی۔

۵۔ خصوصیت قومی وعشرتی۔ عرب جس بات پر جسکے ہاتھ بیعت کرلیتے یا کسی کو اپنے حفاظت
مین لیلیتے تھے توخواہ جان ومال واولاد وآبرو وعزیز ترین چیزون کا نقصان ہو اُسکا ساتھ
نہین چھوڑتے تھے اور اُسکی مدد تابہ امکان کرتے تھے اور حفاظت سے دست بردار نہوتے تھے
اپنے شیخ کے حکم اور فرمانبرداری سے ذرہ برابر تجاوز نہ کرتے اور وعدہ کے بعد دغا نہین کرتے
تھے اور جنگ جوئی اور زبان آوری اُنکی مخصوص ترین خصوصیات وعادات مین سے تھی
اور دوسرے قبیلہ کا جسکے کسی قبیلے کے لوگ حریف ہوتے تھے اگر نقصان یا خون یک شخص کا
ہو تو اوسکے نقصان کرنے والے یا خون کرنے والے قبیلہ سے جنگ بھی چھڑجاتی تھی اوسکی وجہ
سے قبیلون مین لڑائی ٹھن جاتی تھی لیس وہ اُن رسوم مین جو لڑائی اور اُسکے متعلقات

اور اُسکے جاری رہنے یا رکھنے کے لئے اُسمین تھین اُسکے عرب سخت ترین پابندی کرتے
تھے مثلاً کسی کو مارڈالنا چاہتے تھے تو اوسکے گھر کے اندر گھس کر نہین مارتے تھے اور اسی
قسم کے بہت سے رسوم اُنمین تھے اس قسم کی رسوم اشاعت اسلام و آنحضرت کے
حفاظت و کامیابی کے لئے بہت مفید ثابت ہوئین اس اعتبار سے بھی اسلام کی اشاعت
مین نسبتاً آسانی تھی مثلاً جس رات کو آنحضرت نے ہجرت فرمائی قریش آپکے مکان کا محاصرہ
اس غرض سے کئے ہوئے تھے کہ آپکو قتل کرین مگر چونکہ گھر مین گھسکر مارڈالنا اُنکے رسم کے
خلاف تھا لہذا گھر مین نہین گھسے تھے اسی طرح حضرت ابوبکر اور آنحضرت کے ازواج و گھر
والونکو بعد ہجرت نبوی و حضرت ابوبکر کے اُنہون نے قید و قتل نہین کیا کیونکہ اُنکے رسوم کے
خلاف تھا اور اُس سے قبایل مین باہم لڑائی ہوجاتی بغیر کل قبایل کے مشورہ و شرکت کے
باعتبار اپنے رسوم کے ایسا وہ نہین کرسکتے تھے حضرت علی کو جو شب ہجرت آنحضرت کے بستر پر سوئے تھے اور جو گرفتار
کر لینے کے بعد آنحضرت کے ہجرت کے اُنہون نے قتل نہین کیا اور نہ گھر بار مہاجرین کا لوٹا
پس یہ سب امور آنحضرت کے ہجرت کے لئے مفید ثابت ہوئے اور جب تک آنحضرت غار مین
ہجرت کرنے کے زمانے مین پوشیدہ رہے حضرت ابوبکر کے گھر سے کھانا پہونچتا رہا اور حضرت ابوبکر
کی بکریون کا دودھ ملتا رہا اور عبداللہ ابن ابوبکر خبر پہونچاتے رہے اگر دوسری قومون مین
اس حالت تک معاملہ پہونچتا تو وہ گھر و بار کو غارت کردیتے اور جملہ متوسلان کو قید کرکے
وسایل مذکور کو برباد کردیتے کہ کسی محفوظ نہ رکھتے کہ وہ آنحضرت سے مل سکتا اور مدد پہونچا
سکتا اور جس سے اندیشہ و احتمال ہوتا سب کو مقید کرلیتے۔

اہم خصوصیات کو ہم نے بیان کردیا اُنکے تابع دیگر خصوصیات آجاتی ہین اور جو نہین آئین
ان خصوصیات سے اُنپر قیاس کرسکتے ہین۔

خصوصیات مذکور کا اجتماع اگر محض حسن اتفاق سے ہوتا تو سب کا اس حسن و انتظام سے اجتماع نہوتا - اور مذہب اسلام کی اہمیت و شرافت بھی اجتماع مذکور کے اسباب ہونے اور بذریعہ وحی الٰہی کے ارتقا و فضل و عزت ہوکے ہوتے اصل مین ثابت ہوتے ہین - سورہ بقر مین یہ امر نہایت خوبی سے بیان ہے اور اسی طرح ہم نے ٹھہرایا تم لوگون کو وسط کی امت تاکہ تم لوگ ہوجاؤ گواہ لوگون پر (علے الناس) اور ہوجاوے رسول تم لوگون پر گواہ -

پس تصدیق کی گئی ہے کہ امت محمدیہ بلحاظ اپنے خصوصیات کے وسط کی امت قرار دی گئی ہے تاکہ کافۃ الناس کے لئے سبب شہادت تبلیغ ہدایت و رحمت ہو -

## بیان صحابہ کبار نسبت خلق محمدی رفتار و کردار و گفتار مجلس و غیر مجلس مین

خلق محمدی ایسا لفظ ہے کہ بہترین بزرگون کے عادات و اخلاق و اطوار و شمایل کے اظہار کے لئے مشبہ بہ بن گیا ہے - آنحضرت نے مظلومی بیچارگی اور قوت و سطوت و تنگی و فراخی و رنج و راحت سب حالتون مین سادگی و قسط و عدل کے ساتھ تناسب احسن اعمال کئے لہذا آپکی زندگانی ہر طبقہ انسانی فردی و جماعتی کے لئے اسوہ حسنہ و بہترین عملی مثال و نمونہ نظیر ہوسکتی ہے شوہر - باپ - پڑوسی - دوست حاکم اور امام کی حیثیت سے اپنے زمانے اور آنے والے زمانے کے لئے بہتر سے بہتر نصب العین بنانے کے واسطے آنحضرت کے احوال و افعال زندگانی دیگر انسانوں کے نسبت احسن و بحیثیت فرد کامل ہونے کی جہت و وسعت و تفصیل کے سبب سے زیادہ روشن ہے اللہ نے بھی آپکے خلق کو سورہ ن و القلم مین عظیم فرماکر اجر غیر ممنون کے دینے کا آپکو وعدہ فرمایا ہے - سورہ آل عمران مین ہے کہ اگر تو درشت خو غلیظ القلب ہوتا تو تیرے گرد سے بھاگ جاتے بسبب اللہ کے رحمت کے آپکے لئے تو نرم ہوا - احادیث و سیرت نبوی کا لکھنا اس کتاب کے موضوع مین داخل نہین خصوصاً جبکہ حضرت عایشہ کے اس قول سے مجھکو پورا اتفاق ہے کہ خلق آنحضرت کا قرآن تھا لیکن وضاحت

لکانی کو ترک کر دینا ہے اگر کچھ نہ لکھا جاوے کہ صحابہ نے خُلق محمدی کی کیا تصویر کھینچی ہے اور قرآن کے
اخلاق کی پابندی آنحضرتؐ کی ثابت کی ہے کہ آپکا قرآن کے مطابق عمل تھا۔ ہر واقعات کا لکھنا
اور بھی طوالت ہے۔ لہذا حضرت علیؓ نے حضرت حسینؓ کے دریافت پر فرمایا ہے شمایل ترمذیؒ و صحیح
بخاری کے ایک روایت کو مین نے اسکے لئے یہان لکھ دینا مناسب سمجھا جس سے باز نہین رہ سکتا
تھا پس نہایت بخل و سختی کو دیگر روایتون کے نہ لکھنے مین دخل دیا ہے ان روایات مین صحابہ
کبار کے مشاہدات سے آنحضرت کے رفتار گفتار کردار مجلس و غیر مجلس سب کا بیان تو جی
و کلی ہے لہذا یہ بیانات حدیث فعلی مین شمار ہو سکتے ہین حسین ابن علیؓ نے اپنے والد سے پوچھا
کہ آنحضرت گھر کے باہر مجلس مین کس طرح عمل کرتے تھے جواب پایا کہ رسول اللہ روک رکھتے تھے
اپنی زبان مگر اسمین اونکو جو مفید ہو اور صحابہ کو الفت دلاتے نہ نفرت اور عزت دیتے قوم کے معزز کو
اور اُسی کو اُس قوم پر سردار کر دیتے اور آپس ہین تقویٰ کے لئے فرماتے اور اپنے تئین بچاتے
لوگون سے بغیر اسکے کہ پھیر لیوین کسی سے اپنا منہ یا اپنی خلق اور اپنے اصحاب کے حال کو تلاش
کرتے اور لوگونکا حال پوچھتے جس حال مین لوگ ہوتے۔ اور اچھا سمجھتے اچھے امر کو اور قوت
دیتے اوسکو اور بری جانتے برائی کو اور اوسکو کمزور کر دیتے انداز ہ کے ساتھ۔ آپکا کام تھا کہ
اختلاف نکرتے اور غفلت نکرتے اس ڈر سے کہ غفلت کرین گے اور عاجز ہو جاوینگے لوگ
سب حال کے لئے آنحضرت کے انداز ے مقرر تھے۔ حق سے کوتاہی نکرتے اور نہ حق مین
فرق کرتے۔ آدمیون مین سے افضل آنحضرت کے نزدیک تر رہتے اور افضل آنحضرت
کے نزدیک وہ ہوتا جسکی خیر خواہی عام ہوتی۔ اور حضرت کے نزدیک مرتبہ مین بزرگ
زیادہ لوگون مین وہ تھا جو بہت نیک تھا لوگون مین سے سلوک و مدد کرنے مین۔ فرمایا حسینؓ
نے پھر پوچھا مین نے آنحضرت کے بیٹھنے کا حال تو فرمایا کہ رسول اللہ نہ کھڑے ہوتے اور نہ بیٹھتے

مگر اللہ کے ذکر کو کرکے اور جب کسی قوم کے پاس پہونچتے بیٹھہ جاتے بیٹھے ہوؤن کے اخیر
مین جہان تمام ہوتے مجلس اور اسی طرح بیٹھنے کا حکم کرتے - اپنی مہر بیٹھنے والونکو بخشتے تھے
اور مہمانون کو - آنحضرت کے پاس بیٹھنے والا نہ خیال کرتا کہ کوئی آنحضرت کے نزدیک زیادہ
مقرب ہے اُس سے - جو آنحضرت سے گفتگو کرتا کسی حاجت مین یا پاس بیٹھتا صبر کرتے
یہانتک کہ وہ پھر جاتا - اور جو سوال کرتا آنحضرت سے نہ پھیرتے اوسکو مگر آسان بات کے
ساتھہ بیشک آپ کے کشادہ روئی اور خلق نے آدمیون کو گھیر لیا تھا پھر ہوگئے آنحضرت کے
نزدیک سب بروے حق برابر - آنحضرت کی مجلس علم اور حیا اور صبر اور امانت کی تھی بلند
نہ کیجاتین اُسمین آوازا ور نہ اُس مجلس مین فحش بکا جاتا - نہ شہرت دیجاتی اُس مجلس کے
بھول چوک کی - اُس مجلس کے لوگ آپس مین عدل کرنے والے تھے اکرام کرتے تقوی سے
بزرگی رکھتے اُس مجلس مین بڑی عمر والے کی اور رحم کرتے اُس مجلس مین کم عمر رکھنے والے کی
اور دوسرو پر اختیار کرتے تھے حاجت والے کو اور محافظت کرتے تھے مسافر کی (شمایل ترمذی)

اور حسن ابن علی نے اپنے والد سے پوچھا آنحضرت کے خصایل و چلن کو جواب دیا کہ رسول اللہ
ہمیشہ خندہ جبین نرم چلن زود مہربان تھے بدخلق و سخت گو اور فحاش اور چلانے والے اور عیب
کرنے والے و بخیل نہ تھے اُس سے غفلت کرتے تھے جسکی خواہش نہ رکھتے تھے - اور ناامید
نکرتے اپنے ذات سے کسی کو اور محروم نکرتے اپنے کرم سے کسی کو - بیشک باز رکھا تھا آنحضرت
نے اپنے ذات پاک سے تین چیز ناحق جھگڑنے اور تکبر کرنے اور اُس چیز سے جو فایدہ نہ دے -
اور چھوڑا آدمیون کو آنحضرت نے تین چیز سے نہ مذمت نکرتے اور نہ عیب گیری کرتے اور نہ عیب
کی تلاش کرتے - اور آنحضرت بات نہ کرتے مگر اُس چیز مین کہ امید رکھتے اُس کے ثواب کی -
اور جب آنحضرت کچھہ فرماتے آپ کے ہم نشین سر جھکا لیتے گویا کہ اُنکے سر پر چڑیا بیٹھی ہین

پھر جب آنحضرت خاموش ہوجاتے تو آپ کے ہم نشین بات کرنے لگتے اور آپس مین جھگڑتے
بات مین آنحضرت کے پاس۔ اور آنحضرت کے بات کے کرنیکے لئے جو بولتا اُسکو چپکا کرتے
یہانتک کہ آنحضرت بات کرنے سے فارغ ہوجاتے۔ اور آنحضرت مسکراتے اُس بات سے
جس سے سب مسکراتے اور تعجب کرتے جس چیز سے اور لوگ تعجب کرتے اور مسافر کی سختی
اُسکے بات مین سوال مین آنحضرت برداشت کرجاتے یہانتک حال تھا کہ اصحاب لے
آتے مسافرون کو اور آنحضرت فرماتے تھے کہ جب دیکھو تم کسی حاجت والے کو کہ طلب
کرتا ہے حاجت تو مدد کرو اوسکی اور تعریف کو آنحضرت قبول نہین کرتے تھے مگر سچ تعریف
کرنے والے سے اور کسی کی بات نہ کاٹ دیتے جب تک وہ حد سے نہ بڑھ جاتا اور جو حد سے
بڑھ جاتا تو اُسکی بات کاٹ دیتے منع کرکے یا کھڑے ہوجاتے (شمایل ترمذی)

آنحضرت مطیع کو بشارت دیتے عاصی کو آگاہ فرماتے بےخبرونکو پناہ و خدا کے
بندے و رسول تھے جملہ کاروبار مین اللہ پر توکل کرتے تھے زشت خو و سخت گو نہ تھے
چیخ کر نہین بولتے تھے بدی کا بدلا ویسا ہی نہین لیتے تھے معافی مانگنے والے کو
معاف فرمایا کرتے تقصیروار کو بخش دیتے آپکا کام ٹیڑھی کجیونکو درست کردیتا تھا
آپکی تعلیم اندھونکو آنکھین بہرے کو سماعت دیتی غافل دلون کے پردے اُٹھا
دیتی ہے آنحضرت ہر خوبی سے آراستہ جملہ اخلاق فاضلہ سے متصف تھے سکینہ
آپکا لباس نکوئی آپکا شعار تقوی آپکا ضمیر حکمت آپکا کلام عدل آپکی سیرت تھی آپکی
شریعت سراپا راستی آپکا ملت اسلام و ہدایت آپکی راہ نجات تھی۔ آپ ضلالت
کو مٹا دیتے گمنامونکو شہرت بخشتے غیر نامور کو نامور کرتے قلیل کو کثیر سے اور تنگدستی
کو غنا سے بدل دیتے (صحیح بخاری)

ضمیمہ نمبر ا مین بابت مذہب و آخرت و صفات باری و توحید مزید تفصیل ہے جو شامل کیا جاتا ہے صفحہ ۳۲ لغایت ۶۱ سے تعلق رکھتا ہے ضمیمہ نمبر ۲ مین فصاحت وغیرہ قرآن کے متعلق مزید تفاصیل ہین صفحہ ۶۲ لغایت ۶۶ سے تعلق رکھتا ہے ضمیمہ نمبر ۳ وہ ہے جسکا حوالہ صفحہ ۸۹ مین ہے ضمیمہ نمبر ۴ خلاصۃ الخلاصہ کے طور پر شامل کیا جاتا ہے۔

قبل پڑہنے کے صحت ہذا کے مطابق درست کر لینے سے مفہوم غلط سمجھنے کا احتمال ہے۔

| صفحہ | سطر | غلط | صحیح | صفحہ | سطر | غلط | صحیح |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۱ | اُسکے | اُنکے | ۱۲ | ۱۳ | صیح | صلیح |
| ۱ | ۱۸ | کا اصل اصول یہ ہے | کے کل اصل اصول یہ ہین | ۲۲ | ۱ | ہین | ہین ہجرت |
| ۲ | ۵ | اور وہ | سو مومن | ۲۳ | ۱ | اور | لیکن ناتوان |
| ۶ | ۱۹ | بدلا | بدلا بھلائی کے مثل ہے | ۲۴ | ۲ | بیسہ | استثنائی |
| ۹ | ۱ | اپنے | اپنے کو | ۲۴ | ۱۰ | جاو | جاؤ |
| ۹ | ۲ | نرقی | ترقی | ۲۴ | ۱۴ | ماہیئے | باہیپ |
| ۹ | ۱۱ | اخوت | اخوت | ۲۵ | ۱۴ | سکرے | سکے |
| ۱۲ | ۳ | کہ | + | ۲۶ | ۵ | سے | سے |
| ۱۲ | ۴ | پر اللہ | منزل من اللہ | ۳۳ | ۱۷ | انسانی | انسان |
| ۱۲ | ۱۳ | رہونگا | رہونگا | ۳۶ | ۱۸ | رغبت | زینت |
| ۱۳ | ۱۷ | دھی | وقتی | ۴۲ | ۱۰ | چھپاتا جاتا ہے | چھپایا جاتا ہے |
| ۱۳ | ۸ | کرتا | کرنا | ۴۳ | ۳ | زرہ | ذرہ |
| ۱۳ | ۱۹ | تحریکات | تحریکات نے | ۴۷ | ۷ | موجود | موثر |
| ۱۴ | ۱۹ | اُنہون نے | + | ۴۹ | ۱۸ | سکیے | سکے |
| ۱۵ | ۳ | سیح | وسیع | ۵۶ | ۱۹ | عبادت تعظیم وقار ونماز | وحید وعبودیت کے بجبر کا امتیاز |
| ۱۵ | ۱۲ | محمل | مجمل | ۵۸ | ۱۶ | سے بنے | اُسنے |
| ۱۵ | ۱۸ | عفو سے بچاتا | بجا لاتا | ۵۹ | ۱۱ | باوجود | باوجود |
| ۱۵ | ۱۹ | چھ | چھ | ۶۰ | ۱۳ | چاہیے | چاہئے |
| ۱۶ | ۱۹ | تبلیغ پر اپکی | وتبلیغ و + | ۶۱ | ۱۹ | تدبر | تدبر وعبادت |
| ۱۷ | ۴ | اہ | اور | ۶۹ | کل سطر | بنیاد پر قایم کرنا اور اسکا ثواب لوجہ اللہ کرنا | |
| ۱۷ | ۸ | رد | عدد | | | چاہئے مگر حرف لفظ نماز کا ذکر نا ہین صرف لفظ نماز کا ثواب | |
| ۱۷ | ۱۲ | النسو | الیسون | | | اول تو۔ | |
| ۱۷ | ۱۲ | دخلاقت | بدخلاقت | ۱۹ | ۲ | [illegible] | طریقہ سنادر |
| ۲۲ | ۱۰ | تقوی | تقوی عملی | ۷۱ | ۱۳ | [illegible] | [illegible] |

# فہرست مضامین لطیف

## فہرست ضمیمہ ۲

## فہرست ضمیمہ ۳



## فہرست ضمیمہ ۴

# احسن قول و ضرورت مذہب و سچا مذہب و سچی شریعت و سچی عبادت وہی ہے جو قدرت و قانون قدرت کے مطابق و اوسی سے ماخوذ ہوا ور مخالف نہو اور قوانین فطرت کے اقسام

آنکس است اہل بشارت کہ اشارت داند
نکتہا ہست بسے محرم اسرار کجا ست

ومن احسن قولاً ممن دعا الی اللہ وعمل صالحاً وقال اننی من المسلمین (حم سجدہ ۵)

اور اوس سے بہتر کسکی بات ہے جس نے بلایا اللہ کیطرف اور عمل صالح کیا اور کہا کہ مین تو مسلمان مین سے ہون۔

پس جسنے دعوت الی اللہ کی ہو اور اس کے ساتھ اُس نے عمل صالح بھی کیا ہو اُس سے بہتر کسی کا قول نہین ہو سکتا۔ اُس نے اپنے قول کے نتایج کو عمل سے ثابت کر کے جو اصلی و واقعی غرض قول مذکور سے تھی اونکو پورا و ثابت کر دیا ہے۔

مذہب اس لئے اختیار کیا جاتا ہے کہ ارادی افعال اُسی اصول مذہبی کے بنیاد پر کئے جاوین پس سچا مذہب وہی ہے جس کی سچائی اعتقاد پر بلکہ حقیقی سچائی اور واقعات اصلی پر مبنی ہو اور واقعہ اور واقعات کے نتایج اور ان پر جو اصول ہون اُسکو سچا ثابت کرین۔ اس لئے ضرورت اصلی اور واقعی ہے کہ مختلف مذہبون مین سے سچے مذہب کو سیکھا اور پہچانا جاوے اور پرکھ لیا جاوے کہ وہ سچے اصول کے مطابق ہین یا نہین۔

قدرت و قانون قدرت مین تبدیلی نہین وہ سب کے ساتھ و عالمگیر ہے اور

سب کے ساتھ یکسان ہے اُس کے سوا کوئی شئے ایسی نہین جو صفات مذکور رکھتی ہو
قدرت یا قانون قدرت کیا ہے وہ وہی ہے جسکے بموجب اُن تمام اشیا کا جو ہمارے
ارد گرد ہین جس طرح جیسا ہونا قرار دیا گیا ہے مقررہ سلسلہ انتظام سے وجود ہے
اور کبھی اُن سے جدا نہین ہوتا پس وہی سچ ہے اور جو اصول اُس کے مطابق
اور اُس سے لئے گئے ہین وہی سچے اصول ہین۔ قدرت ہمکو صرف اپنے ہی وجود
اور اپنے ہی سلسلہ انتظام اور اپنے ہی تعلقات کی جو مخلوق مین پائی جاتی ہے سچائی
ثابت نہین کرتی بلکہ اُس سے ایسے اصول بھی معلوم ہوتے ہین جن سے
ہم اپنے افعال ارادی جسمانی و روحانی کی بھلائی بُرائی بھی جان سکتے اور معاشرت
کو ہموار بنا سکتے ہین اور چونکہ قدرت سچی و کامل ہے اس لئے ضروری ہے کہ
جو اصول اُس سے معلوم و مطابق و موافق ہون وہ بھی سچے و کامل ہون اور یہی
سچا و کامل اصول یا یون کہو کہ یہی مذہب سچا ہونے کا مستحق ہے اور یہی حقیقی
و سچا معیار ہے جو خالق نے پرکھنے کے لئے انسان ضعیف البنیان کو عطا فرمایا ہے
خصوصاً جبکہ وہ غیر مادی چیزون سے متعلق ہو تو اُسکی وقعت اور بھی بڑھ جاتی ہے۔
قوی اس لئے انسان کے اختیار مین نہین کہ وہ اُنکو بے کار رہنے دے
سچی عبادت اُن کو سچے طور پر کام مین لانا اور کام مین لگانا ہے سچی شریعت وہی ہے
جو قوی کے کام مین لانیکے ایسے طریق بتلاوے جس سے اعتدال پر آوین اور
ترقی پذیر ہون اور ایک کے غلبہ سے دوسرا پژمردہ و بیکار نہ ہو جاوے ساقی
کو وہ بڑھا دے نہ دشواری کو۔
قدرت خود ہوشیار آقا اور قابل اوستاد ہے جو لذت و آلام و کلفت و آرام

وخوشی و طمانیت و رنج و بیقراری و ذلت و شکست کے صورت مین اشارت کردیتی ہے
ہماری ضروریات و ہمارے تعلقات ہی ہمکو سبق دیتے ہین کہ ہم سمجھین کہ کیا کرنا ہے
اور موافقت مفید و غفلت و مخالفت مضر ہین بیکن کا کہنا سچ ہے کہ تھوڑا و ناکامل
فلسفہ ملحد بنا دیتا ہے مگر جب وہ گہرا و عظیم الشان ہوتا ہے تو پھر انسان مذہب کے
طرف عود کرتا ہے۔ قانون قدرت مین تین طرح کے قواعد ہین اول فزیکل لاز
یعنے قواعد طبعی دوم ارگانک لاز یعنے قواعد اجسام سیوم مارل لاز یعنے قواعد اخلاق
قواعد طبعی مین ہم دیکھتے ہین کہ ایک فعل اپنی شرایط کے بموجب ہر جگہ اُسی شرط
کے موافق متحد اور یکسان اور باقاعدہ پایا جاتا ہے اور کسی طرح کے اُس مین
اعلیٰ و ادنیٰ و بچے و بوڑہے و اچھے بُرے کی تمیز نہین پائی جاتی مثلاً پتھر اوپر پھینکو
اور اگر نہ روکو تو زمین ہی پر گرتا ہے اور جو اُسکو روک سکتا ہے وہ کوئی حد روک لیگا
اصلح باقی رہتا اور غیر اصلح رفتہ رفتہ فنا ہو جاتا ہے غرض کل اشیاء ایک قانون
و قاعدہ معین کے رو سے وجود مین آتی اور فنا کے راہ مین جاتی ہین۔

قواعد اجسام مین ہم دیکھتے ہین کہ ایک خاص حد تک کی گرمی یا سردی جسم کے
انتظام کو بگاڑ دیتی ہے آگ جسم کو جلا دیتی ہے۔ قواعد اخلاق مین ہم پاتے ہین کہ
جس قدر سچی اخلاقی باتین ہین اُنکی پیروی سے ہماری آسائش و فائدہ اور راحت
ہے اور رذائل کی تابعداری سے ہم کو رنج و تکلیف و اذیت پہونچتے ہین پس قانون
قدرت کے پیروی قواعد کی موافقت سے سوا اُخروی فائدون کے دنیا مین
بھی ثمرے حاصل ہوتے ہین اور مخالفت خلاف ورزی سے علاوہ اُخروی عذاب
کے دنیا مین بھی ناکامی و نقصان ہوتا ہے لہٰذا قانون قدرت کے قواعد سے

تجاوز کرنا نقصان اُٹھاتا ہے اور گنہگار رہتا ہے اور حد کے اندر رہنا پرہیزگار ہونا لہٰ
حدود کے اندر ہی رہنا بہتر ہے مثلاً قواعد اخلاق کے خلاف ورزی کر کے کوئی جھوٹ
بولتا ہو تو اُسے جھوٹ بولنے کی سزا اسکو دنیا میں یوں ملتی ہے کہ اُسکا اعتبار و اعتما
نہیں رہتا اور بے اعتباری کی شرم خود اُسکو تکلیف دیتی ہے اور جو جھوٹ نہ بولتا ہو
تو اُسکا اعتماد بڑھتا ہے جس سے اُس کو آرام و خوشی و کامیابی حاصل ہوتی ہے
پس قانون قدرت باقاعدہ و قایم و دایم ہے اور کسی زمانہ میں نہ بدلا نہ بدلتا ہے
نہ قیامت تک بدلیگا لہٰذا ایسے مذہب کو جو اس بزرگ قانون کی پابندی و موافقت
کی ہدایت کرتا ہے مبعوث من اللہ سمجھنا اور خدا کا مذہب کہنا چاہئے اور جو مذہب
قانون قدرت کے خلاف ورزی سکھاتا یا اُسکا سبب ہو وہ ہرگز خدا کا مذہب نہیں
کہا جا سکتا جب تعامل جبری ہو تو بجائے استیثار کے ایثار موافق قانون قدرت
کے لازم ہے پس ذاتی فوائد و مال و جان کو قربان کر کے قومی فوائد کو محفوظ
رکھنا فرض عین ہے لہٰذا جو مذہب ایسے وقت میں ایثار کی مخالفت کرے وہ
سچا مذہب نہیں کیونکہ اسکا نتیجہ اہم زیادہ نقصان افراد کے جان و مال کا ہوگا جو بہ
ظاہر نہیں معلوم ہوتا۔ موت کے مقابل تمام فوجی عظمت سارا شاہانہ اقتدار انسان
کی مجموعی و متحدہ کوششیں بے اثر ثابت ہوئی ہیں بہترین دماغوں کی پیش بینی و
خوش تدبیری بھی حد سے آگے نہیں بڑھ سکیں انسانی عقل دماغ سائنٹفک
ترقیاں طبی تحقیقات حیاتی انکشافات اور زر کے متحدہ طاقت سے بڑھ کر یہ
طاقت کا خیال موت دلاتی ہے۔ انسان کی فطرت ہی ایسی ہے کہ ہر واقعہ
سے کوئی نہ کوئی نتیجہ نکالتا رہتا ہے اور کوئی اہم و صحیح نتیجہ نکالتا ہے اور کوئی کم رتبہ

وغلط نتیجہ لیکن نفس نتیجہ کا نکالنا سب انسانوں مین مشترک ہے انسان
نے دیکھا کہ اُس کی بڑی سے بڑی زبردست ومتحدہ ومتفقہ قوتین وکوششین
مغلوب ہین وہ چاہتا ہے کہ زندہ رہے مگر نہین رہ سکتا وہ مسرور تا حیات
رہنا چاہتا ہے لیکن اُسکا بس نہین چلتا پس اوس کی بے کسی وبیچارگی اُس کو اس
نتیجے کے نکالنے پر مجبور کرتی ہے کہ میری محدود قوتون سے پرے کسی اور
قوت یا قوتون کا وجود ہے۔ متخیلہ کو کچھ دیر کے لئے تجربہ ومشاہدہ کے قیود
سے آزاد کر دو پھر بھی نتیجہ مین اختلاف نہین انسان قادر مطلق نہین ہو سکتا سردی
گرمی بھوک پیاس نیند بیماری کاہلی سستی کیا ان سب حوادث وعوامل کے
مقابلہ سے انسان سبکدوش ہو سکتا ہے وہ تو عموماً انسان کو ہر وقت عارض
ہوتی رہتی ہین۔ کیا قوانین فطرت انسان پر اپنا عمل چھوڑ دینگی کیا قانون کی گرفت
باقی نہ رہیگی۔ غرض نتایج خواہ حدود کے اندر رہ کر نکالے جائین خواہ قیود
سے باہر ہو کر تخیل کے وسیع پرواز سے کام لیا جائے انسان جبتک انسان
ہے بشریت کی بے بسی وبے کسی اس کے لئے لازمی ہے اسکا احساس ہونا
گویا اعتراف ہے کہ موجودات فانی سے ماورا اور مافوق کسی اور قوی قوت کا
وجود ضروری ہے جبتک کہ انسان انسانی تمناؤن کے بر لانیکے نا قابل ہے
تب تک بیان کی کامیابیون سے بالاتر لذائذ کا اشتیاق قایم رہیگا اور اُس
اشتیاق کی صحیح تسکین مذہب سے حاصل ہوگی جبتک دنیاوی زندگی اذیت
تکالیف سے معمور ہے تسکین وتسلی واطمینان کی ضرورت رہیگی جو پارساؤن کو
خدا کی اطاعت سے حاصل ہوتی ہین۔ ذاتی اغراض ارادی افعال انسان کی سبب

زیادہ قومی محرک ہین لیکن موجودہ حالت کے اعتبار سے مذہب سب سے بڑھکر
محرک وسب سے زیادہ اسلم واقوٰی کرنے والا ہے مذہب انسانون مین تعامل
وتصاحب ومعاشرت کے ہموار وآسان ہونے کے طریق واُصول وراحت
بڑہانے واذیت گھٹانے کے راہونکو بتلاتا واختلاف وتنازع ومتفرق ہونے
سے بچاتا اور صالحیت کو وجود مین لاتا اور غیر صالح کو مغلوب بناتا اور حیات
اجتماعی کو حیات ذاتی کے مقابلے مین تقویت پہونچاتا اور افراد کے خودغرضی
کو دباتا اور اُس کو ایثار سے بدل دیتا ہے۔ اخلاقی تعلیم کی تعمیم کی عملی دشواریون
سے قطع نظر کرکے عام افراد جس سطح پر ہوتے ہین اُس کے لحاظ سے یہ صلاحیت
ہی اُن مین نہین ہوتی کہ وہ کسی فعل کو حُسن وقبح عقلی کے بنا پر اختیار یا ترک کرین
ایسے دلائل ان کے لئے اس قدر موثر ومحرک نہین ہوتے جتنا کہ قادر مطلق کا خوف
اور اس سے طمع۔ جب کسی قانون کو فوراً نافذ کرنا چاہین تو اُسے عبادت کا جزو
قرار دیکر اسکی نافذکی نوعیت کو الہامی قرار دینا انتہائی ادب کے ساتھ سر تسلیم
کے خم کرلنے کا سبب ہوتا ہے لہٰذا مذہب کی ضرورت اُس کے لئے بھی ہے۔
مذہب اسلام مین مذکورہ بالا خوبیان سب موجود ہین وہ تبلیغی واخوت دینی جیسی
خصوصیات رکھنے والا مذہب ہے اُس کا دعویٰ ہے کہ عمل صالح کا کرنا زندگانی
انسانی کی دولت ہے اور فرائض کا ادا کرنا اُس دولت کو کمانا اور پانا ہے اسلام
نے ایمان کے ساتھ عمل صالح کا کرنا لازم قرار دیا ہے لہٰذا یہہ شرف وفضل اسلام
کو تمام ادیان سے ممتاز کرتا ہے۔ سچا مذہب ہر ایک ایسی آزمایش وامتحان
کے بعد پورا اُترتا ہے جس مین کہ اوس کے پیرو کو گذرنا ہوتا ہے وہ تکلیف

آزمایش اور خطرہ کے وقت قوت دیتا ہے۔ لیکن مذہب کا زوال اوس وقت شروع ہوتا ہے جب پیغمبر سے پاڈری سبقت لے جائے اوس وقت وہ مذہب مذہب نہین رہتا بلکہ علم الہیات کے ایک دستور العمل کی صورت اختیار کرلیتا ہے اسکی روحانی طاقت مرجھا جاتی ہے اور انسان کے زندگی اور چلن پر اوس کا اثر جاتا رہتا اور اُس مین فلسفیانہ یا خیالی علوم کا رنگ آجاتا ہے اور تحریک کی غرض سے آیندہ کا وعدہ بھی دیا جاتا ہے۔ اسلام صاف وسادہ مذہب ہے اوس مین کوئی لارڈ یا پاڈری یا سردار نہین اور نہ کوئی مذہبی عہدہ دار ہین وہ قوم کے روزانہ زندگی مین قوت پیدا کرتا ہے ایک عملی نظام اور روزانہ زندگی کا دستور العمل ہے اوس کا اثر ہمارے رگ و ریشہ مین ہونا چاہیے تاکہ وہ ہمین راست بازی اور انصاف سے کام کرنے نیک خیالات رکھنے وفیاضانہ عمل کرنے کی وترقی کرنے کی رغبت دلائے اور تحریک کرے یہ سب اوسی صورت مین ہوسکتا ہے کہ ہم سمجھ لین کہ سچے مذہب کی روح اور اصول کیا ہین

## انشاء آخر یعنے آخرت پر ایمان کا جزو ایمان رب عالمیان ہونا اور اونپر ایمان لانیوالونکا اپنے رب کی طرف سے ہدایت پر ہونا اور اُنھی کا مفلح ہونا

سورہ آل عمران اس طرح شروع ہوئی ہے جسکا ترجمہ یہ ہے الم یہ آیات کتاب حکیم کے ہدایت ورحمت اُن محسنین کے لئے ہین جو قائم رکھتے ہین نماز اور دیتے ہین زکوٰۃ اور آخرت پر وہی یقین رکھتے ہین وہی ہدایت پر ہین اپنے رب کی طرف سے اور وہی فلاح پانے والے ہین

پس آیات کتاب حکیم کی ہدایت و رحمت اُن محسنین کے لئے ہے جو بالخصوص اقامت صلوٰۃ و ادائے زکوٰۃ کرتے اور آخرت پر ایمان رکھتے ہین اور وہی اپنے رب کی طرف سے ہدایت پر ہین اور فلاح پانے والے ہین لہذا تینون مذکورہ بالا اعمال کو مضبوطی کے ساتھ اختیار کرنا چاہئے اور سورہ بقرہ کے شروع کے آیات کے ساتھ ان آیات کے پڑھنے سے اور فوائد عمدہ حاصل ہوتے ہین کہ سورہ بقر مین ذالک الکتاب لاریب فیہ ہے اور ان آیات مین تلک آیات الکتاب الحکیم ہے اور سورہ بقر مین ہدی للمتقین ہے اور ان آیات مین ہدی و رحمۃ للمحسنین ہے ان آیات مین یوتون الزکوٰۃ ہے اور سورہ بقر مین مما رزقنٰھم ینفقون ہے

غرض ان آیات کے نقل سے یہان پر یہ ہے کہ آخرت پر ایمان اور اوس پر یقین پیروے قرآن لازم ہے اور بغیر اُس کے ہدایت و فلاح نہین اسی لئے شروع قرآن ہی مین آخرت واُسکے متعلقات کا بیان بھی کیا گیا ہے اور دیگر اہم و مقدم امور کے ساتھ آخرت پر ایمان نہ لانے والون پر وعید شدید مین خصوصاً وعید سعیر کی ہے اور یہ کہ آخرت و قیامت پر ایمان جزو ایمان خداے مالکِ یوم الدین ہے جس دن کوئی نفس کسی نفس کا مالک کسی شے مین مطلقاً نہ ہوگا اور اوس دن امر کرنا اللہ ہی کے لئے ہے اور اوس دن مین یا عذاب شدید ہے یا مغفرت و رضامندی اللہ تعالیٰ کی جو فوز عظیم ہے ہم آیات محکمات قرآن کریم و حکیم سے مذکورہ بالا امور بیان کر چکے ہین۔

انسان کے لئے طرح طرح کے تقاضے اور طرح طرح کی ضروریات ہین اختیاری و اضطراری ہین کیا ہم رات دن اپنی خواہشات و ضروریات کے پورا کرنے مین مشغول نہین بنیے انسان کی۔ تو ساری زندگی ان ذرائع کو بہم پہونچانے مین صرف ہو جاتی ہے

اور جتنے ضروریات وتقاضے پورے ہون اور جسکا نام ہمنے تہذیب وتمدن رکہا ہے
وہ بہی ہمارے ان تقاضون کے خواہشونکو پورا کرنے کا یہہ نتیجہ ہے اور جسکا نام
ہمنے خوشی رکہا ہے وہ بہی توان خواہشون کے پورا کرنے کا نام ہے مصیبت
وتکلیف کیا ہے کسی ضرورت کا پورا نہونا الغرض ضرورت ورفع ضرورت تمام راحت
ورنج کے فلسفہ کو ختم کردیتی ہین ایک طرف ہم مین ضرورت ہے دوسری طرف
صحیفۂ قدرت مین اُس ضرورت کے رفع ودفع کرنے کے اسباب ہین ہم مین محبت
اور رحم اور فیاضی کے جذبات بہی ہوتے ہین اُن جذبات کے تقاضون کو پورا
کرنے کے لئے ہم محل وموقع نکال لیتے ہین کیا اُسی طرح ہم مین کسی چیز کے
تعریف کرنے کسی چیز سے خوش ہوجانے اور کسی کی شکر گذاری کرنے کی قوتین نہین
کیا ہم جب ان جذبات کو اپنے سینون مین مشتعل ومتقاضی پاتے ہین تو انکو ظاہر نہین
کرتے ؟ مقام غور ہے کہ کون سے اسباب ہین جن سے یہ جذبات یعنی جذبہ
شکر گذاری اور جذبہ تعریف وثنا ہمارے اندر جوش زن ہوتے ہین صحیح یہ ہے
کہ حُسن واحسان ہی مدح وشکر گذاری کے محرک ہوتے ہین۔ سنگدل وبیرحم بہی
خواہ بظاہر کچہہ نہ کہے لیکن حُسن واحسان کو دیکہکر شکر گذاری ومدح وثنا کی لہر
اُس کے دل مین بہی موجزن ہوتی ہے۔ اگر ہم ہر قسم کی ضروریات پر تبصرہ کرین
تو ہمین معلوم ہوگا کہ ہماری تمام احتیاجات اور خواہشات کے دفع کرنے کا سر چشمہ
حُسن واحسان ہی ہین یعنی ہمارے ضروریات کا دفع یا تو کسی ایسے وجود سے
ہوتا ہے جس مین کوئی خوبی ہے اور اُس خوبی وحُسن کے کسی شعبہ سے ہم متمتع
ہونا چاہتے ہین یا ہماری ضروریات کا رفع کسی کے احسان سے وابستہ ہے لہذا

ہم آنکھون سے حُسن واحسان کے تلاش مین مصروف ہین جب ہمین یہ مل جاتے ہین
توہم اُن کے عوض مین شکرگذاری ومدح سرائی کرتے ہین حُسن کے عوض مدح وثنا
اوراحسان کے عوض شکرگذاری لیکن بعض وقت حُسن واحسان ہمکو بے جان
چیزون مین بھی غیرانسان کے نظرآتے ہین توپھرکیا اُس حُسن واحسان کی شکرگذاری
یاتعریف کے لئے اس بے جان چیزکومخاطب کرناچاہئے یہ نادانی کافعل ہوگا مثلاًکسی
تصویرکی خوبصورتی ہمین مسرت دیتی اورخوش کرتی ہے توکیاہم اُس تصویرکومخاطب
کرکے اسکی تعریف ومدح کرین یااُسکے شکرگذارہون۔ **دہریون کے لئے دلچسپ**
**مطالعہ** عقلاً ونقلاً حسن واحسان کاشکرمنان وخالق عالمیان وکون ومکان کے
لئے ہوناچاہئے نہ اشیاے بیجان کے لئے کیونکہ حُسن واحسان اُسی کے
کُن کہنے کے اثرسے ہین سوال یہہ ہے کہ کیاہمارے چارون
طرف فطرتی مناظرہمارے لئے موجب عبرت نہین ادنیٰ
سے ادنیٰ چیزاُٹھالوپھرکیاوہ اپنے اندرحُسن واحسان نہین رکھتے کیاصحیفۂ قدرت
کی دلچسپیان آنکھون سے ہمارے اندرمدح کوتعریف کوجوش زن نہین کردیتین پھران
دلچسپیون سے حظ اُٹھاکرہمارادل شکرگذاری کے لئے موجزن ہوتوکیایہ غیرطبیعی
امرہوگا اورجبکہ ہم شکروتعریف کے لئے بیجان چیزون کومخاطب نہین کرتے اوراُسی
کے ممنون ہوتے اورمخاطب کرتے ہین جوذی روح وذی عقل ہواورجسنے جانکرعمل کیاہو
توہم اس صورت مین کہ ہرروزکے سامان خوشی کوجونیچرہمارے چارون
طرف مہیاکررہی اورحُسن واحسان سے ہمین مرہون منت کررہی ہے اس کے
بناپرہم اُس بیجان کی تعریف کرین اورشکرگذارہون یااُسکے جومصوراصلی

محسن حقیقی ہے اگر تشکر و امتنان ایک طبیعی فعل ہے اور فطرت انسانی اسکی متقاضی ہوتی ہے تو پھر اُس وجود کا تلاش کرنا بھی ایک طبیعی فعل یا تقاضائے فطرت مین سے جسکے لئے تشکر و امتنان ہم محسوس کرین کیا ہم اوس ہیجان کی تعریف کرین اور اوسکے شکر گذار ہوا کرین ہم ایسے محسن کی تعریف و شکر کرنا چاہتے ہین جو اوس کوسن سکے جس نے احسان ارادتاً کیا ہو۔

اسی لئے ہم تمامی عالم کے رب اشیاء رب العالمین کے لئے کہتے ہین الحمد للہ رب العالمین اور کہتے ہین کہ ساری تعریفون اور شکر گذاریون کا مستحق وہ اللہ ہے جو تمام جہان کے کائنات کو جس کے ساتھ ہماری احتیاجین وہماری امتین وابستہ ہین پیدا کرتا ہے اونہین قایم رکھتا ہے اُن کی پرورش کرتا ہے اور اونکو حد کمال تک پہونچاتا ہے۔

اُس کے بن دیکھے ایک معمولی نگاہ کا انسان بھی نہین رہ سکتا کہ ہر چیز جو اس عالم مین ہے اور جو ارتقا کی طرف جا رہی ہے اس کے ترقی کے حاصل کرنے کے لئے ایک قاعدہ مقررہ ہے گویا ہر ایک چیز کی ترقی ایک نہ ایک قانون سے وابستہ ہے کوئی چیز ایسی نہین جو دوسری اشیاے دنیا کے لئے ایک نہ ایک رنگ مین مفید نہ ہو لیکن اوس کا یہ مفاد بھی اُسی وقت ظاہر ہوتا ہے جب وہ کسی طریقہ پر چلے پس ہر ایک چیز کا افادہ بھی کسی قانون کے اطاعت مین ہی ہوتا ہے اور اُس قانون کے خلاف کرنا موجب نقصان و تباہی و تنزل ہو جاتا ہے۔

سائنس تو صرف اون قوانین کو دریافت کرتا ہے جن پر قواے فطرت چل رہے ہین اگرچہ یہ قانون ناقابل تبدیل نہ ہون تاہم ذرات عالم ان قوانین کی کامل پیروی کر رہے

تو پھر نہ کوئی قانون ہوتا اور نہ اسکے دریافت کے لئے سائنس کی کوئی شاخ ہوتی۔ کیا
اس تمام نظام سے ایک تدبیر ثابت ہوتی ہے یا مادہ کے مختلف اجزا نے اپنے
آپکو ایک دوسرے کے مناسب حال اتفاقیہ کر رکھا ہے اس بحث میں شاید پڑنے
کی ضرورت نہیں کیونکہ غور طلب امر یہ ہے کہ یہ تمام کے تمام صحیفہ قدرت کسی
مقررہ راستے پر قائم ہے یا نہیں اور مادہ پر کوئی قانون حکمران ہے یا نہیں۔

جیوں جیوں سائنس تحقیقات کرتا ہے وہ مادہ کے نشوونما کو ہر رنگ میں
ایک نظام ایک ترتیب ایک قاعدہ کے ماتحت پاتا ہے جو اٹل لاتبدیل ہیں
ولا تبدیل لخلق اللہ ولن تجد لسنت اللہ تبدیلا ولا تحویلا کو ثابت کرتے ہیں اگر مادہ کی ارتقاری ترتیب
اچانک طریق پر ہوتی تو شاید یہ سمجھا جاتا کہ مادہ نے بے ترتیبی میں مختلف ہیولے
اختیار کرکے اپنے مختلف حصص کو ایک دوسرے کے مناسب حال کر لیا ہے
اور کسی مناسبت سے انسان نے اسکو ایک قانون سمجھ لیا ہے لیکن معاملہ
اور واقعہ اس کے برعکس ہے اور دراصل سائنس بھی قاعدہ ترتیب اور نظام
کے دریافت کرنے کا نام ہے یہی تحقیقات کی جڑ ہے۔ اور یہ ترتیب مادہ اپنی
ترکیب سے ظاہر کرتا ہے قانون ہی مادہ پر مقدم ہے یعنی مادہ سے پہلے اسکا وجود
معلوم ہوتا ہے اس لئے ضرور ہے کہ قانون کسی ایسے سرچشمہ سے نکلا ہو
جو صاحب تدبیر و ارادہ ہو قانون کا وجود علم و ادراک کے وجود کو چاہتا ہے اور
اسکا مستلزم یہ نہیں ہو سکتا کہ مادہ کے مختلف اجزا کی باہمی مناسبت سے قانون
پیدا ہوا ہوا۔ یا اسی کو قانون کہتے ہوں

دہریوں کے لئے دلچسپ مطالعہ۔ قانون مقدم ہے اس لئے

ذی عقل و ذی ارادہ و ذی علم متقن کا مستلزم لہذا عزیز الحکیم بکل شے علیم فعال لما یرید
پر ایمان لازم ہے اگر مادہ کے ہر ذرہ پر قانون حکمران ہے اور مادہ اوسکا مطیع
تو ماننا پڑیگا کہ ارتقا کے لئے اوسکے حرکت کرنے سے پہلے قانون موجود تھا اور اگر
قانون ہے تو پھر قانون بنانے والا کوئی ذی عقل ذی ارادہ ذی علم ہونا چاہیے
مادہ میں بذات خود نہ ارادہ ہے نہ عقل اس لئے ضرور ہے کہ مادہ سے خارج
کوئی وجود ہو جو قانون بناوے اور اوس کے ذریعہ سے ترتیب میں لاوے
سورہ روم میں ہے فاقم وجہک للدین حنیفاً فطرت اللہ التی فطر الناس علیہا
لاتبدیل لخلق اللہ ذلک الدین القیم سو سیدھا کر اپنے منہ کو دین پر حنیف ہو کر
اللہ کی فطرت وہ ہے جس پر پیدا کیا آدمی کو نہیں تبدیل ہے اللہ کے خلق کے
لئے یہ دین سیدھا ہے۔

پس انسان کی ایک فطرت ہے جس پر وہ مجبول ہے یعنی اوس کی فطرت کا
ایک قانون ہے جو حکمران اور لاتبدیل ہے اور جسکو اللہ تعالے نے بنایا ہے
لہذا انسان کو یہہ سمجھنا ضرور ہے کہ اوسکے لئے یک فطرت معین ہے اور انسان
جس مادہ سے بنا ہے اُس مادہ کے پہلے قانون مذکور موجود تھا اور وہ مادہ پر
حکمران ہے اور مادہ اوسکا مطیع قبل حرکت کے تھا اس لئے یہہ کہنا بالکل مطابق
واقع ہے افی اللہ شک فاطر السموٰت والارض۔ وہو العزیز الحکیم۔ وبکل شے
علیم۔ فعال لما یرید خلق فسوی ثم قدر فہدی۔

اور جبکہ انسان کی یک فطرت خاص اللہ نے بنائی ہے اور اسی فطرت کے
قانون کا وہ مطیع ہے تو بطریق اولے ہر دیگر ذرات پر قانون حکمران و مقدم ہے۔

## ضرورت مذہب و ماوراے مادہ ارفع و مقدس ہستی و معبود حقیقی کی جس سے بیم و امید ہو جزا دے سکے

خدا سے ڈرو پھر کسی سے نہ ڈرنا پڑیگا اُس سے امید رکھو اور مدد چاہو پھر کسی سے
امید نہ رکھنا اور مدد نچاہنا پڑیگا۔ معبود حقیقی کا عبد نہ بننا معبود مجازی کے غلامی کا
سبب ہوتا ہے خدا کو چھوڑ کر مجبور کر سکتے ہو لیکن ترغیب نہیں دیسکتے ظالم و فسادی
بن سکتے ہو لیکن معلم و ہادی نہیں بن سکتے دنیا بغیر خدا کے دنیا بغیر امید کی ہے
دنیا بغیر خدا کے دنیا بغیر بنیاد کے ہے اگر خدا نہ بھی ہو تو معلمان اصلاح و اخلاق
کو خدا کے وجود سراپا بہبود کی ضرورت ہے جسکو بنیاد اعتقاد انکو بنا دینا چاہیے۔

حیات ذاتی کے بقا یعنی انکو تحفظ ذاتی کے لئے ابتدائے نشو و نما ہوتا ہے لیکن
بالآخر بوجہ قانون ارتقا وہ عموماً شدید محرکات خودغرضانہ زندگانی انسانی
کے ہو جاتے ہیں پس بغرض فلاح ایسے جذبات کے توڑنے اور اصلاح کرنے کی
اسکے سوا صورت نہیں کہ مخالف جذبات اُن سے قوی تر پیدا کئے جاویں اور
دنیا میں یہ مقصد محض ایک الہامی قوت ایک ماوراے مادہ ہستی اور ایک تنقید و
واعتراضات سے ارفع و مقدس ذات پر اعتقاد لانیکے بغیر جس سے سوال و پوچھ نہو سکے
اور وہ جواب لینے پر سوال کرے جزا و سزا دے حساب کچھ پورا نہیں ہو سکتا اپنی ذات کی
مرجوح اور اپنے فوائد کے ایثار اور راحت عاجل کو قربان کرنیکا خیال جب ہی انسان
کر سکتا ہے کہ مقابلہ میں تخیل قوی تر اور مضبوط بہ تبعیت عقل اپنا عمل کر سکے۔

جو بالغیب ایمان نہیں لاتا عمل صالح نہیں کرتا دوسرے لفظوں میں وہ
جو اندھا مادہ پرست ہے نجات سے دور ہے قرآن مجید نہیں پاتا اور جو بالغیب ایمان لاتا ہے

وہی ہدایت و فلاح پاتا ہے یہں جو اپنے رب کی لقا کی رجا رکھنا چاہتا ہے تو اسکو چاہیئے کہ عمل صالح کرے اور اپنے رب کی عبادت مین کسی ایک کو بھی شریک نہ بناوے۔

## مختصر و مجمل فلسفہ اسلام و قرآن نسبت ذات و صفات رب عالمیان و خالق کون و مکان

اہم صفات و اسماء لکھنے جو قرآن مین مخصوصاً خدا سے تعالےٰ کے لئے ہین کوئی ایسی صفت جس سے واجب الوجود کی ذات محدود ہونیکا قرار دینا وجود کی حقیقت جاننے پر منحصر ہو اس لئے واجب الوجود کے طرف منسوب نہین ہو سکتی کہ وجود کی ایسی حقیقت کا جاننا مافوق فطرت انسانی ہے۔ لیکن جب کہ واجب الوجود یا علت العلل سے تمام معلولات کا ظہور ہوا ہے تو اُس کو بھی ایسے صفات متعددہ سے متصف کر سکتے ہین جو زاید علی الذات نہو کیونکہ وہ ازلی و ابدی ہے اور معلول کسی علت کا نہین پس ایسی صفت کا جو زاید علی الذات مثل انسانی صفات کے ہو ثابت ہونا محال ہے۔ انسان کو ایسی نظیر نہین ملی ہے کہ زائد علی الذات بھی نہ ہو اور عین بھی نہو۔ واجب الوجود کا موجود ہونا چونکہ ہم یقین کرتے ہین لہذا اس کے نقیض سے جو معدوم ہونا معلوم ہوتا ہے ہم اسکو بری کرتے ہین کیونکہ وہ امر سلبی ہین اور کوئی امر سلبی ذات واجب الوجود مین موجود نہین ہو سکتا۔ تمام صفات مفہوم ہوتی ہین اور ہم اُنکو ممکنات مادی سے اخذ و انتزاع کرتے ہین پس تمام صفات جنکو ہم خیال کر سکتے ہین وہ سب مفہومات انتزاعی ہین اور چونکہ ہم سمجھتے ہین کہ واجب الوجود اور علت العلل کے لئے ان صفات کا ہونا لازم ہے اسی لئے اُن صفات کو اسکے لوازم ذاتی ہونے پر یقین کرتے ہین اور جو صفات منافی اسکے وجود کے

یا منافی کسی اسکی صفت مسلمہ کے سمجھتے ہین اُن سے اُسکو بری کرتے ہین اور جن صفات کے ہونے یا نہونے کا واجب الوجود مین یقین کرتے ہین انکو نہ اسوجہ سے یقین کرتے ہین کہ وہ اُنکا محل ہے بلکہ اسوجہ سے کہ ہم کو اُنکے من حیثیت الاطلاق لوازم ذاتی علت العلل ہونے پر یقین کلی ہے باایں‌ہمہ ہم جس طرح اسکی ذات کی حقیقت کو نہین جان سکتے اُسی طرح اُسکی صفات کی حقیقت کو بھی نہین جان سکتے پس جونکہ خدا کی طرف من حیثیت الاطلاق منسوب کرتے ہین بلکہ اطلاق کی قید سے بھی مطلق رکھتے ہین تاکہ صرف مفہوم ہی مفہوم باقی رہ جاوے اسی لئے جب خدا کی کسی صفت کو کہتے ہین کہ ہے تو اوسکے ساتھہ ہی یہ بھی کہتے ہین کہ ہماری سی نہین پس وہ مقدس و پاک ہستی جو ہمیشہ سے ہے ہمارے تصورات جہانتک پہونچ سکتے ہین اور اُسکی ذہنی تحدید کرتے ہین اُنسے وہ اول ہے وہ آپ ہی آپ ہے اُسکا کوئی خالق نہین اُسکا ہونا اوسکی ذات ہے اُس نے اپنے کو ایسا ہی بتایا ہے کہ مین ہون اسکا ہونا ہی اُسکی بڑائی ہے اپنے ہونے ہی سے وہ پہچانا جاتا ہے اور اپنی بڑائی سے وہ پکارا جاتا ہے اُسکا کوئی ہمسر نہین ہونے مین کیونکہ ہونا اسکی ذات ہے صفت مین کیونکہ اُسکی سب صفتین اسکی ذات ہین وہ اپنی صفات کی طرف مثل انسانی ذات کے محتاج نہین ہوسکتا وہ زندہ ہے نہ جان سے بلکہ آپ ہی آپ سے وہ جانتا ہے نہ کسی جہت سے بلکہ اپنے ذات سے وہ جو چاہتا ہے کرتا ہے نہ کسی غرض سے بلکہ اپنے کمال ذات سے وہ جو کرتا ہے نہ کسی کرنے والی چیز سے بلکہ اپنی ذات سے لیکن جو کچھ ہوا ہے وہ بغیر اُسکے نہین ہوا پھر ایسی ذات کی نسبت بجز اسکے کہ ہے اور کوئی کچھہ نہین جان سکتا لیکن یہ اسکا مستلزم نہین کہ اُس کے وجود سے انکار کیا جاوے اور ایمان بالغیب نہ لایا جاوے بلکہ یہ ایسا مفہوم ہے کہ انسان کا اسکا سمجھہ لینا مافوق فطرت نہین۔

اُسکے تعبیرذات کے لئے جونام چاہو اُسکا رکھو لیکن وہ اُسکے ذات یا صفات کی حقیقت
نہ ہوگی بلکہ ایک نام ہوگا جس سے تم نے اُسکو نامزد کرلیا ہے اور لوازم ذاتی سمجھکر
اُس سے اُسکو موسوم کرلیا ہے یہہ خیال کرکے کہ اُس سے اُس قسم کے صفات
کا ظہور ہوا ہے اُسکو جیسی صفت سے چاہو متصف کرو لیکن وہ حقیقت اُسکے صفات
کی نہ ہوگی بلکہ اُس سے اُسی قدر معلوم ہوگا کہ جس خیال سے تم نے اُس مفہوم سے
اُسکو متصف کیا ہے اُسکی وہ مظہر ہے نہ کہ اصل صفات کی۔ کسی نام کے رکھنے یا
کسی صفات سے متصف کرنے سے یہہ مقصود ہوتا ہے کہ جس کا نام رکھا گیا ہے
مشخص ہوجاوے اور دیگر چیزون سے متمیز و مشار الیہ ہوجاوے اور صفات سے
متصف کرنے سے اُس کی صفات مذکور کی نسبت معلوم ہوجاوے اور وہ متمیز
و مشار الیہ ہوجاوے لیکن یہہ ضرور نہین ہے کہ اوس نام یا اوس صفات کا
حقیقتاً وہ محل بھی ہوا ور اوس کے ذات مین وہ ضرور موجود ہو اسی بیچون
و بیچگون کے نام رکھنے اور صفات کو اُس کے طرف منسوب کرنے سے یہہ کام نکلتا ہے
کہ ذہن منتقل ہوجاتا اور یاد تازہ ہوجاتی ہے اس لئے قرآن مین ہے کہ اللہ کے
اسماء الحسنیٰ ہین سو پکار اُسکو اُس کے ساتھہ نتیجہ یہہ ہے کہ خود اُسکو کسی نے نہین
جانا لہذا کہتے ہین کہ وہ خود بخود آیا ہے۔ جب ہم کامون سے جو ظہور مین آتے ہین یہہ
سمجھتے ہین کہ سلسلہ علت و معلول منتظم و مرتب و قانون کے ماتحت و تابع ہے
تو ہم واجب الوجود کو عزیز الحکیم و مرید و فعال لما یرید کہتے ہین لیکن اُسکے ارادہ کو
ایسی کیفیت نہین سمجھتے جو انسانونکے ذات کیطرح زاید علی الذات عارض ہوگئی
ہے بلکہ یہہ کہتے ہین کہ اُسکا ارادہ اور اُسکا چاہنا مثل ہمارے نہین بلکہ وہ

ایسا ہے جو اسکے مقتضاے شان ہے اور جب کسی شے کے ہونے کا وہ ارادہ کرتا ہے
تو صرف کن کہدینا اس شئے کے ہو جانے کے لئے کافی ہے پس وہ ہو جاتی ہے الحق
کان اللہ ولم یکن معہ شیأ ہمارے علم کے لئے قبل از علم موجودات خارجی یا ذہنی کا موجود
ہونا ضرور ہے یعنے ہمارا علم اُنکے موجود ہونے کا فی الخارج یا فی الذہن محتاج اور زاید
علی الذات ہے اور ہم زمانہ سے بھی اسکو متعلق سمجھتے ہین جسکو ماضی اور حال و استقبال
سے تعبیر کرتے ہین مگر با این ہمہ ہم اپنے علم سے کسی خاص شے کے موجب کے علم کو
بہ نسبت اس شئے کے زیادہ وسیع پاتے ہین جو قبل وجود اس شئے کے اسکے کل و
جز کا اپنے ذہن مین علم رکھتا ہے اور اُس کے وجود مین آنے پر اور اسکے خاص حالات
کے ہونے پر جو آیندہ اُسکے ہونگے زیادتی اسکے علم مین نہین ہوتی اور اس شئے
خاص کی نسبت اسکے علم مین زمانہ کا اعتبار بھی نہین ہوتا بلکہ ماضی و حال و استقبال
اُسکے علم سے نسبت مساوی رکھتے ہین اسی طرح جب ہم یقین کرتے ہین کہ علت العلل
یا واجب الوجود سے جو کچھ ظہور مین آتا ہے اسکے ارادہ اور حکمت سے آتا ہے
تو فطرت انسانی اسپر شہادت دیتی ہے کہ صفت علم بھی اسکو لازمی ہے جو نہ
متقید بوجود معلولات ہوا ور نہ اُس مین زمانہ کا اعتبار ہو اس لئے اسکو عالم الغیب
والشہادہ بکل خلق علیم کہتے ہین اور خداے تعالیٰ کے علم کو بالکلیہ حالیہ سمجھتے ہین
مین جس طرح وجود الٰہی کو سمجھتا ہون اوسی طرح علم الٰہی کو بھی ذاتی سمجھتا ہون کمال
قدرت یہہ ہے کہ جو کمال کا مقتضا ہو اور جو چاہے وہی واقع ہو نہ کہ اوس کے
خلاف اور چونکہ اللہ تعالےٰ کسی کا یہانتک کہ اپنے صفات کا بھی محتاج نہین بلکہ غنی
ہے اور آپ ہی آپ ہے لہذا اوس کو علیٰ کل شئے قدیر ہم کہتے ہین جو منافی اسکے

نہین کہ جیسے افعال وصفات اوس سے صادر ہو سکین - جو صفات ایسی ہین کہ
مشترک صفات انسانی والٰہی مین یعنی ایسی صفات جن سے انسان کو بھی متصف
کر سکتے ہین اور خدا تعالے کو بھی اُن کو چھوڑکر قرآن مین جو اہم صفات ایسی بیان
ہوئی ہین جو سوائے خدا تعالےٰ کے اور کسی کی نہین ہو سکتین انکو اب لکھتا ہون -
اللہ رب العالمین الرحمٰن الرحیم ؁ ملک یوم الدین (سورہ فاتحہ) جس طرح
رب العالمین سوائے خدا کے کوئی نہین ہو سکتا اسی طرح رحمٰن الرحیم بھی نہین
ہو سکتا اگرچہ انسان کو بھی کہتے ہین لیکن الرحمٰن الرحیم انسان نہین ہو سکتا سورہ حدید
مین ہے پاکی بیان کرتا ہے اللہ کے واسطے جو کچھ آسمانون اور زمین مین ہے اور وہی
عزیز الحکیم ہے اسیکے واسطے راج آسمانون و زمین کا ہے زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے اور وہ ہر شے پر
قدیر ہے وہی اول ہے اور آخر اور ظاہر اور باطن اور ہر شے پر علیم پس حکیم
انسانون کو بھی کہہ سکتے ہین لیکن عزیز الحکیم ایسے خدا کے سوا اور کوئی نہین ہو سکتا
شے وہ ہے جسکا ہونا خدا ئے تعالےٰ نے چاہا ہے پس ہر شے پر علیم و قدیر
سوائے اسکے اور کوئی نہین ہو سکتا تصورات انسانی جہانتک ابتدا یا انتہا
ازل یا ابد تک پہونچ سکتا ہے اور خیال انسانی جس حد تک اپنے ذہن مین
زمانہ کو محدود کر سکتا ہے اُس سے اول و آخر سوائے خدا تعالیٰ کے اور کوئی
نہین ہو سکتا - ظاہر اور باطن دونون مین ہو مساوی نسبت رکھتا ہو اور حقیقتاً
اُس کے لئے ظاہر اور باطن دونون مساوی ہون اور ایک شے اسمین کا ہو
وہ خدا ہی ہے - سورہ حشر مین ہے اللہ وہ ہے کہ نہین معبود مگر وہ جاننے والا
غیب و شہادت کا وہی ہے رحمٰن الرحیم وہی اللہ ہے کہ نہین معبود مگر وہ

الملک القدوس السلام المومن المہیمن العزیز الجبار المتکبر پاک ہے اللہ اس چیز
سے کہ شریک لاتے ہین بادشاہ بہت پاک عیب سے سلامت امن دینے والا
نگہبان غالب دباو والا بڑائی والا جدا جدا ان صفتون سے انسان متصف ہوسکتا ہے
لیکن ان صفات سے مجموعی طور سے خدا ہی کو متصف کرسکتے ہین اسکے بعد ہے
اللہ وہ ہے خالق نکال کھڑا کرتا صورت کھینچنا اسکے لئے ہین انیک نام ہین پاکی
بیان کرتے ہین اس کے لئے جو کچھ آسمانون و زمین مین ہین اور وہی عزیز الحکیم ہے
پس خالق الباری المصور سوائے اللہ کے اور کوئی نہین ہوسکتا اور الہ دوسرے
کو بھی بنا سکتے ہین لیکن الالہ کوئی نہین ہوسکتا لہذا کہا گیا ہے کہ لا الہ الا اللہ یعنے
کوئی حق معبود ہونے کا نہین رکھتا مگر وہ جانا ہوا معبود یعنے خدا عالم الغیب
والشہادہ ہے سب چیزون کا جو ہوچکی یا ہوگی یا ہو رہی ہین سورہ اخلاص
مین ہے اللہ ایک ہے اللہ بے احتیاج ہے نہین جنا اور نہ جنا گیا اُسکا کوئی ہمسر
نہین سورہ ملک مین ہے بڑا برکت والا ہے کہ جس کے ہاتھہ مین ملک ہے۔ اور
سورہ شوریٰ مین ہے اُس کے مثل کوئی شے نہین ہے اور سورہ فاطر مین ہے
اللہ غنی ہے اور ہم فقرا ہو سورہ نمل مین ہے اللہ مجیب المضطر کاشف السوء ہے
حی القیوم ہے (بقر) اللہ نور السموات والارض ہے مثال اسکے نور کی بیان ہوئی ہے
(سورہ نور) فعال لما یرید ہے (بروج) اسکے ارادونکو کوئی روک نہین سکتا وہ سب سے حساب
لے سکتا ہے اور اُس سے کوئی نہین پوچھہ سکتا (انبیا) جب کسی چیز کے ہونیکا وہ ارادہ و حکم
کرتا ہے تو کہدیتا ہے کن اور وہ ہو جاتی ہے (بقر) آنکھین اوس کو درک نہین کرسکتین
اور وہ اون کو درک کرتا ہے (سورہ قصص مین ہے) اور نہ پکار اللہ کے ساتھہ دوسرے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

**فصاحت اور بلاغت کے حدود۔** بہت سے لوگ فصاحت اور
بلاغت کو ہم معنی خیال کرتے ہین اور بہت سے لوگون کا یہ بھی خیال ہے کہ بلاغت کا
استعمال معنے پر اور فصاحت کا الفاظ پر ہوتا ہے یعنے چستی الفاظ کو فصاحت اور معنی
کی خوبی کو بلاغت کہتے ہین۔ امام فخرالدین رازیؒ فرماتے ہین کہ فصاحت اُس
بیان کو کہتے ہین کہ کنجلک اُس مین نہ ہو۔ فصاحت کی مثال اُس صاف دودھ
کی سی ہے جس سے جھاگ اُتار لی گئی ہو۔ ثعالبی نے کہا ہے کہ بلیغ اُس شخص کو
کہین گے جس کے الفاظ زور آور ہون اور نئے نئے معنی اُس سے پیدا ہوتے
ہون۔ مگر ثعالبی کے اس قول سے بلاغت کے ایک صنعت کی تعریف ہوتی ہے۔
بحتری نے لکھا ہے کہ عمدہ کلام وہ ہے جو مختصر ہو روشن ہو اور اُس کے سمجھنے
مین دشواری نہ ہو۔ پس اس تعریف سے بھی ثعالبی نے جس صنعت کی تعریف
کی ہے وہ نہین نکلتی۔ ابوعبداللہ خلیفہ مہدی کے وزیر نے کہا کہ بلاغت یہ ہے
کہ خاص لوگ اُس کے بیان کو تسلیم کرلین اور وہ مطلب سمجھا سکے۔ حضرت معاویہؓ
حضرت عمر بن العاصؓ نے جواب دیا کہ بلیغ وہ ہے جو تھوڑے اور عام فہم لفظون مین
خوبی کے ساتھ مافی الضمیر ظاہر کرسکے۔ پس ان سب تعریفات مذکورہ سے اگر جدا
جدا غور کیا جاوے تو بلاغت کی تعریف کما حقہ نہین ثابت ہوتی لیکن اگر ان سبھون کو
اکٹھا کر لیا جاوے تو تعریف اور بلاغت کی حد ثابت ہو جاتی ہے۔ وہ جو تھوڑے
اور عام فہم لفظون مین خوبی کے ساتھ اپنا مافی الضمیر ظاہر کرسکے کہ خاص لوگ
بے کنجلک ہونے کے اُس کے بیان کو تسلیم کرلین اور عام طور پر مطلب سمجھا سکے
اور ایسا مختصر و روشن و مدلل کہے جس کے سمجھنے مین دشواری نہ ہو کہ اُس کے

الفاظ زور آور ہوں اور نئے نئے معنے اس سے پیدا ہوتے ہوں نہ اختصار ایسا
کرے جس سے اس کا بیان معما ہو جاوے اور نہ ایسی طوالت کرے کہ گھبرا دیوے
اور لطف اختصار کو ضایع کر دیوے اسکا وہ کلام بلیغ ہے اور فصیح وہ بیان ہے جو کان پر گران نہ ہو
اور زبان پر سہل الادا ہو - سورہ قصص میں ہے -

وأخي هارون هو أفصح مني — کہا موسیٰ نے اے میرے خدا اور میرا بھائی ہارون وہ
لسانا فأرسله معي ردءا يصدقني — زیادہ فصیح ہے مجھ سے زبان میں تو بھیج اسکو میرے ساتھ مددگار کرنیوالا
إني أخاف أن يكذبون ۝ — کہ میری تصدیق کرے میں ڈرتا ہوں کہ مجھ کو جھٹلاوینگے -

پس اس آیت میں افصح کا لفظ ہے - اور دوسری آیت سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ حضرت
موسیٰ طلیق اللسان نہ تھے یعنے ان کی زبان جلد جلد نہ چلتی تھی - لہذا زبان سے صاف
لفظ نہ نکلتا غیر فصیح اللسان ہونا ہے - چنانچہ سورہ طٰہٰ میں ہے -

قال رب اشرح لي صدري — کہا موسیٰ نے اے خدا میرے صدر کو کشادہ کر اور
ويسر لي أمري واحلل عقدة — آسان کر میرے لئے میرے کام کو اور کھول گرہ میری
من لساني يفقهوا قولي ۝ — زبان سے تا سمجھ سکیں میرے قول کو -

اور سورہ شعرا میں ہے - قال رب — کہا موسیٰ نے اے اللہ میں ڈرتا ہوں
إني أخاف أن يكذبون ويضيق — کہ مجھ کو جھوٹا سمجھیں اور تنگی کرتا ہے میرا سینہ
صدري ولا ينطلق لساني ۝ — اور نہیں چلتی ہے میری زبان -

لہذا اٹک اٹک کر بولنا جو تنگی صدر کے وجہ سے ہو جس قدر زیادہ ہوگا اسیقدر
کم فصیح اللسان ہوگا بلاغت کا نتیجہ و غرض یہ ہے کہ ابلاغ کافی ہو - پس اس سے بھی ثابت
ہوتا ہے کہ بلاغت لفظ و معنی دونوں پر شامل ہوتی ہے اور [illegible] سمجھے استعمال کو

بلاغت کہتے ہین اور اُسی کا کلام حقہ واقع ہونا اور صاف طور پر ظاہر ہونا علی بلاغت ہے۔

**خطابت کے فواید و حدود۔** چونکہ فن خطابت تاثر و انفعال وجدان سے زیادہ تعلق رکھتا ہے اس لیے اُس کی پوری تعریف مختصر عبارت مین دشوار ہے مختلف طریقون سے اُس کا ایسا نقشہ کھینچا جا سکتا ہے جس سے اُس کی تصویر سامنے آجاوے۔ رسمی طریقہ پر مختصر تعریف یون کی جاتی ہے کہ خطابت اُس قوت محرکہ کو کہتے ہین جو الفاظ کے ذریعہ سے سامعین پر خاص اثر ڈال سکے۔ انسانی جذبات پر اثر ڈالنے اور اُن کو اُبھارنے مین خطابت کے ساتھ شاعری و موسیقی کا وہ حصہ جو لب و لہجہ سے متعلق ہے اور افسانہ بھی بعض خصوصیات مین مشترک ہین۔ ان سب کے ہر ایک کے نمایان اوصاف و خصوصیات سمجھنے سے باہمی صحیح فرق معلوم ہو سکتا ہے اور خطابت کی صحیح تصویر ذہن مین آجاتی ہے۔ انسان کو خود اپنے نفس کے مطالعہ کی ضرورت ہے جو مثالون کے ذریعہ سے قوت متاثرہ کی کیفیت سمجھ سکتا ہے۔ خطابت کی خصوصیت اور اُس کا کمال یہ ہے کہ جن باتون کو لوگ نہین یقین کرتے اگر وہی باتین خطابت کے اصول پر بیان کی جاوین تو مان لیوین اور عامی بھی بآسانی سمجھ لے اسی لیے کہا گیا ہے کہ خطابت معقولات سے زیادہ موثر و زود اثر ہے بجز مخصوص اشخاص کے خطابت سب پر اثر کرتی ہے۔ خطابت مین ایک قسم کی حکومت و زور بیان ہوتا ہے تاکہ کچھ رعب بھی ہو۔ بخلاف برہان کے کہ اُس کے مقدمات کے تحت و بیان مین زور ہوتا ہے اور بیان سادہ و صاف و بغیر حکومت کے کیا جاتا ہے تاکہ بغیر رعب کے سمجھنے مین بخوبی تمام آوے اور زیادہ آسان ہو۔

**خطابت و شاعری۔** شاعری مین خیالات کی ایسی تصویر کھینچی جاتی ہے

جو لفظاً سادگی و معناً اثر و حقیقت پہ مبنی ہو یعنے اصلی حقیقت استعارات وغیرہ سے چھپ نہ جاوے۔ خطابت کلام موزون و مقفیٰ کے طور پر بھی ہوتی ہے اور بغیر وزن و قافیہ کے بھی لیکن جو لوگ وزن و قافیہ کو شعر مین لازمی سمجھتے ہین وہ اُس خطابت کو جو بغیر وزن و قافیہ کے ہو شعر نہین کہینگے اور جو خطابت موزون و مقفیٰ ہو اُس کو شعر کہینگے۔ شاعر جب کسی اثر سے متاثر ہوتا ہے تو اُس کی زبان سے موزون و مقفیٰ عبارت بے ساختہ نکلتی ہے اگرچہ اُس کی غرض بھی نہین ہوتی کہ دوسرا کوئی سنکر اُس سے متاثر کیا جاوے برخلاف اس کے خطیب سنانے اور متاثر کرنیکی غرض سے ساختہ یا بیساختہ عمل کرتا ہے اور حرکات بدنی اُس سے صادر ہوتی ہین۔ خطیب حاضرین یا مخاطبین کے عام مذاق کا تجسس و تفحص کرتا ہے اور خیال رکھتا ہے کہ سامعین کے جذبات و محسوسات کے خلاف نہ کہہ جاوے جس سے غرض خطابت حاصل نہو بلکہ کوشش کرتا ہے کہ جو کہے وہ سننے والون کے دل مین اُتر جاوے مگر جو شعر خطابت کی غرض سے نہ ہو اُس مین شاعر آزاد ہوتا ہے کہ جو کچھ خود اُس کے جذبات و احساس ہون وہ ادا ہون اور وہمیات اور دلفریب باتون سے کام لے جیسے صوفیانہ و ترک دنیا وغیرہ کے مضامین سے۔ پس شاعر بخلاف خطیب کے بیساختہ کہتا و آزاد ہوتا ہے کہ جو خود اُس کے جذبات و احساسات ہون اُن سے کام لے۔

خطابت و موسیقی۔ موسیقی کے تاثیر مین دو چیزون کو بہت دخل ہے۔ ایک معانی و مطالب کی خوبی کو۔ دوسرے فن موسیقی کے اصول و قواعد کی پابندی کو۔ اس لئے شعر کی جو تاثیر ہے وہ موسیقی مین جمع ہے اور شاعری و خطابت مین فرق سمجھ لینے کے بعد موسیقی و خطابت کا فرق سمجھ لینا آسان ہے۔ موسیقی مین اگر قواعد و اصول کی

پابندی نہ کی جاوے تو اگرچہ بہتر سے بہتر شعر اُس کے ذریعہ سے ادا کئے جاوین
لیکن وہ اثر نہ ہوگا جو پابندی سے ہوگا۔ موسیقی کے موثر ہونے کا راز بہت زیادہ
اُس کے اصول و قواعد کے لحوظ رکھنے مین پنہان ہے۔ لہذا انہی اصول و قواعد
کے ساتھ لب و لہجہ خطیب کا بھی اگر بہتر ہو تو وہ اور زیادہ کامیاب ہوتا ہے لیکن جو
خطابت دوسرون کے پڑہنے کے لیئے ہو نہ سُننے کے لئے تو اُس مین لب و لہجہ کی
ضرورت نہین البتہ اس کا لحاظ چاہیئے کہ دوسرے پڑہنے والے بہترین لب و لہجہ
کے ساتھ اُس کو پڑہ سکین جو قواعد فصاحت و بلاغت سے تعلق رکھتا ہے۔

**خطابت و افسانہ۔** افسانہ دراصل خارجی حالات زندگی اور اُس کے
گرد و پیش کے اسباب و وقایع کے استقصاء و استحصار کا نتیجہ ہے۔ افسانہ گو جب
کسی خاص حالت یا کسی خاص چیز کا نقشہ کھینچے گا تو اُس کے لئے اُن چیزون کا ذکر
کرے گا جو انسان کے گرد و پیش ہون۔ اگرچہ وہ خاص حالت یا وہ خاص چیز
اپنے وجود کے لحاظ سے کتنی ہی نا ممکن کیون نہ ہو۔ مثلاً دیو کی تصویر وہ یون بیان
کرتا ہے کہ آدمی کے طرح تہا مگر اُس کا جسم فربہی مین ہاتھی سے زیادہ اُسکی سینگ
بڑی اور دانت نوکیلے تھے۔ غرضکہ وہ ایسی اشیا کا ذکر کرتا ہے جس سے سُننے والے
کبھی کانپتے اور کبھی کبھی ہنستے ہنستے لوٹ جاتے اور کبھی خوش ہوتے ہین۔ لیکن اگر
خطیب اُن محال باتون کا اور اسی قسم کا ذکر کرے تو اثر قبول کرنے کے بجاے مجمع
یا مخاطب اُسی پر ہنس پڑے اور اُس کی نادانی و جہالت سمجھے۔ اور موثر نہ ہو۔ پس
خطیب اپنے گرد و پیش کے اسباب و وقایع کے استقصاء و استحصار مین
افسانہ گو کے ساتھ شریک ہے لیکن خطیب اگر واقعیت سے قدم آگے بڑہاے تو وہ افسانہ گو

خطیب نہین - اور اگر لب و لہجہ درست نہ رکھے اور الفاظ ایسے اپنی حکایت مین رکھے جس سے بہتر طور پر موافق اصول و قواعد کے نہ ادا ہوسکین تو وہ ایسا خطیب ہے جو اصول و قواعد سے ناآشنا و غیر پابندی کرنے والا اور ناقص خطیب سمجھا جاویگا۔ اور اگر اپنے ہی جذبات و محسوسات کے مطابق کہتا ہے اور سامعین یا مخاطبین کے جذبات و محسوسات کا لحاظ نہین رکھتا تو وہ شاعر ہے خطیب نہین اور سامعین و مخاطبین کے عام مذاق کا تجسس و تفحص اُس نے نہین کیا نہ اُس کا اندازہ مناسب کیا ہے اور نہ اُس نے ان کا خیال کیا ہے کہ جذبات و محسوسات سامعین یا مخاطبین کے خلاف نہ کہے۔ غرضکہ خطابت کیلئے فصاحت و بلاغت لازم و ضروری ہین۔

تمدن و علم کا ترقی دینا مذہب کے حقیقت مین داخل نہین لیکن لازمۂ ہدایت ہے و طریق ہدایت انبیاء۔ تصحیح عقاید و تربیت اخلاق اور تزکیہ نفس کامل اصلاح کے بعد لازمی طور پر علمی اور تمدنی ترقی کا ذریعہ ہوجاتے ہین اس بنا پر مذہب علم و تمدن کو ترقی دیتا ہے لیکن یہ ترقی مذہب کے حقیقت مین داخل نہین۔ پس اگر کوئی مذہب علمی اور تمدنی ترقی مین حصہ نہین لیتا تو اُس پر یہ اعتراض نہین کہ اُس نے علم و تمدن کو نشو و نما نہین دیا بلکہ یہ کہنا چاہیئے کہ اُس نے کامل طور پر عقاید اور اخلاق کی ایسی اصلاح نہین کی جو علم و تمدن کی ترقی کا ذریعہ ہو۔ مذہب زندہ اور نوخیز قوم کو تیار کرتا رہتا ہے۔ پس اگر عقلیات ہی کو اُس کی تعلیمات و تلقینات کا جزو و ذریعہ قرار دیا جاوے تو اُس کا نظام و مشن بدل جاویگا اور مذہب اپنی اصلی طاقت کھودے گا۔ شاہ ولی اللہ صاحب حجۃ اللہ البالغہ مین جو لکھتے ہین اُس کا ترجمہ یہ ہے۔ "اور انبیاء کی سیرت یہ ہے کہ وہ لوگ ان چیزون مین مصروف

نہین ہوتے جن کا تعلق تہذیب نفس اور قوم کی سیاست سے نہین ہے۔ مثلاً
وہ لوگ حوادث فضائیہ جیسے بارش، گہن، ہالہ، نباتات و حیوانات کے عجائب چاند
اور سورج کے رفتار کی مقدار اور روزانہ واقعات کے اسباب، پیغمبرون
بادشاہون اور شہرون کے قصے اور مثل اس کے تفصیل بیان کرتے، البتہ اس
قسم کے جن سے قوم کے کان آشنا ہو چکے ہین ان کا کسی قدر اجمالی ذکر ضمناً و تبعاً
استعارات و کنایات کے ساتھ خدا کی نعمتون اور خدا کے گذشتہ واقعات کے سلسلے
مین کر دیتے ہین۔ یہی وجہ ہے کہ جب کفار نے آنحضرت صلعم سے چاند کے گھٹنے اور
بڑھنے کی وجہ پوچھی تو خدا نے اس سے اعراض کر کے صرف مہینون کے فوائد بتائے
کہ لوگ اگر تم سے اہلہ کے متعلق سوال کرتے ہین تو کہدو کہ اس کے ذریعہ سے
آدمیون کا اور حج کا وقت معلوم کیا جاتا ہے لیکن ہم کو بہت سے لوگ نظر آتے ہین
جو ان فنون کی شیفتگی یا دوسرے اسباب سے پیغمبرون کے کلام کا حمل اس
موقع پر کرتے ہین جو اس کا اصلی محل نہین۔ (صفحہ ۸ مطبوعہ ہند)

شاہ صاحب نے پیغمبرون کی تعلیم اور تربیت کا ایک اور اصول بھی بتایا ہے کہ
اور پیغمبرون کی تعلیم و تلقین کی ایک سیرت یہ ہے کہ وہ لوگون سے ان کی فطری عقل
اور ان کے فطری علوم کے مطابق گفتگو کرتے ہین اس کی وجہ یہ ہے کہ نوع انسان
کہین بھی موجود ہو لیکن فطرتاً اس کے علم و ادراک کا ایک حد ہے جو تمام حیوانات سے
بلند ہوتا ہے مگر جب مادہ بالکل ناقابل ہو جاتا ہے تو اس کی یہ صورت فنا ہو جاتی
ہے اس فطری علم کے علاوہ اس کے علم کا ایک درجہ اور بھی ہے جو یا تو بطور خرق
عادت کے حاصل ہوتا ہے اور یہ درجہ انبیاء اور اولیاء کے ساتھ مخصوص ہے

سخت ریاضت اور فلسفہ کلام اور اصول فقہ اور اُس کے مثل کے ممارست سے
حاصل ہوتا ہے لیکن انبیار کا تخاطب صرف اس علم وادراک کے مطابق ہوتا ہے
جو فطرةً ان مین ودیعت کیا گیا ہے اور وہ اُس علم کے طرف توجہ نہین کرتے
جو ان اسباب سے حاصل ہوتا ہے جو بہت کم وقوع پذیر ہوتے ہین یہی
وجہ ہے کہ انبیار نے لوگون کو یہ تکلیف نہین دی کہ وہ اپنے رب کو تجلیات شاہدات
دلایل اور قیاس سے پہچانین اور نہ اُن کے لئے یہ ضروری قرار دیا کہ اُس کو منزہ
عن الجہات تسلیم کرین کیونکہ جن لوگون نے اس قسم کی ریاضتین نہین کی ہین اور
مدت تک معقولین کی صحبت مین نہین رہے ہین اُن کے لئے یہ تکلیف مالایطاق ہو
اور اسی لئے انبیار نے لوگون کو دقیق مقدمات کے ذریعہ سے استنباط نتایج اقسام
دلیل وجوہ استحسان اور اشباہ ونظایر کی تفریق غرض ان تمام چیزون کی
ہدایت نہین کی جنکی بنا پر اصحاب راے اہل حدیث پر زبان درازی کرتے ہین۔

**کلام انبیار کے تمثیلی و تشبیہی ہونے کا سبب۔** غور کرنے کی
بات ہے کہ اللہ تعالےٰ نے ہمارے تہذیب اخلاق و تمدن و معاملات کے آسان
و ہموار کرنے اور پاکیزگی روح کے لئے انبیار بھیجے اور اُن کے طرف وحی کی
تاکہ اُس سے ہم اپنے اخلاق بھی درست کرین اور نجات ابدی بھی حاصل کرین۔
پھر وہ تعلیمین ہمارے خیال اور گمان مین بھی نہ تھین۔ علاوہ اس کے اُن مین
دقیق و نازک مضامین بھی تھے جن کا سمجھ مین آنا اور اُن کی اصلیت وحقیقت کا
دریافت کرنا انسان کی سمجھ اور فکر سے باہر تھا اور ایسے مضامین تو بہت کثرت سے
تھے جن کا بغیر ترقی علم کے سمجھ مین آنا غیر ممکن تھا اور رحمت اور حکمت الٰہی مقتضی

اس بات کی تھی کہ ہماری تمام جماعت انسانی بقدر اپنی اپنی استعداد کے اُس سے فایدہ اُٹھاوے خصوصاً اُس وقت مین بھی جب کہ ہماری سوسایٹی بچپن کے حالت مین تھی اور کسیطرح علم نے ترقی نہین پائی تھی - اس لئے مقتضائے حکمت یہ تہا کہ خدا کی وحی ایسے طور و انداز بیان سے نازل ہو کہ اُس کے اصل نتیجہ سے کسی زمانہ مین اور کوئی شخص محروم نہ رہے - پس ضرور ہوا کہ ایسے مضامین جو درحقیقت انسان کے احساس سے مافوق ہین اور جن کا ادراک حواس ظاہری کے ذریعہ سے متعلق ہوتا تہا یا بچپن کی حالت ہماری سوسایٹی کی اُن کے سمجھنے کی لیاقت نہ رکھتی تھی وہ بطور مثال اور تشبیہ کے بیان کئے جاوین اور گو کہ وہ مضامین مثالی اور تشبیہی کسی زمانہ مین حقیقی سمجھے گئے ہون مگر اُس سے کچھ نقصان اور قباحت ہماری خلقی اور روحانی تمامت مین نہ اوے جسطرح یہہ کہ بیان ہوئے تھے اُس کے نتیجہ مین خواہ وہ مضامین مثالی اور تشبیہی سمجھے جاوین خواہ وہ اصلی اور حقیقی کسیطرح کا تفاوت نہ تہا ان باعثون کے سبب ضرور تہا کہ کلام الٰہی صرف بطور حقیقت ہی کے نہ بیان کیا جاوے بلکہ بطور مثال اور تشبیہ کے بھی ہو تاکہ ہماری ضعیف عقل اُس کے ذریعہ سے اُس اصلی تعلیم اور اُس کے نتیجہ سے محروم نہ رہے - پس کلام الٰہی کو تمثیل اور تشبیہ سے خالی سمجھنا اور اُس کے سیاق اور اُس کے مقتضیٰ سے درگذرنا ایسا ہی ہے جیسے کہ اُس کے تمام کلام کو تمثیلی اور تشبیہی اور خیالات شاعرانہ سمجھنا - جس طرح کہ اقسام مذکورہ بالا کے مضامین نے جو کلام الٰہی مین واقع ہین اُس پر اعتقاد رکھنے والون کو گھبرا لیا ہے اُسی طرح ان فنانہاے نے بھی جو کلام الٰہی مین واقع ہین اور حال کی ترقی علم نے اُن کے برخلاف ثابت کیا ہے حد سے زیادہ اُن کو گھبرا دیا ہے - مگر وہی ترقی علم ہم کو یہہ بھی

دکہاتی ہے کہ اُن الفاظ کی تعبیر معانی مین جس قدر قصور تہا ہمارے علم کا تہا نہ کلام الٰہی کا
انسان کی روحانی تربیت انبیاؑر کے ذریعہ سے حاصل ہوتی رہی ہے۔ جو امور کہ تجربہ
اور ترقی علم پر منحصر ہین وہ روز بروز انسان کو حاصل ہوتے جاتے ہین۔ اس لیے
ضرور تہا کہ جو الفاظ انبیاؑر کے دل مین ڈالے جاوین وہ انسان کی ہر حالت علم اور
سمجہ سے باہر نہ ہون مگر اُس کے ساتہ یہ بھی ضرور تہا کہ وہ الفاظ حقیقت کے بھی
برخلاف نہ ہون تاکہ ہر ایک زمانے کے آدمی بقدر اپنے علم کے جو اُس زمانہ مین
رکہتے ہین اُس سے روحانی فایدہ اُٹہاوین اور جب کہ انسان کے علم کو
زیادہ تر ترقی ہو اور حقیقت اشیار بنسبت سابق کے زیادہ تر اُس پر منکشف
ہون تو وہ جان لے کہ جو الفاظ انبیار کے دلون مین ڈالے گئے تھے وہ بھی اُسی
ترقی یافتہ علم کے طرف اشارہ کرتے تھے۔ اُن کے معانی کے تعبیر مین جہان تک
قصور تہا ہمارے ہی علم کا تہا نہ اُن الفاظ کا۔ اس بیان سے معلوم ہو سکتا ہے کہ کلام
انبیار کا کس قدر عظمت اور منزلت رکہتا ہے کہ باوجود ہمارے مخالف اور متباین
خیالات کے مطابق حقیقت اور ہر ایک وقت ہماری روحانی تربیت کو مفید اور
کافی تہا۔ انبیاؑر بلاشبہہ خدا کے طرف سے حقیقت اشیار اور اُن الفاظ کے
حقیقی مراد سے واقف تھے مگر چونکہ وہ الفاظ صرف ترقی علم سے علاقہ رکہتے تھے
اور ہر ایک زمانہ کے آدمی بقدر اپنے علم کے اُن الفاظ کے جو معنے تعبیر کرتے تھے
اُس مین انبیار کو مداخلت کرنی ہرگز ضرور نہ تھی کیونکہ وہ لوگ روحانی تربیت اور
ابدی نجات کی راہ بتانے کو آئے تھے نہ اُن الفاظ اور اصطلاحات کی اصلاح
سمجہانے کو اور اگر وہ ایسا نہ کرتے تو جو اصل کام اُن کا تہا وہ پیچہے پڑ جاتا اور

ایک نیا جھگڑا برپا ہوتا جو اُس زمانے کے علم اور اُس زمانے کے آدمیون کی سمجھ سے بالکل باہر ہوتا۔ ہم سب سے بڑا معجزہ قرآن مجید کا یہی سمجھتے ہین کہ وہ اُس طرز کلام مین نازل ہوا ہے کہ اُمی اور عالم اور جاہل و فلسفی کسی طرح پر اُسکے معنے سمجھین سیدھے سادہ طور پر یا علمی و فلسفی طور پر مگر نتیجہ مین سب متحد ہوجاتے ہین۔ کوئی کلام بجز قرآن مجید کے ایسا نہین ہے کہ وہ جاہل اور اُمی محض کو بھی اُس نتیجہ پر پہنچا وے جس نتیجہ پر ایک عالم فلسفی کو پہنچاتا ہے اور ہر ایک بقدر اپنے علم اور استعداد کے اُس سے فایدہ اُٹھا کر منزل مقصود پر پہنچا ہے اور قرآن مجید ہمارے ہر درجہ علم مین اُن اُمور مین جن کی ہدایت کے لئے وہ نازل ہوا ہے یکسان ہدایت کرتا ہے۔ اُس کے الفاظ ایسے اعجاز سے نازل ہوئے ہین کہ جہانتک ہمارے علوم کو ترقی ہوتی جاوے گی اور اُس ترقی یافتہ علوم کے لحاظ سے ہم اُس پر غور کرین گے تو معلوم ہوگا کہ اُس کے الفاظ اُس لحاظ سے بھی مطابق حقیقت ہین اور ہم کو ثابت ہوجاوے گا کہ جو معنے ہم نے پہلے قرار دیئے تھے اور اب غلط ثابت ہوئے وہ ہمارے علم کا قصور تھا نہ الفاظ قرآن مجید کا پس اگر ہمارے علوم کو آیندہ زمانہ مین ایسی ترقی ہوجاوے کہ اس وقت کے امور محققہ کی غلطی ثابت ہو تو پھر ہم قرآن مجید پر رجوع کرینگے اور اُس کو ضرور مطابق حقیقت پاوین گے اور ہم کو معلوم ہوگا کہ جو معنے ہم نے پہلے قرار دیئے تھے وہ ہمارے علم کا نقصان تھا قرآن مجید ہر ایک نقصان سے بری تھا۔ مثلاً فرض کرو کہ قرآن مجید سے ہم نے پہلے سمجھا تھا کہ سورج زمین کے گرد پھرتا ہے جس سے طلوع اور غروب ہوتا ہے اب معلوم ہوا کہ سورج ساکن ہے اور زمین سورج کے گرد پھرتی ہے

اب ہم قرآن مجید پر غور کرتے ہین تو معلوم ہوتا ہے کہ سورج کا پھرنا قرآن مجید مین
بطور حقیقت واقع کے بیان نہین ہوا بلکہ علی المشہود الناس بیان ہوا ہے اور
وہ سچ ہے۔ پس ہم نے جو اُس کو بطور حقیقت واقع کے سمجھا تھا وہ ہماری غلطی
تھی نہ کہ قرآن مجید کی۔ غرضکہ ترقی علوم سے ہم کو اُن امور سے رجوع کرنا جو ہمنے
پہلے قرآن مجید کے نسبت قرار دیئے تھے اور قرآن مجید کا اُس کے مطابق پانا
جس کے طرف ہم نے بعد ترقی علم رجوع کیا ہے ہمارے علم سابق کا نقصان اور
قرآن مجید کے کامل ہونے کا ثبوت ہے مگر ہمارے نسبت کسی قسم کے طعنہ زنی کا
سبب نہین۔ پس یہ اعتراض بے وقعت ہے کہ کیا عجب ہے کہ آیندہ زمانہ مین
ان علوم کو اور زیادہ ترقی ہو اور جو امور اس وقت محقق معلوم ہوتے ہین وہ غلط
ثابت ہون۔ اُس وقت قرآن مجید کے الفاظ کے دوسرے معنے قرار دینے کی ضرورت
ہوگی۔ وہلم جرا۔ لہذا قرآن مجید لوگون کے ہاتھ مین ایک کھلونا ہو جاوے گا۔ کیونکہ
ہمارا یقین ہے کہ قرآن مجید حقیقت امور کے مطابق ہے۔ اور کسی سچائی پر پہنچنے کا
طریقہ اور حقیقت امور کے سمجھنے کا وسیلہ بجز اس کے اور نہین ہے کہ علوم موجودہ
کے مطابق وہ صحیح سمجھا جاوے اور اس طرح اصلی امر اور حقیقی بات کی تحقیق
ثابت ہو جاوے گی اور اگر اس خیال سے کہ کیا عجب ہے کہ آیندہ غلط ثابت ہو
ہم تحقیق چھوڑ دیوین تو صحیح بات تک ہم کبھی نہین پہنچ سکتے۔ دوسرے فلسفیانہ طریقہ
یہ ہے کہ وقوع ثابت کیا جاوے نہ امکان۔ امکان عقلی ایک خیال غیر محقق الوقوع
ہے نہ وجودی۔ علاوہ اس کے جس چیز کا کبھی وقوع نہ ہوا ہو اُس پر امکان کا اطلاق
غلط ہے۔ دوسرے بحث اس پر بھی آجاتی ہے کہ جب کہ بلحاظ علوم و فنون مابعد کے

قرآن مجید پر توجہ کی جاتی ہے جس سے اہل عرب ناواقف اور عاری تھے اور
بدوی و تمام اہل عرب اُن سے ناآشنا تھے ایسی حالت میں بھی کوئی نئی بات
ہم کو نہیں کرنا چاہیئے بلکہ خود موافق زبان اہل عرب کے قرآن مجید کے الفاظ کے
مفہوم و معنون پر متوجہ ہونا چاہیئے جو علوم کی ترقی کے نسبت ہم کو صحیح و درست معلوم
ہوتے ہوں مثلاً اہل عرب بجز اس کے کہ جس پر وہ رہتے تھے اُس کو ارض کہتے
تھے اور جو نیلی نیلی چیز گنبد نما اُن کے سر پر تھی اُس کو سما جانتے تھے اور دیگر بحثوں سے
جو علوم میں اُن سے متعلق ہیں ناواقف تھے یا ارض و سما کہتے ہیں اُس سے مقصود نہیں
رکھتے تھے اور وضع کرتے وقت اُن کا خیال تک بھی نہیں تھا۔ پس ایسے دیگر معنے کو بمقابلہ
اس کے جبکہ بلحاظ علوم کے قرآن مجید کے الفاظ پر بحث کی جاوے نظر انداز کرنا چاہیئے
بحثیں جہاں تک ہیں صرف اُن امور سے متعلق ہیں جو علوم اور صحیحات سے علاقہ
رکھتی ہیں۔ باقی رہے وہ امور جو روحانی تعلیم سے متعلق ہیں اور جن کے لیے لا الہ الا
اللہ محمد رسول اللہ حاوی ہے ہر وقت میں ایک حالت مستقل پر قایم ہیں اُس میں
کسی قسم کی ترقی و تبدیلی کی ضرورت نہیں ہے۔ جس کے لیے منطوق آیہ کریمہ
الیوم اکملت لکم دینکم واتممت علیکم نعمتی و رضیت لکم الاسلام دینا
شاہد عادل ہے۔ اور وہ محکم طور پر اور متواتر اسلوب سے بیان ہوئے ہیں تاکہ
اُس میں شک و تبدیلی نہ ہو لہذا ہر زمانہ و علوم کے موافق اور ہر قسم کے لوگوں کی
ہدایت ہونا اور ہونا عام فہم خاص پسند کا لانا ایسا معجزہ ہے جس کے سبب بھی خدا نے
فرمایا۔ فاتوا بسورۃ من مثلہ — کوئی سورہ جو مثل قرآن کے کسی حصہ کے ہدایت
وادعوا شہداءکم من دون اللہ — کرتا ہو اُس کے مثل لاؤ اور اپنے شہدا کو بلاؤ

ان کنتم صٰدقین ۵ اگر تم صادق ہو۔

قران مجید کیون آخر و مکمل و متمم کتاب الہامی ہے۔ قران مشتق ہے
قرء سے۔ آخر و عالمگیر کتاب جب ہی اللہ کے طرف سے نازل ہونی چاہیے اور
جب ہی ختم نبوت ہونا چاہیے جب دنیا کے مختلف ممالک مین آمد و رفت و رسل
و رسایل کے ذرایع سہل آ دین اور دنیا کے قومون کی سکونت کا علم دنیا کی قومون
کو ہو جاوے اور آمد و رفت کا سلسلہ جاری ہو جاوے اور دنیا مین دلایل کی
پیاس مختلف حقایق کی تنقید کے لئے محسوس ہونے لگے ایسے وقت یا ایسے
زمانے کے آغاز پر ایک عالم گیر و خاتم کتاب و الہام کا نازل ہونا ضروری ہے کیونکہ
جب دنیوی تمدن انسانون کو اکٹھا کرے تو روحانی تمدن بھی ان مین یگانگت
و وحدت پیدا کرے۔ پس جب تک دنیا مین عالمگیر آمد و رفت کے ذرایع سہل
آ دین تب تک ایک ہی ناطق الہام موزون نہین ہو سکتا یہی وجہ ہے کہ قدیم
الہامون کے سرچشمہ سے تمام دنیا سیراب نہین ہوئی اور خود صحیفجات مذکورہ تمام
دنیا مین نہین پھیلے۔ اگر یہ غلط ہے تو اس کے یہ معنے ہوئے کہ ایک کتاب مین
ہزار ہا برس پہلے سے ضروریات جزئی کی تعلیم کر دی گئی اور ان احکام کے اس وقت
تک اس کے غیر مشہور و معطل رکھنے کا حکم ہے جب تک زمانہ مذکورہ آوے
اس وقت بھی اگر کل روے زمین کی تہذیب و عقول کا موازنہ کیا جاوے تو ہم کو
مختلف مدارج نظر آتے ہین جو ہمین افریقہ کے مادر زاد وحشیون سے لیکر یورپ وغیرہ
کے بعض عقلا کو دکہاتے ہین۔ لہذا کیا ایک ایسی عالمگیر کتاب کی ضرورت نہین ہے
کہ ابتدائی مدارج سے لیکر انتہائی مدارج تہذیب تک تمام مختلف تہذیب و عقول کے

مدارج کی اصلاح و تربیت کے سامان اپنے اندر رکھے اور سب مدارج کی ہدایات کا خلاصہ و بہترین عطر اُس مین موجود ہو وہ ایک وحشی انسان کو بھی معمولی تمدن کی عادات سکھلاکر ابتدائی تہذیب کے دروازہ تک پہنچا دے پھر بتدریج اخلاق و انتہائی تہذیب کا سبق دیوے اور آخر کو سعادت انسانی و کمال بشری تک کی رہبری کرکے درجہ مذکور تک اُن کو پہنچا دے۔ الہام کی اصلی و حقیقی غرض و غایت انسان کو متمدن بنا کر اُس کے مضمرہ قوےٰ سے فعل کرانا اور اُن کو شگفتہ کرنا اور ترقی دینا و عبد صالح بنانا ہے۔ لہذا عالمگیر الہام وہی ہوسکتا ہے جو تمام عالم کے مختلفہ طبقات کے انسانوں کی مخفی قوتون اور استعداد کو کمال حقیقی مطلوبہ تک پہنچا دے اور مختلف الحال و ملکون کی اصلاح کا سامان اپنے اندر رکھے۔ دوسرے در اصل ہر ایک ملک و قوم مین خواہ اُس کے بعض افراد تہذیب و تمدن کے کیسے ہی اعلیٰ مدارج پر کیون نہ ہون ایسے لوگ بھی بہت ہوتے ہین جو تہذیب و تربیت کے ابتدائی مدارج سے لیکر درجہ بدرجہ انتہائی درجہ تک کے بھی محتاج ہوتے ہین۔ لہذا اُن کی رعایت بھی لازمی ہے۔ تیسرے ابتدائی تہذیب کے ہدایات مین بعض ایسی باتین بھی ہین جن کو آج تک مہذب زمانہ کما حقہ نہین سمجھا اور اس لئے اُن پر عمل نہین کرتا اگرچہ اُن کے طرف کچھ کچھ توجہ شروع ہوگئی ہے۔ پس اُن کی غفلت دور کرنے کے لئے احکام بھی ہونا چاہئین تاکہ وہ وقت پر صحیح ثابت ہون جیسے شراب و قمار بازی وغیرہ نے یوروپ کے اخلاق کو برباد کر دیا ہے اُسکی بابت ہدایات پہلے ہی سے الہام مین ہین۔ لہذا ہم کسی طرح نہین کہہ سکتے کہ قرآن کریم نے ابتدائی مراحل تہذیب کی ہدایات کرنے مین نسل انسانی کی شرافت کا لحاظ نہین کیا

اس سے زیادہ اور کیا جوہر انسانیت کی قدر ہو سکتی تھی کہ اُن امور سے خلاف کُھلی
ہدایات قرآن مجید مین ہے جس سے جوہر انسانیت کی قدر نہین ہے قرآن کریم نے
جہان ہر امر کی ہدایت کے لئے عام اصول تعلیم دیکر اعلیٰ ترقیات کے لئے
اختیار دیا ہے اور فروعات چھوڑ دیا ہے وہان اُن امور کے متعلق جو انسان کے
ساتھ ابتدا ہی سے لاحق ہوتی نہین ہین جن کا اختیار کرنا اُسے ہر طبقہ تہذیب
مین ضرور ہوتا ہے اور اون کی نوعیت نہین ہوتی اونکی بابت حکم دینے مین دریغ
نہین کیا کیونکہ انسان کو ایسے امور کی ہدایت ہادی مطلق سے نہ ملے تو وہ ایک ایسے
وقت نیک و بد کے امتیاز پر مجبور کیا جاتا ہے جب اُس مین قوت تمیزی نہین اور
جس اختلاف کو وہ رفع ہی نہین کر سکتے۔ لہذا ممکن ہے کہ نسل انسانی ایسے وقت
بعض خطرناک اور ضرر رسان غلطیون کی خوگر ہو جاوے مثلاً شروباتُ مین سے
شراب کو ر وکدیا گیا جس کے بہت زمانے بعد انسان اُس کے مضر ہونے سے
واقف ہوا تب بھی اُس کی غلامی سے آزاد نہین ہو سکا اور انسانی تہذیب و ترقی
و انسانی معلومات کما حقہ اُسکی انسداد نہ کرسکی۔ پس جس کتاب مین ایسے الہام ہین
اُس کی کیون نہ کما حقہ قدر کی جاوے۔ قرآن مجید بلحاظ فصاحت و بلاغت و لطافت
و معقولیت و جامعیت و صالحیت و اثر و حجج و براہین و کامیابی بشیر و نذیر ہونیکے اپنا نظیر نہین رکھتا
وہ مذہبی دعاؤن کا مجموعہ یا رہبانیت کا دستور العمل نہین بلکہ مذہبی گروہ کیلئے
جامع شریعت قومیت کے لئے بہترین ضابطہ سلطنت کے لئے اعلیٰ درجہ کا
اساسی قانون نظام معاشرت کے لئے اصول اولین اور مومنین کیلئے ہدایت ہے
جس پر عمل کرکے انسان پستی سے بلندی کے طرف ناپاکی سے پاکیزگی کے طرف

جہالت سے علم کی طرف ترقی کرتا ہے۔ قران شریف کی جامعیت اسپر شاہد ہے
کہ اُسے دوسری کتابوں پروہی فوق حاصل ہے جو کلام خدا کو انسانی کلام پر ہوتا ہے
مفید و پُر از اخلاص خیالات۔ واشنگٹن اِرونگ نے سیرت محمدؐ میں
لکھا ہے کہ قران مجید میں نہایت بلند و مفید و پُر از اخلاص خیالات مندرج ہیں
مسیحیت پر اثر۔ مشہور مسیحی پادری ڈین اسٹینلی نے مشرقی کلیسا کے صفحہ ۲۷۹
مین لکھا ہے کہ مسیحیت پر انجیل کے ضابطہ نے اس قدر گہرا اثر نہین پیدا کیا
جس قدر کہ ضابطۂ قران نے پیدا کیا ہے۔ زبان عربی خالص و فصیح اور
بے عیب معیاری و پوری پابندی تعلیم ذریعہ نگاری۔ جی سیل ترجمہ قران کے
دیباچہ مین لکھتے ہین کہ قران کے متعلق تمام دنیا کو اعتراف ہے کہ وہ انتہا درجہ کی فصیح
و بے عیب زبان مین لکھا گیا ہے اور یہ مسلمہ ہے کہ اُس کی زبان عربی زبان کا معیار ہے
پاپولر انسائیکلوپیڈیا جلد ششم کے صفحہ ۳۲۶ مین ہے کہ قران کی زبان فصیح ترین
و خالص عربی خیال کیجاتی ہے اور اُس مین طرز بیان اور شاعری کی ایسی خوبیان
و خوبصورت نظایر موجود ہین کہ اُس کی نظیر پیدا نہین ہوسکتی۔ اُس کی اخلاقی تعلیم
بالکل خالص ہے اور جو پوری طرح اُس پر کاربند ہو وہ نیک زندگی بسر کرسکتا ہے
کامیابی۔ ہربرٹ لکچرز مین یہ فقرات موجود ہین۔ اسلامی قانون قابل تعریف
اصول پر مشتمل ہے اور زیادہ قابل تعریف یہ امر ہے کہ اُسے اُن اصول کی تعمیل
و انجام دہی کے زبردست حمایت مین کامیابی حاصل ہوئی ہے۔
قانون کا سب پر حادی ہونا و معقول و بینظیر فقہ پر مشتمل ہونا۔ اڈمن برک نے
اُسپیچ مسٹ آف وارن ہسٹنگز مین قران مجید کی بڑی تعریف کی ہے اور لکھا ہے کہ اسلامی

قانون ایک تاجدار سے لیکر ادنےٰ ترین افراد رعایا تک کو حاوی ہے - یہ ایک ایسا قانون ہے جو ایک معقول ترین علم فقہ پر مشتمل ہے جسکی نظیر اس سے پیشتر دنیا پیش نہین کرسکی -

**نظام سلطنت بتایید و منظوری مذہب** - ڈیوڈ ارکوہرٹ اپنی کتاب روح المشرق کے دیباچہ مین لکھتا ہے کہ اسلام بطور ایک مذہب کے کوئی جدید اعتقاد و جدید وحی و جدید خیال پیش نہین کرتا اُس نے نہ قسمیت کی بنیاد رکھی ہے اور نہ کلیسا ہے حکومت کی وہ رعایا کو ایک ضابطہ اور سلطنت کو ایک نظام ترتیبی پیش کرتا ہے جس کو مذہب کی منظوری و تایید سے طاقت دی گئی ہے -

**تمدن و تہذیب عمرانی کی خصوصیات و ارکان اعظم** - ڈاکٹر کینن ایرک کی تقریر کا خلاصہ یہ ہے جس کو بحیثیت صدر کلیسا ے انگلستان سنہ ۱۸۷۰ء مین اُسنے کی تھی اسلام کی بنیاد قرآن پر ہے جو تمدن کا جھنڈا اُڑاتا ہے جو تعلیم دیتا ہے کہ انسان جو نہ جانتا ہو اُس کو سیکھے - صاف کپڑے پہنے اور صفائی سے رہے جو حکم دیتا ہے کہ استقلال و استقامت و عزت نفس نہایت لازمی و فرض ہین - بلا شبہ دین اسلام کے فواید و منافع یقینی ہین اور اُس کی خصوصیات شائستگی دنیا کی سب سے بڑی بنیاد بلکہ ارکان اعظم ہین -

**جدید انکشافات و تعلیمات قرآنی کا مخالف نہونا اور پہلے سے موجود ہونا** - فرانس کے سب سے مشہور پادری ڈاکٹر لوران فرماتے ہین کہ جدید علمی انکشافات مین یا اُن مسایل مین جن کو ہم نے اپنے علم کے زور سے حل کیا ہے نامور و انسیسی عالمونکی نظر مین کوئی ایسی بات نہین جو تعلیمات قرآنی کا مخالف ہو - ہم عیسائیو ن ــــــ

علم سائنس کے ہم آہنگ وہم نشین بنانے میں اب تک جتنی کوششیں کی ہیں اسلام و قرآن میں یہ سب کچھ پہلے ہی سے موجود ہے اور پوری طرح سے موجود ہے۔

**پارلیمنٹری قانون و حقوق و عظمت کا جامع ہونا و شاندار اجتماعی قانون۔**

شمالی نیجریا کی شاہی مجلس میں ڈاکٹر موڈل نے کہا تھا کہ اسلام کی طاقت قرآن مجید پر مبنی ہے جو اپنی جلد میں پارلیمنٹری قانون حقوق و عظمت ان سب کو جمع رکھتا ہے یہ ایک عظیم الشان کتاب ہی نہیں بلکہ ایک نہایت شاندار اجتماعی قانون بھی ہے۔ سخت غلطی ہوگی اگر اہل نظر اس کی طاقت کا اعتراف نہ کریں جس نے اپنے پیروؤں کے جھنڈے فلک الافلاک تک پہنچا دیے اور افریقہ کے بربروں میں ایسی تمکنت کی روح پیدا کی کہ اپنے پاکیزہ احکام و اعلیٰ تعلیمات کا اُن کو ایسا خوگر بنایا کہ اُن کی ہمسایہ قومیں جو مسلمان ہیں کسی طرح دولت و ثروت میں بھی اُن کے ہمرنگ نظر نہیں آتیں۔

**قرآن مجید کا اثر زندہ و پرزور جوش ایمان غیر مذہب ہونا و حدانیت خالص و محض کی اشاعت**

قرآن مجید سے پہلے دنیا میں کسی مذہب کی مثال دنیا میں موجود نہیں ہے۔ فرانس کے نامور مستشرق ڈاکٹر گستاؤلی بان کہتا ہے کہ تمام مذاہب عالم میں یہ فخر اسلام ہی کو حاصل ہے کہ گزشتہ زمانے میں وحدانیت خالص و محض کی اشاعت دنیا میں کی جس نے اُن تمام قوموں کو جو مصر و یونان کے سلاطین قسطنطنیہ کے وقت سے چلی آتی تھیں دعوت پہنچاتے ہی ساتھ ہی مسلمان ہو جانے پر آمادہ کیا حالانکہ کوئی ایسی مثال کسی قوم کی خواہ وہ فاتح ہو یا مفتوح موجود نہیں ہے جس نے کبھی دین عیسوی قبول کیا ہو کسی مذہبی کتاب کے فوائد عامہ کا اندازہ کرتے وقت یہ نہیں دیکھنا چاہیے کہ اس میں فلسفی خیالات

کیسے ہین بلکہ یہ دیکہنا چاہیے کہ جن اعتقادات دینی کی تعلیم اُس کتاب مین کیگئی ہے
اُنہون نے دنیا مین کیا اثر پیدا کیا۔ اسلام قلوب مین اس قسم کا زندہ و پر زور جوش
ایمان پیدا کردیتا ہے کہ پھر اُس مین مطلقاً شک کی گنجایش نہین رہتی۔

قران شریف کی اعانت سے جلد جہان فتح و علم وفن زندہ اور
علوم جدیدہ پیدا ہوا۔ کواٹرلی ریویو مین ایک عیسائی نے قران مجید کی نسبت
لکہا تہا کہ ہم اس عجیب کتاب کی ماہیت کے طرف متوجہ ہوتے ہین جس کی اعانت سے
عربون نے سکندر اعظم کے جہان سے بڑا جہان اور روم کی سلطنت سے وسیع تر
سلطنت فتح کرلی اور جس قدر زمانہ کہ روم کو اپنے فتوحات حاصل کرنے مین لگا تہا
اُس کا دسوان حصہ بھی اُن کو نہ لگا۔ ایسی کتاب جس کی اعانت سے بنی سام (عرب)
بحیثیت سلاطین یورپ مین آئے تھے جہان اہل فینقیہ تاجرون کی حیثیت سے
اور یہود پناہ گیرون یا قیدیون کے طرح آئے تھے یہی لوگ معہ اُن پناہ گیرون کے
یورپ کو انسانیت کی روشنی دکہانے کے واسطے نمودار ہوئے تھے یہی لوگ جبکہ
تاریکی محیط ہورہی تھی یونان کے مردہ عقل و علم کو زندہ کرنے اور اہل مغرب و اہل مشرق
کو فلسفہ طب ہیئت اور نظم لکہنے کا خوشنما اور دلچسپ فن سکہانے کے لئے آئے
اور علوم جدیدہ کے بانی مبانی ہوئے۔

قران مجید مین تمام امور منضبط و باقاعدہ مشترکہ قانون کی حیثیت سے
منسلک ہین و احترام خالق ہر جگہہ ملحوظ اور غیر فصیح و مخرب اخلاق
و نامناسب خیالات وغیرہ سے وہ محفوظ ہے۔ ڈیون پورٹ نے اپنی
کتاب محمدؐ و قران مین لکہا ہے کہ قران عالم اسلامی کا ایک مشترکہ قانون ہے جو معاشرتی

تجارتی - فوجی - عدالتی اور تعزیری معاملات پر حاوی ہے لیکن باایں ہمہ ایک مذہبی ضابطہ بھی اُس نے ہر چیز کو باقاعدہ بنایا ہے مذہبی رسوم سے لیکر حیات روزمرہ کے افعال روحانی نجات سے جسمانی صحت اجتماعی حقوق سے انفرادی حقوق شرافت سے مساوات اور دنیاوی سے لیکر اُخروی عقوبت تک تمام امور کو سلک ضابطہ مین منسلک کر دیا - قرآن مجید کے بیشمار اوصاف مین سے دو زیادہ واضح ہین اول وہ ہیبت و احترام کا لہجہ جو اُس خالق اکبر کے متعلق ہر جگہ اُس مین ملحوظ رکھا گیا ہے جس کے طرف کوئی انسانی کمزوری و انسانی خواہش منسوب نہین کی گئی - دوسرے یہ ہے کہ اُس مین اول سے آخر تک غیر فصیح و مخرب اخلاق و نامناسب خیالات و محاورات و حکایات کا نام و نشان تک نہین پایا جاتا بخلاف اس کے افسوس ہے کہ تمام خرابیان اُس کتاب مین بکثرت موجود ہین جس کا نام پیروان مسیح نے عہدنامہ قدیم رکھا ہے -

قرآن مجید مین فطرت کائنات سے دلایل و حقیقی شاعری کی شان بابت معاد وغیرہ - سر ولیم میور جنہون نے اپنی ساری عمر اسلام کی مخالفت مین صرف کر دی ہے لکھتے ہین کہ قرآن مجید مین فطرت کائنات سے بہت سے دلایل اخذ کیے گئے ہین جن سے مقصود خدا کو اعلیٰ ترین ہستی ثابت کرنا اور بنی نوع انسان کو اُس کی اطاعت اور شکر گذاری پر متوجہ کرنا ہے - اُس مین عالم آخرت مین حسنات و سیآت کا اجر نیکی کرنے اور بدی سے بچنے کی ضرورت مخلوق پر عبادت خالق کی فرضیت اور اُس کے خوشگوار نتایج وغیرہ نہایت فصیح اور موثر زبان مین مسطور ہین اور اکثر مواقع مین حقیقی شاعری کی شان ایسطرح

قیامت کے اعتقاد کی معقولیت بڑے پرزور دلائل سے ثابت کی گئی ہے اور بالخصوص اس کے ثبوت میں اس زمین کی نظیر پیش کی گئی ہے جو مدت مدید سے ویران اور خشک پڑی ہو کر یکایک کثرت سے مینہ برسے اور اسمیں زندگی اور سرسبزی کے نہایت خوشگوار آثار پیدا ہو جاویں۔

**قرآن مجید کا مناسب محل و وقت ہونا اور تمام لوگوں کے لئے مصلح و روشنی ہونا** - ڈاکٹر جانسن کی جس کا فضل و کمال پوشیدہ نہیں ہے یہ ... رائے ہے کہ قرآن شریف شعر نہیں اور یہ کہنا مشکل ہے کہ وہ شعر ہے یا نہیں وہ شعر سے بھی کچھ زیادہ ہے نہ وہ تاریخ ہے اور نہ سوانح عمری وہ پہاڑی وعظ کے طرح مجموعہ اشعار بھی نہیں ہے اور نہ بودھ کے کتاب کی مانند مابعد الطبیعات اور نہ نیز افلاطون کے مجلس عقلاء کے مثل پند و موعظت ہے وہ ایک پیغمبر کی آواز ہے جو کہ اول سے آخر تک سنائی ہے تاہم اس کے معنی ایسے عام اور مناسب وقت ہیں کہ زمانے کی تمام آوازیں طوعًا و کرہًا اُنکے متحمل ہو جاتے ہیں اس کی آواز بازگشت محلوں اور ریگستانوں پر شاہوں اور سلطنتوں پر یکساں گونجتی ہے جو اول تو اپنے منتخب قلوب کو فتح عالم پر آمادہ و مستعد کرتی ہے اور اس کے بعد اپنے آپ کو ایک مصلح و نباکن قوت کی شکل میں یوں مجتمع کرتی ہے کہ یونان و ایشیا کے سارے موجد روشنی عیسائی یوروپ کے گران بار وحشت میں اس وقت سے نفوذ کرتی ہے جب کہ عیسائیت محض شبہائے تاریک کی ملک تھی۔

**قرآنی شریعت کا سب پر حاوی ہونا و دانشمندانہ اصول و بینظیر**

عظیم الشان قانونی انداز پر مرتب ہونا۔ نامور مورخ گبن لکھتا ہے کہ بحر اطلانٹک سے لیکر دریائے گنگا تک نے قران مجید سے نسبت مان لیا ہے کہ یہ پارلیمنٹ کی روح و قانون اساسی ہے اور صرف اصول مذہبی ہی کے لئے نہیں بلکہ احکام تعزیرات کے لئے تمدن کے لئے اور ان قوانین کے لئے بھی جن پر نظام عمرانی کا مدار ہے جن سے نوع انسان کی زندگی وابستہ ہے جن کو حیات اجتماعی کی ترتیب و تنسیق سے تعلق ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ محمد کی شریعت سب پر حاوی ہے وہ اپنے تمام احکام میں بڑے بڑے شہنشاہ سے لیکر چھوٹے چھوٹے فقیر و گدا تک کیلئے مسایل و معانی رکھتی ہے۔ یہ وہ شریعت ہے کہ ایسے دانشمندانہ اصول اور اس قسم کے عظیم الشان قانونی انداز پر مرتب ہوئی ہے کہ سارے جہان میں اسکی نظیر و تمثیل نہیں مل سکتی۔

اپنی حیثیات کے لحاظ سے قران مجید واقعی معجزہ ہے۔ باسورتھ اسمتھ سیرت محمد میں لکھتے ہیں کہ تاریخ محمد جیسا خوش نصیب انسان پیش نہیں کرسکتی وہ ایک قوم اور ایک سلطنت کے ساتھ ہی ایک مذہب کے بانی تھے وہ بے پڑھے تھے اور بمشکل نوشت و خواند کے قابل تھے تاہم وہ ایک ایسی کتاب کے مصنف ہیں جو نظم بھی ہے۔ ضابطہ قوانین بھی ہے دعاؤں کا مجموعہ بھی ہے اور بحیثیت مجموعی ایک مجموعی کتاب بھی ہے اور جس کی صداقت اور دانش و فصاحت کا معجزہ ہونے کی حیثیت سے نوع انسان کا چھٹا حصہ دل سے عزت کرتا ہے۔ محمد مدعی ہیں کہ وہ معجزہ اور مستقل و پایدار معجزہ ہے اور حقیقت بھی یہی ہے کہ وہ واقعی ایک معجزہ ہے۔

قران مجید مین خلوص وسچائی کا وصف ہر پہلو سے موجود ہے
اور کل خوبی انہین سے پیدا ہوتی ہین۔ کارلایل نے لکہا ہے کہ جب تم
قران مجید کو ایک بار پڑہ چکو تو اُس کی خصوصیتین منکشف ہونے لگتی ہین اس
مین ایک خوبی ایسی ہے جو ادنیٰ خوبیون سے بالکل مختلف ہے اگر ایک کتاب کا
مضمون مصنف نے دلی توجہ سے ادا کیا ہے تو اُس کے الفاظ دوسرون کے
دلون پر اثر ڈالتے ہین اور اس صفت کے مقابلہ مین ہر قسم کی مہارت وتجربہ کاری
ہیچ ہے۔ یہ کہا جاسکتا ہے کہ قران مجید کی پہلی خصوصیت اُس کی اصلیت
مین مضمر ہے یعنے اُس حقیقت مین کہ وہ حقیقی مضمون مین ایک کتاب ہے میرے
نزدیک قران مجید مین خلوص اور سچائی کا وصف ہر پہلو سے موجود ہے اور یہ وہ خوبی
ہے جو ایک کتاب کیلئے جو واقعی مین کتاب کہلانے کی مستحق ہے موجود ہونا چاہیئے
دیگر اوصاف اس خوبی سے پیدا ہوتے ہین بلکہ سچ یہ ہے کہ اگر کوئی خوبی پیدا ہوسکتی ہے
تو اُسی سے ہوسکتی ہے۔

**شعبدہ وتسخیر**۔ رسالہ اشاعت اسلام اکتوبر ۱۹۱۷ء مین پروفیسر نورالدین سٹیفن کے مضمون کا یہ ترجمہ ہے کہ یہ بات
کہ کسی آدمی کے دماغ پر ایسے ہوجاوے کہ وہ نہیں اشیا کو جو واقعی غیر موجود ہون دیکھنے لگے بلاشبہ درست ہے مین نے اُسے
بارہا دکہایا ہے یعنے جو شخص ایک سحر کا ہوتا اور جو چیز دیکھی جاتی وہ ہی خیالی ہوتی ہے جسکو انسان دیکہنا چاہتا ہے اور
اُسی شکل مین ہوتی ہے جسمین وہ دیکہنا چاہتا ہے بترونکہ پروفیسر مذکور جو اُس کے ماہر ہین اسکو بے بنیاد
سمجھتے ہین کہ کوئی کسی مردہ کی روح کو دکہلا سکے مضمون مین پورے طور سے اس کا ذکر ہے اور اس قسم
کے امور کو شعبدہ کہا ہے جس کو وہ خود کرتے تھے۔ قران مجید نے خدا کی ہستی اور ضمیر انسانی کیطرف اپیل کی
اور ہر ایک صداقت کے ثبوت مین مظاہر قدرت اور خود انسان کو اسکے مشاہدہ کیطرف توجہ دلائی نہ معجزہ وعجائبات پر

# ضرورت بعثت انبیاو مرسلین

چونکہ متعارف عقل انسانی مستقل نہین و فکر بشر اکثر اُن امور مین جو فرائض انبیا و رسل مین سے ہین قاصر ہے اور اوسکی رسائی سے وہ دور ہین لہذا ضرورت تھی کہ آدمیون مین سے ایسے حضرات بھی ہون جو واسطہ ہون اللہ اور اوس کے بندون کے درمیان اور جو اونکو حکم ہوا وسکو بندون تک نہایت امانت و دیانت سے پہنچا دیوین اور بلاغ مبین کرین اور اسطرح بشیر و نذیر کا کام دیوین اور جو امور ضروری ہون اونکی تصدیق اللہ تعالے کیطرفسے کرین کہ حق یہہ ہے اور اللہ تعالے اوسکے کرنے پر راضی ہے اور جزا و سزا کے متعلق بیان کرین کہ اعمال سیئہ کی اس قسم کی سزا اور اعمال صالحہ کی اس قسم کی جزا ہے اسطرح قسط پر انسان کو قائم رکھین اور کھڑا کر دیوین اور دین مین متفرق نہ ہونے دیوین اور طاغوت کے عبادت سے بچا وین اور اللہ تعالے کی عبادت کرا وین اور اتمام حجت کر دیوین غرضکہ اُن امور کو انجام دیوین جنکا بیان مفصل محکم آیات قران مجید مین آیا ہے جسطرح رنگ آواز صورت قوت وضعف ہر ایک انسان کی دوسرے انسان سے متفاوت و کم و بیش ہے اسی طرح فکر و عقول و احساسات و جذبات بھی بہت کچھ اختلاف رکھتے ہین اور کچھ نہ کچھ اختلاف ضرور ہوتا ہے اور اختلاف تعلیم و تربیت والفت و موانست اور ترغیبات و تحریکات و تہیجات کے آثار اور بھی سدباب اختلاف اکثر ہو جاتے ہین پس اختلافات کے عملی طور پر

مثانے اور مثال و نمونہ بننے کے لئے بھی ایسے برگزیدہ حضرات کی ضرورت ہے
جو موید من اللہ ہوں اور اونکی اتباع کیجا سکے ایک ایسے خاتم النبیین کی ضرورت
ہے جسکا خلق اکمل ہو تاکہ اوسکے افعال و اخلاق و اسوہ حسنہ دینی کو نصب العین
بنا سکیں یہ ضروریات کچھ ایسی کم اہم و کم ضروری نہیں ہیں جن سے چشم پوشی کیجاوے
بغیر ایسے بزرگوں کے کسی جماعت میں اتحاد عملی کما حقہ نہیں ہوسکتا اور بہتر
سے بہتر سوسائٹی نہیں بن سکتی۔ عام لوگوں کے جذبات و عام رائے میں
بغیر ایسے شخص کے جو اللہ کیطرف سے ہونیکا دعوے نکرتا ہو اور مذہبی رنگ میں
بیان نکرتا ہو اتحاد و اتفاق نہیں ہوسکتا۔ ان ضرورتوں کے سمجھنے کے لئے
اسکی بھی ضرورت ہے کہ پہلے خیال کر لیا جاوے کہ انسان کو اللہ تعالے نے
کس فطرت و کس غرض سے پیدا کیا ہے یہ اللہ کا مقصود نہیں ہے کہ سب
اونہیں صالح ہی ہو جاویں اور جزائے نیک پاویں اگر ایسا ہو تو آج ہی دُنیا
نہ رہجاوے بلکہ مقصد یہہ ہے کہ آزمایا جاوے کہ کون احسن عمل کرتا ہے اور کچھ
ثواب پاویں اور کچھ عذاب اس قسم کی خلقت انسانی ہی ہے پس انبیا و رسل کا کام
آگاہ کرنا و بشارت دینا ہے نہ کہ جبر و اکراہ کرنا اور ایمان پر بذریعہ آفات ارضی و سماوی مجبور کرنا

## بعض آفات ارضی و سماوی کو مرسلین کے کافرین پر عذاب کہنے کی وجہہ

آفات ارضی و سماوی قوانین فطرت کے رو سے آتی رہتی ہیں۔ بہت سی آفات
مذکورہ ایسی ہیں کہ خود اُن انسانوں کے افعال اونکے آنے کے محرک ہوتے ہیں
جو وہاں اور اُنکے قریب رہتے ہیں یہ بھی ہوتا ہے کہ آفات سے بچنے کی بابت

اگر تدبیر کرین تو اکثر بچ سکتے ہین اگر ایام آفت آنے کے معلوم ہو جاوین اور اُنسے
بچنے کی تدبیر سمجھ مین آجاوے اور کی جاوے لیسے کامون کے لئے ایسے لوگون
کی ضرورت ہوتی ہے جو ماہر ہون اور جو بذریعہ علم یا وحی کے آگاہ ہو سکین ۔
مرسلین کی امت پر آفت آئین یا یون کہو کہ عذاب نازل ہوا اور وہ
مرسلین اور اونپر ایمان لانیوالے وساتھی بچ گئے اور اونکے مخالفین نہین بچے
تو عذاب مذکور کی نسبت کہا گیا کہ نافرمانی اللہ و عدم اطاعت مرسلین کیوجہ سے
ان پر آیا یہ انتساب اسوجہ سے صحیح ہے کہ رسولون نے آفات کے آنے سے
اُن کو ڈرایا کہ اگر اُن کی پیروی کرین گے اور کہنا مانین گے اور جو طریق حفاظت
وہ بتاوین گے اوسکو صحیح سمجھینگے تو بچ جاوین گے لیکن اونھون نے نہ سنا بلکہ
بجائے اُسکے کہا کہ اگر سچ ہو تو لاؤ ۔ اور تکبر کیا اور اوسکو غلط سمجھا ۔ پس وہ رسول چونکہ
عالم تھے اور آفت آنیکا وقت اونکو معلوم ہو گیا تھا اور بچاو کی تدبیر اونھون نے
کر لی تھی لہذا وہ اور اونکے ساتھی اور اُنپر ایمان لانیوالے بچ گئے اور اونکے منکرو
کافر اپنے نادانی وضد و گناہ کے سبب و بچاو کی تدبیر نہ کرنے کی وجہ سے برباد
ہو گئے لہذا یہ نہ سمجھنا چاہیئے کہ وہ عذاب قوانین فطرت کے برخلاف آیا اور علت
اور سبب اونکا گناہ تھا جو برباد ہوئے بلکہ علت انکی بربادی کی عدم انتظام حفاظت
تھی جسکو اونھون نے ماہرین و عالمین و رسولون کے کہنے کو نہ مانا تھا پس ابتدائی
قومون کے اصلاح کے لئے ابتدائی زمانے مین ایسے عذاب کا دعوے بالکل
صحیح تھا اور مرسلین کا استدلال بھی صحیح تھا تاکہ ڈرا کر اور آفات سے بچا کر اُنکی اصلاح
کرین اور جو بچین وہ ڈرین ۔ لیکن جب لوگ باعتبار زمانہ و معلومات کے اس

درجہ پر پہونچگئے کہ تدبیر بچنے کی کرسکین تو اللہ تعالےٰ نے مرسلین کا بھیجنا بھی بند کر دیا یہانتک کہ فرما دیا کہ آنحضرت جس قوم مین ہون اونپر ایسے عذاب نہین آوین گے۔ اور جزا و سزا کا اصلی استدلال بیان فرمایا سورہ اعراف مین ہے کہ حضرت

| | |
|---|---|
| نوح نے کہا ابلغکم رسالات ربی | پہونچاتا ہون مین تمکو پیغام تمہارے رب کے اور نصیحت کرتا ہون |
| وانصح لکم واعلم من اللہ ما لا تعلمون | اور اللہ کی طرف سے مین وہ جانتا ہون جو تم نہین جانتے |
| فکذبوہ فانجیناہ والذین معہ فی الفلک | سو جھٹلایا اوسکو سو بچا دیا ہم نے اوسکو اور |
| واغرقنا الذین کذبوا بآیاتنا کانوا | انلوگونکو جو اوسکے ساتھ کشتی مین تھے اور ڈبو دیا ہمنے ان |
| قوما عمین۔ | لوگونکو جنہونلے ہماری آیات کو جھٹلایا تہا وہ قوم اندہی تہی۔ |

پس واقعات ذیل پر ان آیات سے روشنی پڑتی ہے اور امورات ذیل بھی ثابت ہوتے ہین۔ ۱۔ حضرت نوح اللہ تعالےٰ کے بھیجے ہوئے پیام کو پہنچاتے تھے جسکا کہ انبیا و رسولون کے فرائض مین سے ہونا ثابت ہوتا ہے۔ ۲۔ نصیحت اسلئے کرتے تھے کہ اللہ کی طرف سے وہ جانتے تھے جو چیز کافر نہین جانتے تھے۔ یعنی اللہ کیطرف سے اپنے لائے ہوئے پیامون کا حق و صحیح ہونا بھی جانتے تھے اور یہ بھی جانتے تھے کہ اندھی قوم عذاب سے بچاو کی فکر و تدبیر نہ کریگی اور میرا کہنا نہ مانے گی تو غرق ہو جاوے گی۔ ۳۔ نتیجہ یہ ہوا کہ جو کشتی پر تھے وہ ڈوبنے سے بچگئے اور جنہون نے آیات کو جھٹلایا تہا یعنی عذاب آنے کی پیشین گوئی کو بھی نہین مانا تہا وہ ڈوب مرے اور اپنے اندھے پن کی وجہ سے کشتی نہ بنا سکے۔ لہذا قوانین فطرت کے رو سے جو طوفان پانی کا آنیوالا تھا اور جس سے بچانے کے لئے حضرت نوح اپنی اطاعت چاہتے تھے اس سے اپنے سو تدبیر ہٹ کا فرنہ بچ سکے۔ اور اللہ نے استدلال مذکورہ آیت کیا

نہ یہ وجہ وعلت اصلی ہوگی کہ اونکے عذاب کے لیے طوفان نوح آیا بلکہ اُس کے آنیکے فواید مین اُنکا ڈوبنا بھی ہوا جو استدلال کنا بھی سبب ہوا اسی طرح حضرت ہود نے کہا جو سورہ اعراف مین ہے

ابلغکم رسالات ربی وانا لکم — پہونچاتا ہون مین تم کو پیام اپنے رب کا

ناصح امین۔ — اور تمہارے لئے امین ناصح ہون۔

اسکا جواب یہ ملا۔

فائتنا بما تعدنا ان کنت من الصادقین — سو لاتو جسکا ہمکو وعدہ دیتا ہی اگر تو سچون مین سے ہے۔

حضرت ہود نے جواب دیا۔ فانتظروا انی معکم من المنتظرین۔ پس انتظار کرو مین تمہارے ساتھ منتظر ہون

نتیجہ یہ ہوا۔ فانجیناہ والذین معہ — سو نجات دی ہمنے ہود کو اور اونکو جو اُسکے ساتھ

برحمۃ منا وقطعنا دابر الذین کذبوا بایٰتنا — تھے اپنی رحمت سے اور کاٹ دیا ہمنے جڑ اللوگونکی جنہونے

وما کانوا مومنین۔ — جھٹلایا تھا ہمارے آیات کو اور نہ تھے مومن۔

پس باوجود حضرت ہود کے اس کہنے کے کہ پیغام اللہ کا ہے اور مین ناصح امین تمہارے لئے ہون اُنھون نے یہ کہا کہ اگر سچے ہو تو عذاب لاؤ اور آیات کو جھٹلایا اور ایمان نہین لائے اور شکار عذاب ہوئے یعنی جو بنا پر حضرت ہود نے بھیجنے کے مانئے گئین تھین اُنکو نہ کیا اور نتیجہ پایا۔ اسی طرح حضرت صالح سے جس قوم پر وہ بھیجے گئے تھے اُس نے عمل کیا سورہ اعراف مین ہے۔

قال الذین استکبروا انا بالذی — کہا اُن لوگون نے جنہون نے کبر کیا جسپر

اٰمنتم بہ کافرون۔ — تم ایمان لائے ہو اُسکے ہم کفر کرتے ہین

اور جب غارت ہو گئے تو حضرت صالح نے یہ فرمایا۔

| | |
|---|---|
| قال یا قوم لقد ابلغتکم رسالات | کہا اے قوم میری بیشک مین نے پہونچائے تمکو پیام اپنے رب کے |
| ربی ونصحت لکم ولکن لا تحبون الناصحین | اور نصیحت کی مین نے تم کو لیکن تم دوست نہین رکھتے نصیحت کرنیوالونکو |

پس نصیحت حضرت صالح و پیغام اللہ کا نہ ماننے کی وجہ سے اور تدبیر بچاؤ کی کرنے کی وجہ سے وہ غارت ہوئے لہذا رسولون کا آفت کے آنے سے واقف ہونا اور تدبیر کر کے بیچ بچانا اور کافرون کا اُن کے خبر دینے کو جھٹلانا و تدبیر نہ کرنا سبب رسولون کے اور اونکے ساتھیون کے بچنے کا ہوا اور کافرون کے مرنے و برباد ہونیکا پس اس حیثیت سے وہ عذاب ہوا نہ کہ اُنہین کیلیے اور انکے ایمان لانے پر مجبور کرنے کے لیے خاصکر عذاب آیا۔

## شئی مبین اور آیت مبین مین فرق اور کیون اور کب انبیا ورسل نے عجائبات دکھلایا

| | |
|---|---|
| سورہ شعرا مین ہے۔ قال لئن | کہا فرعون نے کہ اگر تو ٹھہراوے گا معبود میرے |
| اتخذت الھا غیری لاجعلنک | غیر کو تو مین تجھکو قیدیون مین سے کر دونگا |
| من المسجونین قال اولو جئتک | کہا موسیٰ نے کہ اگرچہ لاؤن مین تیرے لیے شئی |
| بشئی مبین قال فات بہ ان کنت | مبین کہا لا اوس کو اگر تو صادقین مین سے |
| من الصادقین فالقی عصاہ فاذا ھو | ہے۔ تو ڈالدیا موسیٰ نے اپنے عصا کو تو وہ |
| ثعبان مبین۔ | ناگہان بتین طور پر سانپ تھا۔ |

پس جب فرعون حضرت موسیٰ کے اس کہنے سے کہ اللہ رب مشرق و مغرب اور اُن کے درمیان کا ہے اگر تم سمجھتے ہو۔ عاجز ہوا تو اُس نے وہ کہا اور وہ سُنا

جو آیات ہذا بین ہیں۔ لہذا شئ مبین کے کہنے سے حضرت موسیٰ کی یہہ مراد ہوئی کہ جو چیز علانیہ عجیب معلوم ہوتی ہو۔ جب دلائل واضحہ یعنی آیات مبین سے یا آیات بینات سے وہ نہ مانا تو شئ مبین سے اوسکو حضرت موسیٰ نے ساکت و قائل کرنا چاہا۔

پس اس سے یہہ ثابت ہوتا ہے کہ مرسلین مجبوری سے عجائبات دکھانیکی طرف مائل ہوتے تھے یعنی جبکہ دلائل واضحہ کو نہیں مانتے تھے مجبوراً وہ دکھلاتے تھے پس جن اقسام کے عجائبات کے وہ اور اُنکی قوم ماہر سمجھی جاتی تھی اُس قسم کے عجائبات سے اُن کو قایل کرتے تھے اور انبیا جیسا دکھلاتے تھے کافر ویسا نہیں دکھلا سکتے تھے دوسرے آیات مبین سے دلایل واضحہ اور شئ مبین سے عجائبات مراد ہوئے پس وہ عجائبات دلیل کی حیثیت نہیں رکھتے بلکہ جسکے مقابلے میں تھے اوسکے تسکین کے کام آتے تھے تیسرے وہ تحت قوانین فطرت ہوتے ہیں لہذا خلاف عادت نہیں ہوتے بلکہ جسکے مقابلے میں ہوتے ہیں وہ انکو خلاف عادت سمجھتا ہے جیسا کہ فرعون کے زمانے میں رسی و عصا کو سانپ دکھلانیکا شعبدہ مروج تھا اسلئے حضرت موسیٰ کو بھی یہہ طاقت اللہ تعالےٰ نے دی تھی کہ اتمام حجت کے لئے اپنے عصا کو جب پھینکدیں تو وہ سانپ معلوم ہونے لگے اور ساحران فرعون کے رسّی و عصا کو جب وہ سانپ معلوم ہونے لگیں نگل جاوے پس یہہ خیال فرعون و اوسکے درباروالوں اور ساحران فرعون پر طاری ہو گیا و بندھ گیا کہ اونکے رسی و عصا کو جو سانپ معلوم ہوتی تھی حضرت موسیٰ کا عصا نگل رہا ہے حضرت موسیٰ کو ساحران فرعون کے عصا و رسی جو سانپ معلوم

ہونے لگے تھے اوسکا سبب یہ تھا کہ اونکا خیال بندھ گیا تھا جیسا کہ سورہ طہٰ مین ہے

فاذا حبالہم وعصیہم یخیل الیہا انہا — تو ناگہان انکی رسیون اور لاٹھیون کی نسبت موسیٰ کا خیال

تسعیٰ فاوجس فی نفسہ خیفۃ — بندھا انکے سحر سے کہ وہ دوڑتی ہین تو پایا اپنے نفس مین ڈر موسیٰ نے

موسیٰ قلنا لا تخف انک انت الاعلیٰ و — ہمنے کہا نہ ڈر تو ہی اعلیٰ رہیگا اور ڈالدے جو تیرے داہنے ہاتھ مین ہے

الق ما فی یمینک تلقف ما صنعوا انما صنعوا — نگلجاویگا اسکو جو صنعت کی ہی انہون نے سوائے اسکے نہین کہ جو صنعت

کید ساحر ولا یفلح الساحر حیث اتیٰ — کی ہے انہون نے وہ فریب ساحر کا ہے اور فلاح نہین پاتا ساحر جہان جاوے

حضرت موسیٰ کو تو یہ معلوم تہا کہ انکا عصا سانپ بن جاتا ہے لہذا جب انکے خیال مین
یہہ بندھ گیا کہ ساحرون کے رسی و عصا بھی چلتے ہین تو انھون نے اپنے نفس مین
ڈر پایا کہ انکا چلنا کیسے باطل ہوگا اگر وہ بھی اپنا عصا ڈالدینگے تو سانپ معلوم
ہونے لگے گا پھر دونون کے عمل برابر ہونگے وہ غالب کس طرح ہو سکینگے
پس اللہ کا حکم ہوا کہ جو کچھ داہنے ہاتھ مین ہے اوسکو حضرت موسیٰ چھوڑ دین وہ
نگل جاوے گا ساحرون نے کید ساحر کی صنعت کی ہے یعنی شعبدہ کیا ہے
اصلیت نہین ہے حالانکہ ساحر جہان جاتا ہے فلاح نہین پاتا اور اسکا کید صنعت کا
حق کے مقابل مین مغلوب ہوجاتا ہے۔ پس نتیجہ یہ ہے کہ انبیا اور رسولون نے
اتمام حجت کے لیئے جبکہ دلایل واضح سے انکے مخالف ایمان نہین لائے۔ تو انکے
تسلین کے لیئے عجائبات دکھلایا۔ اس امر کے لیئے کہ سحر جو ساحران دکھلاتے
ہین حق نہین ہوتا اور مفسدین کا عمل ہوتا ہے سورہ یونس کی یہ آیات
بھی دلیل ہین۔

قال موسیٰ اتقولون للحق لما جاءکم — کہا موسیٰ نے کیا کہتے ہو حق کی نسبت جبکہ آیا

اسحر هذا ولا يفلح الساحرون۔
اور سورہ یونس میں ہے۔ وقال فرعون
ائتونی بکل ساحر علیم فلما جاء السحرۃ
قال لهم موسیٰ القوا ما انتم ملقون فلما
القوا قال موسیٰ ما جئتم به السحر ان
الله سيبطله ان الله لا يصلح عمل
المفسدين ويحق الله الحق بكلمته
ولو كره المجرمون۔

تمہارے پاس آیا یہ سحر ہے حالانکہ نہیں فلاح پاتے ساحر
کہا فرعون نے بلاؤ میرے پاس سحر کرنیوالے جاننے
والے کو پھر جب آئے سحر کرنیوالے موسیٰ نے ان کو
کہا ڈالو جو کچھ تم ڈالتے ہو جب انہوں نے ڈالدیا
کہا موسیٰ نے تم سحر ہی لائے اللہ اسکو جلد باطل
کرے گا بیشک اللہ صالح نہیں کرتا مفسدون
کے عمل کو اور حق کر دیتا ہے اللہ حق کا اپنے کلمہ
سے اور اگرچہ کراہت کریں مجرم۔

پس آیات مذکورہ بالا سے ثابت ہوتا ہے کہ سحر حق نہیں ہوتا بلکہ شعبدہ ہوتا ہے یعنی دیکھنے والون کو خیال بندھ جاتا ہے جسکا وجود واقعی نہیں ہوتا اسلئے وہ مفسدون کا عمل ہوتا ہے اور جو لوگ حق چاہنے والے اور حق پرست ہوتے ہین ان کا عمل غالب ہو جاتا ہے۔ دوسرے اخیر آیت مین ساحرٌ علیم کا لفظ ہے جس سے اشارہ ہے کہ سحر سیکھا ہوا کسوبی اور جانا ہوا شعبدہ ہے یا یہ معنی بھی ہو سکتے ہین کہ جاننے والے ساحر۔

## وہ آیت جسکو تخویفاً اللہ تعالیٰ بھیجتا ہے

سورہ بنی اسرائیل مین ہے وما
منعنا ان نرسل بالآيات الا ان
كذب بها الاولون وآتينا ثمود الناقة

اور ہم کو آیت کے بھیجنے سے منع نہیں کیا مگر
اسنے کہ جھٹلایا اسکو اگلون نے اور دی ہم نے
ثمود کو اونٹنی دکھانے سو ظلم کیا انہون نے

مبصرۃ فظلموبہا وما نرسل بالآیات الا تخویفا۔

اونٹنی پر اور نہیں بھیجتے ہم آیات کو مگر ڈرانے کے لئے۔

پس ان آیات میں اللہ تعالیٰ نے ایک تو یہ بیان فرمایا ہے کہ آیات کا بھیجنا ہم نے اس لئے بند کر دیا کہ اوسکو اگلوں نے جھٹلایا دوسرے یہ بیان فرمایا ہے کہ ثمود کو ہمنے ناقہ نشان دیا تھا یعنی ظاہری نشان عبادت کا تو اونھوں نے اس ناقہ پر ظلم کیا اور اسکے بعد ہی فرمایا کہ ہم آیات کو نہیں بھیجتے مگر تخویف کے لئے اس فرمانے سے یہ واضح ہوجاتا ہے کہ ناقہ جو بطور آیات کے مبصرۃ یعنی ظاہری عبادت کا نشان تھی اس نشان سے صرف یہ مقصود تھا کہ تخویف ہوتی رہے اور لوگ خدا کو یاد کرتے اور اس سے ڈرتے رہیں۔ لہٰذا ثابت ہوا کہ ایسے آیات جو تخویف کے لئے بھیجے جائیں انکی غرض ڈرانا ہوتی تھی لیکن جب ثابت ہوگیا کہ اگلوں نے ایسی آیات کو جھٹلایا تو حجت تمام ہوگئی کہ اگر کوئی ایسا ظاہری نشان تخویف کے لئے قائم ہوجاتا تو لوگوں کو اللہ سے ڈر قائم رہتا تو اللہ نے ایسی آیات کا بھیجنا بند کر دیا۔ اور اتمام حجت ہوگئی۔

ایسے امور کو جو قصص و تمثیل انداز اصل غرض اور اسکے ان احکام کے جو محافظ ہوں نہ ہوں اور محسوسات و جذبات پر اس زمانہ کے لوگوں کے نزدیک اسلئے ہوں قائم کرنے میں ہرج نہیں سمجھا گیا تھا جب تک کہ اتمام حجت ہو نہ جاوے اس سے یہ فایدہ بھی ہوتا تھا کہ جو اپنے زمانہ کے مرسلین پر ایمان لاتے تھے جن کو ایسے ظاہری نشان کے قائم کرنے کا حکم ہوتا تھا ان کے لئے بھی نشان مذکور مفید تھا۔

## آیت آدمیونکے عبرت کے لئے

سورہ فرقان مین ہے ۔ وقوم نوح لما کذبوا الرسل اغرقناھم وجعلنا ھم اٰیۃ للناس واعتدنا للظٰلمین عذابا الیما ۔

اور قوم نوح نے جب جھٹلایا رسولون کو ڈبو دیا ہم نے اُن کو اور ٹھہرا دیا اُنکو آیت آدمیون کے لئے اور تیار کر رکھا ہے ہم نے ظالمین کے لئے عذاب دکھ دینے والا ۔

پس ڈبو دینے سے آیت للناس جو بات ہوئی وہ یہی ہوئی کہ واقعات تاریخی قوم نوح کے ڈوبنے کے سبب عبرت آدمیونکے لئے ہوئے لہذا عبرت کے لئے جو واقعات تاریخی ہون اُن کو آیت للناس کہا گیا ہے ۔

## خصوص مقصد بعثت مرسلین

سورہ حدید مین ہے لقد ارسلنا رسلنا بالبینٰت وانزلنا معھم الکتاب والمیزان لیقوم الناس بالقسط ۔

بیشک ہمنے بھیجا اپنے رسولون کو دلائل واضح کے ساتھ اور اتاری ہمنے انکے ساتھ کتاب کو اور میزان کو تاکہ قایم رکھین لوگون کو قسط کے ساتھ ۔

پس میزان کیا ہے قواعد قسط یعنی وہ احکام و اصول جنسے قسط یا عدل پر عمل ہوتا ہے لہذا مقصد و غایت ارسال رسل و نزول کتاب کی قایم رکھنا انسانون کا قسط کے ساتھ ہے اور قسط کا لازمی نتیجہ تہذیب و ترقی انسانی ہے ۔

اور سورہ انعام مین ہے وما نرسل المرسلین الا مبشرین ومنذرین

اور نہین بھیجا ہم نے مرسلین کو مگر بشارت دینے والے اور آگاہ کرنے والے سو جو ایمان لایا اور

فمن آمن واصلح فلا خوف علیہم ولا ہم یحزنون۔

صالح ہوا تو خوف نہیں اون پر اور نہ وہ غمگین ہون گے۔

پس اس آیت سے مرسلین کے بھیجنے کی غایت یہ معلوم ہوتی ہے کہ مومن و صالح بنانا ہے۔ جسکا نتیجہ و غایت ترقی تہذیب و تمدن انسانی ہے۔

اور سورہ شوریٰ میں ہے۔

شرع لکم من الدین ما وصیٰ بہ نوحًا والذی اوحینا الیک وما وصینا بہ ابراھیم وموسیٰ و عیسیٰ ان اقیموا الدین ولا تتفرقوا فیہ کبر علی المشرکین ما تدعوھم الیہ اللہ یجتبی من یشاء ویھدی الیہ من ینیب وما تفرقوا الا من بعد ما جاءھم العلم بغیا بینھم۔

راہ ڈالدی تمہارے دین مین اوسکی جسکی تاکید کیا تھا نوح کو اور جو کچھ وحی کی ہم نے تیری طرف اور جسکی تاکید کیا ہم نے ابراہیم اور موسیٰ اور عیسیٰ کو یہ کہ قایم رکھو دین کو اور متفرق نہ ہو اوس مین بہت بہاگتا ہے مشرکین کو جس کے لئے تم پکارتے ہو انکو اللہ چن لیتا ہے اپنی طرف جسکو چاہتا ہے اور ہدایت کرتا ہے اپنی طرف اس کو جو رجوع ہوتا ہے۔ اور نہیں متفرق ہوئے مگر بعد اسکے کہ آچکا تھا اُن کے پاس علم بغاوت کی وجہ سے۔

پس اس آیت سے ثابت ہوتا ہے کہ دین کے قایم کرنے اور متفرق نہ ہونے کا حکم تمام انبیا کو دیا گیا اور دینی بنیاد قایم کی گئی اور متفرق جو امت انبیا کی ہوئی وہ آپس کی بغاوت کی وجہ سے اصلاح کو چھوڑکر ہوئی لہذا دین مین متفرق نہ ہونا قومیت کے شیرازہ کے لئے اور ترقی تہذیب و تمدن کے لئے اکسیر و لازم ہے۔

مختصر و خلاصۃ الخلاصہ و مجمل فلسفہ اسلام و قرآن۔ یاد رہے تو شاد رہے آزاد رہے آباد رہے
دفع بیداد و رفع فساد رہے اتحاد و وداد رہے قطع استبداد افراد و وہم انداد رہے صالحین کا
ازدیاد رہے غیر صالح زیر و برباد رہے فلاح و صلاح کی بنیاد رہے بامراد رہے اگر عمل و اعتقاد رہے
استعداد و قوت خداداد رہے فتنہ ناایجاد رہے۔

برہان و طرز بیان قرآن مجید و فرقان حمید کے دیگر ادیان کے و دیگر حکماء و علماء کی تقریر و تحریر سے
بہتر و برتر و موثر تر ہین۔ جسقدر آیات محکمات جامعات اس کتاب کے جملہ حصص مین ہین انکو باہم مقابل
و یکجا رکھنے سے بخوبی و خوش اسلوبی یہ علم ہوتا ہے کہ کسی برے یا بھلے عمل کا کیا نتیجہ و درجہ ہے اور
کسکا عمل کرنا اور کسکا ترک کرنا کسقدر اہم و مقدم ہے اور کسقدر کم و بیش کس عمل کے لئے کیا وعدہ و وعید
شدید اور آپسمین ہر قسم کے ہر ایک عمل مین کیا نسبت اور کیا تفاوت درجات ہین قرآن سے بہتر کسی اور
ذریعہ سے امور مذکور کسی طرح معلوم و مفہوم نہین ہوتے۔ پس ان سب وجوہ سے تحریک و ترغیب و تحبیب
و تکمیل عمل صالح کرانے اور تقوی کے لئے قرآن سب سے بہتر و افضل ہے اور اسکا اعجاز امور مذکور
مین مخصوصاً اسکو ممتاز کرتا اور ہدایت و رحمت و تعلیم کتاب حکمت و تزکیہ کے لئے سب سے آگے
درجہ دیتا ہے۔ بدی سے بچانے و تقوی کے کرانے و اخلاق کی تلقین و ایمان کے یقین اور
روحانیت کے اکساب کے لئے قرآن حکیم سب سے عظیم و کریم ہے۔ اس عوی فضائل کے دلائل
کو قوی کرنے کے لئے ملخص و منتخب ان آیات قرآنی کا اعادہ بے فایدہ نہین جسکے عمل کا حکم ہے
غرض اولے فرض سب عمل جو ہے بوجہ تشفی آخر اور اسکے ازبیار سے ہین۔

ا۔ فتنہ اشد و اکبر قتل کرنے سے ہے اور لڑو اتنے بہانتک کہ نہ رہ جاوے فتنہ۔ جن لوگون
نے کفر اور ظلم کیا اللہ کے لئے نہین ہے کہ انکی مغفرت کرے اور ہدایت کرے کسی طریق کی مگر جہنم
کے طریق کی اسمین ہمیشہ رہینگے اور ایمان کے ساتھ عمل صالح کرنے سے دین و دنیا دونون

جگہ بہتر سے بہتر فواید و ثواب ہوتے ہین اور رضاے مولی و لقاء رب و ابدی جنت و تزکیہ حاصل ہوتے ہین اور انسان بہترین خلق مین سے ہو جاتا ہے جو رجا رکھتا ہو اپنے رب کے لقاء کی تو اوسکو چاہئے کہ عمل صالح کرے اور نہ شریک بناوے اپنے رب کی عبادت مین کسی شے کو (کہف) اور اگر تجکو پہونچاوے اللہ ضرر تو کوئی اوسکا کاشف نہین مگر وہ اگر پہونچاوے تجکو خیر وہ ہر شے پر قدیر ہے (انعام

۲۔ فواحش ظاہر و باطن و بغی بغیر الحق و اثم حرام ہین۔

۳۔ یہہ دار آخرت اون لوگون کیلئے ہے جو علو و فساد کا ارادہ زمین مین نہین کرتے۔

۴۔ فساد کو اللہ محبوب نہین رکھتا مفسدون کی اللہ اصلاح نہین کرتا مفسد خاسرین ہین انکے لئے سوء الدار ہے

۵۔ معاونت بر (نیک کرداری) و تقویٰ کی کرو اثم و عدوان کی معاونت نکرو۔

۶۔ قسط کرنے والونکو اللہ محبوب رکھتا ہے اسے مومنو اللہ کے لئے قسط للہ کرنیوالے اور اوسپر شہادت للہ دینے والے اور قسط کو للہ کرانیوالے اور اوسپر للہ شہادت دلانے والے ہو جاؤ۔

۷۔ اللہ عدل اور احسان اور قرابت والونکو دینے کا حکم کرتا ہے اور منع کرتا ہے فحشا اور منکر سے کسی قوم کی دشمنی تمکو عدل سے باز نرکے۔

۸۔ مومنین بھائی ہین سو اصلاح باہمی کرو اور دو طایفے مومنین کے اگر باہم لڑین تو جو بڑہ گیا ہو اُس سے لڑو اور جب وہ امر اللہ کی طرف آجاوے تو انکے درمیان قسط و عدل کے ساتھ صلح کرادو۔

۹۔ مومنین خیر الامت اسلئے ہین کہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرتے اور وہ اللہ پر ایمان لاتے ہین بوجہ اسکے کہ مومنین و مومنات بعض بعض کے رفیق ہین اور انکا نشان یہہ ہے کہ امر بالمعروف و نہی عن المنکر کرتے ہین جو عزم الامور مین سے ہے۔ ایک گروہ مومنین کا رہنا چاہئے جو دعوت الی الخیر اور امر بالمعروف و نہی عن المنکر و تفقہ فی الدین کرتا رہے تاکہ قوم کے لوگ کوچ سے پہلے آدین تو تفقہ سے آگاہ ہون

۱۰۔ اے رسول تو کہدے کہ میری نماز میرا نسک میرا جینا اور میرا مرنا سب خداے رب العالمین کے لئے ہے

جسکا شریک نہین اللہ نے مومنین کے نفسون اور مالون کو بعوض جنت مول لے لیا ہے اُنکے اللہ کے راہ مین لگانے سے وعدہ ثواب عظیم و فوز عظیم کا ہے - اور ہر شے کا اللہ حساب لیگا سب شے پر وہ حسیب ہے - آخرت مین جزا و سزا بحکم اللہ ملیگی -

۱۱ - جس نے طغیان کیا اور حیات دنیا کو مقدم رکھا اُسکا ٹھکانا جہنم ہے اور جو ڈرا اپنے رب کے سامنے کھڑے ہونے سے اور اپنے نفس کو ہوا سے روکا اُسکا ٹھکانا جنت ہے بیشک فلاح پایا جو مزکی ہوا اور بیشک نامراد ہوا جس نے اُسکو گاڑ دیا -

۱۲ - صبر کر جیسا کہ صبر کیا ہے اولوالعزمون نے رسولون مین سے اور جلدی نکر اگر صبر کرو اور تقوی کرو تو وہ عزم الامور مین سے ہین اور صبر کر جو تجھکو پہونچے یہ عزم الامور مین سے ہے اللہ صابرین کے ساتھ ہے - اللہ صابرین کو محبوب رکھتا ہے - اور بشارت دے اون صابرین کو کہ جب اُنکو مصیبت پہونچتی ہے تو وہ کہتے ہین کہ ہم اللہ کے لئے ہین اور اُسی کے طرف رجوع ہونیوالے ہین اُن پر صلوۃ ہے اُنکے رب کی طرف سے اور رحمت اور وہی ہدایت پانے والے ہین -

۱۳ - رعب کے باعث اپنے گھر ونکو اپنے اور مومنین کے ہاتھون سے خراب کر دیا سو عبرت حاصل کرو اے اولو الابصار -

۱۴ - صادقین کے ساتھ رہنا چاہئے -

۱۵ - اللہ حکم کرتا ہے کہ امانت کو اُسکے اہل کو ادا کرو یہ اچھی نصیحت تمکو اللہ کرتا ہے - رسولون کے زبان سے قرآن مین بیان ہوا ہے انی لکم رسول امین تملوگون کیلئے رسول امین مین ہون -

۱۶ - افترا و کذب وہی کرتے ہین جو اللہ کے آیات پر ایمان نہین لاتے - اے مومنو کیون کہتے ہو جسکو نکروگے بہت بیزاری عند اللہ اسکی ہے کہ کہو جو نکروگے کذب منافقون کے صفات مخصوصہ مین قرآن میں بہت جگہہ بیان ہوا ہے اور بار بار اُنکو کاذب کہا ہے اور جو لوگ جانکر کذب اوپر سپر حلف کرتے ہین اُنکے لئے عذاب شدید

وعذاب مہین کی یعنی رسوا کرنیوالے عذاب کی وعید ہے۔ طمع کاری بات میں فریب و افترا ہے۔

۱۷۔ کل چیزوں سے جو جو چیز رکھتا اور جھگڑا کر باز ری سے ڈرتے ہوئے اور اپنا غرض کل چیزوں سے اللہ کے احکام کو اور اللہ کی [illegible] اسلام [illegible] ہے۔

۱۸۔ ہر ایک کو اللہ نے ایک طریق اور شریعت دیا ہے اور طریق عبادت ہر ایک کا جدا ہے سوا مومنین منع نہ کرو یعنی اسکو ذریعہ [illegible] نازل ہوا سچا ان سب پر ایمان لاؤ اور تصدیق کرو جو کفر کرتے ہیں اللہ اور اسکے رسولوں کے ساتھ اور چاہتے ہیں کہ فرق نکالیں اللہ اور اسکے رسولوں کے درمیان اور کہتے ہیں کہ ایمان لائے ہم بعض کے ساتھ اور کفر لائے بعض کے ساتھ اور چاہتے ہیں کہ پکڑیں اسکے درمیان راہ وہی [illegible] ہے انکے واسطے عذاب رسوا کرنیوالا۔

۱۹۔ شراب و جوا اثم کبیر ہیں اور انکا اثم انکے نفع سے بہت زیادہ ہے [illegible] عداوت کا موجب ہیں سد باب اور اللہ کے ذکر سے روکنے کا باعث ہوتے ہیں [illegible] تو کیا کہتے ہو۔

۲۰۔ فلاح پایا مومنین نے جو اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرتے ہیں مگر اپنے ازواج پر اور جنکے مالک ہو چکے ہیں انکے ہاتھ وہ لوگ غیر ملامت کئے گئے ہیں پھر جو چاہے اسکے سوا تو وہ حد سے گذرنے والوں میں ہیں [illegible] پر حرام کیا گیا زانی اور زانیہ کو سو کوڑے مارو اور اللہ کے اطاعت کے اجرا میں رافت نکرو اور چاہئے کہ ایک طایفہ مومنین کا انکے عذاب دینے پر شاہد ہو جو دو مرد باہم آویں (حفاظت شرمگاہ کی نہ کریں) تو انکو اذیت دو اور جب دو عورتیں باہم آویں تو انکو بند رکھو یہانتک کہ اللہ انکے لئے راہ نکالے۔

۲۱۔ محصنات مومنات غافلات پر تہمت لگانے سے لعنت دنیا اور آخرت میں ہوتی ہے۔

۲۲۔ جس نے بہتان کیا اسنے اثم مبین کا افترا کیا۔

۲۳۔ تیرے رب نے فیصلہ کیا والدین کے ساتھ احسان کا تقید کیا ہمنے انسان کو اپنے والدین کے ساتھ نیکی کر نیکی حمل میں رکھا اور وضع حمل کیا اسکے ماں نے تکلیف اٹھا کر۔ والدین کے لئے اف نہ کہو اور انکے لئے ادب کی

بات کہو اور اگر اللہ کے ساتھ شریک بنانے کو کہین تو اونکی اطاعت نہ کر۔ جسکی والدین ایمان لانے کو کہین اور استغاثہ اور ویل کرین اور اولاد اُسکو اساطیر الاولین سمجھے اوسپر عذاب حق ہو گیا۔ اگر والدین مین سے کسی ایک کو یا دونون کو بڑہاپا آوے تو جھکا اپنے بازو کو اور اُنکے لئے بات کہہ ادب کی اور کہہ اے رب مغفرت کر اُنکی جیسا کہ پالا ہے مجھکو اونہون نے چھٹ پن مین اور رحم کر اُنپر۔

۲۴- دوسرے کے مکان مین جانیکا اذن نہ ہو اور کہا جاوے کہ پہر جاؤ تو پہر آؤ یہ تمہارے لئے ازکی ہے

۲۵- مومن مرد اور مومن عورتین اپنے آنکھون کو نیچی رکھین یہ ازکی ہے انکے لیے۔

۲۶- آنحضرت کے ازواج سے پردیکے باہر سے بات کرو یہ اطہر ہے تمہارے قلوب اور انکے قلوب کے لئے

۲۷- بعض ظن اثم ہین پس کثرت ظن و بد سمجھے کرنے سے منع کیا گیا ہے۔

۲۸- مجلس مین جب کشادہ بیٹھنے کے لئے کہا جاوے تو کشادہ ہو جاؤ کشادگی دیگا تمکو اللہ اور جب اُٹھ کھڑے ہونیکے لئے کہا جاوے تو اُٹھ جاؤ اللہ درجات بلند کریگا۔

۲۹- ایک قوم دوسری قوم سے تمسخر نہ کرے ممکن ہے کہ وہ اُس سے اچھی ہو۔

۳۰- عیب نہ لگاؤ بُرے لقبون سے نہ پکارو برا نام فسق کا ہے بعد ایمان کے یعنی ایمان کے بعد فسق مومنین کے شان کے شایان نہین اُسکا نام انکے لئے آنا ہی برا ہے۔

۳۱- جو لغو سے احتراز کرتے ہین وہ فلاح پانیوالے ہین لغو پر جب گذرو تو کرم رکھتے ہوئے گذرو۔

۳۲- عباد الرحمٰن زُور پر حاضر نہین ہوتے ہین۔

۳۳- عباد الرحمٰن زمین پر آہستہ چلتے ہین۔

۳۴- نہ کھڑا ہو اُسپر جسکا تجکو علم نہین کان اور آنکھ اور دل مسئول ہونگے۔

۳۵- نہ چل زمین پر اکڑتا تو پھاڑ نہ ڈالیگا زمین کو اور نہ پہنچے گا پہاڑ کو طول مین۔

۳۶- نہ پھیلا اپنے گالون کو آدمیون کے لئے اور نہ چل زمین مین اکڑتا اللہ محبوب نہین رکھتا ہر بڑائی کرنیوالے

فخر کرنے والے کو اور متوسط رکھ اپنے مشی کو۔

۳۷۔ سورۂ فجر میں ہے ایسا نہین تم عزت نہین کرتے یتیم کی اور باہم تاکید نہین کرتے مسکین کے کھلانے کی اور کھاتے ہو میراث کا مال سمیت کر اور محبوب رکھتے ہو مال کو بہت پس یہ چارون خاصیت بُری ہوئین۔ سورہ دہر مین ہے پورا کرتے ہین منت کو اور ڈرتے ہین اُسدن سے کہ اُسکی بُرائی پھیل جانیوالی ہوگی اور کھلاتے ہین کھانا اللہ کے محبت پر مسکین اور یتیم و قیدی کو سوائے اسکے نہین کہ ہم کھلاتے ہین تملوگون کو لوجہ اللہ نہین چاہتے ہم تم لوگون سے بدلا اور نہ شکر کرنا ہم ڈرتے ہین اپنے رب سے ایکدن اداس تیوری چڑھے ہوئے سے سو بچا لیا اونکو اللہ نے اُس دن کی بُرائی سے اور ملا دیا اونکو تازگی اور خوشی۔

۳۸۔ آواز نرم رکھ انکر الاصوات گدھے کی آواز ہے۔

۳۹۔ جو بچا نفس کے لالچ سے وہی فلاح پانے والا ہے۔

۴۰۔ اور دبانے والے غیظ کے ہین اور معاف کرنیوالے آدمیون سے اور اللہ محسنین کو محبوب رکھتا ہے یعنے غیظ کا دبالینا اور معاف کرنا احسان ہوا جنکو اللہ محبوب رکھتا ہے۔

۴۱۔ اللہ بخیل کو محبوب نہین رکھتا مبذرین اخوان الشیاطین ہین اور شیطان اپنے رب کا ناشکرا ہے یعنے بیجا و زیادہ صرف کرنا اللہ منعم کی ناشکری ہے درمیان مین تنگی و بیجا خرچ کرنیکے اُسکے بیچ میں قصد و درست راہ ہے (قوامہ) یعنی کفایت شعاری کا کرنا اس راہ پر چلنا ہے۔ اپنے ہاتھ کو گردن تک بستہ نکر اُسکو بالکل کھولدے سو بیٹھ رہیگا ملامت کیا گیا پچتایا ہوا۔

۴۲۔ سورہ حاقہ مین ہے وہ اللہ عظیم پر ایمان نہین لاتا تھا اور تاکید نہین کرتا تھا مسکین کے طعام کی سو نہین اُسکے لئے آج یہان دوست اور نہین کھانا مگر زخمون کا۔

۔ اللہ محسنین کو محبوب رکھتا ہے طعام کھلانے مین اجر کبیر ہے جو کھانا کھلاتے ہین بھوک کے دن یتیم قرابت والے یا مسکین خاک مین رلتے پھر ہوتے ہین اُن لوگون سے جو ایمان لائے اور ایکدوسرے کو وصیت

کیا صبر کی اور ایک دوسرے کو وصیت کیا رحم کرنیکی وہی صاحبان سعادت ہین ۔ سو دے ناتے والے کو
اُسکا حق اور مسافر و مسکین کو ۔ اور اگر تو اُنسے لواخض کرے بطلب رحمت اپنے ربکے جسکی تو رجا رکھتا تو آسان بات انکو کہہ ۔
۴۳ ۔ جسنے قتل کیا مومن کو متعمداً تو اوسکی جزا جہنم مین ہے اور غضب مین ہوا اُسپر اللہ اور لعنت کیا
اُسپر ۔ قصاص تمپر قتل مین فرض کیا گیا ہے قتل با لخطا اور بچونکے قتل کے بابت مفصل احکام جدا ہین ۔
۴۴ ۔ اے مومنو نہ کھاؤ اپنے اموال کو اپنے درمیان باطل کے ساتھ مگر یہ کہ ہو سودا ایک دوسرے کی
رضامندی سے اور نہ مار ڈالو آپس مین اللہ تمپر رحم کرنیوالا ہے اور جسنے کیا ایسا عدوان اور ظلم کیرو سے
تو داخل کرینگے ہم اوسکو آگ مین اور یہ اللہ پر آسان ہے اور یتامیٰ کے مال کھانیکے وعید سعیر یعنی دہکتی
آگ ہے غرض مال با لباطل کھانا اثم قرار دیا گیا ہے اور مختلف طور سے مال با لباطل کھانیکی سزا مقرر پائی ہے
۴۵ ۔ بدلا برائی کا بدی ہے اُسکے مثل سو جسنے معاف کیا اور اصلاح کیا تو اُسکا اجر اللہ پر ہے
وہ محبوب نہین رکھتا ظالمون کو اور جسنے بدلا لیا بعد اپنے اوپر ظلم ہونیکے تو اونپر کوئی راہ ملامت نہین
راہ ملامت کی اون لوگون پر ہے جو تظلم کرتے ہین لوگون پر اور بغی زمین مین کرتے ہین بغیر حق کے اونکو
عذاب الیم ہے اور جسنے صبر کیا اور بخش دیا تو ہمت کے کام ہین پس جسم و تندرستی وغیرہ سب کے
نقصان کے انتقام و عفو کے بابتہ یہ آیات جامع ہین ۔ سورہ اعراف مین ہے خذ العفو وامر بالعرف پس
ایسا عفو جو پسندیدہ امور کیطرف امر کرتا ہو کرنا چاہئے اور عفو کے عرف کا امر کرنا چاہئے ۔
۴۴ ۔ جو دوست رکھتے ہین فاحشہ کے پھیلنے کو اُنکو دنیا و آخرت مین عذاب الیم ہے ۔
۴۵ ۔ وائے ہے ہر طعنہ دینے والے عیب چننے والے پر جس نے سمیٹا مال کو اور گن گن رکھا
اُسکو ڈالا جاویگا حطمہ مین جو اللہ کی آگ ہے روشن کی ہوئی چڑھ آتی ہے دلون پر وہ اُنپر مقرر
ہے لمبے ستونون کے ساتھ لائے گئے پر ۔
۴۷ ۔ سو وائے ہے اُن نمازیون پر جو اپنی نماز مین سہو کرتے ہین جو ریا کرتے ہین اور روزانہ

برتنے کی چیزون سے منع کرتے ہین۔

۴۸۔ کافرون کے مقابلے مین فرار ہوجانیکی سزا جہنم اور اللہ کا غضب ہے۔

۴۹۔ ایفاے عہد بر مین سے ہے اور ان لوگون کے افعال مین سے جو صادق و متقی ہین اور جو اپنے امانت اور عہد کی رعایت کرتے ہین انہون نے بیشک فلاح پایا اور جو نقض میثاق نہین کرتے اور عہد کو پورا کرتے ہین انکے لئے عقبی الدار ہے اور عہد کے نسبت سوال کیا جاویگا۔

۵۰۔ زینت و طیبات کا استعمال حلال و مستحبات مین سے ہے اور بعض اوقات لازم و فرض ہے اسراف نہونا چاہئیے خدا نے فرمایا ہے کھاؤ پیو اسراف نہ کرو اللہ محبوب نہین رکھتا مسرفین کو اور دوسرے جگہ فرمایا ہے تو کہہ کس نے حرام کیا ہے زینت و طیبات کو رزق مین سے وہ دنیا مین حلال ہین اور آخرت مین مخصوص و خالص ہین مومنین کے لئے۔

۵۱۔ تجسس نہ کرو اور فاسق کی خبر دریافت کرلیا کرو۔

۵۲۔ سورۂ شعرا مین ہے اور شاعران انکی پیروی کرتے ہین بے راہ کیا نہین دیکھا تمنے کہ وہ ہر جنگل مین سرگردان ہوتے ہین اور کہتے ہین جو کچھ نہین کرتے۔ پس شاعرون کی پیروی اسلئے راہ بہکے ہوئے اور راہ نہ پانیوالون کی راہ قرار پائی۔ کہ شاعر فرضی خیالات دوڑایا کرتے ہین اور سرگردان ہوتے رہتے ہین اور جو نہین کیا اسکا کرنا کہتے ہین لہذا ثابت ہوتا ہے کہ پیروی برہان کی کرنی چاہئیے نہ فرضی خیالات شاعرانہ کی اور جو کیا ہو اسکی نسبت کرنا کہنا چاہیے۔

۵۳۔ راست بات کہنی چاہئیے اور سوء کا جہر اللہ کو محبوب نہین مگر جسپر ظلم کیا گیا ہو اسے موثوق قول سدید کہو صالح کریگا اللہ تمہارے اعمال کو۔ احسن قول کو سنکر اسکا اتباع کرنیوالے ہین اللہ کی ہدایت ہوتی ہے تحیت کا جواب اس سے اچھا دو یا اسکو لوٹا دو غیبت کرنا اپنے مردہ بھائی کا گوشت کھانا ہے۔ اللہ نے بیبی کو تمہاری مان اور ادعیاء کو تمہارا بیٹا نہین بنایا کسی شخص کے اندر دو قلب نہین بنائے یہ تمہاری بات اپنے منہ کی ہے اللہ حق کہتا اور راہ کی ہدایت کرتا ہے۔

اُنکے باپون کے نامون سے اُنکو پکارو یہ اقسط ہے اللہ کے نزدیک اگر باپ کو تمام نہ جانتے ہو تو وہ تمہارے
دینی بہائی اور رفیق ہین پس جہانتک ہوسکے کسی کے لڑکے کو اپنا لڑکا نہ کہنا چاہیے اگرچہ متبنیٰ ہو یعنی ایسا
کہ لوگ سمجھین کہ وہ اُسی کا لڑکا ہے اور پکارنے کے یہان یہی معنی ہین بیوی کو مان کہنا منکرات کہتی ذور ہے
سورہ فاطر مین ہے اللہ کیطرف صعود کرتے ہین کلم الطیب اور عمل الصالح کو وہ بلند کرتا ہے پس قول طیب و عمل صالح
کے درجات کا امتیاز بہی اس آیت مین ظاہر کیا گیا ہے ۔
۵۵ ۔ تکاثر نے تمکو غفلت مین رکہا ۔
۵۶ ۔ واے ہے گہٹانے والونپر کہ جب ناپ لیوین آدمیون سے پورا لیوین اور جب ناپ دیوین یا اُنکو
تول دین تو گہٹا کر دین کیا گمان نہین رکہتے وہ لوگ کہ اونکو اٹھنا ہے ایک بڑے دن کیواسطے جسدن
کہڑے ہونگے آدمی رب العالمین کے حضور ۔
۵۷ ۔ توبہ کرنے و استغفار کی جس طریق و جن شرایط سے قرآن مین بیان و تاکید شدید ہے اُس سے سب
سیئات و سب ذنوب و اپنے نفس پر ظلم معاف ہوتے اور بخشے جاتے ہین اللہ تواب الرحیم قابل التوب
و غافر الذنب ہے وہ سبب رحمت و مغفرت اللہ کے ہین توبہ و استغفار سب گناہونکے علاج ہین اللہ کی
رحمت سے مایوس نہونا چاہیے سورہ آل عمران مین ہے کہ حضرت صالح نے اپنے قوم سے کہا کہ کیون نہین
تملوگ بخشش چاہتے اللہ سے تاکہ تمپر رحم ہو ۔ پس ثابت ہوتا ہے کہ استغفار اللہ سے سبب رحمت اللہ ہے ۔
۵۸ ۔ بینات و ہدایات کتاب اللہ کے چہپانے کی وعید یہ ہے کہ لعنت کرتے ہین اُنپر لعنت کرنے
والے اور الیند نہین کہاتے اپنے بطون مین مگر نار اور قیامت کے دن اُنسے اللہ کلام نہ کریگا
نہ اونکو مزکی کریگا اور اونکو عذاب الیم ہے ۔
۵۹ ۔ اپنے قسمون کی حفاظت کرو اللہ لغو قسمون کا مواخذہ نہین کرتا و لیکن مواخذہ کرتا ہے
اُسکا جو منعقد کیا تمنے اپنے قسمون کو اور کفارہ قسم کے توڑنے کا کپڑا یا کہانا دس مساکین کا ہے

اوسط اوس کا جو کھاتے ہین۔

۶۰۔ سارق وسارقہ سو کاٹ ڈالو اونکے ہاتھ سزا مین اُنکے کسب کے تنبیہ ہے اللہ کے طرف سے اور اللہ عزیز حکیم ہے سو جس نے توبہ کیا بعد اپنے ظلم کے اور اصلاح کیا تو اللہ اُسکی توبہ قبول کریگا اللہ غفور الرحیم ہے۔

۶۱۔ نہ چھپاؤ شہادت اور جس نے اوسکو چھپایا تو آثم ہے قلب اُسکا جو تم کرتے ہو اللہ اُسکا علیم ہے۔

۶۲۔ اکرم الناس اتقی الناس عند اللہ ہے اصل لباس و نشان شرف انسان کا تقویٰ ہے یا ایہا الناس عبادت کرو اپنے رب کی جس نے پیدا کیا تم لوگونکو اور تمہارے قبل کے لوگون کو تاکہ تقویٰ کرو (بقر) پس ایمان کے ساتھ عمل کرنے والے کے بعد متقی کا درجہ ہے اللہ سے ڈرنے ولے و متقی فایز و جنتی ہونگے متقی کو اللہ محبوب رکھتا ہے۔

۶۳۔ اشداء علے الکفار رحماء بینھم - اذلۃ علے المومنین اعزت علے الکافرین ۔ صفات مومنین قرآن مبین مین بیان ہین لہذا مخالفین عزت و رعب و اقتدار و وقار قایم رکھنا و مومنین پر رحمت کو دایم رکھنا چاہیے اور اونسے ملایم رہنا۔

۶۴۔ اعتصام باللہ و اعتصام بحبل اللہ و اعتصام بالقرآن و کفر بالطاغوت و تمسک بآیات اللہ کرنا چاہیئے اور تنازع و متفرق و مختلف و جدا جدا گروہ ہو جانے کی مخالفت ہے جیسا کہ دوسرے قومین ہوگئین اور تنازع سے بگڑ جاتی ہے و نامرد ہو جاتے ہین اعتصام بحبل اللہ سب کو و تا بہ امکان تمام اللہ پر ایمان لانے والون کی یک جماعت (حزب) ہونی چاہیئے جو اللہ کے سہارا کو ذریعہ الفت و مودت بنا کر اُسکو مضبوط کرلین (یونیورسل برادرہڈ اف گاڈ) سورہ عنکبوت مین ہے اور کہو ایمان لائے اُسپر جو نازل ہوا ہم پر اور جو نازل ہوا تم اہل کتاب پر اور ہمارا معبود اور تمہارا معبود معبود واحد ہے اور ہم اوسپر ایمان لائے ہین پس جو اللہ واحد پر ایمان نہ لاوین

اُنسے بحیثیت مذہبی جماعت نہین قایم ہوسکتی تعلق بین الاقوامی رہ سکتا ہے لہذا جو دین کے لئے مومنین سے نہ لڑین اور اُنکے دیار سے اُنکو نہ نکالین اُنسے بر و قسط کی ممانعت نہین لیکن جو مومنین سے دین کے لئے لڑتے ہون اور مومنین کو اُنکے دیار سے نکالتے ہون اور اُنکے نکالنے پر مدد کرتے ہون اُنسے دوستی کرنا ظالم بنناہے۔ مومنو تم کو کیا ہے کہ نہین لڑتے اللہ کی راہ مین حالانکہ کم زور مرد اور عورتین کہتی ہین اے رب ہمارے نکال ہمکو اس قریہ سے کہ اُسکے اہل ظالم ہین۔ پس ظالمون کا مومنین کو ہجرت سے روکنا دوسرے مومنین پر لازم کردیتا ہے کہ اُنکے نکالنے کے لئے ظالمونسے لڑین۔ اور مظلوم کو اگر راہ ملے تو ہجرت کرنا چاہیے جو اللہ کی راہ مین ہجرت کرکے پھر مرجائے یا قتل ہوجائے تو اُسکی مغفرت لابدی لگا

۶۵۔ ابتغاء مرضات اللہ و لوجہ اللہ و محب اللہ جو عمل ہوگا اُسکے ثواب دینیکا اللہ نے وعدہ کرکے اپنے ذمہ اُسکا ثواب بتلایا ہے۔

۶۶۔ جو نام چاہین کسی کا رکھکر اُسکو اُس سے پکار سکتے ہین نیک نام سے یا بدنام سے لہذا اللہ تعالےٰ نے فرمایا کہ اللہ کہکر یا رحمٰن کہکر جس نام سے چاہو اُسکو پکارو اُسکے لئے اسماء حسنیٰ موجود ہین یعنے بدنام رکھکر نہ پکارو۔

۶۷۔ محکوم کو باہم لڑا کر کم زور کرکے حکومت کرنی مفسدین فرعونی عمل مین سے ہے۔

۶۸۔ بروے قرآن نماز ایسے حسنات مین سے ہے جو سیات دور کرتی اور نماز ادا کرنیوالے کو مصلح بناتی اور فحشاء و منکر سے بچاتی اور وسائل تقوی مین سے ہے اور بہ نسبت دیگر عبادات مقررہ کے اُسکی ادا کی نسبت سب سے زیادہ تاکید ہے۔

۱۔ نمازونکی اُنکے وقتون مین حفاظت و مداومت و اقامت کرنا و قایم رکھنا چاہیے خصوصاً صلوۃ وسطےٰ کو اور ادب اور خشوع سے نماز مین اللہ کے حضور کھڑا ہونا چاہیے

اگر خوف ہو تو چلتی ہوئی یا سواری پر ادا کرنا چاہیے شمس و قمر کے لئے سجدہ نہ کرنا چاہیئے اگر اللہ ہی کے
لئے عبادت کرتے ہون یعنے اُنکے سجدہ سے شرک فی العبادت ہوتی ہے اور اسی قیاس سے اُنکے علاوہ غیر خدا
کا سجدہ ناجایز ہوا۔ نماز و زکوٰۃ منجملہ تین دین القیمہ کے دو امر ہین تیسرا اصلاح تفقہ فی الدین ہے اُنمین نہین ہو سکتی
۶۹- جو زکوٰۃ دیسکتا ہو اسکے ادا کی بہی تاکید شدید ہے اور اُسکی تاکید قریب قریب نماز کے تاکید کے برابر ہے زکوٰۃ
یعنی صدقات کا مصرف سورہ توبہ مین مذکور ہے اُسکے مصرف مین اُسکو لگانا چاہیئے زکوٰۃ پر جو کام کرتا ہو اُسکا اجر دینا زکوٰۃ کے
مصرف مین سے ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ با قاعدہ و مشترکہ زکوٰۃ دینے والون کا دفتر ہونا لازم ہے تاکہ اکٹھا
اپنے مصرف مین صرف ہو۔ بر و احسان و انفاق و ایثار کے بہی بہت ثواب ہین لیکن وہ رقم معینہ نہین اور زکوٰۃ یعنے
صدقات معین رقم مین سے دینا ہوتا ہے جو تفاوت اُنکے مصرف مین بروے قرآن ثابت ہوتا ہے وہ لائق حرز جان ہے
۷۰- مومنین پر روزہ فرض ہے اور غرض اُس سے تقویٰ ہے ۷۱ جو استطاعت راہ کی رکھتا ہو حج بیت یعنی طوف و عمرا
اُس پر ایک بار فرض ہے۔ مخصوص غرض حج و عمرا و قربانی سے تقویٰ ہے

۷۲- سورہ قلم مین ہے سو نہ اطاعت کر جھٹلانے والونکی دوست رکھتے ہین کہ اگر تو ملایمت کرے تو وہ بہی ملایمت کرین
اور نہ اطاعت کر ہر قسم کہانے والے ذلیل طعنہ دینے والے چغلی کرنیوالے خیر کے منع کرنیوالے حد سے باہر ہو جانیوالے اثیم کی سخت
رو بعد اسکے بدنام اگر رکھتا ہے مال اور اولاد جب پڑہی جاتی ہین اُسپر ہماری آیتین کہتا ہے کہانیان ہین پہلونکی داغ دینگے ہم اُسکو سونڈ پر
(رسوا کرینگے) اسکے بعد اور وعید شدید بہی ہے۔

۷۳- مرد عورت کے اور عورت مرد کے لباس ہین تمہاری بیویان تمہاری کہیتیان ہین۔ عورتونکا معروف کے ساتہ مثل مردونکے حق ہے
مرد حاکم ہین عورتونپر بسبب اسکے کہ خرچ کرتے ہین عورتونپر اور بسبب اسکے کہ فضل دیا اللہ نے بعض کو بعض پر مذکورہ بالا مختصر انتخاب
و ملخص پر بہی مجموعی طور پر غور کرنے و انکے بجا رکہنے سے ہر یک، باہمی اعمال مین جو تفاوت درجات کی بنسبت باعتبار ضرورت ہے اور
جن اصول و اطوار پر انکی بنیاد ہین وسیلہ اور اُنکے اسرار و حکمتین ظاہر و ثابت ہوتی ہین اور معلوم ہوتا ہے کہ اُنسے بہتر و موثر طریق تبلیغ و تلقین
و تعلیم و تکمیل و نفع و راحت پہنچانیکا دوسرا نہین۔ خصوصاً احکام شرعی و غیر شرعی کا فرق و امتیاز ظاہر ہوتا ہے حالانکہ سبکا انتخاب نہین